طیب الوردہ

شرح قصیدہ بردہ شریف

مُصنّف رحمۃ اللہ علیہ

امام محمد بن سعید بوصیری

شَارح رحمۃ اللہ علیہ

علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

www.waseemziyai.com

March 2019

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

مختصر تعارف

طلبہ:

شعبہ حفظ: 145 شعبہ ناظرہ: 240

شعبہ درس نظامی: 105 شعبہ تجوید: 10

اور انہیں شعبہ جات میں 400 سے زائد طلبا اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم وبیش 100 طلباء مدرسے میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام وقیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

مدرسہ کا اسٹاف

شعبہ حفظ وناظرہ 14 اساتذہ شعبہ درس نظامی وتجوید 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم یعنی اسکول 11 اساتذہ باورچی 2 خادم 4 چوکیدار 2

کل طلبہ کم وبیش پانچ سو اور پورہ اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

DONATION

HABIB BANK LTD. BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE: MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA (TRUST)
ACC NO: 00500025657003 - BRANCH CODE :0050

www.facebook.com/markazuloloom

https://www.waseemziyai.com https://www.youtube.com/waseemziyai

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اردو زبان میں قصیدہ بردہ شریف کی سب سے جامع اور عمدہ شرح

طیب الوردہ

شرح قصیدہ بردہ شریف

مصنف

امام محمد بن سعید بوصیری رحمۃ اللہ علیہ

شارح

علامہ ابو الحسنات سید محمد احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور - کراچی - پاکستان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جملہ حقوق بحق جامعہ حسنات العلوم محفوظ ہیں

نام کتاب	شرح قصیدہ بردہ شریف (طیب الوردہ)
مصنف	امام محمد بن سعید بوصیری رحمۃ اللہ علیہ
مترجم	علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ
ناشر	محمد حفیظ البرکات شاہ
	ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور
تاریخ اشاعت	ستمبر 2017ء
تعداد	دو ہزار
کمپیوٹر کوڈ	SS2

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور فون:۔ 37221953 فیکس:۔ 042-37238010

9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ فون 37247350۔ فیکس:۔ 042-37225085

14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون:۔ 021-32212011-32630411۔ فیکس:۔ 021-32210212

e-mail:- info@zia-ul-quran.com

Website: www.ziaulquran.com

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

عرض ناشر

قصیدہ بردہ شریف ایک عاشق دلگداز کے قلب مضطرب سے نکلی ہوئی وہ پر کیف صدا ہے، جس کو اس کے محبوب نے بصد انداز رعنائی و دلربائی اپنے حریم ناز میں اذن باریابی بخش دیا تھا۔ اسی لیے اہل درد و سوز اسے صدیوں سے حرز جاں بنائے ہوئے ہیں۔ خداوند بزرگ و برتر کا صد ہزار بار شکر ہے کہ اب ادارہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز کو بھی اس گوہر نایاب کی اشاعت کا شرف حاصل ہو رہا ہے۔

اس اشاعت کی نمایاں خوبی یہ ہے کہ یہ علامہ ابوالحسنات قادری رحمۃ اللہ علیہ کی حسین و جمیل اور دل آویز و دل آفریں علمی شرح سے مزین ہے۔ حضرت علامہ کا علمی حلقوں میں جو مقام ہے اور آپ علمی ثقاہت کے جس مرتبہ پر فائز ہیں اہل ذوق اس سے بخوبی واقف ہیں۔

اس سے قبل ادارہ ضیاء القرآن کو یہ شرف بھی حاصل ہے کہ حضرت علامہ کی عمر بھر کی کاوش و کوشش کے ثمر ''تفسیر الحسنات'' کو سات جلدوں میں شائع کر چکا ہے۔ اس معرکۃ الآراء تصنیف نے خواص و عوام میں بڑی ہی گرانقدر مقبولیت حاصل کی ہے۔ یہ سب حضرت علامہ کے مخلص اور ہونہار فرزند جناب مولانا سید خلیل احمد صاحب قادری مدظلہ العالی کی توجہ اور اعانت سے ممکن ہو سکا۔ اب آپ نے ادارہ کی کارکردگی پر اطمینان و تحسین کا اظہار فرماتے ہوئے ہمیں حضرت علامہ کی تمام تصانیف شائع کرنے کا حکم دیا ہے۔ اس سلسلہ زرنگار کی پہلی کڑی ''طیب الوردۃ'' کی صورت میں آپ کے سامنے ہے۔

اگر خداوند کردگار کا فضل و کرم شامل حال رہا تو ادارہ اپنی عظیم فنی و طباعتی روایات کے مطابق جلد ہی آپ کی جملہ تصانیف قارئین محترم کی خدمت میں پیش کر دے گا۔

محمد حفیظ البرکات شاہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

صاحب قصیدہ بردہ علامہ بوصیری رحمۃ اللہ علیہ

عشق مصطفیٰ اور نعت گوئی: سرکار دو عالم جناب رسالت مآب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات اقدس سے اظہار محبت وعقیدت مسلمانوں کا جزو ایمان ہے، صحابہ کرام اور صالحین امت اسی جذبۂ محبت سے سرشار تھے اور یہی چیز ان کے لیے مایۂ صد افتخار رہی۔ امت مسلمہ کے شاہ وگدا کے درجات ومراتب کا معیار بھی محبت رسول ہی رہا ہے۔ عمل بالقرآن، اتباع سنت رسول، صلوٰۃ وسلام، نعت ومنقبت اظہار محبت کے مختلف انداز ہیں۔ اور عاشقان رسول اسی متاع عزیز کے سہارے کائنات ارضی پر چھائے رہے۔

آنکہ عشق مصطفیٰ سامان اوست بحر و بر در گوشۂ دامان اوست

محبت رسول ہی وہ جذبہ ہے۔ جس کی بدولت شرقی وغربی، عجمی وعربی، رومی وشامی، گورے اور کالے، شاہ وگدا مدحت سراء رسول ہوئے۔ سرکار دو عالم کی بارگاہ میں بیٹھنے والوں میں سے نعت خوانان رسول کو ایک خاص مقام حاصل رہا ہے۔ عالم اسلام کی برگزیدہ شخصیتوں میں مدحت سراء رسول بڑے بلند وارفع مقام پر فائز رہے۔ عربی زبان میں نعت رسول کا گراں قدر ذخیرہ موجود ہے۔ فارسی، اردو میں نعتیہ اشعار کا بحر ذخار موجود ہے۔

قصیدہ بردہ: حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے لے کر علامہ بوصیری صاحب قصیدہ بردہ کے عہد تک (608ھ تا 695ھ) ہزاروں قصائد لکھے گئے جو سرکار دو عالم کے محاسن سے پر ہیں۔ مگر علامہ بوصیری کے قصیدہ بردہ کو جس خاص شفقت سے نوازا گیا ہے۔ وہ حضرت بوصیری کا ہی حصہ ہے۔ اس قصیدہ کو خود سرکار دو عالم ﷺ نے صاحب قصیدہ کی زبانی خواب میں سنا۔ چادر انعام میں بخشی، بدنی اور روحانی بیماریوں سے نجات دی اور پھر سب سے بڑھ کر اپنے نعت خوانوں میں منفرد اور ممتاز مقام بخشا۔ شمع رسالت کا وہ کون سا پروانہ ہے جو بوصیری کی زبان سے کہا ہوا قصیدہ نہیں پڑھتا۔

مشائخ، علماء اور صوفیہ نے اسے ہر دور میں حرز جان بنایا، ہر مجلس میں پڑھا، ایک بار

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

نہیں، ہزار بار پڑھا۔ لاکھوں صالحین امت اسی قصیدہ بردہ کو پڑھتے پڑھتے بارگاہ نبوت میں باریاب ہوئے اور حقیقت یہ ہے کہ اس تاریخ ساز قصیدہ نے جہاں عاشقان رسول کو ایک مقبول ومرغوب روحانی غذا دی وہاں صاحب قصیدہ کو آسمان شہرت کی ان بلندیوں پر پہنچا دیا جہاں بہت کم لوگوں کی رسائی ہوئی ہے۔

علامہ بوصیری: محمد بن سعید المعروف بہ علامہ بوصیری رحمۃ اللہ علیہ یکم شوال 608ھ (7 مارچ 1213ء) مصر میں ایک قصبہ دلاص میں پیدا ہوئے۔ آپ قبیلہ صنہاجہ سے تعلق رکھتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ عرب کے بعض تذکرہ نگار آپ کو صنہاجی اور مقام ولادت کی وجہ سے دلاصی اور مقام سکونت کی وجہ سے بوصیری لکھتے آئے ہیں۔ آپ نے تیرہ سال کی عمر میں حفظ قرآن کیا اور دیگر اسلامی علوم میں مہارت حاصل کر کے یک گونہ کمال حاصل کر لیا۔ آپ کے کلام میں جن اصطلاحات اور تلمیحات کا تذکرہ ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ علم حدیث، سیر، مغازی اور علم کلام میں پوری پوری صلاحیت رکھتے تھے۔ وہ علم ادب، بدیع، بیان اور صرف ونحو میں مشاق دکھائی دیتے ہیں۔ آپ کا مجموعۂ کلام دیوان بوصیری مصر میں کئی بار چھپا۔ انگریزی اور جرمنی میں اس کے تراجم ہوئے۔ یہ دیوان آپ کی قادر الکلامی پر شاہد عادل ہے۔ اہل علم نے آپ کے شاعرانہ کمالات اور ادبی مقام پر داد تحسین پیش کی ہے۔ شیخ الاسلام علامہ سیوطی، علامہ ابن العماد حنبلی، ابن شاکر کتبی، پطرس بستانی (صاحب ادباء العرب) ابن سید الناس (حضرت بوصیری کے شاگرد) جیسے حضرات نے بڑی فراخدلی سے آپ کے کمالات علمی کا اعتراف کیا ہے۔ مستشرقین میں سے نکلسن اور آربری بھی آپ کی جلالت شان کے قائل ہیں۔

بیعت: آپ تصوف میں حضرت ابو العباس احمد المرسی (م 686ھ) کے مرید تھے۔ اور آپ سے ہی روحانی مقامات طے کیے۔ آپ اپنے زمانہ کے رواج کے مطابق فکر معاش کو دور کرنے کے لیے وزیر زین الدین یعقوب بن زبیر کے شاہی کاتب تھے۔ بعد ازاں مختلف درباروں تک رسائی حاصل کی۔ عمر کا ایک حصہ اس بادیہ میں گزارنے کے بعد آپ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

نے اپنے آپ کو ثناء خوانی رسول کے لیے وقف کر دیا۔ اور پھر کوئے حبیب سے عمر بھر قدم باہر نہ رکھا۔

علامہ بوصیری جس زمانہ میں پیدا ہوئے مصر بڑے انقلابی دور سے گزر رہا تھا۔ سلطان صلاح الدین ایوبی کا بھائی الملک العادل ابوبکر مصر و شام کا حکمران تھا۔ مگر اس کی وفات کے بعد ایوبیوں میں خانہ جنگی شروع ہوگئی اور یکے بعد دیگر مختلف لوگ تخت نشین ہوتے رہے۔ ایران و توران، عباسیہ اور خوارزمیوں کی باہمی کش مکش کا میدان بنے ہوئے تھے۔ مصر و شام صلیبیوں کے حملوں اور پھر باہمی آویزشوں کا نشانہ تھے۔ شمال سے تاتاری حملہ آور عظمت اسلام کو تہس نہس کر رہے تھے۔ ان حالات میں عالم اسلام پر جو کچھ گزری وہ علامہ بوصیری کی نظروں کے سامنے گزری۔ آپ دس سال تک بیت المقدس میں مصروف ریاضت و عبادت رہے۔ پھر سرزمین حجاز میں قیام پذیر ہوئے اور اپنے شیخ کے قدموں میں سکون کی دولت حاصل کرتے رہے۔

بوصیری کے عہد میں مسلمانوں کی حالت: پروفیسر نکلسن نے آپ کے عہد کو شاندار تاریخ کا المناک اختتامیہ قرار دیا ہے۔ اگرچہ کچھ زمانہ گزرنے کے بعد مسلمانوں کی ترک، مغل اور ایرانی سلطنتیں قائم ہوگئیں۔ مگر غازیان اسلام کا ہراول دستہ کہاں گیا جو مدینہ منورہ سے صلوٰۃ و سلام کی تازگی لے کر روانہ ہوا تھا۔ عرب کے وہ جیالے کن وادیوں میں کھو گئے جو شعلہ بداماں زباں، برق پاش فصاحت اور آتش زیر پر تلواریں لے کر باطل پر ٹوٹ پڑتے تھے۔ عرب کے وہ حدی خواں کہاں گئے جنہوں نے صحرائے عرب سے نکل کر اسلام کے پرچم کو اپنے زمانے کے متمدن ترین خطوں میں لہرایا تھا، دنیا کے مزاج کو بدلا تھا، سوچنے کے انداز بدلے تھے، ذہن انسانی کو نئے افکار سے روشناس کیا تھا۔ بوصیری کے زمانہ میں عہد رفتہ کی یہ عظمتیں عرب کے صحراؤں، غرناطہ کے سبزہ زاروں اور نیل کی وادیوں میں بکھری دکھائی دیتی تھیں۔ انہی مدھم روشنیوں میں علم و ادب کا کارواں، لٹا لٹا کارواں شکست خوردہ قوم اور احساس شکست سے دبا ہوا قافلہ سرگرم سفر تھا۔ بے منزل، بے مقصد

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور بغیر کسی نصب العین کے ایک معاشرہ زندگی بسر کر رہا تھا۔ اس عہد کا ادب جس میں علامہ بوصیری کو زبان فصاحت وا کرنا پڑی ایک جمودی ادب تھا۔ ایک مایوس اور قنوطیت زدہ قوم کا ادب تھا، ایک لٹی ہوئی تہذیب کا جسد بے جان تھا، سیاسی انحطاط، معاشی بدحالی اور ثقافتی بے راہ روی اس ادب کا خاصہ بن چکے تھے۔ شعراء پر جمود تھا اگرچہ شاعر تھے، دیوان بھی مرتب ہوئے تھے، شعر بھی کہے جاتے تھے۔ لیکن متنبّی، معری اور ابن الفارض سے اس دور کے شعراء کو کیا نسبت تھی۔ بایں ہمہ علامہ بوصیری نے اس دور میں ایک اچھا ادب پارہ پیش کیا۔ جسے ہم قصیدہ بردہ کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

قصیدہ بردہ کی مقبولیت: ناقدین نے اس قصیدہ عالیہ کی ادبی خوبیوں اور بعض مخصوص صنعتوں کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ قصیدہ بردہ کو مصنف نے دس فصلوں میں تقسیم کیا ہے۔ ہر فصل میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے محاسن و محامد کو انوکھے انداز میں بیان کیا ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ عاشقان رسول کے لیے بڑا قابل قدر سامان جمع کر دیا ہے۔ میلاد پاک سے لے کر وصال مبارک تک آپ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو بڑی محبت سے بیان کیا ہے۔ 162 شعروں کا یہ قصیدہ مرصع اہل دل کی روحانی غذا بنا ہوا ہے۔ ابتدائے کار سے لے کر آج تک اس کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ اسے روحانی فالاؤں کے لیے استعمال کیا جاتا رہا ہے اور اس سے فیضان کی بارشیں حاصل ہوتی رہیں۔ وظیفہ جان کر پڑھا جاتا رہا، مقدس عبادت گاہوں کے در و دیوار اس کے اشعار سے مزین رہے۔ اور اب تک اہل اللہ کی پاکیزہ مجلس میں اہتمام سے پڑھا اور سنا جاتا ہے۔ شعراء نے اس قصیدہ پر ہزاروں تضمینیں لکھیں، سیکڑوں شرحیں کیں اور درجنوں تشطیریں لکھیں۔ اگر ہم ان تمام شروح و متعلقات کی تفصیل لکھیں تو ایک دفتر درکار ہے۔ تاہم قارئین کے ذوق کے لیے ہم ایک مختصر سا خاکہ ان متعلقات کا ذکر کرتے ہیں۔ جنہیں ماہر کتابیات ترکی عالم علامہ مصطفیٰ بن عبداللہ المعروف بہ حاجی خلیفہ و کاتب چلپی نے اپنی شہرہ آفاق کتاب کشف الظنون کی جلد دوم (مطبوعہ استنبول 1943ء) میں درج کیا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس کتاب میں انہوں نے تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے کہ ان کی نگاہ میں عربی زبان میں قصیدہ بردہ کی چالیس شرحیں گزری ہیں۔ جنہیں ہر دور کے معروف شعراء، ادباء، علماء اور صوفیہ نے تالیف کر کے اپنے ذوق کا ثبوت دیا ہے۔ بیس تخمیسیں، چودہ تسبیعیں (قصیدہ کے ہر شعر کے پہلے مصرع کو لے کر اس کے ہم قافیہ وردیف پانچ مصرعوں کے اضافہ کو تسبیع کہتے ہیں) تو تشطیریں (ہر شعر کے درمیان میں دو مصرعوں کا اضافہ تشطیر کہلاتا ہے) اور کئی ایک تذئیلیں (ہر شعر کے نیچے چند مصرعوں کے اضافہ کو تذئیل کہتے ہیں) اور سیکڑوں تضمینیں لکھی گئی ہیں۔ ان شرحوں اور تضمینوں کے علاوہ قصیدہ بردہ کے متعدد تراجم دنیا کی اکثر زبانوں میں کیے گئے۔ لاطینی، جرمنی، فرانسیسی، انگریزی، ملائی، فارسی، اردو، ترکی اور پنجابی میں بڑے ترجمے لکھے گئے اور ان میں سے اکثر چھپے۔ ان دنوں اردو تراجم میں خان بہادر محمد حسین خاں، مولانا عزیز الدین بہاولپوری، مطبع مجیدی کانپور، تاج کمپنی لاہور، اصح المطابع کراچی اور مولانا نور بخش توکلی مجددی، علی محسن صدیقی اور محمد فضل احمد عارف کا ترجمہ بہت مقبول ہے۔ مولانا عزیز الدین بہاولپوری نے سرائیکی میں ترجمہ لکھا۔ پنجابی کے اکثر ترجمے پنجابی شعروں میں لکھے گئے۔ مولانا نبی بخش حلوائی مرحوم مؤلف تفسیر نبوی کا پنجابی ترجمہ خاصا مشہور ہوا۔ جاوا (انڈونیشیا) میں جاوی زبان میں 1313ھ میں ترجمہ طبع ہوا۔

زیر نظر شرح قصیدہ المعروف بہ طیب الوردہ علی قصیدۃ البردہ حضرت علامہ مولانا ابوالحسنات سید محمد احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ خطیب مسجد وزیر خاں کی کاوش فکر کا نتیجہ ہے۔ حضرت مؤلف علام 1945ء میں زیارت روضۂ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حاضر ہوئے اور مواجہہ مبارک کے سامنے کھڑے قصیدہ بردہ پڑھتے رہے۔ زیارت سے فیض یاب ہوئے اور اردو شرح قصیدہ لکھنے کا شوق دامن گیر ہوا۔ وطن آ کر یہ مفصل شرح لکھی اور زیور طبع سے آراستہ کی۔

حضرت مؤلف ایک شاعر، عالم دین خطیب اور صوفی بزرگ تھے، انہوں نے اس قصیدہ کی شرح میں اپنے کمالات کا مظاہرہ کیا ہے۔ جا بجا فارسی، اردو شاعروں کے اشعار کا موقع محل کے مطابق اضافہ کیا۔ علامہ خرپوتی کی عربی شرح قصیدہ بردہ آپ کے سامنے تھی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

اسے آپ نے اپنی شرح کا سب سے بڑا ماخذ قرار دیا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے معجزات کو بڑی محبت اور تفصیل سے بیان کیا ہے۔ اس قصیدہ کا پہلا ایڈیشن 1946ء میں شائع ہوا۔ اہل ذوق نے ہاتھوں ہاتھ لیا اور حرز جان بنایا۔

نیا ایڈیشن: ہمارے دوست جناب محمد حفیظ البرکات شاہ منیجر ضیاء القرآن پبلی کیشنز کا ذوق ہے کہ انہوں نے اس زمانہ میں زر کثیر خرچ کر کے اس شرح کے دوسرے ایڈیشن کو بکمال خوبی طبع کرانے کا اہتمام کیا ہے اور حضرت مؤلف کے صاحبزادے جناب مولانا امین الحسنات سید خلیل احمد صاحب قادری خطیب مسجد وزیر خاں لاہور کی خاص اجازت سے، عشق ومحبت کا یہ ادب پارہ آپ کے ہاتھوں پہنچ رہا ہے۔

ہمیں امید ہے کہ اس قصیدہ کے چھپنے کے بعد اہل محبت کی تشنہ کامی میں ضرور کمی ہوگی اور اہل ذوق اسے پسندیدہ نظروں سے مطالعہ کریں گے۔

اقبال احمد فاروقی 24 نومبر 1973ء

c-12 شاد باغ لاہور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شیخ الحدیث علامہ سید احمد سعید کاظمی مدظلہ

مفسر قرآن مشہور زمان

حضرت علامہ سید ابوالحسنات قادری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے سرزمین لاہور کو قطب الاقطاب کے نام سے موسوم کیا تھا۔ بلاشبہ یہ حقیقت ہے کہ اس شہر نے ان بیسیوں برگزیدہ ہستیوں کو جنم دیا جنہوں نے دہریت اور الحاد کی تاریکیوں میں بھٹکتی ہوئی دنیا کو روشنی کے منار دکھائے۔ تھے۔ مذہبی رسموں کی تطہیر، روزمرہ کے امور حیات میں پاکیزگی، روح کی نجات اور دنیا و آخرت میں سرخروئی کے جو آفتاب ان بزرگوں نے تراشے تھے، وہ آج بھی تابناک ہیں۔ رشد و ہدایت کے انہی آفتاب سازوں میں مفسر قرآن غازیٔ کشمیر، صدر مرکزی جمعیت العلمائے پاکستان حضرت علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ بھی ایک بلند اور منفرد مقام کے حامل تھے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ حضرت مرحوم کی ذات گرامی ہماری یادوں کی ہرگز محتاج نہیں ہے۔ انہوں نے اپنی پاکیزہ شاہراہ حیات میں حسن عمل کے جو پھل اگائے تھے وہ ہمیشہ سرسبز و شاداب رہیں گے۔ البتہ شعبان المعظم کا چاند جونہی آسمان پر طلوع ہوتا ہے۔ عقیدت مندوں کے دل میں ان کی محبت کے دھیمے دھیمے چراغ یک دم بھڑک اٹھتے ہیں۔ جزیرۃ العرب، ایران اور ہندوستان ہی تین ملک ہیں جو حضرت علامہ قادری کے آباء و اجداد کا مسکن رہے۔ جب کہ حضرت علامہ کی تاریخ حیات ہندوستان اور پاکستان وابستہ ہے۔ حضرت علامہ کے بزرگان سلف عرب سے ہجرت کر کے ایران کے شہر مشہد میں قیام پذیر رہے۔ بعد میں بلگرام اور فرخ آباد منتقل ہوئے اور آخر میں ہندوستان کی ریاست الور میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ ہندو راجپوت اس ریاست کے حکمران تھے اور اس دور کا حکمران راجہ جے ہری سنگھ تھا۔ بعض تاریخی روایات کے مطابق یہ راجہ جہاں علم دوست تھا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وہاں مسلم دوست بھی تھا۔ چنانچہ اس کے عہد میں علم وفن، شعر وسخن اور درس وتدریس نے بہت فروغ پایا۔ چنانچہ حضرت علامہ کے آباء واجداد نے بھی وہاں پر علم وفضل کے چراغ روشن کیے۔ اس خاندان کا سلسلۂ نسب حضرت امام موسیٰ رضا سے ہوتا ہوا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما سے جاملتا ہے۔ آپ کے والد ماجد کا اسم گرامی حضرت استاذ العلماء سید دیدار علی شاہ ہے۔ امام اہلسنّت شیخ المحدثین حضرت مولانا سید دیدار علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں حضرت علامہ ابوالحسنات پیدا ہوئے۔ حضرت دیدار علی شاہ اس خاندان کے وہ پہلے بزرگ ہیں جو ریاست الور سے ہجرت کر کے لاہور تشریف لائے اور تاریخی مسجد وزیر خاں میں خطیب مقرر ہوئے۔ تبلیغ دین کے سلسلے میں شیخ المحدثین کی خدمات تاریخ پاک و ہند کا اہم باب ہیں۔ اندرون دہلی دروازہ کی جامع مسجد آپ کی زندۂ جاوید یادگار ہے۔ اس مسجد میں انہوں نے دم واپسیں تک علوم وفنون اور قرآن وحدیث کی درس وتدریس کا سلسلہ جاری رکھا۔ یہیں وفات پائی اور مسجد کے ایک کونے میں ان کا مزار مبارک ہے۔ یہی مسجد حزب الاحناف کے نام سے مشہور ہے۔ حضرت علامہ ابوالحسنات قادری اپنی ذات میں انجمن اور یگانۂ روزگار تھے۔ سن شعور کو پہنچے تو حافظ عبدالغفور اور حافظ عبدالکریم سے قرآن پاک پڑھنا شروع کیا۔ ناظرہ ابھی پورا نہیں ہوا تھا کہ حفظ قرآن پاک کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ فن تجوید کی مشق میں قاری خدا بخش مرحوم اور فارسی کی تعلیم میں مرزا مبارک بیگ آپ کے اساتذہ مقرر ہوئے۔ بارہ سال کی عمر میں تھے کہ حفظ قرآن پاک کی سعادت پائی نیز اردو اور فارسی کی انشاء پردازی میں پورا پورا عبور حاصل ہوگیا۔ دیگر علوم وفنون کی تحصیل کے لیے والد گرامی کے علاوہ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی، صدر الافاضل حضرت مولانا نعیم الدین مرادآبادی اور حضرت شاہ فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی رحمہم اللہ کی شاگردی کا شرف پایا۔ نیز ممتاز ترین رئیس القراء سے عین القضاۃ کی سند حاصل کی۔ یونانی فن طب میں آپ مایہ ناز طبیب تھے۔ حکیم نواب حامی الدین مرحوم علوم طب میں ان کے استاد تھے اور انہی سے فن طب کی سند فراغت حاصل کی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مسجد وزیر خان: والد گرامی سید دیدار علی شاہ صاحب کے ارشاد کے مطابق آپ مسجد وزیر خان کے خطیب مقرر ہوئے۔ آپ کے دور میں مسجد وزیر خان اپنے تاریخی شکوہ و عظمت کے ساتھ ہی علمی، ادبی، دینی، اسلامی اور سماجی سرگرمیوں کا بھی پرکشش مرکز بن گئی۔ اہل لاہور کے علاوہ دور دراز سے عام لوگ اور عقیدت مند یہاں آکر ان کے بیان وخطاب سے مستفیض ہوتے۔ خلوص و عمل کا بھی آپ مرقع جمیل تھے اس لیے ان کا خطاب کانوں کی راہ سے دل کی گہرائیوں تک اتر جاتا تھا۔ سامعین یوں محسوس کرتے گویا وہ ایک خزانہ بیش بہا اپنے ساتھ لیے جا رہے ہیں ان کے ضمیر و دل کی کئی کدورتیں دھل جاتی تھیں۔ بے شمار غیر مسلموں نے حضرت علامہ کے دست حق پرست پر مشرف با سلام ہونے کی سعادت حاصل کی۔

ملت اسلامیہ کی سربلندی کے لیے آپ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں

تحریک پاکستان میں حضرت علامہ ابوالحسنات کا شمار ان سرخیل علماء میں ہوتا ہے جنہوں نے آزاد پاکستان کا محل تعمیر کرنے میں غیر معمولی سرگرمیوں کا مظاہرہ کیا تھا۔ بنارس کی آل انڈیا سنی کانفرنس جس میں قریباً پانچ ہزار علماء کرام اور مشائخ عظام شریک ہوئے تھے تاریخ پاکستان کا ایک اہم باب ہے۔ کانگرس نواز علماء کی انتہائی کوشش تھی کہ اس کانفرنس میں قیام پاکستان کے مطالبہ پر علماء و مشائخ متحد نہ ہونے پائیں۔ لیکن حضرت علامہ ابوالحسنات نے منجملہ دوسرے سنی راہنماؤں کی کوششوں کے مطالبہ پر تمام علماء کرام اور مشائخ عظام کو متفق کر لیا تھا۔

جمعیت العلماء ہند پر کانگرس نواز علماء قابض اور مسلط تھے۔ ان کی ہر گاہ کوشش یہ تھی کہ قیام پاکستان کا خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہونے پائے اور نیشنلزم کے بت کو مسمار نہ ہونے دیا جائے۔ اس نازک مرحلہ میں علامہ ابوالحسنات نے جمعیت العلماء پاکستان کی تنظیم کے قیام کے سرتوڑ کوششیں شروع کیں جو بالآخر کامیاب ہوگئیں اور کانگرس کے ہمنوا علماء کو بہت بڑی شکست کا منہ دیکھنا پڑا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ تحریک پاکستان کے سلسلہ میں آپ کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

قابل قدر خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

تعمیر پاکستان کے سلسلہ میں آپ یونینسٹ وزارت اور اس کے سربراہ خضر حیات خان کے خلاف نبرد آزما ہوئے تو اس جرم بے گناہی کی پاداش میں ان کو قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنا پڑیں۔ غرض حضرت علامہ نے ہر مصیبت کا خیر مقدم کرتے ہوئے تعمیر پاکستان کی مساعیٔ جمیلہ کو بہ دل و جان جاری رکھا۔

تحریک آزادیٔ کشمیر: قیام پاکستان کے بعد تاریخ کے لیے نئے باب کا آغاز ہوا تو علامہ ابوالحسنات قادری کو پہلے سے بھی زیادہ سرگرمی کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت لاحق ہوئی۔ تحریک آزادیٔ کشمیر میں انہوں نے بے لوث قربانیاں دیں۔ مہاجرین کی مالی امداد کے لیے آپ نے سرتوڑ کوششیں کیں۔ چنانچہ جہاد کشمیر کے مجاہدانہ کارناموں پر آپ کو غازیٔ کشمیر کے قومی خطاب سے نوازا گیا۔ 9 مارچ 1949ء کو پہلی دستور ساز اسمبلی میں جو قرارداد مقاصد پیش کی گئی تھی اس میں علامہ ابوالحسنات کی مساعی اور مخلصانہ جدوجہد کا غالب حصہ تھا۔ آپ نے عوام و خواص کے دل و دماغ میں یہ بات منقش کر دی کہ ہم نے پاکستان کا مطالبہ اسلام اور صرف اسلام کے نام پر کیا تھا۔ چنانچہ پاکستان کا جو بھی دستور بنے گا۔ اس کی اساس و بنیاد اسی نظریہ پر ہونی چاہیے۔

شعر و سخن: علم و ادب اور شعر و سخن کے اعتبار سے بھی آپ ایک انجمن تھے۔ آپ صاحب طرز انشاء پرداز اور مستند و مسلم سخنور تھے۔ بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ شعر و ادب کی دنیا میں آپ ایک روشن منار تھے۔ آپ کی بیسیوں بلند پایہ تصانیف اس امر کی شاہد ہیں کہ آپ نے دین متین اور ملک و ملت کی خدمت میں کوئی لمحہ بھی ضائع نہیں کیا تھا۔ آپ نے اپنی پوری زندگی آزادیٔ وطن ملک و ملت کے استحکام اور دین حقہ کے فروغ میں بسر کی۔

وفات: حضرت علامہ ابوالحسنات قادری نے دو شعبان المعظم 1380ھ کو اس دار فانی سے رحلت فرمائی اور دنیائے علم و دانش میں ایک ایسا خلا پیدا کر گئے جس کا پر ہونا بہت مشکل ہے حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ سے ان کو والہانہ عقیدت و محبت تھی۔ چنانچہ آپ کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

خواہش اور وصیت کے مطابق آپ کو حضرت داتا گنج بخش کے مزار پر انوار کے احاطہ میں آخری نیند سلا دیا گیا۔ انتقال سے چند منٹ قبل یہ شعر فرمایا:

حافظ رند زندہ باش مرگ کجا تو کجا تو شدہ فنا حمد حمد بود بقائے تو!

تاریخ وصال

صابر و شاکر مفسر عالم دین متین
بے نظیر و بے مثال و لاجواب والا کلام
فکر تھی تاریخ کی آئی ندا احمد لکھو
واصل حق ہو گئے وہ ہادی ذی احترام

1380ھ

تصانیف: (۱) تفسیر الحسنات (۲) طیب الوردہ علی قصیدۃ البردہ۔ (۳) ترجمہ کشف المحجوب (۴) شمیم رسالت (125 احادیث کا مجموعہ) (۵) اسلام کے بنیادی عقائد وغیرہ (٦) اوراق غم۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نذر فقیر

ایک دریوزہ گر قصیدہ کی کشتی میں اپنی کج مج بیانی کے دانے بھر کر معطی کونین غیاث دارین کے دربار میں حاضر ہے۔

زچشم آستین بردار گوہر را تماشا کن

فقیر قادری ابوالحسنات

خطیب مسجد وزیر خاں لاہور

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ مَلَأَ قُلُوْبَ الشَّاعِرِیْنَ بِحِکْمَتِهٖ وَزَیَّنَ نُفُوْسَ الْعَاشِقِیْنَ بِوُصْلَتِهٖ وَالصَّلٰوةُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مَدَحَهُ الْوَاصِفُوْنَ بِالْقَصَائِدِ وَالْاَشْعَارِ وَعَجَزُوْا عَنْ بَیَانِهٖ وَاعْتَرَفُوْا بِالْاِقْرَارِ وَعَلٰی اٰلِهِ الَّذِیْنَ هُمْ اَهْلُ الْهُدٰی وَالْاِقْتِدَاء وَاَصْحَابِهِ الَّذِیْنَ مَنِ اقْتَدٰی بِهِمُ اهْتَدٰی

حمد تبریکاً از زبان درفشاں حضرت امام المسلمین شیخ الحدیث (۱)

قبلہ وکعبہ ام قدس سرہ العزیز

یک حمد چہ صد حمد خداوند نعم را — بروفق نعم خالق صد علم و حکم را
حمدیکہ سزاوار خداوند جہان ست — حمدیکہ سزد معطی توفیق اتم را
صد حمد بہر حمد کہ از کلک وزبانم — آید وسزد صاحب صد فضل وکرم را
صد شکر بریں نعمت عظمیٰ کہ بما داد — محبوب خود آں ماحی صد ظلم وستم را
گویم چہ ثنائش کہ خود آں خالق اکبر — مداح بود آں شہ ذی جاہ وچشم را
عرش است کمین پایہ زایوان شہ دیں — جبریل غلامیست مرآں شاہ امم را
قربان شومت رحم کن اے رحمت عالم! — از خاک مذلت تو بیفراز سرم را
اے جان من خستہ نثار ہر ادایت — قربان زمن ایمان بود ہر نقش قدم را
اے جود وجود تو وجود ہمہ عالم — بستہ است بفتراک تو حق جان ودلم را
موجود وجود ہمہ عالم بوجودت — از ظل تو شد زیب وضیا ملک عدم را
اے کوکب دیں بدر کرم مہر رسالت! — آبرسرما دور بکن ظلمت وغم را

یک جان چہ دیدار کہ جان ہمہ عالم
قربان شہنشاہ عرب را و عجم را

1۔ شارح قصیدہ کے والد حضرت دیدار علی شاصاحب رحمۃ اللہ علیہ جو دارالعلوم حزب الاحناف کے بانی تھے

MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

عرض شارح

قصیدہ بردہ شریف ایک ایسا مقبول ومحمود قصیدہ ہے کہ مصنف کی زبان سے خود مقصود کونین مطلوب ثقلین رحمۃ للعالمین انیس الفقراء والمساکین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سماعت فرمایا۔ اور اتنا پسند آیا کہ بعض اشعار پر مثل عذبات البان متمائل ہوئے۔ پھر اس کی شرح کی طرف ایک دو شارح ملتفت نہ ہوئے اور معمولی شراح نے اس کی شرح پر خامہ فرسائی نہ کی۔ بلکہ شیخ زادہ اور خرپوتی مفتی مدینہ ، خرپوت جیسے متبحر اس کی شرح فرما چکے ہیں۔ پھر بھلا میں اس کی شرح کرنے کی کیا ہمت کر سکتا تھا۔ مجھے تو درحقیقت قصیدہ مبارکہ کے اشعار اور اس کے تلازمے اور استعارے ہی محو حیرت کر چکے تھے۔ پھر اس قصیدہ مبارکہ کی عظمت وعزت کی یہ شان دیکھ کر اور بھی مرعوب ہو گیا کہ بہاؤالدین وزیر ملک ظاہر اس قصیدہ مبارکہ کو ننگے سر ننگے پیر کھڑے ہو کر سنتے اور اس کی برکت سے مفاد عظیم امور دینی ودنیاوی میں حاصل فرماتے۔ اور سعد الدین فاروقی آشوب چشم سے نابینا ہوئے تو ان کو اس قصیدہ مبارکہ کے پڑھنے کی بشارت ہوئی اور اسی کی برکت سے ان کی روشنی چشم بحال ہوئی۔ خود مؤلف قصیدہ کو دست مغیث الکون نے اس قصیدہ کے انعام میں فالج سے شفایاب فرمایا۔ جس کی تفصیل اپنے موقع پر عرض کروں گا۔

مگر بایں ہمہ

اردو کے بہت سے شراح دیکھے جنہوں نے رفاہ عوام کے لیے قصیدہ مبارکہ کی شروح فرمائیں۔ کہیں **عطر الوردہ فی شرح البردہ** (1) شائع ہوا۔ کہیں **الشوارد الفردہ علی قصیدۃ البردہ**، طبع کیا گیا لیکن جب ان کا مطالعہ کیا تو مجھ جیسے تشنہ کی سیرابی کو ایسی شروح ناکافی نظر آئیں۔ تتبع کرتا رہا کہ کوئی ایسی شرح عام فہم ملے جو قصیدہ مبارکہ کے مفہوم کو کم ازکم اتنا واضح کرتی ہو کہ شعر پڑھ کر مقصود مؤلف اور وہ عشق جو مؤلف رحمۃ اللہ علیہ کے دل میں موجزن ہے، پڑھنے والا سمجھ سکے اور اشعار قصیدہ سے جو اوراد کی صورت میں چنے

1۔ اردو زبان میں مختصر سی شرح ہے جو مولوی ذوالفقار علی صاحب دیوبندی کی تصنیف ہے اور کئی بار چھپ چکی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ہوئے ہیں، ان کو جان سکے کہ قصیدہ شریف کے فلاں شعر سے میں اپنی فلاں مہم سر کر سکوں گا۔ اب تک تجسس کرتا رہا مگر کوئی شرح ایسی نہ ملی جو مذکورہ امور پر حاوی ہوتی۔ خود ہمت کرتا اور رہ جاتا۔ دل میں شوق متلاطم ہوتا مگر پست ہمتی بے بضاعتی ہیچ میرزی و ہیچ مدانی کی بھیانک صورتیں دکھا کر مایوس کر دیتی۔ آخرش میرے دوست حاجی محمد عبد اللہ صاحب نقشبندی ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ ہائی کورٹ نے جو بلا ناغہ قصیدہ شریف سننے میرے پاس تشریف لاتے تھے، میری ہمت چست کی اور فرمایا کہ اگرچہ بازار سخنوری میں تاجران گرانمایہ اپنی دکانیں اس کروفر سے سجاتے ہیں کہ ان کی طمطراق اور زیبائش جواہر سخن کے آگے ایسا ویسا جھیپ جاتا ہے۔ مگر بایں ہمہ پھیری والے اپنی چھوٹی چھوٹی چیزیں فروخت کرنے کو نکل ہی جاتے ہیں۔ اور بعض چیزیں ان پھیری والوں کی بساط میں ایسی مل جاتی ہیں کہ گاہک اس کا متلاشی ہوتا ہے اور تاجران بازار سخنوری اسے بہم نہیں پہنچا سکتے۔ بناء بریں توکلاً علی اللہ بایماء ممدوح میں نے بھی کمر ہمت باندھ لی اور خاک از تودہ کلاں بردار پر نظر کرتے ہوئے اپنی کج مج بیانی کا ماخذ شرح شیخ زادہ علامہ شیخ محی الدین محمد بن مصطفیٰ قدس سرہ اور شرح علامہ عمر بن احمد آفندی خرپوتی شافعی مفتی خرپوت(1) کو بنایا۔ تا کہ قارئین کرام ان دو ہستیوں کی حمایت میں پا کر مجھ پر کسی قسم کی زبان طعن دراز نہ کر سکیں۔ شرح ہذا میں جو روایت حدیث استنباط منقول ہوگی۔ اس کا ماخذ صرف۔ اور صرف شرح شیخ زادہ و شرح خرپوتی ہوگا۔ منہ وھا انا اشرع فی المقصود، توکلا علی اللہ المحمود بجاہ حبیبہ المسعود صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

خادم خلائق

فقیر قادری ابوالحسنات سید محمد احمد قادری

خطیب مسجد وزیر خاں لاہور، بار چہارم 1963ء

1۔ مفتی خرپوت ہونے کا ثبوت شرح قصیدہ کی آخری تقاریظ میں موجود ہے جو بعینہ منقول ہے۔ اوحد العلماء الاعلام و مفرد العظماء الفخام الانسان الکامل الجہبذ الفاضل ذوالنسب الرفیع السامی صاحب الادب البدیع النامی قاموس البلاغۃ والفصاحۃ ونبراس الافہام السید عمر افندی مفتی مدینہ خرپوت و مفید الحکام صحیح الاحکام (۱۲ منہ)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

سبب تالیف قصیدہ

ناظم القصیدہ علامہ شرف الدین محمد بوصیری مصری رحمۃ اللہ علیہ مصر کے ایک قریہ بوصیر کے رئیس اعظم اور علوم عربیہ کے متبحر عالم فصاحت و بلاغت میں ایسے مشہور و معروف فرد تھے کہ آپ اپنے زمانہ میں اپنی نظیر آپ ہی تھے اور علماء عصر میں ایک شہرہ آفاق ادیب۔

ابتداء عمر میں آپ اپنی خداداد قابلیت اور تبحر علم کی وجہ سے سلاطین اسلامیہ کے مقرب و محبوب عنصر رہے۔ آپ سلاطین و امراء کی منقبت اور قصیدہ گوئی میں خاص طور پر حصہ لیتے اور ان کے اعداء کی ہجو میں رجز اور قصائد لکھا کرتے تھے۔

ایک روز آپ دربار سلطانی سے اپنے گھر تشریف لا رہے تھے کہ ایک بزرگ ملے اور انہوں نے علامہ بوصیری سے سوال کیا کہ تم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی کبھی خواب میں بھی زیارت کی یا نہیں؟ آپ نے عرض کیا: میں آج تک حضور کی زیارت سے مشرف نہیں ہوا۔ پھر علامہ فرماتے ہیں کہ اس جواب کے بعد سے میرے دل میں حضور کا عشق اور محبت کا جذبہ اتنا متلاطم ہوا کہ میں اپنے دل میں سوا اس محبت کے اور کچھ محسوس نہ کرتا تھا۔

گھر آ کر جو سویا تو اسی شب مجھے جمال جہاں آراء محبوب دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اور میں نے حضور کو جماعت صحابہ کے ساتھ اس شان سے دیکھا جیسے چاند ستاروں میں۔ جب آنکھ کھلی تو میں نے اپنے دل کو اس ہستیٔ مقدس کی محبت سے مملو اور زیارت بابرکت کے سرور سے محظوظ و مسرور پایا۔ اس کے بعد ایک ساعت کے لیے اس نور مجسم کی محبت مجھ سے علیحدہ نہ ہوئی۔ اور عنفوان محبت و سرور میں میں نے چند قصیدے لکھے۔ چنانچہ قصیدہ مضریہ اور ہمزیہ اسی زمانہ کے لکھے ہوئے ہیں۔

اس کے بعد ایک روز اچانک مجھے فالج پڑا اور میرا نصف حصہ بے حس ہو گیا۔ اس مصیبت کی حالت میں میرے ضمیر نے مشورہ دیا کہ ایک قصیدہ حضور کی مدحت میں لکھوں اور اس کے ذریعہ اس باب الشفاء سے اپنے لیے شفاء طلب کروں۔ چنانچہ اسی حالت میں

میں نے اس قصیدہ مبارکہ کو لکھا۔

بعد انفراغ جب سویا تو خواب میں اس مسیح کونین شفاء دارین کی زیارت سے مشرف ہوا اور اسی عالم رؤیا میں میں نے یہ قصیدہ حضور کے سامنے پڑھا۔ بعد اختتام قصیدہ میں نے دیکھا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے اعضاء حقیر پر اپنے دست نوری کو پھیر رہے ہیں۔ جب آنکھ کھلی تو میں نے اپنے کو بالکل صحت یاب پایا۔ اس خوشی اور فرحت و مسرت میں علی الصباح میں اپنے گھر سے نکلا تو راستہ میں شیخ ابوالرجاء الصدیق ملے جو اپنے وقت کے قطب الاقطاب تھے اور مجھے فرمانے لگے: اے امام! وہ قصیدہ سناؤ جو حضور کی مدحت میں تم نے تالیف کیا ہے۔ چونکہ اس قصیدہ شریف کا علم سوا میرے کسی کو نہ تھا۔ میں نے ان سے عرض کیا۔ حضرت! کون سا قصیدہ آپ چاہتے ہیں، میں نے حضور کی مدحت میں اکثر قصائد لکھے ہیں۔

شیخ ابوالرجاء نے فرمایا: وہ قصیدہ سناؤ جس کا مطلع یہ ہے:

اَمِنْ تَذَكُّرِ جِيْرَانٍ بِذِيْ سَلَمٍ
مَزَجْتَ دَمْعًا جَرٰى مِنْ مُقْلَةٍ بِدَمٍ

میں نے حیرت سے عرض کیا:

یا ابا الرجاء من این حفظتها

"اے ابوالرجاء! یہ قصیدہ آپ نے کہاں سے یاد کیا"۔

میں نے قصیدہ سوا اپنی سرکار کے کسی کو اب تک نہیں سنایا ہے۔ نہ کوئی شخص اس وقت تک میرے پاس آیا جس کو یہ قصیدہ میں نے سنایا۔ ابوالرجاء رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

لقد سمعتها البارحة تنشدهابین یدی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو یتمایل ویتحرک استحسانا تحرک الاغصان المثمرة بھبوب نسیم الریاح۔

"اے بوصیری! یہ قصیدہ گزشتہ رات میں نے اس وقت سنا جب تم دربار رسالت پناہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA-ACADEMY

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کر رہے تھے اور حضور اس قصیدہ کو سن کر اظہار پسندیدگی کے لیے پھلوں سے بھری ہوئی ڈالی کی طرح ایسے تمایل وتحرک فرما رہے تھے جیسے وہ ڈالی نسیم ریاح کی حرکت سے ہلنے لگتی ہے"۔

بوصیری فرماتے ہیں کہ یہ سن کر میں نے علی الفور وہ قصیدہ ان کی خدمت میں پیش کیا۔ پس اس کے بعد شہر بھر میں یہ خبر عام ہوگئی۔

صاحب الشوار دالفردہ اتنا اور زیادہ لکھتے ہیں کہ شدہ شدہ یہ خبر ملک الظاہر کے وزیر بہاؤالدین تک پہنچی۔ انہوں نے قصیدہ شریف کی نقل لی اور عہد کیا کہ اس قصیدہ مبارکہ کو روزانہ برہنہ پا اور برہنہ سر کھڑے ہو کر سنوں گا۔ چنانچہ اس کی برکت سے ان کے دین ودنیا کے بہت سے کام پورے ہوئے اور مصیبتیں فرو ہوئیں۔ پھر سعد الدین فاروقی (1) وزیر موصوف کے فرمان نویس کو آشوب چشم ہوا حتیٰ کہ بصارت جاتے رہنے کا اندیشہ ہو گیا۔ خواب میں کسی نے کہا کہ بہاؤالدین سے بردہ لے کر آنکھوں سے لگا۔ وہ گئے اور خواب بیان کیا۔ بہاؤالدین نے کہا: بردہ تو معلوم نہیں ہاں حضور سید یوم النشور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک نعت میرے پاس ہے جو شفاء امراض میں خاص اثر رکھتی ہے۔ چنانچہ سعد الدین نے وہ قصیدہ لیا، آنکھوں سے لگایا اور پڑھا علی الفور صحت یاب ہو گیا۔ ایسا ہی صاحب عطر الوردہ نے نقل کیا۔

اس تذکرہ سے یہ بات بھی معلوم ہوگئی کہ ناظم فاہم علامہ بوصیری رحمۃ اللہ علیہ بہاؤالدین وزیر کے ہم عصر تھے اور بہاؤالدین وزیر 581ھ کے اندر وادیٔ نخلہ میں پیدا ہوئے جو حوالیٔ مکہ مکرمہ میں ہے۔ اور 677ھ میں بمقام قاہرہ وصال فرمایا۔ اور آپ کی عمر کا اکثر حصہ حلب، دمشق اور قاہرہ میں گزرا۔ بہاؤالدین وزیر خود بھی اچھے شعراء میں مانے جاتے تھے۔ امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کی 694ھ وفات معلوم ہوتی ہے۔

اس لیے کہ عقیدۃ الشھدہ شرح قصیدہ البردہ للخر پوتی کے سرنامہ پر یہ عبارت موجود ہے:

1۔ متوفی 691ھ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

”فان قصیدۃ البردۃ الموسومۃ بالکواکب الدریۃ فی مدح خیر البریۃ للشیخ شرف الدین ابی عبداللہ محمد بن سعید الدولاصی ثم البوصیری المتوفی سنۃ اربع و تسعین وستمائۃ“

گویا یہ قصیدہ مبارکہ کم از کم سات سونو برس یا اس سے کچھ زائد مدت سے صوفیہ واولیاء کملا میں معمولاً جاری ہے اور بطور وظیفہ پڑھا جاتا ہے۔ یہ اندازاً عمر قصیدہ عرض کی ہے۔ ممکن ہے اس سے بھی زائد مدت کا ہو۔ اس لیے کہ بہاؤالدین وزیر ملک الظاہر کے عہد میں اس کا وجود تھا۔ اور وہ اسے ننگے سر ننگے پیر کھڑے ہو کر سنتے تھے۔ اور اس سے بہت سی مہمات حل کراتے اور اس کی برکت سے مراد دلی حاصل فرماتے تھے۔

وجہ تسمیہ قصیدۃ البردہ

فالج سے صحت، آشوب چشم کی شدت سے نجات، امور ملکی دینی دنیوی کی مہمات کا حل تو اس کی برکت سے ظاہر ہے جیسا کہ عرض ہو چکا۔ اس بناء پر صاحب عطر الوردہ نے لکھا:

”ان البردۃ الثوب المخطط کما فی القاموس والناظم قدس سرہ یذکر فیھا المضامین المختلفۃ فتارۃ یذکر الصبابۃ ولوازمھا من الاشواق والاحزان و مرۃ یتجرد من نفسہ مخاطباً ویحاورہ عتابا و یخاطبہ سوالاً وجواباً وطورا یعترف بالتقصیر و یعتذر عنہ و حیناً یحذر عن مکائد النفس ویعظ الناس وساعۃ یتشبث بالرجاء ویستغیث و یستشفع بہ صلی اللہ علیہ وسلم ووقتاً یمدحہ علیہ السلام ویشرح کمالاتہ الذاتیۃ والمکتسبۃ ویبین معجزاتہ الظاھرۃ الباھرۃ و یذکر فضائل اصحابہ باتم بیان الی غیر ذالک فکانہ لکل مضمون لون عجیب فائق یشبہ کل مضمون بخط حسن الھیئۃ الرائق فشابھت القصیدۃ ببردۃ مخططۃ فسمیت بھا“۔

”خلاصہ یہ کہ لغت میں بردہ دھاری دار کپڑے کو کہتے ہیں اور چونکہ اس قصیدہ میں ناظم فاہم نے مختلف مضامین کی آرائش کی ہے۔ کہیں باد صبا سے مخاطبہ، کہیں اظہار شوق وذوق، کہیں غم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ہجر کی داستان، کہیں تنہائی کا شکوہ، کہیں نفس امارہ پر عتاب، کہیں مدعی مدعا علیہ کے سوال و جواب، کہیں اعتراف قصور، کہیں عذر خواہی، کہیں نفس کے مکروں سے ڈرانا، کہیں عوام و قارئین کو وعظ سنانا، کہیں دربار رسالت میں استغاثہ، کہیں سرکار مدینہ کے حضور میں استشفاع، کہیں مدحت و مناعت، کہیں شرح کمالات ذات، کہیں اظہار معجزات، کہیں فضیلت صحابہ، کہیں **مانحت عذبات البان ریح صبا**(1)، کہیں **واطرب العیس حادی العیس بالنغم** تو گویا یہ مختلف مضامین ثوب عشق و محبت پر خط ہیں۔ اس بناء پر اس قصیدہ مبارکہ کا نام قصیدہ بردہ رکھا گیا"۔

(۲) بعض نے کہا کہ بردہ ایک اسم ہے جس سے ٹھنڈک حاصل کی جائے اور اس کا ماخذ برد ہے جس کے معنی سوہان، سوئیدن اور راست کردن کے ہیں۔ تو چونکہ اس قصیدہ مبارکہ کے الفاظ حشو و زوائد سے مصئون، لوازمات شاعری سے مزین ہیں۔ اور اس کے پڑھنے سے قلب میں برودت اور صفائی پیدا ہوتی ہے۔ بناء بریں اسے قصیدہ بردہ کہا گیا۔

(۳) اور یہ وجہ بھی ہو سکتی ہے کہ بردۃ ماخوذ برد سے ہو۔ یعنی ترویح و تنفیس اور ملائمت بالخیر۔ جیسے عرف عرب میں کہتے ہیں: **بَرَدَ امرنا** "یعنی صلح و حسن" تو چونکہ یہ قصیدہ مبارکہ حصول صفاء روح اور سبب راحت قلب قاری ہے۔ اس لیے اسے بردہ کہا گیا۔

(۴) چوتھی وجہ میں لکھتے ہیں:

قیل القی علیه الرسول صلی اللّٰه علیه وسلم بردته المبارکة فی النوم عند سماع القصیدة فعوفی لساعة۔

"یعنی کہا جاتا ہے کہ جب یہ قصیدہ خواب میں امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے حضور کو سنایا تو حضور نے اپنی بردیمانی ان پر ڈالی تو علی الفور آپ کو صحت کاملہ حاصل ہوگئی"۔

(۵) اور شرح شیخ محی الدین محمد بن مصطفیٰ المعروف بہ شیخ زادہ میں اس طرح ہے:

ثم قصة وصول البردة من الحضرة للصلة مشهورة وحکایة ماشوهد

1۔ یہ آخری شعر ہے قصیدہ بردہ شریف کا جس کا ترجمہ ہے: تیری رحمتیں نازل ہوتی رہیں جب تک باد صبا (پروا کی ہوا) درخت بان کی شاخوں کو ہلاتی رہے جب تک اونٹوں کو شتربان اپنے نغموں سے مست کرتا رہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

من آثار بر کاتها فی الکتب مسطورة واشتهار شانها العجیب عند جماہیر الانام اغنانی من الکفار فی وصفها واطالة الکلام۔

''یعنی قصہ بردیمانی عطا ہونے کا دربار رسالت سے مشہور ومعروف ہے۔اور حکایات عجائب وغرائب اس قصیدہ کے کتابوں میں مسطور ہیں اور شہرت جماہیر انام میں اس قصیدہ کی اس قدر ہے کہ اس نے ہمیں اس کے فضائل زیادہ بیان کرنے سے مستغنی کر دیا اور اطالت کلام سے بچالیا''۔

(٦) علاوہ ازیں عطر الوردہ میں سعد الدین الفارقی کی آشوب چشم میں پریشانی لکھتے ہوئے لکھا ہے:

فرآی فی المنام قائلاً له امض الی الصاحب بهاء الدین وخذ منه البردة واجعلها علی عینیک تبرء بها۔

''یعنی سعد الدین نے خواب میں دیکھا کہ کوئی کہنے والا کہہ رہا ہے کہ بہاؤالدین کے پاس جا اور بردہ لے کر آنکھوں سے لگا ابھی صحت یاب ہو جائے گا''۔

فجاء الی الصاحب وقص علیه مارأی فقال ما عندی شیء یقال له البردة و انما عندی مدیح رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم نستشفی بها فاخرجه ووضعها علی عینیه وقرء وهو جالس فشفاه الله تعالیٰ من الرمد لوقته

''تو سعد الدین اپنے حاکم بہاؤالدین کے پاس آئے اور خواب بیان کیا۔ بہاؤالدین وزیر نے فرمایا کہ میرے پاس کوئی ایسی شے نہیں جسے بردہ کہا جاتا ہے مگر ایک نعت حضور کی ایسی مقبول ہے کہ اس کے اللہ سے ہم شفا طلب کرتے ہیں اور وہ قصیدہ نکال کر ان کی آنکھوں سے لگایا اور سنایا، اسی وقت خدا نے صحت عطا فرمائی''۔ **اقول و باللّٰہ التوفیق۔**

اس واقعہ سے یہ امر ثابت ہوا کہ اس قصیدہ مبارکہ کا نام بردہ تو عالم ارواح میں اولیاء و کملا کے اندر مشہور تھا۔ لیکن بہاؤالدین وزیر کو اس کا علم اس سے زائد نہ تھا کہ وہ اس قصیدہ کو نعت شریف جانتے تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

بہر حال قصیدہ شریف کا نام قصیدہ بردہ پانچ توجیہات سے توتوجیہاً مناسب معلوم ہوتا ہے۔اور شیخ زادہ کے قول کے مطابق یہی نام مشہور و معروف ہے۔

عام اس سے کہ رداء مبارک عطا کی گئی ہو یا مناسبت مضمون کے اعتبار سے ہی اس نام سے مسمّی ہوا ہو بہر حال یہ قصیدہ، قصیدہ بردہ شریف کے نام سے مشہور ہے۔

اور قصیدہ کی پسندیدگی پر عطاء بردیمانی بعید از عطاء بھی نہیں۔اس لیے کہ قصید بانت سعاد جب حضرت کعب بن زہیر رضی اللہ عنہ نے اسلام لانے کے بعد بارگاہ رسالت میں بغرض عفو تقصیرات پیش کیا اور دربار رسالت میں سنانا شروع کیا تو جب حضرت کعب رضی اللہ عنہ اس شعر پر آئے:

اِنَّ الرَّسُوْلَ لَسَیْفٌ یُسْتَضَاءُ بِهٖ مُهَنَّدٌ مِنْ سُیُوْفِ اللّٰهِ مَسْلُوْلُ

"یعنی ہمارے حضور یقیناً برہنہ تلوار ہیں اور اس کی چمک سے نور ہدایت عالم میں عام پھیل رہا ہے"۔

تو حضور نے بردیمانی کعب کو عطا فرمائی۔

ایک روایت میں ہے کہ حضرت کعب نے مُهَنَّدٌ مِنْ سُیُوْفِ الْهِنْدِ مَسْلُوْلُ کہا تھا اس لیے کہ ہندوستان کے لوہے کی تلواریں عرب میں بہت مشہور تھیں، تو حضور نے سیوف الهند کی جگہ سیوف اللہ فرما کر اصلاح کی۔اور یہ چادر ایک مدت تک آپ کے گھرانہ میں تبرکاً رہی۔حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اس رداء مبارک کو دس ہزار درہم میں لینا چاہا مگر حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے عطاء سرکار کے بدلے درہم و دینار پسند نہ کیے۔آخر ش ورثاء کعب سے بعد وفات حضرت کعب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما نے تیس ہزار درہم کو خرید لیا اور ان کے بعد خاندان عباسیہ میں بھی یہ تبرکاً رہی اور تاجپوشی کے وقت خلیفہ کے شانوں پر ڈالی جاتی تھی۔پھر فتنہ تاتاریہ میں یہ چادر شریف مفقود ہو گئی۔

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ قصیدہ کی بخششوں میں دربار رسالت سے عطاء رداء ہوئی ہے اور بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کو بھی اگر عطا ہوئی ہو تو تعجب نہیں۔

لہٰذا قصیدہ بردہ کا نام رداء و بردیمانی سے منتسب ہونا صحیح ہے۔واللہ تعالیٰ اعلم۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLIL ISLAMIA ACADEMY

آداب قراءت قصیدہ مبارکہ

اول ایک نکتۂ عجیبہ مرکوز خاطر رہے کہ اس قصیدہ مبارکہ کی ابتداء میں ایک بشارت خاص ہے۔ اور اختتام قصیدہ میں اس بشارت کا نتیجہ ہے جو بزبان حال بتا رہا ہے کہ اس قصیدہ کا ملازم ہمیشہ امن میں رہ کر فرح وطرب کے قلعہ حصین میں محفوظ رہے گا۔

چنانچہ اَمِنْ تَذَکُّرِ جِیْرَانٍ بِذِیْ سَلَمٍ میں اَمِنْتَ نکلتا ہے۔ جس کے معنی ہیں تو امن میں آ گیا۔ اور قصیدہ میں ہے: وَاَطْرَبَ الْعِیْسَ حَادِی الْعِیْسِ بِالنَّغَمِ تو امن وامان کا نتیجہ طرب وفرحت ہے۔ گویا قصیدہ مبارکہ امنت شروع کرنے والے کو سنا کر ختم پر خیریت کی بشارت عظمیٰ دیتا ہے۔(1)

اس قصیدہ مبارکہ کے آداب تلاوت میں **اوحد العلماء الاعلام، و مفرد العظماء الفخام، الانسان الکامل، الجھبذ الفاضل ذو النسب الرفیع السامی، صاحب الادب البدیع النامی، قاموس البلاغۃ والفصاحۃ ونبراس الافھام، السید عمر آفندی مفتی مدینۃ خرپوت و مفید الحکام صحیح الاحکام** فرماتے اور فتویٰ دیتے ہیں کہ اس قصیدہ کے پڑھنے میں چند شروط وآداب کا لحاظ لازمی ہے۔ ورنہ اگر نتیجہ میں فائدہ ظاہر نہ ہو تو قصیدہ کی بے اثری نہ سمجھی جائے بلکہ اپنی غلطی پر اس کو محمول کرے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ امام غزنوی رحمۃ اللہ علیہ اس قصیدہ مبارکہ کو ہر رات پڑھا کرتے تا کہ اس کی برکت سے زیارت سرکار ابد قرار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حاصل کریں ایک مدت تک پڑھا مگر زیارت سے مشرف نہ ہوئے تو انہوں نے اپنے شیخ کامل کی خدمت میں عرض کیا کہ اس میں کیا راز ہے؟ آپ نے جواب دیا: **لعلک لا تراعی شرائطھا**، غزنوی! شاید تو اس کی شرائط کی رعایت نہیں کرتا۔ علامہ غزنوی نے عرض کیا: **لا بل اراعیھا**۔ نہیں حضور! میں خاص رعایت اور توجہ سے پڑھتا ہوں۔ **فراقب الشیخ** ”تو

1۔ یہ مضمون قصیدہ بردہ کے پہلے اور آخری شعر کی شرح میں صاحب عطر الوردہ نے بھی درج کیا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ان کے شیخ نے مراقبہ کیا'' اور فرمایا: **وقفت علی سرہ وھو انک لا تصلی بالصلوٰۃ التی صلی بھا الامام البوصیری اذھو یصلی علیه علیه السلام بقوله:**

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

''غزنوی! زیارت نہ ہونے کا جو راز ہے وہ معلوم ہو گیا۔ وہ یہ ہے کہ تم وہ درود نہیں پڑھتے جو امام بوصیری نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اس قصیدہ کو سناتے ہوئے پڑھا تھا۔ اور وہ درود یہ ہے:

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

اور اس قصیدہ میں اس درود کا پڑھنا ہی خاص سر ہے۔ اس کے سوا اور کوئی درود نہ ہو۔

چنانچہ شرائط قراءت میں اول یہ ہے کہ:

(۱) باوضو ہو۔

(۲) قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ کر پڑھے۔

(۳) تصحیح الفاظ میں خاص کوشش کرے اور زیر زبر کا لحاظ رکھے۔

(۴) جو شعر پڑھے، اس کے معنی کو سمجھتا ہو اس لیے کہ دعا کے لفظوں کو اگر نہ سمجھتا ہو تو اس کی تاثیر جاتی رہتی ہے۔ جیسا کہ علامہ علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مقدمہ حزب الاعظم میں فرمایا:

فعلیک بحفظ مبانیه والتأمل فی معانیه

(۵) ہر شعر کو شعر کی طرح پڑھا جائے نہ کہ نثر کی طرز پر۔

(۶) تمام قصیدہ اول حفظ ہو، پھر معمولاً پڑھے۔

(۷) جو اس کی قراءت کرے اور ورد بنائے وہ پہلے اجازت کسی ماذون سے حاصل کرے۔

(۸) قصیدہ کے اول اور آخر میں مخصوص وہ درود پڑھا جائے جو امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے سرکار والا میں پڑھا تھا یعنی

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

یہ شرائط علامۃ الفہامہ امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کے قصیدہ کے شارح خرپوتی مفتی مدینہ خرپوت نے اپنی شرح میں نقل فرمائیں اور صاحب الشوارد الفردہ نے سلسلۂ سہروردیہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کے قاعدہ کے تحت طریق تلاوت یوں لکھا ہے کہ مجھ کو اپنے والد ماجد میر سید علی بخاری سہروردی علیہ الرحمۃ سے اس کی اجازت ہے۔ طریق تلاوت یوں لکھا ہے کہ:

(۱) جس دن شروع کرنا ہو حسب مقدور ایک یا چند محتاجوں کو کھانا کھلائیں اور کھانا شیریں و نمکین دو طرح کا ہونا چاہیے۔ اول اس کھانے پر حضور کی وساطت سے مصنف قصیدہ کی فاتحہ ہو۔

(۲) صاف اور خوشبودار لباس پہن کر قصیدہ شروع کیا جائے۔

(۳) جس شعر میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام نامی آئے اس کی تین بار تکرار کی جائے اور درود پڑھا جائے۔

(۴) وقت معین پر روزانہ کا ورد ہے۔

(۵) مقدرت ہو تو ہر ماہ کے آغاز میں طریق مذکور پر کھانا کھلایا جائے۔

(۶) قصیدہ شروع کرنے سے اول یہ درود شریف پڑھا جائے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِلْأَ الدُّنْيَا وَمِلْأَ الْاٰخِرَةِ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِلْأَ الدُّنْيَا وَ مِلْأَ الْاٰخِرَةِ وَارْحَمْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا مِلْأَ الدُّنْيَا وَمِلْأَ الْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ يَا اَمَانَ الْخَائِفِيْنَ يَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ يَاذُخْرَ مَنْ لَا ذُخْرَ لَهٗ يَا حِرْزَ الضُّعَفَاءِ يَا كَنْزَ الْفُقَرَآءِ يَا عَظِيْمَ الرَّجَاءِ يَا مُنْقِذَ الْهَلْكٰى يَا مُنْجِي الْغَرْقٰى يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُ يَا مُنِيْرُ اَنْتَ الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَضَوْءُ النَّهَارِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَ حَفِيْفُ الشَّجَرِ وَدَوِيُّ الْمَاءِ وَنُوْرُ الْقَمَرِ يَا اَللّٰهُ اَنْتَ اللّٰهُ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَرَسُوْلِکَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ اللّٰهُمَّ وَاَعْطِ سَیِّدَنَا مُحَمَّدِ نِالْوَسِیْلَةَ وَالْفَضْلَ وَالْفَضِیْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِیْعَةَ اللّٰهُمَّ عَظِّمْ بُرْهَانَهٗ وَاَفْلِحْ حُجَّتَهٗ وَاَبْلِغْهُ مَامُوْلَهٗ فِیْ اَهْلِ بَیْتِهٖ وَاُمَّتِهٖ۔

(۷) قصیدہ ختم کر کے یہ دعا پڑھی جائے:

اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِیْ بِعَیْنِکَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاکْفِنِیْ بِرُکْنِکَ الَّذِیْ لَا یُرَامُ وَارْحَمْنِیْ بِقُدْرَتِکَ عَلَیَّ فَلَا اَهْلِکُ وَاَنْتَ رَجَائِیْ فَکَمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَیَّ قَلَّ لَکَ بها شکری وکم من بلیة نِ ابتلیتنی بها قل لک بها صبری فیا من قل عند نعمته شکری فلم یحرمنی ویا من قل عند بلیة صبری فلم یخذلنی ویا من رانی علی الخطایا فلم یفضحنی یا ذا المعروف الذی لا ینقضی ابدا ویا ذا النعماء التی لا تحصی ابدا اسئلک ان تصلی علی سیدنا محمد و علیٰ آل سیدنا محمد وبک ادرء فی بخور الاعداء والجبابرة اللهم انک تعلم سری وعلانیتی فاقبل معذرتی وتعلم حاجتی فاعطنی سؤلی وتعلم ما فی نفسی فاغفرلی ذنوبی۔ آمین برحمتک یا ارحم الرحمین ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

قصیدہ بردہ کا وزن شعری

یہ قصیدہ بحر بسیط میں ہے اور بحر بسیط علم عروض میں یہ ہے:

مستفعلُن فاعلُن مستفعلُن فاعلُن

اس میں پہلا فاعِلُن کہیں کہیں فَعِلُنْ پڑھا جاتا ہے اور دوسرا فَاعِلُنْ ہر جگہ فِعْلُنْ بالزحاف پڑھا جائے گا۔ اسے علم عروض کی اصطلاح میں قطع کہتے ہیں اور مُسْتَفْعِلُنْ کا پہلا رکن کہیں کہیں مَفَاعِلُنْ کے وزن پر آیا ہے۔ اس قسم کے زحاف کو خبن کہتے ہیں۔

سید ابن معتوق متوفی 1087ھ نے اس قصیدہ کے مقابلہ میں ایک قصیدہ لکھا جس کا مطلع یہ ہے:

لا بر فی الحب یا اھل الھویٰ قسمی ولاوفت للعلیٰ ان خنتکم ذممی

"یعنی اے محبت والو! میں تم سے خیانت کروں تو میرا ایمان وفا کبھی صحیح نہ نکلے۔ اور ترقی کے مدارج پر فائز ہونے کا عزم کبھی پورا نہ ہو"۔

اگرچہ شاعرانہ بندش میں یہ قصیدہ بھی کم نہیں لیکن بوصیری کے جذبات سے جب اس کا تقابل کیا جاتا ہے تو انصاف یہی کہنے پر مجبور کرتا ہے کہ چہ نسبت خاک را بعالم پاک۔ بہرحال محنت بہت کی ہے لیکن بوصیری کے جذبات اور تلاطم عشق کی کیفیت جو اشعار قصیدہ میں موجزن ہے، وہ ابن معتوق کو میسر نہ ہوئی۔ باقی علمی لطافت اور زبانی فصاحت کا ہمیں انکار نہیں۔

اب ہم اول ان چند اشعار کو قصیدہ سے مقتبس کر کے نذر ناظرین کرتے ہیں جو بطور وظیفہ پڑھنے سے حل مراد میں اکسیر اعظم ہیں۔ ان میں سے بعض وہ ہیں جسے مفتی مدینہ خرپوت شارح قصیدہ نے ارشاد فرمایا ہے اور بعض وہ ہیں جو ہمارے مشائخ کرام سے ہم تک پہنچے۔ وھو ھذا:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

منتخب اشعار قصیدہ بردہ برائے حصول مرام

ہدایت خواندن شعر برائے حصول مرام

(۱) مندرجہ ذیل اشعار میں سے جو شعر پڑھا جائے اس کے اول آخر تین بار یہ درود شریف پڑھا جائے:

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

(۲) جو شعر پڑھا جائے اس کی زیر زبر اور صحت الفاظ کا خاص لحاظ رکھا جائے۔

(۳) خشوع وخضوع سے باوضو، روبقبلہ بیٹھ کر پڑھا جائے۔

(۴) اول کچھ فاتحہ بتوسل سید اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کی ہو۔

خواص از شرح خرپوتی

ضعف قلب وغمگینی وتنگیٔ نفس کے لیے یہ شعر مبارک حروف مقطعات میں سیب پر لکھ کر کھلائیں۔ چند روز کھلانے سے صحت ہوگی اور اگر شیشہ کے برتن پر شعر لکھا جائے اور دھو کر پلایا جائے تو ضیق النفس کو عجیب الاثر ہے:

لَوْلَا الْهَوٰی لَمْ تُرِقْ دَمْعًا عَلٰی طَلَلٍ وَلَا اَرِقْتَ لِذِکْرِ الْبَانِ وَالْعَلَمِ

تنبیہ

حروف مقطعات لکھنے کے یہ معنی ہیں کہ مرکب حروف کو علیحدہ علیحدہ لکھا جائے۔ حسب طریقہ ذیل:

ل و ل ا ا ل ہ و ی ل م ت ر ق د م ع ا ع ل ا ط ل ل۔ و ل ا ا ر ق ت ل ذ ک ر ا ل ب ا ن و ا ل ع ل م۔

خواص ایضاً منہ

برائے قضاء حاجات وحصول مرادات تین بار یہ شعر پڑھ کر کام شروع کرے۔ انشاء

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اللہ حاجت ومقصد پورا ہو۔

فَکَیۡفَ تُنۡکِرُ حُبًّا بَعۡدَ مَا شَهِدَتۡ بِهٖ عَلَیۡکَ عُدُوۡلُ الدَّمۡعِ وَالسَّقَمٖ

خواص ایضا منہ

(۱) اگر اپنی بیوی کی طرف سے کسی راز مخفی کا وہم ہو تو اس شعر کو لیموں کے پتے پر لکھ کر جب کہ وہ سو رہی ہو اس کے سینہ پر رکھ دیں۔ لیکن یہ خیال رہے کہ بائیں چھاتی پر رکھیں تو وہ سوتے ہوئے سب کچھ ظاہر کر دے گی۔

(۲) اور اگر کسی پر چوری کا شبہہ ہو تو شعر مذکور مینڈک کی رنگی ہوئی کھال پر لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے اور اس سے سوال کرے وہ دہشت زدہ ہو کر علی الفور اقرار جرم کر لے گا باذن اللہ تعالیٰ۔

نَعَمۡ سَرٰی طَیۡفُ مَنۡ اَهۡوٰی فَاَرَّقَنِیۡ وَالۡحُبُّ یَعۡتَرِضُ اللَّذَّاتِ بِالۡاَلَمٖ

خواص ایضاً منہ

برائے مقہوریٔ اعداء گول کاغذ پر یہ شعر مدور سطر میں لکھ کر اپنے عمامہ کے اندر رکھے اور پیشانی کی طرف یہ شعر رہے۔ انشاء اللہ دشمن ذلیل ہو اور خود اس کے شر سے محفوظ رہے۔

مَحَضۡتَنِی النُّصۡحَ لٰکِنۡ لَّسۡتُ اَسۡمَعُهٗ اِنَّ الۡمُحِبَّ عَنِ الۡعُذَّالِ فِیۡ صَمَمٖ

خواص ایضاً منہ

برائے مقہوریٔ اعداء گول کاغذ پر یہ شعر مدور سطر میں لکھ کر اپنے عمامہ میں اس طرح رکھے کہ پیشانی کی طرف یہ نقش رہے۔ انشاء اللہ شر عدو سے محفوظ و مصئون رہے گا۔ اور اگر مطالعہ کتب سے جی گھبرائے اور مضمون کتاب سمجھ میں نہ آئے تو یہ شعر ایک سو انیس بار پڑھ کر مطالعہ کرے۔ انشاء اللہ کتاب حل ہو گی:

وَاسۡتَفۡرِغِ الدَّمۡعَ مِنۡ عَیۡنٍ قَدِ امۡتَلَاَتۡ مِنَ الۡمَحَارِمِ وَالۡزَمۡ حِمۡیَةَ النَّدَمِ

خواص ایضاً منہ

مصر علی العصیان کی اصلاح کے لیے یہ عمل عجیب الاثر ہے۔ مندرجہ ذیل شعر ایک کاغذ

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پر بعد نماز جمعہ لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پلائیں۔ اور اس جگہ رو بقبلہ بٹھائیں اور خشوع وخضوع سے بارگاہ الٰہی میں دعاء توفیق توبۃ النصوح کرائیں۔ عصر و مغرب وہاں ہی پڑھی جائے۔ عشاء تک اسی طرح صلوٰۃ وسلام بخشوع وخضوع پڑھا جائے تو انشاء اللہ ہر قسم کے کبائر سے محفوظ رہے:

وَلَا تُطِعْ مِنْهُمَا خَصْمًا وَلَا حَكَمًا فَاَنْتَ تَعْرِفُ كَيْدَ الْخَصْمِ وَالْحَكَمِ

خواص ایضاً منہ

برائے حاجات دینی و دنیوی یہ بیت مبارک ایک مجلس میں ایک ہزار ایک، مرتبہ معہ اول آخر درود و قصیدہ گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ انشاء اللہ ایک ہی مجلس کے پڑھنے سے مراد پوری ہو۔

اور اگر اتنی مقدار نہ پڑھ سکے تو میرا تجربہ ہے کہ ہر وقت پڑھتا رہے تو بھی اس کی برکات سے محروم نہیں رہتا۔ بفضلہٖ تعالیٰ مراد پوری ہوتی ہے۔

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

خواص ایضاً منہ

برائے آسانی سکرات موت بالین مریض پر پڑھیں۔ اگر وقت پورا ہو چکا ہے موت آسانی سے ہوگی ورنہ شفاء عاجل حاصل ہو۔

لَوْ نَاسَبَتْ قَدْرَهٗ اٰيَاتُهٗ عِظَمًا اَحْیَ اسْمُهٗ حِيْنَ يُدْعٰی دَارِسَ الرِّمَمِ

خواص ایضاً منہ

جنگل یا آبادی میں جب کہ وحوش وسباع کا خطرہ ہو تو یہ شعر سات بار یا نو بار پڑھ کر اپنے گرد انگشت سبابہ (1) سے حصار کر لے۔ انشاء اللہ دائرہ کے اندر وہ وحشی داخل نہ ہو سکے گا بلکہ اگر سبوعی (2) مزاج کا انسان بھی ہوگا تو اس سے بھی محفوظ رہے۔

وِقَايَةُ اللّٰهِ اَغْنَتْ عَنْ مُّضَاعَفَةٍ مِنَ الدُّرُوْعِ وَعَنْ عَالٍ مِنَ الْاُطُمِ

1۔ شہادت کی انگلی سے اپنے گرد دائرہ لگا لے

2۔ درندہ صفات یعنی ظالم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خواص ایضاً منہ

سفر میں جاتے ہوئے یہ بیت مبارک ایک کاغذ پر لکھ کر پہلا مصرع اپنے گھر میں رکھ دے اور دوسرا مصرع اپنے ساتھ سفر میں لے جائے انشاءاللہ بعافیت گھر واپس آئے۔

مَا سَامَنِي الدَّهْرُ ضَيْمًا وَاسْتَجَرْتُ بِهٖ اِلَّا وَنِلْتُ جِوَاراً مِّنْهُ لَمْ يُضَمِ

خواص ایضاً منہ

اگر کسی عورت نے مرد کو باندھ دیا ہو یعنی اس کے سوا کسی سے مجامعت کے قابل نہ ہو سکتا ہو تو تین انڈے مرغی کے جوش دے کر چھیلے اور دو انڈوں پر حروف مہملہ میں پہلا مصرع اس طرح لکھے کہ دونوں انڈوں کے چاروں طرف حروف پر ہو جائیں اور دوسرا مصرع تیسرے انڈے پر اسی طرح لکھ کر پہلے مصرع کے دونوں انڈے خود کھا لے اور تیسرا انڈا عورت کو کھلا دے۔ انشاءاللہ کھل جائے گا اور سحر سفلی جو اس پر کیا گیا ہے رد ہو جائے گا۔

وَبِتَّ تَرْقٰى اِلٰى اَنْ نِلْتَ مَنْزِلَةً مِنْ قَابَ قَوْسَيْنِ لَمْ تُدْرَكْ وَلَمْ تُرَمِ

یہ اشعار تو وہ ہیں جو علامہ خرپوتی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی شرح میں خاص طور پر بیان فرمائے۔ اب وہ اشعار نذر ناظرین ہیں جو ہمارے اجداد کرام سے ہمارے خاندان میں عملاً معمول ہیں۔ وباللہ التوفیق۔

خواص

اَمِنْ تَذَكُّرِ جِيْرَانٍ سے فَمَا لِعَيْنَيْكَ اِنْ قُلْتَ تک تین شعر ہوتے ہیں۔

ان تینوں اشعار کو اگر شیشہ کے برتن پر لکھ کر مینہ کے پانی سے اس جانور کو پلایا جائے جو تابع فرمان نہ ہو تو علی الفور متبع ہو جائے۔

اور اگر یہ تینوں شعر ہرن کی جھلی پر لکھ کر لکنت والے کے بازو پر باندھ دیں تو رکاوٹ لسانی دور ہو اور بعون اللہ تعالیٰ فصیح اللسان ہو جائے۔

خواص بیت

جس شخص کے دل میں حزن وملال یا تنگی ہو اور مکدر رہتا ہو، اسے یہ بیت مبارک حروف

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مقطعہ میں سیب پر لکھ کر کھلائیں۔ انشاء اللہ رفع مرض ہوگا اور اگر شیشہ پر لکھ کر دھو کر پلا دیں تو بھی مفید ہوگا لیکن تفاح یعنی سیب پر لکھ کر دینا زیادہ مفید ہے۔

فَكَيْفَ تُنْكِرُ حُبًّا بَعْدَ مَا شَهِدَتْ بِهٖ عَلَيْكَ عُدُوْلُ الدَّمْعِ وَالسَّقَمِ

مُحَمَّدٌ سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ وَالثَّقَلَيْنِ وَالْفَرِيْقَيْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمٍ

یہ بیت مبارک ہر قسم کے آسیب زدہ پر پڑھ کر دم کریں اور چینی پر لکھ کر پلائیں تو چند روز میں شفاء حاصل ہو، بلکہ اس کا تعویذ لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔

دفع دخل مقدر

یہ اعتراض علامہ بوصیری پر محض زائد ہوگا کہ انہوں نے قصیدہ کی ابتداء بغیر بسم اللہ وحمد کیوں کی؟ اس لیے کہ علامہ خرپوتی فرماتے ہیں کہ

وقد سمع من بعض العرب ان الناظم الفاهم ذكرهما فى بيت مستقل وهو قوله۔

''بعض عرب سے مسموع ہے کہ ناظم فاہم رحمۃ اللہ علیہ نے حمد ونعت ایک مستقل شعر میں فرمائی ہے اور وہ یہ ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مُنْشِى الْخَلْقِ مِنْ عَدَمٍ

ثُمَّ الصَّلٰوةُ عَلَى الْمُخْتَارِ فِى الْقِدَمِ

اور اگر مان بھی لیا جائے کہ یہ شعر قصیدہ کے مطلع کا نہیں تو ممکن ہے کہ قصیدہ کے پہلے شعر کا ہمزہ امن تذکر میں اشارۃ الحمد کا مخفف ہو جیسا کہ ارباب تصوف میں مشہور ہے۔

اور اگر یہ بھی مسلم نہ ہو تو بھی اعتراض نہیں پڑ سکتا۔ اس لیے کہ حمد ونعت کے متعلق جو احادیث میں تاکید ہے وہ ذکر لسانی کی ہے نہ کہ کتابت کی۔ بناء بر این ممکن ہے کہ علامہ بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے انشاء قصیدہ فرماتے ہوئے زبانی حمد ونعت کر لی ہو۔ علاوہ ازیں ایک بات اور بھی ہے کہ شرائط ورد میں پہلے بتایا گیا ہے کہ قصیدہ شروع کرنے سے قبل یہ درود تین بار ضرور پڑھا جائے۔ اور یہ درود وہ ہے جو ناظم فاہم نے دربار رسالت میں عرض کیا:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمٖ

اس میں ذکر الٰہی اور صلوٰۃ علیٰ رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم موجود ہے۔ بہر حال یہ اعتراض محض زائد ہے اور کسی طرح علامہ فاہم رحمۃ اللہ علیہ پر نہیں پڑتا۔

ابوالحسنات قادری

خطیب مسجد وزیر خان لاہور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شرح بردہ

فصل اول -- یاد محبوب اور مذاکرۂ صبا

اَمِنْ تَذَكُّرِ جِيْرَانٍ بِذِيْ سَلَمٖ
۱
مَزَجْتَ دَمْعًا جَرٰى مِنْ مُّقْلَةٍ بِدَمٖ

حل لغات: ہمزہ استفہامیہ **تذکر**۔ بمعنی یاد **جیران**۔ جمع جار یعنی ہمسایہ۔ **سلم**۔ ایک درخت ہے جو پیلو کے درخت کے مشابہ ہوتا ہے۔ **ذی سلم**۔ وہ مقام جہاں ایسے درخت کثرت سے ہوں اور ذی سلم عرب میں ایک خاص مقام بھی ہے۔ **مزجت**۔ صیغہ ماضی مخاطب، ماخوذ از مزج یعنی آلودہ ہوا یا آمیزش کیا ہوا۔ **دَمْعًا**۔ بالفتح اشک، آنسو۔ **من مقلة**۔ بالضم گوشۂ چشم جسے کویہ کہتے ہیں، یعنی کویۂ چشم سے۔ **جَرٰی**۔ جاری ہیں۔ **بدم**۔ دمٌ، خون، خون آلودہ۔

ترجمہ: کیا ہمسایوں کی یاد سے جو ذی سلم تھے، تیری آنکھوں سے خون آلودہ آنسو جاری ہیں۔

تشریح: دل بے قرار ہے اور اس راز محبت کو جسے عاشق امانت کی طرح مخفی رکھ رہا ہے، یہ بے قراری ظاہر کرنے پر مجبور کر رہی ہے، اگرچہ یہ کوشاں ہے کہ وہ راز فاش نہ ہو۔ مگر جب آنکھوں نے اس کا پردہ چاک کر دیا تو اب کسی مخصوص محبوب کے راز کو مخفی رکھنے کے لیے اس کا نام چھپا کر ایک مقام خاص ذی سلم کو ظاہر کر کے وہاں کے ہمسایوں کے پردہ میں کہتا ہے کہ اے بے قرار از خود رفتہ بے چین! کیا آج تو ذی سلم کے ہمسایوں کی یاد میں خون آلودہ آنسو اپنی مقلۂ چشم سے گرا رہا ہے اور اس امر کو باوجودیکہ اتنا مضطر (بے قرار) ہو چکا ہے پھر بھی مخفی رکھتا ہے اور یہ نہیں بتاتا کہ مقام ذی سلم کے ہمسایوں میں سے وہ کون ہے جس کی مخصوص یاد یہ خون کے آنسو رلا رہی ہے۔ یہ تو مختصر سی شرح وہ ہے جو فقیر کے ذہن نارسا کا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خلاصہ ہے۔اب علامہ خرپوتی نے جو شرح فرمائی وہ نذر ناظرین ہے:

تذکر اگر مصدر ذکر بکسر ذال ہے تو زبانی یاد کی طرف دال (رہنمائی کرتا ہے) اور اگر ذکر بالضم ہے تو ذکر قلبی کا حال بتاتا ہے۔اور جیران سے اس جگہ بطریق مجاز محبوب مراد ہے اور جار کو جمع کرنا اور جیران کہنا تعظیماً ہے۔بذی سلم، سلم بفتح لام ایک درخت کا نام۔ہے اور سلم بکسر لام اسم جنس ہے سلمہ کا۔اور ایک قول میں سلم ایک درخت کا نام ہے جو مکہ اور مدینہ کے مابین ایک جنگل میں واقع ہے۔اور اس مقام پر سلم سے مراد یہی درخت ہے۔اس لیے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ معظّمہ سے مدینہ منورہ تشریف لا رہے تھے تو راستہ میں اسی درخت کے نیچے استراحت فرما ہوئے تھے۔اور بعض کے نزدیک سلم سے مراد دارالسلام ہے جو جنت میں ایک مقام ہے اور یہاں استعارۃً روضۂ محبوب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مراد لیا گیا۔اس لیے کہ گنبد اخضر جنت کے مشابہ ہے اور وہ خیر مکان اور جنس دارالسلام سے ہے۔اور پھر دارالسلام سے استعارہ روضۂ پاک کا کر کے ذی سلم کہا، تا کہ صاحب روضہ مراد ہو جائے اور اسے جمع اس لیے کیا کہ نہ صرف حضور بلکہ جملہ ارواح انبیاء علیہم السلام کی یاد پر حاوی ہو جائے۔

تو حاصل معنی یہ ہوئے: کہ کیا جیران عالم ارواح کی یاد نے جو ذی سلم ہیں اور اعلی علیین میں رہتے ہیں تیری آنکھوں سے ممزوج بدم آنسو جاری کروائے۔

اور مقلہ محاورہ میں بیاض وسواد چشم دونوں کو کہا جا سکتا ہے۔جیسا کہ کسی شاعر کا قول ہے:

اِذَا مَا مُقْلَتِیْ رَمَدَتْ فَکُحْلِیْ تُرَابٌ مِّنْ نِّعَالِ اَبِیْ تُرَابٖ

''یعنی میرے مقلہ (آنکھ کے ڈھیلا) میں رمد چشم (آشوب چشم) ہوا تو اس کا سرمہ ابوتراب کے نعلین (جوتے) کی خاک ہے''۔

اور ایک توجیہ علامہ خرپوتی بیت مذکور کی یہ فرماتے ہیں: کہ عاشق جب اپنے عشق کو مخفی کر کے محبت کا منکر ہوا تو وہ عشق جو متصوفین کے نزدیک قلب انسان میں ہوتا ہے۔اس نے بڑھتے بڑھتے مشک کی خاصیت پیدا کر لی کہ جتنا اسے مخفی کیا گیا اتنا ہی وہ ظاہر ہونے لگا۔

تو سلطان محبت کے دربار میں جو شہر قلب میں مقیم ہے عاشق نے جب انکار محبت کیا تو مدعی نے کہا کہ اگر تجھ پر سحر عشق نہیں تو کس لیے خون آلود آنسو اپنے مقلۂ چشم سے بہا رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پرانے رفیقوں کی یاد نے جو ذی سلم کے ہم وطن تھے، تجھے بے تاب کیا اور اس بے تابی کے ضبط نے تیری آنکھوں سے خون آلود آنسو بہائے۔

لہٰذا دعویٰ ثابت کہ تیرے دل میں سلطان محبت نے اپنا سکہ جمایا اور تو اسی کے اثر سے متأثر ہو کر خون آلود آنسو بہا رہا ہے۔

گہے ابر کرم گاہے ترشح گہ بود باراں | بیاد چشم ما بنگر ہوائے بر شکالی را
مزا برسات کا دیکھو تو ان آنکھوں میں آ بیٹھو | سپیدی ہے سیاہی ہے شفق ہے ابر باراں ہے

توجیہ عجیب

ناظم فاہم رحمۃ اللہ علیہ بطریق تجرید اپنی طرف خطاب کر کے بطور تجاہل عارفانہ فرماتے ہیں کہ اے مخاطب! کیا تجھ سے ہمسایوں کی یاد نے جو موضع ذی سلم کے ہیں، اپنی آنکھوں سے خون آلود آنسو جاری کرا دیے، یہ یاد تیری ایک مبارک یاد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایسی یاد میں خون رونے والا اس خطاب کا مستحق ہو جاتا ہے۔ جو قصیدہ کے شروع میں لفظ آتا ہے یعنی اَمِنْتَ۔ گویا اس محبت والے کو امن و عافیت کی بشارت ہے۔

۲ اَمْ هَبَّتِ الرِّيْحُ مِنْ تِلْقَآءِ كَاظِمَةٍ
وَاَوْمَضَ الْبَرْقُ فِي الظَّلْمَآءِ مِنْ اِضَمِ

حل لغات: ام۔ متصلہ ہے یا منقطعہ۔ متصلہ ہونے کی صورت میں یہ معنی ہوں گے کہ کیا ہمسایوں کی یاد میں خون آلود آنسو تو ڈال رہا ہے۔ یعنی ''کیا'' استفہام ہے یا ہبوب ریاح کے باعث یا ومض برق کے سبب تو خون کے آنسو رو رہا ہے۔ اور منقطعہ ہونے کی صورت میں تذکر جیران کا رد کر کے مَزَجْتَ دَمْعًا کی علت ہبوب ریاح قرار دی جائے گی۔ هَبَّتْ صیغہ ماضی از ہبوب، ہوا چلنا، تحریک و نشر ریاح ہونا۔ جیسا کہ قرآن کریم میں ہے: اِنِّیْ لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ۔ اَلرِّيْحَ۔ روح سے ہے اور یہ بمعنی ذہاب استعمال ہوتی ہے۔ یعنی چلنے اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

جانے کے معنی میں آتی ہے۔ تِلْقَاء بالکسر طرف، جہت، جانب کمافی قوله تعالیٰ۔ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ۔ كَاظِمَةٍ ایک شہر کا نام ہے جسے اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے لیے منور فرمایا۔ اور یہ کظم سے مشتق ہے جو تسکین غضب کے معنی میں مستعمل ہے جیسا کہ قرآن کریم میں ہے: وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ۔ بعض نے کہا: کاظمہ سے مراد گنبد اخضر رحمۃ للعالمین ہے۔

اور ہبوب ریح من جانب المدینہ سے مراد حقیقی ہے۔ اس لیے کہ جب محبوب کی طرف سے ہوا آتی ہے تو محرک حزن وملال عاشق ہوتی ہے اور مورث بکاء بن جاتی ہے۔

اَوْمَضَ ماضی ومض سے ہے یعنی بجلی کا ہلکا سا چمکنا یعنی یا سبب اجراء الدمع بالدم کا ایماض برق ہے۔ بَرْق۔ بجلی۔ ظَلْمَاء۔ بفتح اول وسکون ثانی، شب تاریک۔ اضم۔ بکسر اول و فتح ثانی۔ مدینہ منورہ کے قریب ایک پہاڑ ہے، اس کا نام ہے۔ اس پہاڑ پر حضور ﷺ اکثر جلوہ آرا رہے ہیں۔

ترجمہ: یا ہوا آ رہی ہے کاظمہ کی جانب سے یا کوہ اضم کی طرف سے بجلی چمکتی ہے اور تجھے وہاں کی یاد خون رلا رہی ہے۔

تشریح از خرپوتی: یعنی اے عشق کے منکر اور اے چھپانے والے راز محبت کے! تو ترا انکار کر لیکن علل واسباب اتنے شاہد ہیں کہ تو انکار نہیں کر سکتا۔ اگر سبب بکاء وحزن تذکر جیران ذی سلم نہیں ہے تو جبل کاظمہ جہاں جلوۂ محبوب جلوہ آرا تھا وہاں کی ہوا تجھے وہاں کی صحبتیں یاد دلا کر تیرے حزن وملال کو بڑھا رہی ہیں۔ اور اگر یہ بھی نہیں تو کوہ اضم کی نرم نرم بجلیاں تجھے اندھیرے میں بے چین کر رہی ہیں اور کاکل (زلف) محبوب کو یاد دلا رہی ہیں۔ جیسے شاعر نے کہا ہے:

صدغ الحبیب وحالی کلاھما کاللیالی

شب ہجر اور گیسوئے مشک بار ہیں دونوں سیاہ اور تاریک و تار

ایک تشریح کا طرز یوں ہوسکتا ہے کہ یا وہ وجہ ہے جو مطلع کے بیت میں کہی گئی ہے یا یہ وجہ ہے کہ مقام کاظمہ کی طرف سے باد انس وو داد چلی ہے یا یہ وجہ ہے کہ موضع اضم کی سمت سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

تاریک شب میں بجلی کوندی ہے یعنی ناظم فاہم اپنے نفس سے بطریق تجاہل عارفانہ دریافت فرمارہے ہیں کہ تیرے گریہ خون آلود کی وجہ موضع ذی سلم کے ہمسایوں کی یاد ہے یا سمت کاظمہ سے ہوائے محبت چلی ہے اور نسیم بوئے کاکل یار لا رہی ہے کہ اسے سونگھ کر تیری بے تابی بڑھی اور مضطربانہ گریہ خون آمیز شروع ہو گیا یا کوہ اضم کی جانب سے برق محبت چمکی جس کی روشنی میں تجھے دیار محبوب نظر آیا اور بے تابانہ رو پڑا۔ لہٰذا صاف صاف بتا کہ ان تینوں سببوں میں سے کون سا سبب تیرے بے تاب ہونے اور خون کے آنسو رونے کا ہے۔

مبتلائے بغم و محنت و اندوہ و فراق　　اے دل! ایں نالہ وفغان تو بے چیزے نیست
چہ آورد صبا از سر کوئش بوئے　　اے گل! ایں چاک گریبان تو بے چیزے نیست
چمن کوچۂ جاناں سے یہ کیا آتی ہے　　ناز کرتی ہوئی جو باد صبا آتی ہے

واھا لسولعات ذھبت　آن عہد حضور بار گہت
جب یاد آوت موہے کر نہ پرت درواہ مدینہ کا جانا

ھی الشمس مسکنھا فی السماء　　فعز الفؤاد عزاء جمیلا
فلن تستطیع الیھا الصعودا　　ولن تستطیع الیک النزولا

فَمَا لِعَيْنَيْكَ اِنْ قُلْتَ اكْفُفَا هَمَتَا
۳
وَمَا لِقَلْبِكَ اِنْ قُلْتَ اسْتَفِقْ يَهِمِ

حل لغات: فَمَا۔ عطف واستفہام۔ پس کیا ہوا؟ لِعَيْنَيْكَ۔ تثنیہ عین، دونوں آنکھیں۔ تیری دونوں آنکھوں کو۔ اِنْ۔ برائے شرط۔ اگر۔ قُلْتَ۔ صیغہ ماضی مخاطب، کہا تو نے۔ اكْفُفَا۔ امر تثنیہ۔ از کَفّ، ٹھہرو تم دونوں۔ هَمَتَا۔ ماضی تثنیہ، از ھمی۔ بہنا، جاری ہونا، دونوں آنکھیں بہنے لگ گئیں۔ وما۔ استفہام، اور کیا ہے؟ لقلبک۔ تیرے قلب کو۔ ان۔ شرطیہ، اگر۔ قُلْتَ۔ صیغہ ماضی، کہا تو نے۔ استفق۔ امر، از افاقه، افاقہ حاصل کر۔ یھم۔ از وھم۔ دل کا بے اختیار کسی طرف مائل ہونا۔ یا از ھَیمان کسی طرف فریفتہ ہونا۔ حاصل معنی غمگین ہو جاتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

ترجمہ: کیا ہوا تیری دونوں آنکھوں کو اگر تو کہتا ہے ٹھہر جاؤ تو بہنے لگتی ہیں۔ اور کیا ہوا تیرے دل کو اگر اسے کہتا ہے سکون پکڑ، تو غمگین زیادہ ہوتا ہے۔

شرح: یعنی ناظم فاہم رحمۃ اللہ علیہ اپنے نفس کو مخاطب فرما کر کہتے ہیں کہ اگر تیری گریہ وزاری منجملہ اسباب مذکور کے نہیں ہے تو تیری چشم گریاں کو پھر کیا ہو گیا ہے کہ جب تو انہیں رونے سے روکتا ہے تو اور زیادہ بہنے لگتی ہیں اور تیرے قلب حزیں کو ایسا کیا صدمہ گزرا ہے کہ جب تو کہتا ہے کہ ذرا سنبھل اور ہوش کر تو وہ اور زیادہ مغموم و مہموم ہو جاتا ہے بقول شاعر:

چیست چشمت را کہ چوں گوئی بالیست　　آنچہ بود اول ازاں افزوں گریست

چوں بگوئی با دل، اے دل ہوش دار　　برکشد از سینہ آہے پر شرار

(۴)
اَيَحْسَبُ الصَّبُّ اَنَّ الْحُبَّ مُنْكَتِمٌ
مَابَيْنَ مُنْسَجِمٍ مِنْهُ وَمُضْطَرِمِ

حل لغات: اَ (الف) حرف استفہام، بمعنی کیا، یحسب۔ مضارع، از حسب، گمان کرنا، یعنی گمان کرتا ہے۔ الصب۔ فاعل بمعنی عاشق۔ ان الصب فی الاصل مصدر بمعنی الاراقة لکن المراد منه ههنا العاشق الکامل و انما سمی العاشق الکامل به لانه یبکی فی کل احواله (عاشق) اَنَّ۔ یہ کہ، الحب۔ محبت، منکتم، فاعل از انکتام، پوشیدہ رہنا کتم سے یعنی پوشیدہ رہے گی۔ مابین۔ درمیان۔ منسجم۔ از انسجام، اشک رواں شدن، آنسو بہتے ہوؤں کے۔ و۔ اور۔ مضطرم۔ (قلب) از اضطرام فاعل۔ آگ کا بھڑکنا، یعنی قلب آگ لگے ہوئے کے یا بیکل دل۔

ترجمہ: کیا گمان کرتا ہے عاشق یا رونے والا کہ محبت کا راز پوشیدہ رہ جائے گا۔ جب کہ وہ عاشق اشک جاری اور قلب بے قرار کے درمیان ہے۔

شرح: صب استعارۃً بمعنی عاشق لیا۔ اس لیے کہ عاشق کا ہر وقت روتے رہنا اور ہر حال میں رونا لازمی ہے۔ کسی شاعر نے خوب کہا ہے:

وما فی الخلق اشقی من محب　　وان وجد الهوىٰ حلو المذاق

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تراه باكيا في كل حال مخافة فرقة او لاشتياق

فيبكي ان نأوا شوقا اليهم ويبكي ان دنوا خوف الفراق

یعنی عاشق حالت وصل میں خوف فراق سے روتا رہتا ہے اور حالت ہجر میں غم فراق سے نالاں رہتا ہے۔ اس بناء پر صب جو بمعنی اراقہ یعنی آنسو بہنے کے اندر مستعمل ہے۔ عاشق کے معنی میں استعمال کیا گیا تو اب معنی یوں ہوئے:

کیا عاشق اس خیال و حسبان میں ہے کہ اس کی محبت اور سر عشق پوشیدہ رہ جائے گا۔ باوجودیکہ دو افشاء راز کرنے والے اس پر مستولی ہیں۔ ایک چشم گریاں دوسرا قلب مضطر، اب ممکن نہیں کہ یہ راز پوشیدہ رہ سکے۔ اس لیے کہ چشم اشکبار اور قلب بے قرار اس پردۂ عشق کو فاش کر کے رہیں گے۔

میتواں داشت نہاں عشق ز مردم لیکن زردیٔ رنگ ورخ وخشکی لب راچہ علاج

ضبط فریاد سے ہو جائیں نہ آنکھیں پرنم پردہ داری ہی کہیں پردہ در راز نہ ہو

۵ لَوْلَا الْهَوٰى لَمْ تُرِقْ دَمْعًا عَلٰى طَلَلٍ
وَلَا اَرِقْتَ لِذِكْرِ الْبَانِ وَالْعَلَمِ

حل لغات: لولا۔ شرطیہ۔ واضح رہے کہ عربی میں لولا کا استعمال چار صورتوں میں ہوتا ہے: یا تو جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر امتناع شے کے معنی دے وجود غیر پر، دوم یہ کہ مضارع کے ساتھ ہو تو تخصیص وعرض کا فائدہ دے گا۔ سوم یہ کہ ماضی پر داخل ہو تو توبیخ اور تندیم کے معنی میں آئے گا۔ چہارم یہ کہ استفہام کا فائدہ دے۔ اس جگہ لولا امتناع شے لوجود غیرہ کے معنی میں ہے۔ یعنی لولا الهوى موجودٌ فيك ''یعنی اگر نہیں ہے ہوا تجھ میں موجود''۔
ھویٰ۔ بمعنی عشق، اگرچہ ہویٰ تین معنی دیتا ہے: اول ميل نفس الى ما لا يقتضيه الشرع یہ مذموم ہے جیسے اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ دوم بمعنی عشق۔ سوم بمعنی مہوی یعنی محبوب۔ یہاں دوسرے اور تیسرے معنی چسپاں ہو سکتے ہیں یعنی عشق یا محبوب۔ لَمْ تُرِقْ۔ نفی جحد بلم مضارع۔ اراق يريق سے۔ اس کی اصل يروق تھی بمعنی الصب، بہنا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

(لم ترق یعنی ہرگز نہ بہتے) دَمْعًا۔ آنسو۔ جیسا کہ ابن حاجب نے وقت قتل کہا تھا:

اری قدمی اوراق دمی　و هان دمی وها ندمی

علی طلل۔ پرانے کھنڈروں پر۔ طلل، مسمار شدہ عمارت، ویران گھر کے کھنڈر۔ وَلاَ۔ اور نہ اَرِقْتَ۔ ماضی مخاطب، اَرِقَ یَأرَقُ از باب علم یعلم۔ بمعنی سهر اللیالی و عدم النوم یعنی بے خوابی یعنی بے خواب ہوتا تو۔ بذکر ساتھ یاد۔

عجبا للمحب کیف ینام　کل نوم علی الْمحب کیف

البان۔ بان، ایک درخت لطیف الرائحہ کا نام ہے۔ یہاں بان سے مراد وہ درخت ہے جو مکہ مکرمہ کے قریب تھا۔ جس کے سایہ میں حضور نے قیلولہ فرمایا تھا اور وقت ہجرت قیام بھی فرمایا۔ و العلم بمعنی جبل یعنی پہاڑ۔ اور اس جگہ پہاڑ سے مراد مکہ کے پہاڑوں سے جبل ابی قبیس یا جبل حراء ہے اور بعض کے نزدیک وہ پہاڑ مراد ہے جس کے غار میں حضور بہت دن مقیم رہے۔

ترجمہ: اگر تجھے محبت نہ ہوتی تو کھنڈروں پر آنسو نہ بہاتا اور نہ بان و پہاڑ کی یاد سے جاگتا رہتا۔

شرح: اس بیت میں منکر پر اثبات دعویٰ کرنے کو اور دلیل دے کر اپنے دعویٰ کو مؤکد کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اگر سلطان محبت مدینہ قلب میں نہیں ہے تو تیری پرانی عمارت جسم پر آنسو کیوں بہ رہے ہیں اور تیری بے خوابی شجرۃ البان اور جبل محبوب کے ذکر سے کیوں بڑھ رہی ہے یعنی اے منکر و ساتر محبت! اگر تجھے مرض محبت نہیں ہے تو محبت کے آنسو دیار محبوب کے کھنڈروں پر کیوں بہا رہا ہے اور وہ درخت بان جو اقامت محبوب کی یاد دلا رہا ہے اور علم جو کوہ اضم ہے اس کی یاد تجھے کیوں بے خواب کر رہی ہے۔ گویا ناظم فاہم دلیل انی کے ذریعے اثر سے مؤثر کو ثابت کر رہے ہیں اور آگے فرماتے ہیں:

ضبط فریاد سے ہو جائیں نہ آنکھیں پرنم　پردہ داری ہی کہیں پردہ در راز نہ ہو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

٦ فَكَيْفَ تُنكِرُ حُبًّا بَعْدَ مَا شَهِدَتْ
بِهٖ عَلَيْكَ عُدُولُ الدَّمْعِ وَالسَّقَمِ

حل لغات: فَكَيْفَ۔ توبیخ یا استبعاد کے لیے ہے یعنی پھر کیونکر۔ تُنكِرُ۔ مضارع انکار سے ہے یعنی انکار کر سکتا ہے تو۔ حبا۔ مفعول تنکر کا ہے اور تنوین تعظیما ہے یعنی محبت کا جیسے حضرت سیدہ کے شعر میں ہے:

صُبَّتْ عَلَيَّ مَصَائِبُ لَوْ اَنَّهَا صُبَّتْ عَلَى الْاَيَّامِ صِرْنَ لَيَالِيَا

بعدما۔ یعنی بعد اس کے کہ شھدت۔ صیغہ ماضی ہے یعنی شہادت دی۔ بہ۔ یعنی اس محبت کی۔ علیک۔ یعنی تجھ پر۔ عدول۔ جمع عادل، یعنی معتبر گواہ۔ الدمع۔ آنسو۔ والسقم۔ اور بیماری نے، سقم درحقیقت مرض قلب کو کہتے ہیں۔

ترجمہ: تو کس طرح انکار کر سکتا ہے محبت کا جب کہ اس محبت پر تیری اشکباری اور قلب کی بیماری معتبر شاہد ہیں۔

شرح: گویا عاشق اخفاء محبت کے لیے مدعی سے انکار کرتا ہے اور کہتا ہے تیرے گواہ معتبر نہیں تو عدالت کی طرف سے ثبوت دعویٰ پر ڈگری دی جاتی ہے اور توبیخاً منکر سے کہا گیا کہ ''فکیف تنکر'' کیونکر تو انکار کر سکتا ہے محبت کا جب کہ دو گواہ عادل معتبر شہادت دے رہے ہیں۔ ایک دمع دوسرا سقم۔

اور اس نے انکار اس لیے کیا کہ قلب عاشق اظہار سر عشق پر کبھی راضی نہیں ہوتا۔ لیکن جب شہادت، خبر صادق شخص صادق سے صادر ہو جائے تو مجبوراً ماننا پڑتا ہے۔ چنانچہ اس طرز پر اظہار عشق و محبت ہوا کہ آنسو اور قلب حزیں دونوں نے شہادت دی۔

علامہ خرپوتی فرماتے ہیں:

کہ قصیدہ مبارکہ میں چھ بیت ایسے ہیں جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسموع فرما کر اظہار پسندیدگی کے لیے ان پر تمایل فرمایا۔ ان میں یہ پہلا بیت ہے۔ اِلٰهِيْ لَا تَجْعَلْنَا مِنْ زُمْرَةِ اَهْلِ الْفِسْقِ وَالْهَوٰى، واجعلنا ممن قلبه ملئ بمحبة نبيك المصطفى

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

4 A

و عینہ فی کل وقت من عشقه جری و بکیٰ۔

وَاَثْبَتَ الْوَجْدُ خَطَّیْ عَبْرَةٍ وَّضَنًی
مِثْلَ الْبَهَارِ عَلٰی خَدَّیْکَ وَالْعَنَمِ ⑦

حل لغات: واثبت۔ عطف علی شهدت، اور ثابت ہو گیا۔ الوجد۔ فاعل اثبت، حزن قلبی اور کیفیت عشق۔ خطی۔ خط، عربی میں تصویر الفاظ کو کہتے ہیں جو حروف ہجا میں ہو۔ اور خط حکمی اسے کہتے ہیں جس میں طول ہو اور عرض میں اس کا انقسام ممکن ہو اور اس میں عمق نہ ہو۔ اور خطی اصل میں خطین تھا۔ اضافت کے ساتھ نون ساقط ہو گیا یعنی حزن قلبی کے آنسوؤں سے کھچے ہوئے دو خطوں سے ثابت ہو گیا۔ عبرۃً۔ بفتح العین۔ ماء جاری من العین علی الوجه حاصل معنی آنسو بہنے سے۔ وضنیً۔ اور ضر ال مفرط یعنی کمزوری لاغری (اور ضعف مفرط سے) مثل۔ حال ہے یا مفعول ثانی (مثل) البهار۔ بروزن نہار، (زرد گلاب کے جو ربیع الاول میں کھلتا ہے، چہرہ زرد پر خط زرد) علٰی خدیک۔ تیرے رخساروں پر۔ والعنم عنم، بفتحتین، ایک سرخ درخت کا نام ہے جو نرم شاخوں والا ہوتا ہے۔ بعض نے کہا۔ وہ درخت مہندی ہے۔

ترجمہ: غم عشق نے تیرے رخساروں پر گریہ و بکا اور لاغری کے دو نشان ایسے قائم کر دیے ہیں کہ گل بہار کی طرح زرد اور شاخ عنم کی طرح سرخ ہے۔ اب انکار بے سود ہے۔

شرح: ناظم فاہم غم مہاجرت اور عشق محبوب میں گرفتار ہو کر اتنے روئے کہ آنسوؤں کے ساتھ خون بھی آنے لگا تو ان کے رخسارۂ مبارک پر دو باریک خط مثل الف کے کھچ گئے۔ ایک سرخ خون آلودہ آنسوؤں کی وجہ سے۔ دوسرا خط زرد حزن قلبی کے باعث، تو اپنے نفس سے مخاطبہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ تو باوجود شہادت شاہدین کس طرح انکار کرتا ہے۔ باآنکہ تیرا عشق مخفی ثابت ہو چکا تیرے حزن قلبی کے باعث اور حاکم عدالت نے ایسا فیصلہ دیا کہ اب اس کے فیصلہ کو کوئی رد کر ہی نہیں سکتا۔ اس نے تیرے صحیفۂ حزیں پر سرخ خط میں فیصلہ دے دیا۔ اب جو تیرا مصحف رخ پڑھے گا قطعی فیصلہ دے گا اور یہی کہے گا کہ فی الواقع

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

B

توعاشق صادق ہے۔

نَعَمُ سَرىٰ طَيفُ مَنُ اَهوىٰ فَارَّقَنِیُ
٨
وَالُحُبُّ يَعُتَرِضُ اللَّذَّاتِ بِالاَلَمِ

حل لغات: نعم۔ حرف تصدیق وکلمہ ایجاب یعنی ہاں۔ سریٰ۔ الذهاب بالليل یعنی چلا رات میں۔ طیف۔ الخیال۔ یعنی خیال سے۔ من۔ یعنی اس شخص کے۔ اهویٰ۔ از هویٰ یهوی، یعنی جس نے مجھے اپنی محبت میں قید کیا۔ فارقني۔ ای اسهرني و ابقظني فی النوم، یعنی اس نے مجھے بے خواب رکھا۔ و الحب۔ یعنی اور محبت۔ یعترض۔ من اعترض لهٗ بسهم اذا اقبل لهٗ فرماء یعنی قتل کر رہی ہے۔ اللذّات۔ جمع لذة یعنی لذتوں کو۔ بالالم۔ یعنی مہلکات عشق سے۔

ترجمہ: ہاں رات کی سیر میں اس محبوب کا خیال آیا۔ اور اس نے مجھے بے چین کر دیا۔ شب بھر بے خواب رکھا اور محبت کے اندر لذتیں ماری جاتی ہیں الم مہاجرت محبوب سے۔

شرح: جب کہ سائل نے محبّ کے انکار پر دلائل کے ذریعے تمام راہیں بند کر دیں تو مجبوراً اسے اپنے عشق کا اقرار کرنا پڑا۔ تو اب کیفیت عشق بیان کرتا ہے کہ ہاں رات کو خیال محبوب میں چل رہا تھا کہ تصور محبوب نے میری نیند اڑا دی اور اس کی محبت نے میری لذتیں مار کر مجھے الم مہاجرت میں ہلاک کر دیا۔

اِغُفِرُ لِیُ یَا مَنُ بسعة مغفرته شوقنی واعف عن الفعل الذی من رضاک فرقنی ولا تحرقنی بنار الجحیم لان عشق نبیک حرقنی۔

یَالَآئِمِیُ فِی الُهَوَی الُعُذُرِیِّ مَعُذِرَةً
٩
مِّنِّیُ اِلَیُکَ وَلَوُ اَنُصَفُتَ لَمُ تَلُمِ

حل لغات: یالائمی۔ یا حرف ندا بمعنی اے، لائمی ملامت کرنے والے۔ فی الهویٰ۔ محبت میں۔ العذری۔ وهو بضم العین، منسوب بقبیلہ عذرہ، یہ قبیلہ عشاق یمن میں مشہور ہے۔ اس قبیلہ کے اکثر نوجوان عشق میں جانیں دے چکے ہیں۔ اس قبیلہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

کے دل نہایت نرم اور صاف ہوتے ہیں۔ ان کی عورتیں نہایت پاک دامن اور باحیا ہوتی ہیں۔ تو معنی یہ ہوئے کہ (محبت میں قبیلہ عذرہ کے) **معذرة**۔ عذر پیش کرتا ہوں۔ **منی الیک**۔ میری طرف سے تجھ پر۔ **ولو انصفت**۔ اور اگر تو انصاف کرتا۔ **لم تلم**۔ ہرگز ہرگز ملامت نہ کرتا۔

ترجمہ: اے قبیلۂ عذرہ کی محبت میں مجھے ملامت کرنے والے! میں تیرے آگے اپنی مجبوری کا عذر پیش کرتا ہوں۔ اور اگر تو انصاف کرے تو مجھے ملامت کبھی نہ کرے۔

شرح: ناظم فاہم فرماتے ہیں کہ اے ملامت کرنے والے! اس عشق پر جو میرے دل میں قبیلہ بنی عذرہ کے عشق کی طرح مستحکم ہو چکا ہے۔ اور اگر تو اس کے استحکام کی حقیقت کو جان کر انصاف کرے تو مجھے کبھی ملامت نہ کرے اور میرے عذر کو قابل پذیرائی سمجھ لے، حضرت اصمعی فرماتے ہیں کہ میں اعراب کے ایک ایسے قبیلے کی طرف جانا چاہتا تھا کہ جہاں کی فصاحت و بلاغت مانی ہوئی ہو، تاکہ ان سے زبان سیکھوں۔ چنانچہ جب میں نے تلاش و تجسس کیا تو معلوم ہوا کہ قبیلہ بنی عذرہ یمن میں ہے، جس کی فصاحت و بلاغت ضرب المثل ہے۔ چنانچہ آپ وہاں پہنچے تو ایک شخص کی لڑکی کا حال سنا کہ موزوں قامت، نمکین حسن، فصیحۃ الکلام، ملیحۃ الملام ہے۔ تو اصمعی کے دل میں اس کی محبت پیدا ہوئی۔ پھر آپ وہاں سے چل کر اس قبیلہ کے اور لوگوں کو دیکھنے چلے تو ایک جوان کو دیکھا جو نہایت لطیف الحسن مثل ہلال منور تھا، لیکن کسی کے عشق میں گھل گھل کر مثل خلال ہو چکا تھا۔ زرد چہرہ مثل مہندی کے اور اس کے چہرہ سے آثار محبت اظہر من الشّمس تھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ عنقریب یہ داعئ اجل کو لبیک کہنے والا ہے۔ میں نے اس سے یہ کیفیت و احوال پوچھا تو وہ کانپنے لگا اور اس لڑکی کا عشق ظاہر کیا جس کے گھر سے میں آرہا تھا۔ اور معلوم ہوا کہ وہ لڑکی اس کے چچا کی بیٹی ہے، اور اس نے چند سال سے اس کی زیارت بھی نہیں کی ہے۔ اصمعی کہتے ہیں کہ میں اس کے چچا کے یہاں گیا کہ سفارش کروں اور اس کی مراد پوری کراؤں۔ آپ پہنچے تو آپ نے اس طرح کلام فرمایا:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

یا راحة جراحة کل قلب کیئب اریٰ فیکم حرمة وذما ما لکل غریب فجئت الیکم متشفعا فی امر هذا الشاب۔

''اے قلب حزیں کے زخموں کی راحت، میں کسی غریب کی مصیبت کا حل تمہارے پاس دیکھتا ہوں اور اس کی سفارش لے کر آیا ہوں، اس جوان کی مصیبت دفع کرو''۔

تو انہوں نے میری درخواست منظور کی۔ میں خوش خوش اس نوجوان کے پاس گیا۔ اور اسے بشارت دیدار سنائی، کہ اتنے میں اس محبوبہ کے کوچہ سے کچھ ہوا میں غبار اڑتا ہوا آیا۔ اس سے جوان پر غش طاری ہو گیا۔ اور اسی حالت میں پاس کی جلتی ہوئی آگ میں گر گیا اور اس کے بعض اعضاء جل گئے۔ میں ان کے یہاں گیا اور سب حال کہا۔ تو اس لڑکی نے کہا۔

یا سلیم القلب انه لا یطیق مشاهدة غبار نعلنا فکیف یطیق مشاهدة انوار جمالنا۔

''اے اصمعی! جب وہ میری جوتی کے غبار کو دیکھنے کی تاب نہیں رکھتا تو کس طرح وہ میرے جمال کے مشاہدہ کی تاب لائے گا۔ ایک اور واقعہ اصمعی بیان فرماتے ہیں کہ اسی قبیلہ کی سیر میں میں نے ایک پتھر دیکھا جس پر یہ بیت لکھا تھا:

ایا معشر العشاق باللہ اخبروا اذا اشتد عشق بالفتی کیف یصنع

''اے گروہ عشاق! تمہیں خدا کی قسم مجھے بتاؤ کہ جب سختی کرے کسی محبوب کا عشق تو عاشق کیا کرے''۔

اصمعی فرماتے ہیں، میں نے پتھر پر اس بیت کے نیچے یہ بیت لکھ دیا:

یداری هواہ ثُمّ یکتم سرّہ ویصبر فی کل الامور و یخشع

''عشق کو چھپائے اور محبوب کے راز کا کتمان کرے اور ہر بے چینی و اضطراب میں صبر کرے اور محبوب کی بے پرواہی سے ڈرے''۔

دوسرے دن جب اصمعی ادھر سے گزرے تو یہ بیت لکھا ہوا دیکھا:

فکیف یداری والهوی قاتل الفتی وفی کل یوم روحه یتقطع

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

"کیسے چھپائے عشق کو ایک مقتول حسین جب کہ ہر آن اس کی روح قطع ہو رہی ہو"۔
اصمعی فرماتے ہیں: میں نے اس بیت کے نیچے یہ بیت لکھ دیا:

اذا لم یطق صبرا وکتما لسره فلیس له شیء سوی الموت انفع

"جب صبر کی طاقت نہیں اور کتمان سر کی ہمت نہیں تو ایسے عاشق کو موت سے زیادہ مفید تر کچھ نہیں"۔

اصمعی تیسرے روز جب وہاں سے گزرے تو ایک جوان کو دیکھا کہ پتھر پر سر رکھے مرا پڑا ہے۔ اور اس پتھر پر یہ بیت لکھے ہوئے ہیں:

سمعنا واطعنا ثم متنا فبلغوا سلامی الٰی من کان للوصل یمنع

هنیأ لارباب النعیم نعیمهم وللعاشق المسکین ما یتجرع

"جواب سنا اور اطاعت حکم کر کے ہم مر گئے۔ ہمارا سلام اسے پہنچے جو وصل سے مانع ہے۔ مبارک ہوں اہل نعمت کو ان کی نعمتیں۔ اور عاشق محروم کو وہ مبارک جو خون جگر جرعہ جرعہ پی رہا ہے"۔

(۱۰)
عَدَتکَ حَالِیَ لَا سِرِّیْ بِمُسْتَتِرٍ
عَنِ الْوُشَاةِ وَلَا دَاءِیْ بِمُنْحَسِمٖ

حل لغات: عدتک حالی۔ صیغہ ماضی۔ جاوزتک ووصل الیک حالی۔ یعنی میرا حال اور میرا مرض تجھے لگ جائے، متجاوز ہو گیا میرا حال یعنی میرا حال مشہور ہو گیا۔ لا سری۔ اب نہیں میرا راز۔ بمستتر۔ از ستر، پوشیدہ رہنے والا۔ عن الوشاة۔ اصل وشیة، جمع واش، مشتق از وشی، نمام یعنی چغلخوروں سے۔ ولا داء ی۔ اور نہیں میرا مرض۔ بمنحسم۔ انحسام بمعنی انقطاع۔ منقطع ہونے والا۔

ترجمہ: میرا حال تجھ تک پہنچ چکا ہے یا میرے جیسا حال تیرا بھی ہو جائے۔ میرا راز چغل خوروں عیب جو لوگوں سے پوشیدہ نہیں رہا۔ مگر میرا مرض عشق بھی مجھ سے منقطع ہونے والا نہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

شرح: اس شعر میں چونکہ عاشق کو عیب لگانے والا عیب لگا رہا ہے تو وہ جواب میں کہتا ہے کہ خدا کرے میرے جیسا حال تیرا بھی ہو جائے تو ملامت کا تجھے بھی مزا آئے۔ اور اس حدیث کی طرف بھی اشارہ ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

من عير اخاه المسلم بذنب لم يمت حتى ابتلاه الله به۔

"جو اپنے بھائی مسلمان کو عیب لگائے تو مرنے سے قبل اللہ اسے اس امتحان میں ڈالتا ہے"۔

تو حاصل معنی یہ ہوئے کہ اے ملامت کرنے والے! میں نے عذر بامید قبول تجھ سے کیا لیکن تو نے قبول نہ کیا اور ملامت کرنے سے باز نہ آیا۔ تو اب میں امید کرتا ہوں کہ خدا تجھے بھی اس بلاءِ عشق میں مبتلا کردے گا اور پھر تو کہتا پھرے گا:

پھر حضرت جنوں ہوئے رونق فزائے دل ہاتھوں سے پھر گیا میرا بیٹھے بٹھائے دل
جب تک نہ مبتلا ہو کوئی جانتا نہیں کہتے ہیں جس کو عشق وہی ہے بلائے دل

اور اب میرا راز محبت تو نکتہ چینوں سے مخفی رہنا ناممکن ہو گیا مگر جہاں یہ راز پوشیدہ رہنا ناممکن ہے وہاں اس مرض کا منقطع ہونا بھی ناممکن ہے۔

از سر بالین من برخیز اے ناداں طبیب درد مند عشق را دارو بجز دیدار نیست

مَحَّضْتَنِي النُّصحَ لٰكِنْ لَسْتُ اَسْمَعُهُ
١١
اِنَّ الْمُحِبَّ عَنِ الْعُذَّالِ فِي صَمَمِ

حل لغات: محضتني النصح۔ المحض من الشيء هو الخالص النصيحة۔ تو نے خالص و بے غرض نصیحت کی۔ لكن۔ للاستدراك لدفع التوهم۔ لیکن۔ لست اسمعه۔ لم التفت اليه۔ نہیں میں اس نصیحت کا سننے والا۔ ان المحب۔ بے شک عاشق۔ عن العذال۔ عذال جمع عاذل يعني لائم يا ناصح۔ ملامت کرنے والوں یا نصیحت کرنے والوں سے۔ في صمم۔ اى في وقر عن سماع كلامهم۔ الصمم ضد السماع۔ بہرا ہونا ہے۔

ترجمہ: تو نے مجھے بے غرض نصیحت کی لیکن میں اسے سننے والا نہیں۔ اس لیے کہ عاشق نکتہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

چینی اور اعتراض کی آواز سے بہرا ہوتا ہے۔

شرح: جیسا کہ حدیث میں ہے:

حبک الشیء یعمی ویصم۔

''کسی شے کی محبت تجھے بہرا اندھا کر دیتی ہے''۔

تو گویا ملامت کنندہ سے ناظم فاہم فرماتے ہیں کہ اگرچہ تیری نصیحت خالص ہمدردی اور خیراندیشی میں مستولی (غالب) ہے اس نے تیری نصیحت سننے سے مجھے بہرا بنا رکھا ہے، تو اب عمل کیسا؟ جب وہ نصیحت سنی ہی نہیں جاتی تو عمل بعد سماع ہوتا ہے۔ اور بات بھی یہی ہے کہ ملامت گروں کی باتوں سے عاشق صادق بالکل بہرا ہوتا ہے بقول شخصے:

لوگ ہر سو سے چلے آتے ہیں سمجھانے کو   خاک سمجھائے کوئی عشق کے دیوانے کو

کسی نے خوب کہا ہے:

ناصحا! مت کر نصیحت دل میرا گھبرائے ہے
میں اسے سمجھوں ہوں دشمن جو مجھے سمجھائے ہے

اِنِّی اتَّهَمْتُ نَصِیحَ الشَّیْبِ فِیْ عَذَلٍ
وَالشَّیْبُ اَبْعَدُ فِیْ نُصْحٍ عَنِ التُّهَمِ ۱۲

حل لغات: انی اتهمت۔ اتهمت فلانا، نسبة التهمة، وهی شیء یورث العار، صیغہ ماضی متکلم از اتہام تہمت لگانا۔ حاصل معنی: بے شک میں متہم ہوں یا عار کرتا ہوں۔ نصیح الشیب۔ نصیح بروزن فعیل بمعنی فاعل، اے ناصح، مضاف الی الشیب۔ بڑھاپے کی نصیحت حالیہ سے۔ فی عذلِ۔ یا فی عدلی، عذل، لیکون الذال، بمعنی ملامت اور بدال مہملہ، بمعنی عدول نافرمانی، ملامت کرنے پر، یا نافرمانی میں۔ والشیب۔ اور بڑھاپا۔ ابعد۔ دور ہے۔ عن التهم۔ تہمتوں سے۔

ترجمہ: بے شک میں عار کرتا ہوں بڑھاپے سے جو زبان حال کے ساتھ میرا ناصح ہے اور نافرمانی رکھتا ہوں یا ملامت سے محفوظ رہتا ہوں۔ اس بڑھاپے کی نصیحت پر عمل کر کے اور بڑھاپے کے ہوتے تکلیفوں کا نشانہ بننا بہت بعید ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

شرح: کسی شاعر نے کہا ہے:

موئے سپید از کفن آرد پیام پشت خم از مرگ رساند سلام

حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب مسند آرائے خلافت ہوئے تو ایک اعرابی کو حکم ہوا کہ وہ ہر روز مکان کے باہر سے یہ آواز لگایا کرے:

یا عمر لاتنس موتک واعمل فی الدنیا بقدر مقامک فیھا

"اے عمر! اپنی موت نہ بھولنا اور دنیا میں جس قدر تمہارا قیام ہے، اتنا عمل خیر کرو"۔

چنانچہ جب آپ نے اپنی ریش مبارک میں سپید بال ملاحظہ فرمائے تو اس اعرابی کو منع فرما دیا اور فرمایا: اب میرا مذکر و منادی میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ اب تیری یاد دہانی کی حاجت نہیں۔

تو ناظم فاہم فرماتے ہیں کہ میری پیرانہ سالی خود مجھے شرماتی ہے اور برے راستوں سے روکتی ہے، ایسی صورت میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت میرے قریب کیونکر آ سکتی ہے۔ میں نے اپنی پیرانہ سالی کو صادق القول ناصح اور مخبر قرب موت سمجھا ہوا ہے۔

یا یہ صورت مضمون ہو سکتی ہے۔ اے ناصح! تیری نصیحت مجھ پر کیا اثر کر سکتی ہے جب کہ میں اپنے بڑھاپے کی نصیحت سے بے پروا ہوں تو تیری کیا حقیقت ہے۔ جا اور اپنی راہ لے اور دماغ سوزی نہ کر۔ کیونکہ بڑھاپے کو متہم کرنا بعید از فہم ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMI ISLAMIA ACADEMY

فصل ثانی --- دراعتراف تقصیر و بیان نفس

فَاِنَّ اَمَّارَتِیْ بِالسُّوْٓءِ مَا اتَّعَظَتْ
١٣
مِنْ جَهْلِهَا بِنَذِيْرِ الشَّيْبِ وَالْهَرَمِ

حل لغات: فان امارتی۔ امارہ، اسم فاعل بصیغہ مبالغہ، از آمر، حکم دینے والا، امارہ سختی سے حکم دینے والا۔ اور قرآن کریم میں اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْٓءِ آیا ہے۔ اور اس سے مراد نفس امارہ ہے۔ تو اس اعتبار سے یہاں بھی نفس امارہ مراد ہے یعنی بے شک میرا نفس امارہ حکم دیتا ہے۔ بالسوء۔ برائیوں کا۔ ما اتعظت۔ از اتعاظ، وعظ سے بمعنی نصیحت، ما اتعظت۔ اور نہیں حاصل کرتا۔ من جهلها۔ بوجہ اپنی جبلی جہالت کے۔ بنذیر الشیب۔ باوجود بڑھاپے کے جو ڈرانے والا ہے۔ والهرم۔ اور باوجود انتہائی پیری کے جس نے کبڑا کر دیا ہے۔

ترجمہ: بے شک میرا نفس امارہ جو بدی کی طرف مائل کرتا ہے، اپنی جہالت کے سبب سے ڈرانے والے بڑھاپے اور انتہائی پیرانہ سالی کی عبرتوں سے نصیحت حاصل نہیں کرتا۔

شرح: نفس کی تحقیق میں بعض متکلمین کا مسلک تو یہ ہے کہ وہ جسد اور ہیکل محسوس ہے اور بعض اس طرف گئے کہ وہ اجسام اصلیہ باقیہ ہیں جو ابتداء عمر سے منتہاء عمر تک رہتے ہیں۔

اور ابن راوندی کہتے ہیں کہ نفس اس قسم کے اجزاء کا نام ہے جو قلب سے تجرد میں نہیں آتے بلکہ وہ اجسام لطیفہ نورانی ہیں جو بدن میں اس طرح سیران کرتے ہیں جیسے کوئلہ میں سیران ناریت ہوتا ہے۔

اور اطباء کی تحقیق یہ ہے کہ نفس ایک قوت مودعہ ہے جو بائیں جانب قلب کے اندر ہے اور اسی کو روح حیوانی کہا جاتا ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ نفس ایک قوت مودعہ دماغ میں ہے اور اس کا نام نفس انسانیہ ہے۔

اور حکماء کہتے ہیں کہ نفس ایک جوہر مجرد ہے۔ بدن سے اس کا تعلق تدبیر و تصرف میں کچھ نہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور اسے نفس انسانیہ کہا جا سکتا ہے۔ اور یہی وہ ہے جو مامور من اللہ ہے اوامر و مناہی میں اور یہی معدن اخلاق ذمیمہ ہے۔ اور یہی تمام جسم انسان میں ان اخلاق کو تقسیم کرتا ہے۔ اور یہ ضد ہے اس روح رحمانیہ کا جو اعلیٰ علیین میں رہ کر امر خیر اور نہی عن الشر کرتی ہے۔ اور یہ نفس ان ارواح کا تابع ہے جو اسفل السافلین میں ہیں مثل شیطان کے جو امر بالشر کے سوا اور کچھ نہیں کرتا اور نہی عن الخیر کے سوا دوسرا اس کا کام ہی نہیں۔

اور متصوفین کی تحقیق یہ ہے کہ نفس کے سات مراتب ہیں:

(۱) اول نفس امارہ، یہ وہ ہے جس کا میلان طبیعت مدنیہ کی طرف ہے۔ اور یہ لذات و شہوات حسیہ کا حکم کرتا ہے اور قلب کو جہت سفلی کی طرف جذب کرتا ہے۔ اور یہ ماویٔ شرور اور منبع اخلاق ذمیمہ ہے۔ اس لیے کہ یہ مبدأ ہے کبر و حرص و شہوت کا اور جڑ ہے حسد و غضب و بخل و حقد کی۔

(۲) دوسرا نفس لوامہ ہے۔ یہ نور قلب کے ساتھ منور ہوتا ہے اور یہ بھی عاقلہ کا مطیع ہوتا ہے۔ کبھی مخالف جب مخالفت کر لیتا ہے تو نادم ہوتا ہے۔ اور یہ منبع ندامت ہے اور مبدأ حرص و ہوس۔

(۳) تیسرا نفس مطمئنہ ہے۔ یہ بھی نور قلب کے ساتھ اتنا مستنیر ہوتا ہے کہ صفات ذمیمہ سے صاف ہو کر اخلاق حمیدہ پیدا کرتا ہے۔

(۴) چوتھا نفس ملہمہ ہے۔ یہ وہ ہے جس پر اللہ تعالیٰ الہام علم فرماتا اور تواضع و قناعت اور سخاوت کی استعداد بخشتا ہے۔ اور اسی لیے وہ منبع صبر و تحمل اور شکر ہے۔

(۵) پانچواں نفس راضیہ ہے یہ وہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر راضی ہو کر اثر رضا فرماتا ہے اور اسے منبع کرامت و اخلاص و ذکر بناتا ہے۔

(۶) چھٹا نفس مرضیہ ہے۔ یہ وہ ہے جو اللہ تعالیٰ سے ہر حال میں راضی رہ کر رَضُوْا عَنْهُ کی صفت سے متصف ہوتا ہے اور عرفان کنہ ذات اسی کے ذریعے حاصل ہوتا ہے۔

(۷) ساتواں نفس صالحہ ہے۔ یہ وہ ہے جس میں اسرار الٰہی منکشف ہوتے ہیں اور یہ ان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اسرار کا امین ہوتا ہے۔

پہلا نفس نفس کافرین وشیاطین وفاسقین ہے۔

دوسرا نفس مؤمنین غیر فاسقین کا ہے۔

تیسرا نفس متعلمین عاملین کا ہے۔

چوتھا نفس معلمین اور عاملین کا ہے۔

پانچواں نفس اولیاء کرام کو حاصل ہوتا ہے۔

چھٹا نفس عارفین کے لیے مخصوص ہے۔

ساتواں نفس انبیاء ومرسلین کے لیے ہے۔

اور ناظم فاہم رحمۃ اللہ علیہ نے جو فرمایا وہ نفس خامس (پانچواں) ہے اس لیے کہ آپ ولی کامل صاحب کرامت اور ذی فخامت ہیں۔

اور آپ کا فان امارتی بالسوء فرمانا کسر نفسی کے لحاظ سے ہے۔ جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے ھضما للنفس فرمایا: وَمَآ اُبَرِّئُ نَفۡسِیۡ ۚ اِنَّ النَّفۡسَ لَاَمَّارَۃٌۢ بِالسُّوۡٓءِ۔

تو اب یہ مفہوم شعر ہوا کہ میرا نفس جو برائیوں کی طرف مجھے مجبور کرتا ہے وہ اس کی جبلی جہالت کے باعث ہے۔ ورنہ میری پیرانہ سالی اسے برابر کہتی اور یہ نصیحت کرتی ہے کہ۔

باش بیدار کہ خوابے عجبے در پیش است

وہاں قالوا بلیٰ یاں بت پرستی! ذرا سوچو کہا کیا تھا کیا کیا؟

یہ عمر کب تک وفا کرے گی زمانہ کب تک جفا کرے گا

مجھے قیامت کی ہیں امیدیں جو کچھ کرے گا خدا کرے گا

موت ہے ہنگامہ آراء قلزم خاموش میں	ڈوب جاتے ہیں سفینے موج کی آغوش میں

اللھم اجعلنا ممن نفوسھم راضیۃ وقلوبھم وجلۃ وارحمنا حین وصلت الروح الی لحلقوم وصعدوا بھا الی الحی القیوم۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۴
وَلَا اَعَدَّتُّ(1) مِنَ الْفِعْلِ الْجَمِیْلِ قِرٰی
ضَیْفٍ اَلَمَّ بِرَأْسِیْ غَیْرَ مُحْتَشَمِ

حل لغات: ولا اعدت۔ لانافیہ اعدت۔ ماضی متکلم از اعد تیاری کرنا۔ اور نہ تیاری کی میں نے۔ من الفعل الجمیل۔ اچھے افعال سے۔ قری۔ (استعارہ اعمال حسنہ کا) عمدہ کھانوں کی۔ ضیف۔ تنوین تعظیمی۔ مہمان عظیم الشان کے لیے۔ یعنی پیرانہ سالی کے لیے۔ الم براسی۔ از المام، اترنا۔ الم ماضی جو اترا میرے سر پر یعنی بیاض مو۔ غیر محتشم۔ احتشام بمعنی توقیر و تعظیم، غیر موقر و معظم ہی رہا۔

ترجمہ: ایسا مہمان جو بے تکلف میرے سر کے اوپر اترا اور فروکش ہوا یعنی بڑھاپا۔ اس کے لیے میں نے اعمال حسنہ سے مہمانی کا سامان مہیا نہ کیا۔

شرح: اس شعر کا عطف پہلے شعر سے ہے یعنی نہ میرے نفس امارہ نے اس مہمان عظیم الشان کی ضیافت کا انتظام کرنے دیا جو میرے سر پر اترا یعنی بیاض سر۔ اچھے کاموں کی تیاری سے، یعنی جب بڑھاپا بطور مہمان آیا۔ تو میرے نفس کو لازم تھا کہ اس کی مدارات اور مہمانی کرتا ایسے اچھے افعال سے جو اس کے لیے شایان شان تھے۔ لیکن انکساراً فرماتے ہیں کہ یہ نفس امارہ ایسا نکلا کہ اس عظیم الشان مہمان کا وقار اور احتشام بھی اس سے نہ ہو سکا۔

۱۵
لَوْ کُنْتُ اَعْلَمُ اَنِّیْ مَا اُوَقِّرُہٗ
کَتَمْتُ سِرًّا بَدَا لِیْ مِنْہُ بِالْکَتَمِ

حل لغات: لو کنت۔ اگر میں ہوتا۔ اعلم۔ جاننے والا۔ انی۔ کہ میں۔ ما اوقرہ۔ صیغہ متکلم۔ من التوقیر۔ تعظیم و تکریم اس مہمان کی نہ کر سکوں گا۔ یعنی بڑھاپے کی۔ کتمت۔ من الکتمان، بمعنی اخفاء، چھپاتا میں۔ سراً۔ اس راز کو۔ بدا لی۔ جو ظاہر ہوا مجھ پر۔ بالکتم۔ کتم اس پتہ کو کہتے ہیں جو وسمہ کے نام سے مشہور ہے۔ ساتھ وسمہ کے۔

1۔ بردہ شریف کے اکثر نسخوں میں وَلَا اَعَدَّتْ ہے اور ضمیر نفس کی طرف لوٹتی ہے جس کا ذکر سابقہ شعر میں ہے۔ اس صورت میں اس کے معنی ہیں میرے نفس نے تیاری نہ کی۔ دیکھو شرح خرپوتی۔ عطر الوردہ اور شرح علامہ نور بخش توکلی۔12 من النا شر غفرلہ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ترجمہ: اگر میں جانتا کہ اپنے معزز مہمان، بڑھاپے کی عزت میں نہ کر سکوں گا تو موئے سپید سے جو راز ظاہر ہو گیا نہ ہونے دیتا بلکہ وسمہ کر لیتا۔

شرح: گویا ناظم فاہم فرما رہے ہیں کہ اگر مجھے اس چیز کا علم ہوتا کہ اپنے معزز مہمان پیرانہ سالی کی مدارات اطعام افعال جمیلہ سے نہیں کر سکوں گا تو میں موئے سپید کے راز کو چھپاتا اور ظاہر ہی نہ ہونے دیتا۔ بلکہ خضاب (1) کر لیتا جو سنت ہے۔ پھر کوئی میرے راز کو نہ جانتا۔

مَنْ لِّیْ بِرَدِّ جِمَاحٍ مِنْ غَوَایَتِھَا
١٦
كَمَا يُرَدُّ جِمَاحُ الْخَيْلِ بِاللُّجُمِ

حل لغات: من لی۔ یا استفہام انکاری ہے، یا استفہام للتمنی، کون ہے میرے لیے۔ برد جماح۔ بالکسر سرکش اسپ، جمع جموح، خیل سمین، منہ زور گھوڑا۔ جو روکے منہ زوری اسپ نفس سرکش کی۔ غوایتھا۔ غوایت بمعنی ضلالت اور اس کی گمراہی کو۔ کما یرد۔ جیسے کہ رد کی جاتی ہے۔ جماح الخیل۔ منہ زور طاقت ور گھوڑے کی۔ باللجم۔ لجم جمع ہے لجام کی، یہ معرب ہے لگام سے۔

ترجمہ: کون ہے جو روکے میرے اسپ نفس کی منہ زوری اور گمراہی کو۔ جس طرح روکی جاتی ہے منہ زوری سرکش گھوڑے کی لگاموں سے۔

شرح: گویا ناظم فاہم سرکش نفس سے بچنے کی ایک ترکیب ایسی شان سے بتا رہے ہیں کہ سننے والا یہ سمجھے کہ ناظم رحمۃ اللہ علیہ اپنی حالت بیان کر رہے ہیں۔ حالانکہ اس میں تعلیم دے رہے ہیں بندگان نفس کو اور فرما رہے ہیں کہ اپنے نفس کی اصلاح ارشاد مرشد کامل کے ذریعے کر کہ وہ اس سرکش نفس کے لیے لگام ہو گی۔ اسی لیے بایزید بسطامی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

من لم یکن له شیخ فشیخه شیطان

1۔ عربی زبان میں خضاب کے معنی رنگ کے ہیں ہمارے ہاں بالوں کو سیاہ کرنے کو خضاب کہہ دیتے ہیں۔ عربی زبان میں اس کا استعمال ہر قسم کے رنگ پر ہوتا ہے۔ شارح علیہ الرحمۃ نے فرمایا "جو سنت ہے" اس سے صاف معلوم ہو گیا کہ اس سے بالوں کو سیاہ کرنا ہرگز مراد نہیں کیونکہ بالوں کو سیاہ کرنا نبی کریم ﷺ سے قطعاً ثابت نہیں بلکہ منع پر بہت سی احادیث موجود ہیں۔ دیکھو حدیث اور فقہ کی کتابیں۔ 12

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMI
ISLAMIA ACADEMY

''یعنی جس کا پیر نہیں اس کا پیر شیطان ہے''۔

اور اسی لیے قرآن کریم میں ارشاد ہے:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ ابْتَغُوْۤا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ

''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف تقرب حاصل کرنے کو وسیلہ ڈھونڈو''۔

تو من لی فرما کر یا استفہام انکاری کر رہے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ آج ایسا پیر کامل نہیں ملتا جو تجھ کو گمراہی سے ہدایت پر لے آئے اور اس کا ذمہ دار ہو۔ اس لیے کہ میرا نفس دریائے ضلالت و طغیان میں غرق ہے۔ اب اس کی ہدایت کا کون ذمہ دار ہو سوا رب لملک المنان کے۔ اگرچہ قرآن کریم میں ارشاد ہے: وَّ لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ۔ ''ہم نے ہر قبیلہ اور قوم میں ہدایت دینے والا بھیجا ہے''۔ لیکن زمانہ حال میں یہ سلسلہ پیری مریدی ایک پیشہ بن کر رہ گیا یا بازیچۂ اطفال ہو گیا ہے۔ اس کی بھی میراثیں تقسیم ہوتی ہیں۔ باپ مرا تو بیٹا مسند نشین کیا۔ عام اس سے کہ وہ صغیر ہو یا کبیر۔ خرقہ پہنایا اور شیخ کامل کی مسند نشینی کا حق دار کیا۔ شاید ایسی ہی رسوم نے مشائخ سلف کے آثار محو کر ڈالے۔

یا استفہام للتمنی و استعطاف و استغاثہ ہے۔ گویا آرزو فرما رہے ہیں کہ کوئی ایسا پیر کامل مل جائے کہ اس گھوڑے کو جو میرا نفس ہے ہدایتوں کی لگام دے کر سیدھے راستہ پر لگا دے۔

کوئی سب حجاب اٹھا دے، مجھے ہند میں دکھا دے
یہ نجف، یہ کربلا ہے، یہ ہے مکہ اور مدینہ
خدا کا نام گو اکثر زبانوں پر ہے آ جاتا
مگر کام اس سے جب چلتا ہے کہ یہ دل میں سما جاتا

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

انت باعتبار غضبک کلب و باعتبار شهوتک بهيمة كالفرس وباعتبار عقلك ملک وانت مامور بالعدل بينهم والقيام بحقوقهم والاعانة لهم لتقبض بمعونتهم شرف الدارين وسعادتهما۔ فان روضت الفرس وادبت الكلب وسخرتهما للملك يتيسرلک الظفر بما طلبت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

والا فانت هلکت۔

''یعنی اے انسان! تو باعتبار غصہ کے کتا ہے اور اعتبار خواہشات کے مثل گھوڑے کے چار پایہ ہے اور باعتبار عقل بادشاہ ہے اور تو مامور بالعدل ہے ان کے اندر اور ان کے حقوق قائم رکھنے میں اور ان کی اعانت میں۔ تاکہ ان پر اپنا قبضہ رکھے اور شرافت و سعادت دارین حاصل کرے۔ اگر گھوڑا تجھ سے ہل گیا اور کتا مؤدب ہو گیا اور دونوں عقل کے ساتھ مسخر ہو گئے تو ظفر و کامرانی تیرے لیے آسان ہو گئی، ورنہ تو ہلاک ہو جائے گا۔

فَلَا تَرُمْ بِالْمَعَاصِیْ کَسْرَ شَهْوَتِهَا
۱۷
اِنَّ الطَّعَامَ یُقَوِّیْ شَهْوَةَ النَّهِمِ

حل لغات: فلا ترم۔ نہی حاضر، ازرام، بمعنی طلب، پس نہ طلب کر۔ بالمعاصی۔ کثرت گناہ سے۔ کسر۔ ٹوٹنا۔ شهوتها۔ شہوتوں کا۔ ان الطعام۔ اس لیے کہ کھانا۔ یقوی۔ قوی کرتا ہے۔ شهوة۔ خواہش۔ النهم۔ کھانے کی، یعنی بغیر بھوک کے حرص کھانے کی ہونا۔

ترجمہ: یہ نہ سمجھ یا یہ امید نہ رکھ کہ زیادہ گناہ کرتے کرتے طبیعت گناہوں سے سیر ہو کر ترک گناہ کی طرف مائل ہو جائے گی۔ یاد رکھ، زیادہ کھانے سے حرص کھانے کی بڑھ جاتی ہے۔

شرح: اے وہ شخص! جس نے اپنے نفس کو حب شہوات سے مزین کر رکھا ہے اس خیال کو اپنے دل سے نکال کہ کسر شہوت نفس اور قطع معاصی کثرت معاصی کے بعد خود ہو جائے گا۔ اس لیے کہ معاصی شہوت نفس کو بڑھاتے اور قوت دیتے ہیں۔ جیسے زیادہ کھانا حرص اکل و شرب کو فروغ دیتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَکِلْنَا اِلٰی اَنْفُسِنَا فِیْ زَمَانٍ یَّسِیْرٍ وَّلَا تَجْعَلْ مَصِیْرَنَا دَارَ السَّعِیْرِ وَاجْعَلْ اُمُوْرَنَا مُوَافِقَةً لِمَرْضَاتِکَ اِنَّکَ کَاشِفُ کُلِّ عَسِیْرٍ وَّ مُعِیْنُ کُلِّ اَسِیْرٍ وَعِنَایٰتُکَ لِعِبَادِکَ کَثِیْرٌ وَّیَسِیْرٌ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۸
وَالنَّفْسُ كَالطِّفْلِ اِنْ تُهْمِلْهُ شَبَّ عَلٰى
حُبِّ الرِّضَاعِ وَاِنْ تَفْطِمْهُ يَنْفَطِمِ

حل لغات: والنفس۔ یعنی نفس امارہ۔ کالطفل۔ مثل شیر خوار بچے کے ہے۔ ان۔ اگر، تهمله۔ مضارع، اہمال سے، کسی چیز کو اپنے حال پر چھوڑنا۔ چھوڑ دے تو اسے اپنے حال پر۔ شب۔ ماضی از شباب، طاقتور ہونا، جوان ہونا، قادر ہو جائے گا۔ علٰی۔ اوپر۔ حب۔ محبت۔ الرضاع۔ دودھ پینے کے۔ وان تفطمه۔ تفطم مضارع، از فطام، بچہ کا دودھ چھڑانا۔ اور اگر دودھ چھڑانا چاہے تو اس کی مدت شیر خواری میں۔ ینفطم۔ مضارع از انفطام، آسانی سے دودھ چھوڑ دے گا۔

ترجمہ: نفس امارہ مثل اس شیر خوار بچہ کے ہے کہ اگر نہ روکے تو اسے جوانی تک دودھ پینے سے تو خواہش شیر خواری میں قوی ہوگا اور اگر مدت رضاعت میں دودھ چھڑا دے تو آسانی سے چھوڑ دے گا۔

شرح: نفس مطیۃ الانسان ہے۔ جیسا کہ حدیث میں وارد ہے: نفسک مطیک فارفق بها۔ اسی بناء پر فرمایا کہ نفس امارہ کو اپنے موافق بنانا چاہیے نہ کہ اس کی پیروی میں رہا جائے۔

یہاں یہ امر بھی سمجھ لینا چاہیے کہ اصطلاح عربی میں طفل کس عمر تک کے بچے کو کہتے ہیں اور اس سے آگے کی عمر والے کو کیا کہتے ہیں۔

رحم میں جب تک بچہ رہے اسے جنین کہا جاتا ہے اور جب پیدا ہو جائے تو اس کا نام ولید ہے اور جب پیدا ہو کر کچھ دن شیر خواری کے گزارے تو اس کا نام طفل ہے۔ اس کے بعد اسے صبی کہتے ہیں۔ پھر مراہق اس کے بعد غلام، انیس سال تک، اس کے بعد شباب چونتیس برس تک، پھر کہل اکاون برس تک، پھر آخر عمر تک شیخ۔

ایک قول ہے کہ طفل وہ ہے جس پر بعد ولادت دو سال مکمل گزر جائیں۔

یہی وجہ ہے کہ ناظم فاہم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے شعر میں والنفس کالفطل فرمایا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کالصبی نہیں کہا۔ اس لیے کہ صبی مثل بالغ کے عاقل ہوتا ہے۔

اور بتانا یہ مقصود ہے کہ نفس امارہ کو اگر ابتداء سے ہی درست رکھا جائے تو وہ قبول ہدایت کر لیتا ہے۔ جیسے شیر خوار کا دودھ دو سال کے اندر اندر آسانی سے چھڑایا جا سکتا ہے اور اگر تین سال تک اسے دودھ افراط محبت کی وجہ میں پلایا جائے، تو بچے کے دل میں اس کا شوق اس قدر بڑھ جاتا ہے کہ وہ چھوڑنا نہیں چاہتا بلکہ سر مار مار کر ماں کو ہلکان کر دیتا ہے۔ یہی حال نفس امارہ کا ہے کہ اگر اس کو معصیت سے نہ روکا جائے تو حرص معصیت میں جوان ہو کر انسان کو ہلاکت تک پہنچا دیتا ہے۔

فَاصْرِفْ هَوَاهَا وَ حَاذِرْ اَنْ تُوَلِّيَهُ
۱۹
اِنَّ الْهَوٰى مَاتَوَلّٰى يُصْمِ اَوْيَصِمِ

حل لغات: فَاصْرِفْ۔ امر ہے صَرَفَ يَصْرِفُ سے بمعنی اِمْتَنَعَ، روک یا پلٹ دے۔ هَوَاهَا۔ اس کی خواہش کو۔ وحَاذِرْ۔ امر ہے مُحَاذَرَة سے۔ خوف کرنا۔ اور ڈر۔ اَنْ تُوَلِّيَهُ۔ مضارع ہے۔ تَوْلِيَة سے۔ اختیار دینا۔ اس سے کہ خود مختار کرے اس کو۔ ان۔ بے شک۔ الھوىٰ۔ خواہش۔ ما۔ جب کہ۔ تَوَلّٰى۔ خود مختار ہو جائے۔ يُصْمِ۔ اَصْمٰى، يُصْمِىْ، قتل و هلک۔ ہلاک کر دیتی ہے۔ او۔ یا۔ یصم۔ عیب دار بنا دیتی ہے۔

ترجمہ: اور روک تو خواہش نفس کو اور ڈر اس سے کہ وہ غالب آجائے یا خود مختار ہو جائے، بے شک جب خواہش غالب ہو جاتی ہے تو ہلاک کر دیتی ہے یا عیب دار بنا دیتی ہے۔

شرح: یعنی جب معلوم ہو چکا کہ نفس امارہ کیا بلا ہے۔ تو اس کی خواہشات کے روکنے میں جدوجہد کر اور اس امر کا خوف رکھ کہ کہیں وہ تجھ پر خود مختار ہو کر غالب نہ آجائے اور مملکت عقل میں تصرف نہ کر بیٹھے اور تیری عقل مغلوب نہ ہو جائے۔ اس لیے کہ غلبۂ نفس موجب بعد الٰہی ہوتا ہے۔ اسی لیے قرآن کریم میں ارشاد ہے:

وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

”خواہشات نفس کی پیروی نہ کرو کہ یہ اللہ کے راستہ سے بھٹکا دیتا ہے“۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

دوسری جگہ فرمایا:

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ

''اس سے زیادہ گمراہ کون ہے جو خواہشات نفسانیہ کا پیرو ہوا''۔

اور حدیث میں ارشاد ہے:

واما المهلكات فثلاث شح مطاع وهوى متبع واعجاب المرء بنفسه۔

''ہلاک کرنے والی تین باتیں ہیں: غرور مطاع، ایسی خواہش جس کی پیروی کی جائے اور اپنے آپ پر اترانا اور گھمنڈ کرنا''۔

حضرت ابراہیم بن شیبان فرماتے ہیں کہ میں چھت کے نیچے چالیس سال تک نہ سویا۔ رسالہ قشیری میں ابی تراب نخشی فرماتے ہیں کہ میرے نفس نے کبھی کوئی خواہش نہ کی مگر ایک بار انڈا روٹی مانگا اور میں سفر میں تھا۔ ایک گاؤں سے گزرا تو ان لوگوں نے مجھے چور سمجھ کر پکڑا اور ستر درے لگائے۔ بعد میں مجھے پہچانا اور معذرت کر کے مجھے ایک مکان میں لے گئے اور وہاں انڈا روٹی پیش کیا تو میں نے اپنے نفس سے کہا: لے ستر درے کھا کر اب انڈا روٹی کھا۔

ایک حکایت میں ہے کہ ایک بادشاہ عظیم السلطنت تھا اور اس کی یہ عادت تھی کہ جب رمضان المبارک آتا تو روزے رکھتا اور بعد عصر سے افطار کے وقت تک گانے بجانے کا مشغلہ رکھتا، تاکہ روزے کا توڑ اس شغل میں محسوس نہ ہو اور بھوک پیاس نہ ستائے۔ ایک روز ایک پیر کامل ادھر سے گزرے تو بادشاہ کا یہ حال دیکھ کر محسوس فرمایا کہ اس غفلت سے اسے بیدار کرنا ضروری ہے جو وقت رحمت و غفران کا ہے اسے یہ اس لہو و لعب میں خراب کر رہا ہے علاوہ ازیں دفع منکر واجب بھی ہے۔ چنانچہ شیخ بادشاہ کے محل میں داخل ہوئے اور گویوں طبلچیوں کو مار مار کر بھگا دیا اور ان کے تار طنبورے توڑ ڈالے۔ بادشاہ محل میں یہ تماشا دیکھ کر غضب ناک ہوا اور ملازمین کو گرفتاری کا حکم دیا۔ خدام نے شیخ کو پکڑ کر بادشاہ کے پیش کیا۔

بادشاہ نے کہا: اے شیخ! یہ تم نے نامناسب فعل کیوں کیا۔ شیخ نے فرمایا: یہ منکرات سے تھا اور میں منجاب اللہ دفع منکرات پر مامور ہوں۔ بادشاہ نے کہا: کہ کیا تمہیں میرا ڈر نہیں۔ شیخ نے فرمایا: جو کچھ تیری طرف سے مجھ پر ہوگا اس پر میں صبر کروں گا۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کا حکم ہے: وَاصۡبِرۡ عَلٰی مَآ اَصَابَكَ اور میں تجھ سے قطعاً خائف نہیں اس لیے کہ تو میرے غلام کا غلام ہے۔ یہ سن کر تمام حاشیہ نشین تعجب سے پکارے:

هيهات هيهات ضيع الشيخ عقله۔

''افسوس! افسوس! شیخ کی عقل جاتی رہی''۔

شیخ نے فرمایا: میری عقل نہیں گئی بلکہ میں پھر کہتا ہوں کہ بادشاہ میرے غلام کا غلام ہے اس لیے کہ انسان کی دو حالتیں ہیں:

ایک یہ کہ اپنے نفس کو مغلوب کر کے اس پر خود غالب رہے اور اسے جس عبادت کی طرف چاہے لے جائے۔ دوسرے یہ کہ اپنے نفس کو غالب کر کے اس کی زیر حکومت اپنی مملکت بدنی کو دے دے۔ اے بادشاہ! اب تو بتا کہ تو کس حال میں ہے۔ بادشاہ نے غور کیا اور کہا: دوسری حالت میں۔ تو شیخ نے فرمایا کہ نفس میرا غلام ہے اور تو نفس کا غلام ہے۔ تو تو میرے غلام کا غلام ہوا یا نہیں۔

بادشاہ نے انصاف سے بات مانی اور توبہ کر کے ان سے ہی بیعت ہو گیا۔

وَرَاعِهَا وَهِيَ فِي الۡاَعۡمَالِ سَائِمَةٌ

٢٠ وَاِنۡ هِيَ اسۡتَحۡلَتِ الۡمَرۡعٰى فَلَا تُسِمِ

حل لغات: وراعها۔ عطف الانشاء على الانشاء۔ راع۔ امر۔ از راعی يراعي۔ مصدر الراعی، چراگاہ میں جانور کی نگاہ رکھنا۔ اور نگاہ رکھ اس نفس کی۔ وهي۔ واو حالیہ، هي ضمیر، کیونکہ وہ۔ في الاعمال۔ جمع عمل، اعمال میں یعنی عملی کھیتوں میں۔ سائمة۔ خبر مبتداء۔ محاورہ ہے، سامت الماشيه، یعنی جانور چرتا ہوا حد سے باہر چلا گیا۔ سائمہ ہے۔ یعنی حد سے زیادہ عملوں کا چرنے والا ہے۔ وان۔ اور اگر۔ هي۔ وہ استحلت۔ پسند کرے یا لذیذ سمجھے۔ المرعىٰ۔ چراگاہ کو۔ فلا تسم۔ تو نہ چرنے دے اور روک اسے۔

ترجمہ: اور نگاہ رکھ اس نفس کو چراگاہ عمل میں اور اگر وہ حد سے گزر کر چراگاہ کو لذیذ سمجھے تو

چرنے سے روک۔

شرح: گویا ناظم فاہم ہدایت اصلاح نفس میں طریقۂ تعلیم فرماتے ہیں کہ اس نفس امارہ کی خاص طور پر نگرانی کر۔ اس لیے کہ یہ مثل سائمہ چھٹے ہوئے جانور کے ہے۔ اعمال صالحہ کی کشت زار میں اگر یہ چرنے اترے تو اس کے چرنے پر نظر رکھ، کہیں نقصان نہ پہنچا دے۔ اس لیے کہ نفس جب بعض نوافل میں ملتفت ہوتا ہے اور لطف عبادت سے خوش ہونے لگتا ہے تو عجب اور نخوت کا مادہ پیدا کرتا ہے اور قوم میں اپنا افتخار اور تکبر کا اثر جماتا ہے جو عابد کے لیے سخت مضر ہے۔ لہٰذا اگر ایسا عمل صالح کرتے کرتے محسوس ہو تو نفس کو آزاد نہ چھوڑ۔ بلکہ اسے زجر و توبیخ کر۔

اسی بناء پر اہل تصوف اس بیت کے یوں معنی کرتے ہیں: اے عارف باللہ! اپنے نفس کو فنا کر اللہ جل شانہ کی محبت میں اور اس کی رضا حاصل کر اور نہ رہ اعمال کی گنتیوں میں، اس لیے کہ یہ مرتبہ صلحاء اور زہاد کا ہے اور تو مستغرق ہو جا ملاحظۂ جمال ذات میں اور چھوڑ قعود و رکوع و سجود کے دیکھنے کو اگر تو اس میں الجھا رہا تو ایک دن محجوب ہو جائے گا۔ اور اگر اس سے بالاتر پہنچ گیا تو ایک دن مطلوب بن جائے گا۔

اس لیے کہ وراء اعمال و استدلال اصول کمال ہے اور یہی حقیقت وصال ہے اور بے شک نفس اپنی خباثت کی وجہ میں اس امر کو پسند کرتا ہے کہ تو ذکر و فکر میں پھنسا رہے۔ فعلیک بالتحول ولو بالتامل۔

كَمْ حَسَّنَتْ لَذَّةً لِلْمَرْءِ قَاتِلَةً

٢١ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَدْرِ اَنَّ السَّمَّ فِي الدَّسَمِ

حل لغات: کم۔ یعنی کم مرة، کتنی بار۔ یا بہت سی دفعہ۔ حسنت۔ ماضی، پسند کیا نفس نے۔ لذة۔ لذت دنیا کو۔ للمرء۔ جو انسان کی۔ قاتلة۔ قاتل ہے۔ من حیث۔ ایسی طرح۔ لم یدر۔ لم یعلم، کہ نہ معلوم ہوا۔ ان السم۔ کہ زہر۔ فی الدسم۔ مرغن کھانے میں ہے۔

ترجمہ: نفس نے بارہا ایسی لذت دنیا کو پسند کیا جو انسان کے حق میں قاتل تھی اور انسان اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

قدر بے خبر رہا کہ اسے معلوم ہی نہ ہوا کہ اس مرغن اور لذیذ کھانے میں زہر ملا ہوا ہے۔

شرح: نفس امارہ نے انسان کے ساتھ ایسا دھوکا کیا کہ اس کی نظر میں بظاہر وہ دھوکا بھلا معلوم ہوا اور اس نے نہ جانا کہ

زہر پلائے شہد دکھائے یہ بس کی گانٹھ ہے حرافہ
صورت دیکھو ظالم کی تو کیسی بھولی بھالی ہے

گویا ناظم فاہم فرماتے ہیں کہ نفس خبیث نے بہت دفعہ مرد عاقل کی نظروں میں اس مزے کو جو درحقیقت اس کا قاتل ہے، نہایت خوشگوار دکھایا اور اس نے نہ جانا کہ زہر مرغن کھانے میں ملا ہوا ہے۔

خلاصہ یہ کہ نفس ایسا مکار ہے کہ اس کے شر سے بچنے کے لیے بہت ہوشیاری کی ضرورت ہے۔

۲۲

وَاخشَ الدَّسَائِسَ مِنْ جُوْعٍ وَّمِنْ شَبَعٍ
فَرُبَّ مَخْمَصَةٍ شَرٌّ مِّنَ التُّخَمِ

حل لغات: واخش۔ امر تادیبی یا ارشادی از خشی یخشی، خائف رہ۔ الدسائس۔ جمع دسیسہ بمعنی کید وحیلہ مخفی۔ اس نفس کے دجل ومکر سے۔ من جوع۔ بھوک میں اور تنگدستی میں۔ ومن شبع۔ شکم سیری میں اور فارغ البالی میں۔ فرب۔ حرف جر یدخل علی النکرۃ عموما۔ اکثر۔ مخمصۃ۔ المخمصۃ شدۃ الجوع المفرط۔ شدت کی بھوک کا۔ شر۔ شر اور نقصان زیادہ ہوتا ہے۔ من التخم۔ بمعنی عدم ھضم الطعام۔ بدہضمی سے۔

ترجمہ: اور خائف رہ نفس کے دجل ومکر اور وسوسہ سے بھوک اور شکم سیری میں، اس لیے کہ اکثر شدت کی بھوک زیادہ مضر ہوتی ہے بدہضمی سے۔

شرح: امر سولہ قسم کا ہوتا ہے: (۱) امر ایجاب جیسے قرآن کریم میں ارشاد ہے: وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ (۲) دوسرا امر ندب جیسے ارشاد ہے: اِذَا تَدَایَنْتُمْ بِدَیْنٍ اِلٰٓی اَجَلٍ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ (۳) تیسرا امر تادیب جیسے حدیث میں ارشاد ہے: كُلْ مِمَّا يَلِيْكَ۔ "جو تیرے آگے ہو وہ کھالے"۔ (۴) امر ارشاد: وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ (۵) امر باحت جیسے ارشاد الٰہی ہے: كُلُوْا وَاشْرَبُوْا (۶) امر تہدید ہے جیسے اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ (۷) امر امتنان جیسے: كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا (۸) امر اکرام جیسے: اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ (۹) امر تعجیز جیسے: فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ (۱۰) امر تسخیر جیسے: كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ (۱۱) امر اہانت جیسے: ذُقْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ (۱۲) امر تسویہ جیسے فَاصْبِرُوْۤا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا (۱۳) امر دعا جیسے: رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ (۱۴) امر تمنا: جیسے کسی شاعر نے کہا: اَلَا اَيُّهَا اللَّيْلُ الطَّوِيْلُ اَلَا انْجَلِيْ (۱۵) امر اعتقاد جیسے: قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤى اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ (۱۶) امر تکوین جیسے: كُنْ فَيَكُوْنُ۔

بھوک کی آفتیں، جن سے خائف رہنا ضروری ہے یہ ہیں:

حدۃ، شدۃ، ذبول، کلال، ملال نفس، تحصیل کمال میں خیالات فاسدہ کا آنا، اوہام کاسدہ کا پیدا ہونا۔

اور شکم سیری کی آفتیں یہ ہیں: کثرہ نوم، کسل، سختی قلب، غفلت عن الموت، نور یقین کا ماند پڑ جانا، شہوتوں کا بڑھنا۔

اسی بناء پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

كاد الفقر ان يكون كفرا۔

"تنگدستی کبھی انسان کو کفر تک پہنچا دیتی ہے"۔

اور وہ اس طرح کہ شکوۂ رزاق مطلق بے ساختہ زبان سے جاری ہو جاتا ہے۔ بہکی بہکی اوندھی اوندھی باتیں بکنے لگتا ہے۔ دوسری حدیث میں فرمایا:

الفقر اسود الوجوه يوم القيامة۔

"بعض تنگ دست بوجہ بدنیتی اور تغیر مذہب کے قیامت کے دن سیاہ رو ہوں گے"۔

ابوسلیمان درانی نے چند نکات شکم سیری کے ظاہر فرمائے:

من شبع لم يجد حلاوة العبادة، وتعذر عليه حفظ الحكمة وحصل له

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

حرمان الشفقة على الخلق وثقل عليه العبادة وحصل له زيادة الشهوة و ان سائر المؤمنين يدورون حول المساجد و الشبعان حول المزابل۔

''پیٹ بھرا انسان عبادت کی شیرینی نہیں پا سکتا (۲) حکمت کی محافظت اس کے لیے متعذر (مشکل) ہے (۳) مخلوق پر شفقت کرنے سے محروم رہتا ہے (۴) عبادت اس پر بھاری ہوتی ہے اور بار گزرتی ہے (۵) شہوت بڑھ جاتی ہے (۶) اور تمام مومنین جب مسجد کے گرد پھر رہے ہوں، یہ گندی جگہ پھرتا ہوگا''۔

اسی بناء پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو فرمایا:

ان نفسک مطیئتک فارفق بها وليس من الرفق الا ان تجيعها وتذيبها۔

''انسان کا نفس تیری سواری ہے، تو اپنی سواری کو اپنے موافق بنا اور موافق نہیں بن سکتا مگر اس سے کہ اسے بھوک کے ساتھ نرم کر''۔

اور کھانا ایک صورت میں فرض بھی ہے، یعنی اس حالت میں جب کہ ہلاکت سے بچانے کو کھایا جائے تو اس کی فضیلت میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

ان الله ليوجر فی كل لقمة يرفعها العبد الٰی فمه۔

''اللہ ہر لقمہ کے بدلے میں ثواب عطا فرماتا ہے جو بندہ اپنے منہ میں ڈالتا ہے''۔

اور کھانا مستحب بھی ہے اگر اس نیت سے کھائے کہ ادائے صلوٰۃ پنجگانہ میں ضعف پیدا نہ ہو۔ چنانچہ طاقت بدنی قائم رکھنے کے لیے کھانے والے کی فضیلت حضور نے فرمائی:

المؤمن القوی احب الی الله تعالیٰ من المومن الضعيف۔

''طاقتور مومن اللہ کو کمزور مومن سے زیادہ محبوب ہے''۔

اور مرتبہ اباحت میں کھانا تقوم بدن کی حد تک ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ:

نہ چنداں بخور کز دہانت برآید نہ چنداں کہ از ضعف جانت برآید

بہرحال نفس امارہ کی خفیہ شرارتوں سے ہوشیار رہنا اور اس کی کیا دی صیادی (مکر و حیلہ) کا

شکار ہونے سے بچنا ہر مردمومن پر لازم ہے۔

وَاسْتَفْرِغِ الدَّمْعَ مِنْ عَيْنٍ قَدِ امْتَلَئَتْ
۲۳ مِنَ الْمَحَارِمِ وَالْزَمْ حِمْيَةَ النَّدَمِ

حل لغات: واستفرغ۔ استفرغ صیغہ امر، از استفراغ، جاری کرنا، بہانا، یعنی بہاتا رہ۔ الدمع۔ آنسوؤں کو۔ من عین۔ ان آنکھوں سے۔ قد امتلئت۔ جو بھری ہوئی ہیں یا ڈبڈبا رہی ہیں یا آلودہ ہو چکی ہیں۔ من المحارم ۔حرام چیزوں کی رؤیت سے۔ والزم۔ اور لازم پکڑ۔ حمیة بمعنی الاحتماء والحفظ، محافظت۔ الندم۔ یعنی ندامت، پشیمانی، پشیمانی کو۔

ترجمہ: اور بہا آنسوؤں کو اس آنکھ سے جو حرام چیزوں کے مشاہدہ سے پر ہو چکی ہے۔ اور پشیمان ہو کر ایسے افعال شنیعہ سے پرہیز کرنے کو لازم پکڑ۔

شرح:

نہ جاگنے میں وہ لذت نہ شب کے سونے میں
مزا جو دیکھا تو پچھلے پہر کے رونے میں!

او غافل انسان! اس آنکھ کو جو مشاہدۂ محرمات سے آلودہ ہو کر گندی ہو چکی ہے، آنسو بہا کر پاک کر لے۔ اس لیے کہ گریہ و بکا ہر اس ناپاکی کو دھو دیتا ہے جو انسان کے اکتساب معاصی سے پیدا ہو۔ اسی لیے بزرگوں کا مقولہ ہے:

صب العبرات یحط السیئات ویرفع الدرجات۔
"آنسوؤں کے بہاؤ میں گناہ بہہ جاتے ہیں اور مدارج بلند ہوتے ہیں"۔

اسی وجہ میں بعض احادیث میں آیا:

یوتی بعبد یوم القیامة وتشهد علیه اعضائه بالزلة والعصیان فیستحق ان یدخل النیران فتطایر شعرة من جفن عینه فتستأذن تلک الشعرة من اللّٰه تعالٰی بالشهادة له فیقول اللّٰه تعالٰی عزوجل تکلمی یا شعرة واحتجی

عن عبدی فتشهد تلک الشعرة لذلک العبد بانه قدبکی فی الدنیا من خوف ربه فیغفر له وینادی مناد هذا عتیق الله تعالٰی بشعرة۔

"ایک گناہگار قیامت کے دن پیش ہوگا کہ اس کے تمام اعضاء اس کے خلاف لغزش اور معصیت کی شہادت دے چکے ہوں گے اور وہ مستحق دخول نار قرار پاچکا ہوگا کہ ایک بال اس کی آنکھ سے اڑ کر اذن شہادت طلب کرے گا اور جناب باری کی طرف سے اسے اجازت ملے گی تو وہ عرض کرے گا کہ الٰہی! یہ شخص دنیا میں تیرے خوف سے روتا تھا۔ تو اللہ تعالٰی اس کی بخشش فرما دے گا اور منادی اس کے بارے میں ندا کرے گا کہ یہ عتیق (آزاد) اللہ ہے ایک بال کی شہادت پر"۔

حضرت حجۃ الاسلام سے دریافت کیا گیا: فِیۡهِمَا عَیۡنٰنِ تَجۡرِیٰنِ کس کے لیے بشارت ہے تو آپ نے فرمایا:

هما لمن عينان تجريان۔

"وہ دو چشمے جنت کے اس کیلئے ہیں جس کی دو چشم دنیا میں خوف الٰہی سے بہتی رہیں"۔

وَخَالِفِ النَّفْسَ وَالشَّيْطَانَ وَاعْصِهِمَا
وَاِنْ هُمَا مَحَضَاكَ النُّصحَ فَاتَّهِمِ ۲۴

حل لغات: وخالف، امر، اور مخالفت کر۔ النفس۔ الف لام معہود ذہنی، نفس امارہ کی۔ والشیطان، از شطن، بعید از خیر و رحمت اور شیطان کی۔ واعصهما۔ اور نافرمانی کر دونوں کی۔ وان۔ اور اگرچہ۔ هما۔ وہ دونوں یعنی نفس اور شیطان۔ محضاک۔ مخلصانہ۔ النصح۔ نصیحت کرتے ہوں۔ فاتهم۔ پھر بھی تو مشکوک و متہم جان۔

ترجمہ: مخالفت کر شیطان اور نفس امارہ کی اور نافرمانی کر دونوں کی اگرچہ وہ دونوں مخلصانہ نصیحت اور خیر خواہی کر رہے ہوں پھر بھی متہم اور مشکوک سمجھ۔

شرح: مفہوم شعر واضح ہے کہ نفس اور شیطان، انسان کے ابدی دشمن ہیں اور ابدی دشمن سے امید خیر خواہی رکھنا غلطی اور ناعاقبت اندیشی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ناظم فاہم رحمۃ اللہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

علیہ فرماتے ہیں کہ نفس اور شیطان اگر بھلی بات بھی بتائیں تو سوچ سمجھ کر ان کی تعمیل کرنا کیونکہ اس میں بھی کوئی خاص سر مضمر ہوگا۔ ہمیشہ اسے متہم بالعدوات سمجھ۔

چنانچہ احمد بن ارقم بلخی رحمۃ اللہ علیہ اپنا تجربہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک بار نفس نے مجھے زور دے کر مشورہ دیا کہ میں غزوہ میں جاؤں۔ اس مشورہ سے مجھے تعجب ہوا کہ الٰہی! یہ معاملہ کیا ہے؟ تیرا فرمان ہے: اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ۔ نفس ہمیشہ برے کام کا مشورہ دیتا ہے حالانکہ یہ مشورہ اس کا مبارک اور سعید ہے تو مجھے ظاہر ہوا کہ اس کا اس وقت غزوہ میں نکلنے کا مشورہ یوں ہے کہ لوگوں میں شہرت ہو اور اس شہرت سے میں لوگوں کی نظروں میں معزز بن جاؤں۔ چنانچہ میں اس غزوہ میں نہ گیا اور میں نے کہا: اسلام کے لیے سب سے آگے میں جان دینے کو جاؤں گا لیکن اس وقت تیری مخالفت کروں گا۔ تو نفس نے کہا کہ احمد! تم مجھے دن میں بارہا قتل کرتے رہتے ہو۔ میں نے ایک بار چاہا کہ اس بہانہ سے تمہیں قتل کرا کر تم سے نجات حاصل کروں تو اس میں بھی مجھے کامیابی نہ ہوئی۔

اور شیطان کی شرارت باطنی میں ایک حکایت مثنوی شریف میں مولانا روم علیہ الرحمۃ نے نقل فرمائی کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سو رہے تھے کہ صبح سے قبل شیطان آیا اور پکارا: حی علی الفلاح۔ حضرت معاویہ نے اپنی فطانت سے اسے جانا اور فرمایا کہ تو مجھے حی علی الفلاح کہنے آیا تو کیسے۔ تیرا کام تو نماز قضا کرانے کا تھا۔ شیطان نے کہا: اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک دن تمہاری صبح کی نماز قضا ہوگئی تھی اور حضور ﷺ کی اقتداء سے رہ گئے تھے تو اس کی ندامت میں آپ دن بھر غمگین رہے تو آپ کے اعمال صالحہ اس دن دو چند کر دیے گئے تو میں نے خوف کیا کہ اگر آج بھی آپ کی نماز فوت ہوگئی تو اسی طرح آپ اعمال مضاعفہ کے حق دار ہو جائیں گے۔

لہٰذا امام ناظم رحمۃ اللہ علیہ ہدایت فرماتے ہیں کہ اس کے نیک مشورہ سے بھی ہوشیار رہو بلکہ اس کی بھی مخالفت ہی کرنا کہ اس میں بھی کوئی خاص شرارت مضمر ہوگی۔ اعوذ باللہ من شر الشیطان الرجیم بجاہ حبیب الرحیم الکریم وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

٢٥ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمَا خَصْمًا وَّلَا حَكَمًا
فَأَنْتَ تَعْرِفُ كَيْدَ الْخَصْمِ وَالْحَكَمِ

حل لغات: ولا تطع ۔ نہ پیروی کر۔ منهما ۔ ان دونوں کی ۔ خصما ۔ جھگڑالو ہونے میں ۔ ولا حکما ۔ اور فیصلہ کرنے میں ۔ فانت تعرف ۔ اس لیے کہ تو جانتا ہے۔ کید ۔ مکر۔ الخصم ۔ جھگڑالو کا ۔ و الحکم ۔ اور مکر فیصلہ کنندہ کا۔

ترجمہ: اور نہ پیروی کر نفس و شیطان کی، فریق مخالف بنیں یا منصف، تو فریق مخالف اور منصف کے دھوکے اور فریب سے واقف ہے۔

شرح: یعنی نفس اور شیطان ان دونوں میں سے کسی کی اطاعت نہ کر۔ خواہ تیرا مقابل ہو یا ثالث ۔ کیونکہ تو ان کے فریب اور چال سے واقف ہے، ان کے دھوکے میں نہ آنا۔

شارح زرکشی فرماتے ہیں کہ یہ بیت قصیدہ کے تمام بیتوں سے سخت ترین ہے۔ اس لیے کہ خصومت نفس کے ساتھ محاکمہ شیطان سمجھ میں نہیں آتا۔ اور شراح نے جو کچھ اس پر لکھا، اس سے اطمینان نہیں ہوا۔ آخر میں نے روح ناظم فاہم کی طرف توجہ کی تو مکاشفہ میں مجھے فرمایا کہ اگر تو غور کرتا تو جو مقصد اس بیت سے ہے وہ ظاہر ہو جاتا۔ میں نے کہا کہ میں اس کی شرح آپ کی زبان سے سننا چاہتا ہوں تو امام نے فرمایا:

انسان میں تین مدعی ہیں: قلب، نفس، شیطان۔ جب قلب کسی عمل خیر کا ارادہ کرتا ہے تو نفس امارہ مانع ہوتا ہے۔ تو ان دونوں میں جھگڑا ہونے لگتا ہے اور شیطان کی طرف یہ مقدمہ رجوع کرتے ہیں تو شیطان ان کے محاکمہ میں امر بالسوء کرتا ہے۔ تو اس اعتبار سے نفس خصم ہوا اور شیطان حکم، اور اگر شیطان کسی عمل شر کی طرف آمادہ ہوتا ہے تو قلب مانع ہوتا ہے اور شیطان ضد کرتا ہے کہ وہ کام کیا جائے تو ایسی صورت میں فیصلہ کے لیے نفس کی طرف رجوع کیا جاتا ہے اور نفس شیطان کے حق میں فیصلہ دیتا ہے۔ اس اعتبار سے قلب کا خصم شیطان اور قاضی نفس بنتا ہے بایں اعتبار فرمایا: فانت تعرف کید الخصم و الحکم، تو خصم اور حکم کے مکر و فریب سے خوف واقف ہے لہٰذا ان دونوں کی نہ مان اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

راہ راست پر قائم رہ۔

اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ شیطان اور نفس امارہ کے وساوس سے کس طرح انسان خلاصی پائے تو صوفیہ کرام نے فرمایا ہے: **سلاح المؤمن علی الشیطان ستة۔ الاستعاذه وکلمة الشهادة وبسم الله وترک الطمع وترک الامل وترک الدنیا۔**

"مومن کے ہتھیار شیطان پر غالب آنے اور وساوس کے دفع کرنے کو چھ ہیں:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور طمع خام سے اجتناب اور برے اعمال سے تنفر اور دنیا کو دین پر غالب نہ آنے دینا۔

ایک روایت میں ہے کہ قوم نے حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں شیطان کے مظالم کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا: ابھی وہ تم لوگوں کی شکایت مجھ سے کرتا ہوا گیا ہے اور اس نے کہا ہے کہ آپ لوگوں کو فرمائیں کہ وہ میری دنیا کو چھوڑ دیں تو میں ان کے دین پر حملہ کرنا ترک کر دوں گا۔

اور وساوس کے دفع کرنے میں سب سے زیادہ انفع اشتکا الی اللہ اور اسی سے امید وابستہ رکھنا ہے۔

تو ہم گردن از حکم داور مپیچ   نہ پیچد ز حکم تو از خلق ہیچ

٣٦
اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ قَوْلٍ بِلَا عَمَلٍ
لَقَدْ نَسَبْتُ بِهٖ نَسْلًا لِّذِىْ عُقُمٍ

حل لغات: استغفر اللہ۔ استغفار، طلب غفران کے معنی میں آتا ہے یعنی تبت الی اللہ واطلب الستر۔ یعنی بخشش کی طلب کرتا ہوں میں اللہ سے۔ من قول۔ اس قول سے۔ بلا عمل۔ جو بے عمل ہو۔ لقد۔ بے شک۔ نسبت۔ ماضی متکلم، از نسب، کسی نسل کا ذکر کرنا۔ میں نے نسبت کی۔ بہ۔ اس کی۔ نسلا۔ ایسی نسل کی طرف۔ لذی عقم۔ جو بانجھ ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

ترجمہ: میں بارگاہ الٰہی میں قول بے عمل سے معافی طلب کرتا ہوں ایسی باتیں کہہ کر جن پر خود عمل نہیں کرتا میں نے نسبت بانجھ عورت کے ساتھ کی۔

شرح: اس شعر میں شیخ بوصیری رحمۃ اللہ علیہ انکسار فرماتے ہیں کہ میں خود بھی ان نصائح پر عامل نہیں، جو نصیحتیں میں دوسروں کو کر رہا ہوں۔ لہٰذا میں بارگاہ الٰہی میں اس قول بے عمل سے استغفار کرتا ہوں تاکہ آیہ کریمہ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ کی وعید شدید کا مستحق نہ ہوں۔ اور قول بے عمل کے سبب میں اس شخص کی مانند بنوں جو کسی کی اولاد کو بانجھ عورت کی طرف منتسب کرے یعنی میں اپنے نفس کو اس چیز کی طرف نسبت کرتا ہوں جو اس میں نہیں ہے۔

چنانچہ متصوفین فرماتے ہیں:

ان القول الذی یخرج عن اللسان لایبلغ الآذان والذی یخرج عن الجنان وقع علی الجنان۔

"وہ قول جو زبان سے نکلے اور کانوں تک نہ پہنچے، عبث ہے۔ اور وہ قول جو دل سے نکلے اور دل میں جا کر گھر کرے، اکسیر ہے"۔

اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ فرماتے تھے:

مررت لیلۃ اسری بی الی السماء باقوام تقرض شفاھھم بمقاریض من نار فقلت من ھؤُلاءِ یا جبریل قال خطباء اُمتک الذین یقولون مالا یفعلون۔

"ہم لیلۃ المعراج میں ایسی جماعت پر سے گزرے کہ ان کے ہونٹ آگ کی قینچی سے کترے جا رہے تھے۔ ہم نے جبرائیل سے دریافت کیا کہ یہ لوگ کون ہیں؟ جبرائیل نے عرض کی: حضور! آپ کی امت کے وہ خطباء ہیں جو ناصح بلا عمل تھے"۔

حضرت اسمٰعیل حقی اندلسی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک حکایت عجیب وغریب اپنی تفسیر میں نقل فرمائی وہ یہ ہے کہ ایک عالم مؤثر الکلام قوی التصرف تھے کہ ان کے جلسۂ وعظ میں سامعین میں سے ایک دو خوف الٰہی کی وجہ سے شہید ہو جاتے تھے اور اسی شہر میں ایک بڑھیا تھیں، ان کا بچہ نہایت رقیق القلب اور نیک تھا۔ وہ بڑی بی اس بچے کو جلسہ وعظ کی شرکت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے منع کرتی رہتیں۔ ایک روز وہ لڑکا وعظ میں چلا گیا اور نصائح سن کر خوف الٰہی سے مر گیا، ایک روز وہ واعظ راستہ میں ان بڑی بی سے دوچار ہو گیا تو انہوں نے کہا:

اتھدی الانام ولا تھتدی الا ان ذٰلک لا ینفعُ

فیا حَجَرَ الشحذ حتی متیٰ تحُدّ الحدید ولا تقطعُ

"او واعظ! تو زمانے کو ہدایت کرتا ہے اور خود ہدایت کی راہ پر نہیں چلتا۔ خبردار! یہ نصیحت تیرے حق میں نفع رساں نہیں۔ او سخت پتھر! یہ سنگین دلی کب تک۔ لوہا ٹوٹ گیا لیکن تو دنیا سے منقطع نہ ہوا"۔

جب واعظ نے یہ رباعی سنی۔ ایک چیخ ماری اور گھوڑے سے غش کھا کر گرا۔ لوگوں نے اسے گھر پہنچایا، وہاں جا کر شہید ہو گیا رحمۃ اللہ علیہ۔

اس بیت مبارک میں قارئین و سامعین کو خوبصورتی کے ساتھ ناظم رحمۃ اللہ علیہ قول بلا عمل سے بچنے کی تلقین فرما رہے ہیں۔ فیلزم لک العمل بکل ما تکلمت به۔

کے بود مقبول قول بے عمل کبر مقتا گفت رب عزو جل

اَمَرْتُکَ الْخَیْرَ لٰکِنْ مَّا ائْتَمَرْتُ بِهٖ

(۴۷) وَمَا اسْتَقَمْتُ فَمَا قَوْلِیْ لَکَ اسْتَقِمِ

حل لغات: امرتک۔ ماضی متکلم، حکم دیا میں نے تجھ کو۔ الخیر۔ ماله عاقبة حمیدة۔ بھلائی کا۔ لکن۔ مگر۔ ما ائتمرت۔ ما نافیه و الائتمار قبول الامر۔ نہیں حکم مانا میں نے۔ به۔ اس خیر کا۔ و ما استقمت۔ ماضی متکلم، اور نہ قائم رہا میں۔ فما۔ استفہامیہ۔ پس کیا ہے؟ قولی۔ میرا کہنا۔ لک۔ تیرے لیے۔ استقم۔ کہ قائم رہ۔

ترجمہ: میں نے تجھے حکم کیا بھلائی کا اور خود اس پر کاربند نہ ہوا۔ تو کیا اثر ہے میرے اس قول کا کسی پر کہ قائم رہ۔

شرح: استقامت نام ہے ہمیشہ علم و عمل پر قائم رہنے کا۔ اور استقامت ایسی زبردست چیز ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شیبتنی سورة هود "مجھے سورۃ ہود نے بوڑھا کر

دیا''۔ بعض صلحاء سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ کی زیارت خواب میں کی اور عرض کیا کہ حضور کو سورۃ ہود کے کس مضمون سے بار گزرا۔ کیا انبیاء کے قصص یا ہلاک امم ماضیہ کے واقعات۔ تو حضور نے فرمایا: نہیں بلکہ اس آیت نے جو ارشاد کیا ہے: فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ۔

اس لیے کہ حقیقت استقامت وفاء عہد بکلہ اور ملازمت صراط مستقیم بحد اوسط ہے جو ہر معاملہ میں لازم ہے۔ خواہ طعام وشراب ہو یا لباس، امور دینی ہوں یا دنیوی۔ ترغیب خیر ہو یا ترہیب۔ اور درحقیقت فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ہی صراط مستقیم ہے۔

ابو علی جرجانی فرماتے ہیں:

کن طالب الاستقامة لا طالب الكرامة، فان نفسک متحركة فی طلب الكرامة وربک یطلب منک الاستقامة، فالكرامة الكبرىٰ الاستقامة فی خدمة الخالق لا باظهار الخوارق۔

''تو طالب استقامت ہو نہ کہ طالب کرامت، اس لیے کہ تیرا نفس طلب کرامت کے لیے بے چین رہتا ہے اور تیرا رب تجھ سے استقامت چاہتا ہے، اور کرامت کبریٰ استقامت ہے خدمت خالق میں نہ کہ اظہار خرق عادات میں''۔

بعض بزرگوں سے عرض کیا گیا کہ فلاں شخص پانی پر چلتا ہے تو انہیں جواب میں کہا گیا کہ مینڈک اور مچھلی بھی پانی میں چلتے ہیں۔ پھر کہا گیا کہ فلاں شخص ہوا پر اڑتا ہے تو کہا گیا کہ مکھی بھی اڑتی ہے۔ پھر عرض کیا گیا کہ فلاں شخص ایک ساعت میں مشرق سے مغرب کو عبور کر لیتا ہے جو جواب ملا کہ شیطان بھی ایسا کر لیتا ہے۔

تو عرض کیا گیا کہ حضرت آپ کے نزدیک مقبول شان ولایت پھر کیا ہے تو فرمایا:

''الا ستقامة فی الدین''

کسی شاعر نے خوب کہا ہے:

وغیر تقی الناس یامر التقیٰ طبیب یداوی الناس وهو مریض

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

"غیر متقی انسان لوگوں کو تقویٰ کا اگر حکم کرے تو ایسے طبیب کی مانند ہے جو لوگوں کا علاج کرے اور خود بیمار ہو"۔

صاحب الفاظ کو دفتر سے بھی سیری نہیں صاحب معنیٰ کو صرف اک لفظ کافی ہو گیا
خدا کا نام گو اکثر زبانوں پر ہے آ جاتا مگر کام اس سے جب چلتا ہے دل میں یہ سما جاتا

وَلَا تَزَوَّدْتُ قَبْلَ الْمَوْتِ نَافِلَةً
٢٦
وَلَمْ اُصَلِّ سِوىٰ فَرْضٍ وَّلَمْ اَصُمِ

حل لغات: ولا، نافیہ، اور نہ۔ تزودت۔ ماضی متکلم، زاد راہ لیا میں نے۔قبل الموت۔ موت سے پہلے۔نافلة۔زائدہ، علاوہ واجبات وفرائض نفلوں کی عبادت کا۔ولم اصل۔نفی جحد بلم متکلم۔اور نہیں پڑھی۔ سوی۔علاوہ۔فرض۔فرائض پنجگانہ کے۔ولم اصم۔اور نہ روزے رکھے۔

ترجمہ: میں نے نفلی اعمال کا زادراحلہ مرنے سے پہلے کچھ تیار نہ کیا۔اور فرضوں کے سوا کوئی تقرب نفلی کے لیے نہ نماز ادا کی۔نہ فرض روزہ کے علاوہ نفلی روزے رکھے۔

شرح: چونکہ حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے:

کن فی الدنیا کانک غریب اوعابر سبیل وعد نفسک من اصحاب القبور۔

"دنیا میں مثل مسافر کے رہ یا راہ گزر کی طرح اور اپنے کو قبر کے رہنے والوں میں گن"۔

تو مومن دنیا میں جب مسافر کی طرح رہے گا تو اسے زادراحلہ کی فکر لازمی ہے۔اس لیے کہ مسافر اپنا توشہ دان راستہ کے لیے پر رکھا کرتا ہے۔اور جو مسافر بے فکرا ہو، اسے وقت پر سخت مصائب کا سامنا اور تفکرات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔

اس لحاظ سے ناظم فاہم اپنی ذات پر ڈال کر عوام کو یاد دلا رہے ہیں کہ یہ مسافر خانہ ہے۔ یہاں سے جانا ہے لہٰذا زادراحلہ اور راستہ کے آرام کا نظام درست رکھ اور بہترین نظام چونکہ رضائے الٰہی حاصل کرنا ہے۔اور رضا الٰہی تقرب بالنوافل سے حاصل ہوتی ہے۔اس لیے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ناظم رحمۃ اللہ علیہ نے ولاتزودت فرما کر نافلہ فرمایا۔اس لیے کہ حدیث قدسی میں ہے:

لا یزال العبد یتقرب الی بالنوافل حتی احبہ۔

''ہمیشہ بندہ میرا تقرب نفلوں کے ذریعے میرا حاصل کرتا ہے یہاں تک کہ میں اسے اپنا محبوب بنالیتا ہوں''۔

یہی وجہ ہے حضرت جنید بغدادی رضی اللہ عنہ ہر روز اپنے حجرۂ عبادت میں پردہ ڈال کر چار سو رکعت نفل ادا فرمایا کرتے اس کے بعد اپنے دولت سرا میں تشریف لاتے۔

حضرت عبداللہ بن حنیف فرماتے ہیں: اکثر میں ابتدائے عمر میں ایک رکعت میں دس ہزار قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھتا اور کبھی سارا قرآن کریم ایک رکعت میں ختم کرتا اور کبھی صبح سے عصر تک ایک ہزار نفل ادا کرتا۔

بعض روایتوں میں ہے کہ شریک فرماتے ہیں کہ میں حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک سال رہا۔میں نے آپ کے پہلو کو اس سال بھر میں کبھی زمین کا سہارا لیتے نہ دیکھا اور آپ کے ہم صحبت لوگ بیان کرتے تھے کہ آپ فجر کی نماز ہمیشہ عشاء کے وضو سے پڑھا کرتے تھے۔

شعبہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ لوگ جب آپ سے رخصت ہو کر سونے کے لیے چلے جاتے تو آپ اپنی نشست گاہ سے اٹھ کر مسجد میں تشریف لاتے۔تو مجھے جب جاگنے کی طاقت نہ رہتی تو میں نعلین شریف میں کنکریاں ڈال کر گھر آ کے سو جاتا۔صبح کی نماز کو جب جاتا تو جوتیوں میں وہ کنکریاں پاتا،اور آپ کو اپنی عبادت گاہ پر روتا دعا کرتا پاتا۔اور ایسے بہت سے واقعات سلف صالحین کے ہیں۔نصیحت وغیرہ حاصل کرنے کو یہ کم نہیں۔

ظَلَمْتُ سُنَّةَ مَنْ اَحْيَ الظَّلَامَ اِلٰى

٢٩

اَنِ اشْتَكَتْ قَدَمَاهُ الضُّرَّ مِنْ وَّرَمِ

حل لغات: ظلمت، ماضی متکلم، مشتق من الظلم، وھو فی اللغۃ وضع الشیء

فی غیر موضعه، وفی الشرع التجاوز عن الحق الی الباطل والتصرف فی ملک الغیر بغیر اذنه والمراد ھھنا الترک (ترک کیا میں نے) سنة۔ مفعول ظلمت، لغت میں طریقہ، شریعت میں طریقة مسلوکة فی الدین جو نہ فرض ہو نہ واجب۔ ان کے طریقہ کو۔ من۔ جنہوں نے۔ احی الظلام۔ استعارة باحیاء اللیل وترک النوم للعبادة۔ اندھیری راتوں میں شب بیداری کی۔ الی للغایة۔ یہاں تک کہ۔ ان اشتکت۔ اخبار المظلوم یہاں بمعنی اظہرت الشکویٰ۔ ظاہر ہوگئیں۔ قدماہ۔ قدم مبارک پر۔ الضر۔ تکلیف۔ من ورم۔ الانتفاخ، ورم کی۔

ترجمہ: ترک کیا میں نے ان کے طریقہ کو جنہوں نے اندھیری راتوں میں شب بیداری فرمائی۔ یہاں تک کہ ظاہر ہوگئی قدمین مبارکین پر تکلیف ورم کی۔

شرح: چونکہ اس سے پہلی فصل میں ناظم رحمۃ اللہ علیہ نے نفس کا تعارف کرایا تھا۔ تو اس فصل میں معرفت رب جل مجدہ کرانا مناسب تھا۔ جیسا کہ حدیث میں وارد ہے:

من عرف نفسه فقد عرف ربه۔

"جس نے اپنے نفس کو جان لیا وہ بے شک اپنے رب کو بھی پہچان لے گا"۔

اور چونکہ عرفان الٰہی بغیر معرفت جناب رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محال ہے۔ اس لیے اس فصل میں مدح مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء ایک انوکھے انداز سے شروع فرمائی۔ کیونکہ مدح النقش راجع الی نقاشه نقش کی مدح نقاش کی مدح کی طرف ہی راجع ہوتی ہے۔

اور ظلمت میں صیغہ متکلم واحد بغرض انکسار واظہار عجز اختیار فرمایا کہ یہ خاصہ مقربان بارگاہ کا ہوتا ہے۔

یہ اس وقت کا واقعہ ناظم رحمۃ اللہ علیہ نے بیان فرمایا ہے جب کہ حضور پر وحی کے ذریعہ جہد فی العبادت کا حکم نازل ہوا۔ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام رات قیام فرماتے حتیٰ کہ پائے اقدس جس پر تمام دنیا کی تقدیس قربان ہو، متورم ہو جاتے۔ آخر جناب باری تعالیٰ عزاسمہ کی طرف سے حضور کو تسلی دی گئی اور تخفیف فرمائی گئی۔ تا کہ امت ضعیفہ پر اداء عبادت بار نہ ہو جائے۔ اور ارشاد ہوا:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

طٰهٰ ۚ مَآ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكَ الۡقُرۡاٰنَ لِتَشۡقٰٓى ۔ یعنی طٰہٰ۔ اے طاہر عن العیوب! دوسرے اعتبار سے اس کے معنی یہ تاویل یہ بن سکتے ہیں۔ ط کے عدد 9۔ ہ کے عدد 5، حاصل عدد 14 ہوئے یعنی جیسے ماہ کامل چودہ تاریخ کا ہوتا ہے۔ محبوب کو فرمایا کہ تم ماہ کامل ہو۔ لہٰذا اپنی جان پر اتنی سختی نہ فرماؤ۔

مَآ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكَ الۡقُرۡاٰنَ العظیم لتتعب نفسک۔

''ہم نے یہ قرآن کریم آپ پر اس لیے نازل نہیں فرمایا کہ آپ اپنی جان کو تعب میں ڈالیں''۔

اس کے بعد سے حضور کی عادت کریمہ یہ رہی کہ تہائی رات گزر جانے پر ہجد فرماتے یعنی خواب استراحت سے بیدار ہو کر تہجد ادا فرماتے۔

اور مقربین نے لکھا ہے:

کانت صلوٰۃ التہجد فرضا لہ علیہ السلام لا لامتہ۔ یقولہ تعالیٰ فَتَهَجَّدۡ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ۔

یعنی نماز تہجد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پانچ فرائض کے علاوہ فرض تھی اور آپ کی امت کے لیے نفل ہوئی، اور قرآن کریم میں بھی فَتَهَجَّدۡ پر نَافِلَةً فرمایا گیا۔ کہ یہ تہجد آپ پر زائد ہے اور نوافل کے فضائل میں امت کو حضور نے بڑے بڑے مدارج عطا فرمائے ہیں۔ چنانچہ حدیث میں ہے:

رکعتان یرکعھما العبد فی جوف اللیل الاخیر خیرلہ من الدنیا وما فیھا ولولا ان اشق علی امتی لفرضتھما۔

''دو رکعت جو بندہ آخر رات میں پڑھے دنیا و مافیہا سے بہتر ہے اور اگر امت پر یہ شاق نہ ہوتا، تو میں فرض کر دیتا''۔

دوسری حدیث میں ہے:

ما زال جبریل یوصینی لقیام اللیل حتی ظننت ان خیار امتی لاینامون

''ہمیشہ جبریل رات میں قیام کی وصیت کرتے رہے یہاں تک کہ میں نے گمان کیا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

کہ میری امت کے بہتر لوگ رات میں سوتے نہ ہوں گے"۔

اور تہجد کے متعلق متعدد اقوال ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ چار رکعت سے بارہ رکعت تک تہجد کی رکعتیں ہیں۔ اور بعض کے نزدیک دو سے لے کر بارہ رکعت تک۔

اور اس امر میں بھی اختلاف ہے کہ تہجد کا اطلاق محض قیام لیل پر مطلقاً ہے یا بعض حصہ شب میں، تو قول اصح یہ ہے جو شرح طریقہ میں بتایا گیا کہ تہجد وہ ہے جو بعد سونے کے اٹھ کر ادا ہو۔

اور رات کی عبادت کے فضائل میں بزرگان دین کی طرف خاص فضائل مذکور ہیں:

ان قیام اللیالی افضل العبادات لان اللیل یکون فیه بین العابد والمعبود خلو من الاغیار وتکون فیه الدعوات اسرع اجابة اذ هو وقت الاخیار ولذا قیل ان العابد فی اللیالی یستحق اجرین اجر ترک النوم واجر العبادة مع ان ترک النوم فی اللیالی الکثیرة المتوالیة واحیاء جمیعها بالصلوٰة لا یقدر علیه الا رسول الله الوهاب ۔

"یعنی قیام لیالی افضل عبادات ہے۔ اس لیے کہ رات میں عابد و معبود کے مابین تخلیہ ہوتا ہے اغیار سے اور اس وقت کی دعاء سریع الاجابت ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ وقتوں میں بہترین وقت ہوتا ہے اور رات کی عبارت میں دوہرا ثواب ہے ایک ترک نوم کا دوسرا عبادت الٰہی کا، اور تمام رات ہمیشہ جاگنا سوائے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے کسی کی قدرت میں نہیں۔

اللهم لا تجعلنا ممن ضل وغویٰ فاخذته بذنوبه فتریٰ واحشرنا فی زمرة من لاینطق عن الهوی ۔

(۳۰) **وَشَدَّ مِنْ سَغَبٍ اَحْشَائَهٗ وَطَوٰی**
تَحْتَ الْحِجَارَةِ کَشْحًا مُتْرَفَ الْاَدَمِ

حل لغات: وشد، ماضی بمعنی عقد، اور باندھا۔ من سغب۔ من سببیہ، سغب، بھوک، بھوک سے۔ احشائه۔ جمع حشا، مافی الجوف اعضائه۔ وہ تمام اعضاء جو جوف شکم میں ہیں۔ وطویٰ۔ ماضی از طی، لپیٹنا اور لپیٹا۔ تحت۔ نیچے۔ الحجارة۔ پتھر کے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کشحا۔ جسم کا وہ حصہ جو پسلیوں سے لے کر ڈھڈی تک ہے۔ مترف۔ صیغہ مفعول از اتراف، نازک اور ناز پروردہ۔ الادم۔ از ادیم بمعنی جلد، کھال پر۔

ترجمہ: اور باندھا بھوک کی وجہ سے اس نفس قدسی نے اپنے شکم مبارک کو اور اپنے ناز پروردہ پہلوؤں کو پتھر سے کسا۔

شرح: یعنی اس پیارے محبوب حبیب الودود نے شب بیداریاں فرمائیں اور باوجود معصومیت مطلقہ کے اپنے بطن نوری کو باندھا اور پسلیوں کے نیچے اپنی نازک اور نوری جلد اقدس پر پتھر کسا تاکہ صحابہ کرام کے لیے اور امت مرحومہ کے حق میں ایک طریقہ مسنونہ قائم ہو جائے۔

اور اس میں یہ حکمت بھی ظاہر فرمانی مقصود تھی کہ برودت حجری حرارت جوعی کی دافع ہے اور چونکہ وہ سرکار والاتبار دنیا کی کسی شئے کی محتاج نہ تھے۔ اس لیے اکثر دائم الجوع رہتے۔ یہاں تک کہ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے ایک روز حضور کی بھوک محسوس کر کے رونا شروع کر دیا۔ تو حضور نے فرمایا:

یا عائشة والذی نفسی بیده لوسئلت ربی ان یجری معی جبال تهامة ذهبا لاجراها حیث شئت من الارض ولکن اخترت الجوع فی الدنیا شبعها وفقر الدنیا علیٰ غنائها وخزی الدنیا علی فرحها۔ یا عائشة ان الدنیا لا تنبغی لمحمد ولا لآل محمد ۔

"اے عائشہ! قسم ہے اس ذات مقدس کی، جس کے ید قدرت میں میری جان ہے۔ اگر میں اپنے رب سے مکہ کے پہاڑوں کو سونے کی شکل میں طلب کروں اور انہیں چلتا ہوا بناؤں کہ جہاں جاؤں وہ میرے ساتھ ہوں تو اللہ تعالیٰ انہیں چلتا ہوا میرا ساتھ کر دے لیکن میں نے دنیا میں بھوک اختیار کی، شکم سیری سے اور فقر دنیا قبول فرمایا غنا پر اور غم قبول کیا اس کی فرحت پر۔ اے عائشہ! دنیا زیبا نہیں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل کے لیے"۔

دوسری حدیث میں حضرت صدیقہ فرماتی ہیں کہ حضور سید یوم النشور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMI ISLAMIA ACADEMY

کہ اللہ تعالیٰ نے مکہ کے جنگل کے پہاڑ سونا بنا کر مجھے پیش کیے تو میں نے عرض کی الٰہی! یہ نہیں بلکہ میں ایک دن بھوکا ایک دن شکم سیر رہنا چاہتا ہوں۔ جس دن بھوکا رہوں اس دن تیرے حضور تضرع اور دعا کروں اور جن دن شکم سیر ہوں اس روز تیری حمد اور ثناء کروں۔

اور پسلیوں سے نیچے تک پتھر باندھنا اس قصے کی طرف اشارہ ہے جو غزوۂ خندق میں ہوا جس کا مختصر حال یہ ہے کہ جب قبیلہ بنی نضیر کے یہود کو اطراف مدینہ سے نکال دیا گیا۔ تو ابو عامر اور ایک انہیں میں سے راہب مکہ گئے اور مشرکین مکہ کو محاربہ کے لیے آمادہ کر کے ابو سفیان کے مکان پر جمع ہوئے، ابوسفیان نے ان کا احترام کیا۔ جمعیت عسکری بنانے میں مشغول ہوا۔ یہاں تک کہ دس ہزار کی فوج آنا فاناً بن گئی اور مدینہ کی طرف چڑھائی شروع کر دی۔ یہ خبر گوش اقدس تک جب پہنچی تو حضور نے صحابہ کی میٹنگ کی اور مدینہ کے دفاع کے لیے مشورہ کیا تو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: حضور! بلاد عجم کے ایک شہر پر دشمن غالب آ گیا تھا اور اہل شہر نے اس سے محاربہ کی قوت اپنے میں جب نہ پائی تو انہوں نے شہر کے اردگرد خندق کھود لیے اور اس میں روپوش ہو کر سب بیٹھ گئے۔ حضور نے اس مشورۂ سلمانی کو پسند فرمایا اور پچاس روز کامل خندق کھودے گئے کہ اتنے میں دشمن نے آ کر مدینہ منورہ کا محاصرہ کر لیا اور انتیس دن تک وہ محاصرہ رکھا تو اس مدت میں مسلمانوں پر بڑی مشقت واقع ہوئی اور ان پر پانچ طرح کی مصیبت تھی۔ اول قحط، دوسرے کثرت اعداء، تیسرے خوف قتل، چوتھے بھوک، پانچویں سخت سردی۔ یہاں تک کہ اس رؤف رحیم حبیب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسلمین پر رحم آیا تو حضور نے فرمایا: تم میں سے جو خبر دشمن کی لائے وہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔ لیکن ضعف جوع کی وجہ سے جانے کی طاقت کہاں، ہلنے کی تاب نہ تھی سب خاموش پڑے رہے۔ پھر حضور نے چار اصحاب کے نام لے کر آواز دی۔ تو انہوں نے عرض کیا: حضور ہمیں ہماری جگہ پڑا رہنے دیں۔ ہمارے پاس بھوک اور سخت سردی کے سوا کچھ نہیں ہے۔ پھر حضور نے حضرت حذیفہ ابن الیمان رضی اللہ عنہما کو حکم دیا۔ چنانچہ وہ تشریف لے گئے اور خبر لائے کہ دشمن بھاگ گیا اور شدت سردی سے اکثر ان کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI-ISLAMIA ACADEMY

لشکری مر گئے۔ اس وقت حضور ﷺ نے اپنے بطن اقدس پر پتھر باندھ رکھا تھا اور یہ صحابہ کو تعلیم تھی کہ جسے بھوک شدت کی ہو اور کھانا اسے میسر نہ آئے تو وہ پیٹ پر پتھر باندھ لے۔

وَرَاوَدَتْهُ الْجِبَالُ الشُّمُّ مِنْ ذَهَبٍ
۳۱ عَنْ نَفْسِهٖ فَاَرَاهَا اَيَّمَا شَمَمِ

حل لغات: و۔ عاطفہ۔ اور۔ راودتہ۔ ماضی از مراودت، مطالبہ بالجہد۔ ارادہ کرنا، ارادہ کیا۔ الجبال۔ جمع جبل۔ پہاڑوں۔ الشم۔ بلند نے۔ من ذهب۔ جو سونے کے تھے۔ عن نفسہ۔ ان کی ذات اقدس سے۔ فاراھا۔ تو دیکھا ان کو حضور نے۔ ایما۔ کس شان سے۔ شمم۔ اپنے بلند حوصلہ اور استغناء سے۔

ترجمہ: بلند پہاڑوں نے سونے کا بن کر حضور کی توجہ کو اپنی طرف مبذول کرانا چاہا تو حضور نے اپنے بلند حوصلہ اور استغناء سے انہیں ذلیل دیکھا۔

شرح: حضور کو بلند پہاڑوں نے جو سونے کے تھے بمنت اپنی طرف متوجہ کرنا چاہا اور درخواست کی کہ ہم میں سے جو چاہیں، جتنا چاہیں، صرف فرمائیں تو حضور نے ان پہاڑوں سے اپنی بلند ہمت اور استغناء کا وہ مظاہرہ فرمایا جو ادراک عقل سے بالاتر ہے۔

اس بیت مبارک میں اس روایت کی طرف اشارہ ہے جو مروی ہے کہ جبرئیل علیہ السلام حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اللہ تعالیٰ شانہ کا سلام پیش کر کے بشارت دی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اتحب ان اجعل هذه الجبال ذهبا وتكون معك اينما كنت۔

"اے محبوب! اگر تمہیں یہ پسند ہو کہ ان پہاڑوں کو ہم سونا بنادیں اور وہ آپ کے ساتھ رہیں جہاں آپ تشریف لے جائیں تو ابھی ایسا ہوسکتا ہے"۔

فتوقف ساعة فقال يا جبرائيل ان الدنيا دار من لا دار له ومال من لا مال له قديجمعها من لا عقل له۔

"تو حضور نے تھوڑا سکوت فرما کر جواب دیا: جبرائیل! دنیا ایک ایسا گھر ہے کہ کسی کا

گھر نہیں اور ایسا مال ہے کہ کسی کی ملکیت نہیں، اسے وہ جمع کرتا ہے جس میں عقل نہ ہو"۔

فقال له جبریل ثبتک الله یا محمد بالقول الثابت۔

"تو جبریل علیہ السلام نے یہ سن کر عرض کی: حضور! آپ کو اللہ نے ثابت قدم فرمایا ہے قول ثابت کے ساتھ"۔

اس حدیث سے صاف واضح ہے کہ فضیلت فقیر صابر کی غنی شاکر پر اللہ تعالیٰ نے اس لیے رکھی کہ خلق محبوب کے مشابہ ہے۔ اور اسی بناء پر طائفہ صوفیہ اس پر ثابت قدم ہو کر کہتے ہیں:

همة الرجال تهدم الجبال۔

"ہمت مرداں پہاڑوں کو منہدم کر دیتی ہے"۔

بہر کارے کہ ہمت بستہ گردد اگر خارے بود گلدستہ گردد

اور اس روایت میں سرکار ابد قرار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہمت عالی اور فضیلت ذاتی یوسف علیہ السلام پر واضح ہے۔ قرآن کریم میں زلیخا کے واقعہ پر وَرَاوَدَتْهُ الَّتِي هُوَ فِي بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ فرمایا۔ اس پر یوسف علیہ السلام نے اس عورت سے اجتناب فرمایا جو حرام تھی اور اس حسن سے استغناء کیا جو آپ کے لیے جائز نہ تھا۔ لیکن حضور نے اس چیز سے استغنیٰ ظاہر فرمایا جو جائز تھی اور وہ چیز خدا کی محبت میں ترک فرمائی جو جمع کرنی حلال تھی۔

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

اسی وجہ میں اس حبیب لبیب کا عشق دراصل عاشق باللہ افراد کے قلبوں میں ایسا پیدا کیا کہ زلیخا کے عشق سے ان کا عشق بالاتر ہو گیا۔

حسن یوسف پہ کٹیں مصر میں انگشت زناں سر کٹاتے ہیں تیرے نام پہ مردان عرب

پیٹ پر پتھر باندھنا شدت جوع میں سکون دے گا اور طریقہ مسنون ہونے کے لحاظ سے سنت پر عمل موجب اجر بھی ہو گا۔

اللهم لاتبلنا فی الدنیا بالکرب واجعل رتبتنا فی الدارین ارفع الرتب بحرمة النبی ذی □د والحسب۔

٣٢
وَاَكَّدَتْ زُهْدَهٗ فِيهَا ضَرُوْرَتُهٗ
اِنَّ الضَّرُوْرَةَ لَا تَعْدُوْا عَلَى الْعِصَمِ

حل لغات: و۔ عاطفہ یا ابتدائیہ۔ اور۔ اکدت۔ ماضی از تاکید۔ مضبوط اور پختہ کرنا۔ اور مضبوط اور پختہ کیا۔ زهده۔ مفعول اکدت، قلة الترغيب، في الشيء۔ وفي الاصطلاح الاعراض عن الدنيا وترک راحته۔ ان کے زہد کو۔ فیها۔ اس دنیا میں۔ ضرورته۔ فاعل اکدت، ضرورت ظاہری اور احتیاج حسی نے۔ ان الضرورة۔ بے شک احتیاج ظاہری اور حسی۔ لا۔ نہیں۔ تعدوا۔ غالب آسکتی اور نہیں جبر اور زبردستی کرسکتی اس ہستی مقدس پر۔ علی العصم۔ آپ کی عفت مآبی پر۔

ترجمہ: حضور کے زہد کو ضرورتوں نے اور مضبوط کر دیا، اس لیے کہ ضرورتیں پرہیز گاری اور عصمت مآبی پر غالب نہیں آسکتیں۔

شرح: روایت ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک روز آرام گزین تھے اور آپ کے نیچے نیم تر گھاس کی چٹائی بچھی ہوئی تھی اور سرہانے جو تکیہ تھا اس میں چمڑے کی کترن بھری ہوئی تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے اور ایک جماعت صحابہ کی ان کے ہمراہ تھی، تو حضور نے ان کی طرف کروٹ بدلی، تو حضرت عمر نے دیکھا کہ پہلوئے نورانی پر چٹائی کے نشان پڑے ہوئے تھے۔ حضرت عمر بے ساختہ رونے لگے۔ حضور نے فرمایا:

ما يبكيك يا عمر۔

"عمر کس چیز نے تمہیں رلایا"۔

تو آپ نے عرض کی:

فكيف لا ابكي ان كسرىٰ وقيصر يتنعمان فيما يتنعمان فيه في الدنيا وانت علىٰ هذه الحالة۔

"حضور! میں کیسے نہ روؤں جب کہ میں دیکھتا ہوں کہ کسریٰ و قیصر ان نعمتوں میں ہیں اور اس دنیا میں عیش کر رہے ہیں اور حضور جن کے نقش قدم پر ہزار کسریٰ و قیصر قربان اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حال میں ہوں"۔

تو حضور نے فرمایا:

یا عمر اما ترضیٰ ان یکون لھم فی الدنیا ولنا فی الاخرۃ۔

"اے عمر کیا تم اس سے خوش نہیں کہ قیصر و کسریٰ کو جو کچھ مل رہا ہے دنیا کی چند روزہ زندگی تک ہے اور ہمارے لیے ابدی نعمتیں غیر زائل ہمیشہ کو آخرت میں ملیں"۔

حضرت عمر نے فوراً عرض کی:

بلیٰ یا رسول اللہ۔

"بے شک حضور میں آخرت سے خوش ہوں"۔

کہ اتنے میں روح الامین حاضر دربار ہوئے اور عرض کیا: اللہ تعالیٰ نے یہ قانون نافذ فرما دیا ہے کہ لذت آخرت میں ہر اس شخص کے لیے نقصان ہے جتنا وہ لذت دنیا حاصل کرے لہٰذا جس قدر لذت دنیا زیادہ ہوگی، لذت آخرت اتنی ہی کم ہو جائے گی اور جس قدر لذت دنیا کم ہوگی، لذت آخرت بڑھے گی۔ جیسا کہ قرآن کریم میں ارشاد ہے: **اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا**۔

لیکن اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں حضور کی خدمت میں یہ بشارت دوں کہ اعزاز دنیاوی جو حضور پسند فرمائیں پیش کیے جائیں اور ان نعمتوں کی وجہ سے حضور کا اخروی درجہ کم نہ ہوگا، یہ حضور کا خاصہ ہے

فقال علیہ السلام واللہ خیر وابقیٰ۔

"حضور نے فرمایا: جبریل! اللہ کی ذات بہترین نعمت اور غیر فانی دولت ہے"۔

گویا مضمون بیت میں ناظم فاہم حضور کا عزم و استقلال بتا رہے ہیں کہ حوائج ظاہری و حسی نے حضور کے زہد و ترک دنیا کو بجائے اس کے کہ کمزور کرتے اور مضبوط و مؤکد کر دیا۔ اور کیوں نہ ہو، نور مجسم رحمت دو عالم کی شان ارفع و اعلیٰ کے شایان شان یہ ہے کہ حوائج و ضروریات ظاہری ہوتے بھی حضور کو دنیا کی طرف رغبت نہیں اور استغناء تام حاصل ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اور اسی دریائے نعمت وکرم کی لہریں ہیں جنہوں نے اولیاء صوفیہ کرام میں یہ استغناء وزہد و ورع پیدا کیا۔

مالک کونین ہیں گو پاس کچھ رکھتے نہیں دو جہاں کی نعمتیں ہیں ان کے خالی ہاتھ میں
تہی دست و سلطان پشمینہ پوش غلامی خرد بادشاہی فروش

وَكَيْفَ تَدْعُوْ اِلَى الدُّنْيَا ضَرُوْرَةُ مَنْ
۴۳
لَوْلَاهُ لَمْ تَخْرُجِ الدُّنْيَا مِنَ الْعَدَمِ

حل لغات: و۔ عاطفہ، اور۔ کیف۔ استفہام انکاری، کیونکر۔ تدعوا۔ من الدعوۃ، بلائیں۔ الی الدنیا۔ دنیا کی طرف۔ ضرورۃ۔ حوائج ظاہری۔ من۔ اس ہستی پاک کو۔ لو۔ کہ اگر۔ لاہ۔ وہ ہستی پاک نہ ہوتی۔ لم تخرج۔ نہ ظاہر ہوتی۔ الدنیا۔ دنیا۔ من العدم۔ کتم عدم سے۔

ترجمہ: اور کیونکر دنیا کی طرف ضرورتیں ایسے نفس زکی کو بلا سکتی ہیں کہ اگر وہ نہ ہوتے اور دنیا میں جلوہ افروزی نہ فرماتے تو دنیا عدم سے منصۂ شہود پر ظاہر نہ ہوتی۔

محمد کی جلوہ نمائی نہ ہوتی تو دارین میں روشنائی نہ ہوتی

شرح: یعنی دنیا حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محتاج ہے۔ اگر حضور دنیا کے محتاج ہوتے، تو حوائج معاذ اللہ حضور پر غالب آجاتے، مگر چونکہ حضور محتاج الیہ ہیں اور دنیا حضور کی محتاج۔ تو حضور کو کوئی ضرورت ظاہری اور حسی، دنیا کی طالب نہیں بنا سکتی۔ دوسرے یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مائل الی اللہ ہیں تو طالب مولیٰ اور مائل الی اللہ کا خیال تنعیم دنیا کی طرف جا ہی نہیں سکتا۔

حدیث قدسی میں ہے:

الدنیا حرام علٰی اھل الاخرۃ والاخرۃ حرام علٰی اھل الدنیا و کلاھما حرامان علٰی اھل اللّٰہ تعالٰی۔

"دنیا اہل آخرت پر حرام اور اہل دنیا پر آخرت حرام اور دنیا و آخرت دونوں اہل اللہ پر حرام ہیں"۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ایک حدیث میں ارشاد ہے۔ حضور نے فرمایا:

من احب دنیاہ اضر باٰخرتہ ومن احب آخرتہ اضر بدنیاہ فآثروا ما یبقیٰ علیٰ ما یفنیٰ۔

”دنیا کی محبت سخت مضر ہے آخرت کے لیے اور آخرت کی محبت مضرتر ہے دنیا کے لیے تم محبت کرو اس نعمت کی جو ہمیشہ باقی رہے اس کے مقابلہ میں جو عنقریب فنا ہو جائے گی“۔

اور دنیا کو دنیا اس اعتبار سے کہا گیا کہ بہ نسبت آخرت یہ قریب ہے۔ تو یہ مشتق دنو سے ہے یعنی قرب سے، اور اگر دنائت سے دنیا لی جائے تو ٹوٹا اور خسارہ ہی ہے چونکہ اس کا ماحصل ہے اس لیے دنیا کہا گیا۔ اور مصرع ثانی میں **لولاہ** جو فرمایا، اس میں تلمیح ہے، حدیث قدسی کی طرف جو جناب باری نے فرمایا:

لولاک لما خلقت الدنیا۔

”اے محبوب! اگر ہم تمہیں پیدا نہ فرماتے تو دنیا ہی نہ بناتے“۔

اور **لولاک لما خلقت الافلاک** میں افلاک سے مراد مطلقاً جمیع مکونات ہیں۔ اس لیے کہ اسم جزئی کل پر حاوی ہوتا ہے۔

اور واقعہ معراج میں ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سدرۃ المنتہیٰ پر ساجد الی اللہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے حضور کو فرمایا:

انا وانت وما سویٰ ذالک خلقتہ لاجلک۔

”اے محبوب! ہم اور تم اور ماسویٰ اس کے جو کچھ ہے وہ سب ہم نے تمہاری وجہ سے پیدا کیا“۔

تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرض کیا:

انا وانت وما سویٰ ذالک ترکتہ لاجلک۔

”الٰہی میں اور تو اور ماسویٰ اس کے جو کچھ ہے، سب میں نے تیری ذات کے لیے ترک کیا“۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الحمد للہ ملھم الصواب والیہ المرجع والمآب۔

۳۴
مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

حل لغات: محمد۔ خبر مبتداء محذوف، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ سید۔ بروزن جید بمعنی سردار اور ملجأ کائنات۔ الکونین۔ کون اول دنیا، کون ثانی آخرت، دنیا و آخرت کے۔ والثقلین۔ اور جن وانس کے۔ والفریقین۔ اور دونوں جماعتوں کے۔ من عرب۔ عرب سے۔ ومن عجم۔ اور عجم سے۔

ترجمہ: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سردار اور ملجأ ہیں کائنات دنیا و آخرت کے اور جن وانس کے اور دونوں جماعتوں کے عرب سے اور عجم سے۔

شرح: قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ شفاء میں فرماتے ہیں: نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مخصوص حضور کا اسم عالی ہے اور عرب میں کوئی حضور سے قبل اس نام کے ساتھ مشہور نہ ہوا۔ اور نہ عجم میں کسی کا یہ نام حضور کی جلوہ گری سے اول رکھا گیا۔ حتیٰ کہ حضور کی ولادت سے قبل ہی مشہور ہو چکا تھا کہ

ان نبینا یبعث اسمہٗ محمد۔

"ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث ہوں گے اور نام پاک محمد ہوگا"۔

چنانچہ بعض قوموں میں محمد نام کے ساتھ اولادیں موسوم کی گئیں اس امید پر کہ جو مشہور نبی ہونے والے ہیں وہ ہماری اولاد سے ہی ہوں۔ اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ اور اللہ جانتا ہے جس شان سے اپنے رسول کو رسول بنائے۔

ہاں ایک سوال یہ ہوسکتا ہے کہ حضور کی نعت میں اسم محمد ہی ناظم رحمۃ اللہ علیہ نے کیوں اختیار فرمایا۔ جب کہ ارشاد الساری شرح بخاری میں ہے کہ حضور کے اسماء گرامی ایک ہزار ہیں۔ اور ایک قول ہے کہ تین سو ہیں۔ ایک قول میں ننانوے نام ہیں۔ اس کا جواب صرف یہی ہے کہ یہ اسم پاک تمام اسماء سے افضل واشہر ہونے کے علاوہ مرتبۂ محمودیت میں مفید مبالغہ ہے۔ اسی لیے اس نام پاک کو نعت میں لانا مناسب تھا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اب سید کا لفظ استعمال کرنا اس لیے تھا کہ سیادت علو رفعت کے معنی میں مستعمل ہے۔ یا سید اسے کہہ سکتے ہیں کہ

یلجأ الیه الناس فی حوائجهم

''پناہ لیں ان کی طرف لوگ اپنی حاجتوں میں''۔

اور حضور سے بہتر ملجأ خلائق اور کون ہوسکتا ہے تو حضور سے افضل سید بھی کوئی نہیں۔

اور کونین سے مراد دنیا و آخرت ہوسکتی ہے یا عالم شہادت اور عالم غیب، علاوہ ازیں دنیا میں حضور کی سیادت یہ کم نہیں کہ حضور خاتم الانبیاء ہیں اور سید المرسلین اور معراج کا رتبہ سوا حضور کے انبیاء میں سے کسی کو نہ ملا۔ اور حضور ﷺ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ کے منصب جلیل کے مسند نشین ہوئے اور حضور کو ہی اللہ تعالیٰ نے انبیاء و مرسلین اور جن و انس کا سردار بنا کر وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ کے تاج سے متوج (سرفراز) فرمایا۔ یہاں تک کہ حضور کی رحمت ہونے کے باعث کفار و مشرکین پر تاخیر عذاب ہے۔

پھر حضور کا شہر مبارک افضل البلاد اور حضور کی مسجد مبارک افضل المساجد اور وہ بقعہ نوری جس میں وہ نور مجسم آرام گزین ہے کعبہ سے افضل و اعلیٰ ہے۔

اور حضور ﷺ کا نور روحی افضل خلائق ہے بلکہ وہ نور لطیف اصل انوار انبیاء و مرسلین ہے۔

حضرت علی اور ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

ما بعث اللّٰه نبیا من الانبیاء الا اخذ علیه المیثاق لئن بعثت محمدا علیه الصلوٰة والسلام وهو حی لیؤمنن به ولینصرنه۔

''اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی مبعوث نہ فرمایا مگر اس سے یہ عہد لیا کہ اگر میں اس کے زمانہ میں اپنے محبوب محمد ﷺ کو مبعوث کروں تو ان پر ایمان لائے گا اور نصرت کرے گا''۔

اور اسی کی تائید میں یہ آیہ کریمہ ہے:

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ الخ ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

اورسیادت اخروی یہ ہے کہ بروز قیامت جہنم جب لایا جائے تو ستر ہزار باگوں میں جکڑا ہوا ہو اور ہر باگ کو ستر ہزار حلقے ہوں اور ہر حلقہ میں ستر ہزار فرشتے ہوں۔ مگر وہ جہنم اپنے جوش سے ان کے قبضہ میں نہ آئے۔ حتیٰ کہ اپنے اپنے موقف پر ہر نبی اسے روکنا چاہے۔

یہاں تک کہ ابراہیم، موسیٰ وعیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام بھی اسے روک رہے ہوں اور اس کی تیزی کو دیکھ کر اپنے کو بھول کر نفسی نفسی کی آوازیں لگاتے ہوں اور بارگاہ الٰہی میں عرض کرر ہے ہوں۔

نفسی نفسی لا اسئلک الیوم غیرھا

''الٰہی اپنی جان کی امان چاہتے ہیں، آج کے دن اور کچھ ہم نہیں مانگتے''۔

کہ حضور بارگاہ رب العزت میں عرض کرر ہے ہوں:

امتی امتی سلمھا ونجھا یا رب

''الٰہی میری امت، میری امت، اسے سلامتی سے پار اتار دے اور نجات دے دے''۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جہنم کی باگ تھام کر فرمائیں:

ارجعی مدحورۃ الیٰ خلفک

''لوٹ ذلت سے اپنے پیچھے کو''۔

تو جہنم عرض کرے:

خل سبیلی فانت یا محمد حرام علی

''حضور! مجھے راستہ دے دیں۔ آپ مجھ پر حرام ہیں''۔

کہ اتنے میں سرادقات عرش سے ندا آئے:

اسمعی واطیعی لہٗ

''او جہنم! خبردار نافرمانی نہ کر، جو حکم ہمارے حبیب کا ہے اسے مان''۔

تو بادل ناخواستہ جہنم آہ سرد کے ساتھ واپس ہو۔

اہل موقف یعنی تمام انبیاء میں حضور کی مدح ہو۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خلیل و نجی، مسیح و صفی سبھی سے کہی کہیں بھی بنی
یہ بے خبری کہ خلق پھری کہاں سے کہاں تمہارے لیے

واللہ الحمد

مولای صل وسلم دائماً ابدا علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

فرشتے دیکھیں ایک عاصی کو شرمندہ ہے تر دامن
اور اس پر کثرت عصیان سے تھراتا ہے سارا تن
کہیں کیوں ہے پریشان دیکھ وہ رحمت کے ہیں معدن
مچل جا جا سوال مدعا پر تھام لے دامن
بھٹکنے کا بہانہ لے تو قصد بے تامل کو

نَبِیُّنَا الْاٰمِرُ النَّاھِیْ فَلاَ اَحَدٌ
۳۵
اَبَرَّ فِیْ قَوْلِ لَا مِنْهُ وَلَانَعَم

حل لغات: نبینا۔ نبی، نبأ سے مشتق ہے، بمعنی خبر دینے والا۔ اصطلاح میں اس انسان کو نبی کہتے ہیں جسے اللہ نے اصلاح و تبلیغ کے لیے مبعوث فرما کر اپنی وحی کے ذریعے اس پر احکام نازل فرمائے ہوں۔ ہمارا نبی۔ الامر۔ حکم دینے والا۔ الناھی۔ منع فرمانے والا ہے۔ فلا احد۔ اور نہیں ہے کوئی۔ ابر۔ من البر۔ اسم تفضیل بمعنی الصدق، آپ سے زیادہ سچا۔ فی قول۔ اقوال میں۔ لا منه۔ نہیں فرمائیں۔ ولا نعم۔ یا ہاں۔

ترجمہ: ہمارے نبی حکم دینے والے، نہی فرمانے والے ایسے ہیں کہ آپ کا مثل کوئی نہیں صدق وعدہ میں ہاں اور نہ میں۔

شرح: نبی کی تعریف لغت میں مخبر ہے۔ اس لیے کہ نبی نبأ سے مشتق ہے اور اصطلاح میں نبی وہ انسان کامل ہے جسے اللہ تعالیٰ نے مبعوث فرمایا ہو مخلوق کی طرف تا کہ وہ اس میں وحی کے احکامات کی تبلیغ کرے۔

نبی اور رسول مرادف المعنی ہیں۔ ابن ہمام سے مروی ہے کہ اس سوال پر کہا گیا کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

رسول وہ ایک مامور بالتبلیغ ہے اور اس کا صاحب کتاب ہونا ضروری ہے اور نبی کا صاحب کتاب ہونا ضروری نہیں۔ محض وحی بھی اس کے لیے کافی ہے۔

تو ہمارے حضور سید الکونین بھی ہیں، نبی آمر وناہی بھی، رسول المرسلین سید الاولین بھی اور امور ممنوعہ عند اللہ کے ناہی اور امور مستحسنہ مثل فرائض و واجبات کے آمر۔ اور ایسے آمر وناہی کے مثل اور انبیاء ومرسلین کے ہماری سرکار کے احکام دنیا میں قیامت تک تبدیل نہیں ہو سکتے جیسے کہ پہلے نبیوں کی شریعتیں منسوخ ہوتی رہیں۔ حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

افلت شموس الاولین وشمسنا ابدا علیٰ افق العلی لاتغرب

حضرت زید العابدین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

قرآنہ برھاننا نسخا لادیان مضت

اذ جاء نا احکامہ کل الصحف صار العدم

کیا خبر کتنے تارے کھلے چھپ گئے پر نہ ڈوبے نہ ڈوبا ہمارا نبی

ملک کونین میں انبیاء تاجدار تاجداروں کا آقا ہمارا نبی

سب چمک والے شیشوں میں چمکا کیے اندھے شیشوں میں چمکا ہمارا نبی

اب ابر فی قول لامنه ولا نعم کی تشریح صرف اتنی کافی ہے کہ سرکار ابد قرار ﷺ اس شان کے صادق ومصدوق تھے کہ آپ کے اخلاق حمیدہ کی تعریف کرتے ہوئے علامہ خرپوتی اس بیت کی شرح میں فرماتے ہیں:

انہٗ علیه الصلوٰة والسلام ما سئل عن شیٔ قط الاقال نعم

”حضور ﷺ سے کوئی چیز کبھی کوئی نہ مانگتا مگر حضور اس کے سوال پر ہاں فرماتے“۔

چنانچہ فرزدق ابو الفراس نے ہشام بن عبدالملک کے سامنے جو منقبت حضرت زین العابدین کی کہی تھی۔ اس میں یہ بتاتے ہوئے کہ یہ کس گھرانہ کے معزز فرزند ہیں، کس صدف کے موتی ہیں۔ حضور کی تعریف میں کہتا ہے:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ما قال لا قط الا فی تشهده لولا التشهد کانت لائه نعم

''اس سخی کونین، معطی دارین نے کبھی لا فرمایا ہی نہیں مگر التحیات کے اندر اشهدان لا اله الا الله کہا۔ اگر یہ التحیات نہ ہوتی تو ان کی لا بھی نعم کے معنی دیتی''۔

اف بے حیائیاں کہ یہ منہ اور تیرے حضور
ہاں تو کریم ہے تیری خو درگزر کی ہے
مانگیں گے مانگے جائیں گے منہ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ لا ہے نہ حاجت اگر کی ہے

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ
لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمٖ ٣٦

حل لغات: ھو۔ ضمیر راجع الیه علیه السلام، وہ سید الکونین والثقلین۔ الحبیب۔ حبیب ہیں۔ الذی۔ ایسے۔ ترجی۔ کہ امید کی جاتی ہے۔ شفاعتهٗ۔ ان کی شفاعت کی۔ لکل هول۔ ل بمعنی فی اور هول شدت ومصیبت۔ تمام شدت ومصیبت میں۔ من الاهوال۔ شدتوں اور مصیبتوں سے۔ مقتحم۔ از اقتحام، داخل شدن، بلاء بین الناس، جو انسانوں میں پھیل چکی ہو۔

ترجمہ: وہی حبیب لبیب ہیں کہ امید کی گئی ہے ان کی شفاعت کی ہر شدت ومصیبت میں، شدتوں اور مصیبتوں سے جو سختی کے ساتھ ان کے غلاموں پر نازل ہو چکی ہیں۔

شرح: اعتراض ہوسکتا ہے کہ صفت حبیب کو مختص حضور کی ذات پاک کے لیے کیوں کیا۔ جب کہ ابراہیم علیہ السلام بھی خلیل ہیں اور ہر وہ امتی محبوب ہے جو حضور کا متبع ہو، جیسا کہ قرآن کریم میں ارشاد ہے۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ(1)

اس کا جواب تو یہ ہے کہ اول تو خلیل وحبیب میں فرق بین ہے۔ اس لیے کہ خلیل بروزن فعیل ہے بمعنی فاعل، جو مسند ہے ابراہیم علیہ السلام کی طرف، جیسا کہ قرآن کریم

1۔ اے محبوب! تم فرمادو کہ لوگو! اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرمانبردار ہو جاؤ، اللہ تمہیں دوست رکھے گا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں ارشاد ہے۔ وَاتَّخَذَ اللّٰہُ اِبْرٰھِیْمَ خَلِیْلًا ۔(1)

اور حبیب بمعنی فاعل اور مفعول ہے یعنی حضور کی شان میں کہہ سکتے ہیں: **محمد حبیب الله والله حبیب محمد** اور نسبت خلت ابراہیمی میں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ **ابراھیم خلیل الله والله خلیل ابراھیم**۔

دوسرے یہ کہ خلیل اللہ علیہ السلام کو تقرب الی اللہ بواسطہ حاصل اور جناب حبیب اللہ کو اعلیٰ تقرب بلا واسطہ حاصل۔

تیسرے یہ کہ خلیل وہ ہے جس کو مغفرت امت کی آرزو ہو اور اس طمع میں وہ فرمائیں: وَالَّذِیْٓ اَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَ لِیْ خَطِیْٓـَٔتِیْ (2)۔ اور حبیب وہ ہے کہ اس کے صدقہ میں مغفرت بحد یقین ہو۔ جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے: لِّیَغْفِرَ لَكَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ ۔ تا کہ اللہ بخش دے بہ سبب آپ کی ذات مقدس کے پہلے اور پچھلے گنہگار۔

چوتھے یہ کہ خلیل کو جو کچھ ملے وہ مانگنے پر اور حبیب وہ ہے کہ جو کچھ عطا ہو بغیر مانگے عطا ہو۔

پانچویں یہ کہ خلیل وہ ہے جو اپنے محبوب کی رضا جوئی میں اپنے فرزند کے ذبح کے لیے نہ صرف آمادہ ہو بلکہ گردن پر اپنے لخت جگر کے چھری رکھ دے اور رضا جوئی میں اس کی پرواہ نہ کرے۔

اور حبیب وہ ہے کہ محبّ اس کی رضا چاہے۔ حتیٰ کہ محبوب کی مرضی کے موافق تحویل قبلہ بھی کر دی جائے اور صاف بشارت آئے کہ قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْھِكَ فِی السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىھَا ۠ فَوَلِّ وَجْھَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۔(3)

مذکورہ بالا وجوہ کی بناء پر حضور کی ذات اقدس کے ساتھ صفت حبیب کا حصر ثابت ہے

1۔ اور اللہ نے ابراہیم (علیہ السلام) کو اپنا گہرا دوست بنایا۔

2۔ اور وہ جس کی مجھے آس لگی ہے کہ میری خطائیں بخشے گا۔

3۔ ہم دیکھ رہے ہیں بار بار تمہارا آسمان کی طرف منہ کرنا تو ضرور ہم تمہیں پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری خوشی ہے۔ ابھی اپنا منہ پھیر دو مسجد حرام کی طرف۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور صاف طور پر روشن ہے کہ حبیب بمعنی حقیقی بھی ایک ذات مقدس ہے۔ اور یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ کے یہ معنی ہیں جو کسی شاعر نے واضح کیے ہیں:

ہم ہیں ان کے وہ ہیں تیرے تو ہوئے ہم تیرے ان کی امت بھی ہے اللہ کو پیاری ساری

تو یہ محبوبیت بطفیل سرکار امت مرحومہ کے مقرب افراد کو حاصل ہوئی جو بواسطہ حبیب اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

اور ترجی شفاعتہ جو فرمایا اس کی وجہ یہ ہے کہ شفاعت عامہ، خاصہ ہے جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا، اور کسی کو یہ منصب عظمیٰ حاصل نہیں۔

ایک روایت میں ہے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں ایک رات شہر سے باہر تھا کہ مکاشفہ میں مجھے معلوم ہوا کہ اس شہر کے تمام لوگ اس وقت سو رہے ہیں اور کوئی بھی اپنے رب کی عبادت میں مشغول نہیں۔ تو میں نے اپنے دل میں سوچا کہ اگر میں ان کے جلانے پر قادر ہوتا، تو سب کو جلا ڈالتا اس غفلت شعاری کی سزا میں۔ پھر معاً میں نے سوچا کہ اللہ کے بندوں کو جلانا اللہ کے شایان شان ہے میں کون جو ایسا خیال کروں۔ چنانچہ اس خیال پر میں نادم ہوا اور خیال کیا کہ اگر میں ان کی بخشش کے لیے شفاعت کا منصب رکھتا تو سب کی شفاعت کرتا، کہ معاً خیال آیا کہ شفاعت عامہ کا منصب تو مقصود ہے حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر، میں نے کیا خیال کیا، اس پر بھی نادم ہو کر ذکر و شغل میں بیٹھ گیا کہ ہاتف غیبی نے آواز دی اور کہا: غزالی! اگر تو ان دونوں خیالوں سے نادم نہ ہوتا تو ہم تمہیں زمین کے کسی گہرے گڑھے میں ڈال کر تمہارا نام دفتر اولیاء سے محو کر دیتے۔

یہی وجہ ہے کہ ترجی شفاعتہ میں حضور کی ذات اقدس کے ساتھ اپنی امید مخصوص کی۔

ابن جوزی فرماتے ہیں:

الرجاء الطمع فیما یمکن حصولہ بخلاف التمنی۔

"رجاء اس خواہش کو کہتے ہیں جس کا حصول ممکن ہو بخلاف تمنا کے کہ اس میں حصول مرام ضروری نہیں"۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

اور بعض نے کہا کہ:

الرجاء مختص بالطمع فی الممکن والتمنی عام۔

"رجاء مخصوص ہے اس طمع میں جس کا پورا ہونا ممکن ہو اور تمنا عام ہے"۔

والشفاعة هی طلب العفو

"اور شفاعت طلب عفو کو کہتے ہیں"۔

وشفاعة نبینا علیه الصلوٰة والسلام ثابتة بالاخبار والاحادیث الصحیحة

"اور حضور کی شفاعت اخبار واحادیث صحیحہ سے ثابت ہے"۔

قال المحقق الدوانی انه علیه السلام یشفع لجمیع الانس والجن الا ان شفاعته للکفار لتعجیل فصل القضآء فتخفف عنهم اهوال یوم القیامة وللمومنین للعفو ورفع الدرجات فشفاعته عامة لقوله تعالیٰ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ۔

"محقق دوانی فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انس وجن کی شفاعت فرمائیں گے اور شفاعت کفار یوں نہ ہوگی کہ ان پر اس وقت سے پہلے حکم سزا نافذ ہو چکا ہوگا۔ تاہم اہوال قیامت میں تخفیف تو ان پر بھی حضور کی شفاعت سے ہو۔ اور مومنین کے لیے تو عفو معاصی اور ترقی مدارج حضور کی شفاعت سے ہوں۔ اس بناء پر آیہ کریمہ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ (1) سے حضور کی شفاعت عامہ ثابت ہے۔

صاحب مواہب نے شفاعت کو پانچ اقسام پر منقسم فرمایا اور اس طرح تصریح کی:

شفاعت اول، الاراحة من هول الموقف وهی اعظمها واعمها۔

"میدان حشر کی سختی اور مصائب میں تخفیف اور یہ زبردست شان رحمت ہو جو عام بلا میں ظاہر ہو"۔

دوسری شفاعت: جنت میں اپنے بہت سے غلاموں کو بلا حساب داخل فرمائیں۔

1۔ اور ہم نے تمہیں سارے جہان کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تیسری شفاعت: ان کے حق میں ہو جو مستحق عذاب نار قرار پا چکے ہوں۔

چوتھی شفاعت: ان سیاہ کاروں کو جہنم سے نکالنا ہے جو دوزخ میں پکار رہے ہوں

پانچویں شفاعت: جنتیوں کے درجات کی ترقی کرانا ہے۔

اس پر حافظ جلال الدین السیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے چھٹی قسم اور فرمائی وہ تخفیف عذاب کی صورت میں ہے جو ان کے لیے ہو جو مستحق خلود فی النار ہو چکے ہوں۔

صاحب مواہب نے ساتویں قسم شفاعت یہ اور لکھی کہ سب سے اول حضور اہل مدینہ کو جنت میں داخل فرمائیں۔

یا الٰہی جب پڑے محشر میں شور دار و گیر امن دینے والے پیارے پیشوا ساتھ ہو
یا الٰہی نامۂ اعمال جب کھلنے لگیں عیب پوش خلق ستار خطا کا ساتھ ہو

مولای صل وسلم دائما ابداً علی حبیبک خیر الخلق کلھم

عرض بیگی ہے شفاعت عفو کی سرکار میں چھنٹ رہی ہیں مجرموں کی فرد ساری واہ واہ
کیا ہی ذوق افزا شفاعت ہے تمہاری واہ واہ قرض لیتی ہے گنہ پرہیز گاری واہ واہ

دَعَا اِلَی اللّٰہِ فَالْمُسْتَمْسِکُوْنَ بِہٖ
۳۷
مُسْتَمْسِکُوْنَ بِحَبْلٍ غَیْرِ مُنْفَصِمٖ

حل لغات: دعا الی اللّٰہ۔ از دعوت، بلایا اللہ کی طرف یعنی دین الٰہی کی طرف۔ فالمستمسکون۔ فاء برائے تفریع، مستمسکون، از استمساک بمعنی تمسک یعنی پکڑنا ہاتھ سے، پس پکڑنے والے۔ بہ۔ ان کے دامن کو۔ مستمسکون۔ ایسے پکڑنے والے ہیں۔ بحبل۔ رسی کے ساتھ۔ غیر منفصم۔ از انفصام بمعنی انقطاع اسم فاعل کہ کبھی نہ کٹے۔

ترجمہ: اس حبیب لبیب نے جو سید الکونین سند الثقلین ہے، ہمیں اللہ کے دین کی طرف بلایا تو ان کی اطاعت کی رسی تھامنے والے ایسے تھامنے والے ہیں کہ کبھی منقطع نہ ہوں گے۔

شرح: قرآن کرم میں حضور کی منقبت فرماتے ہوئے وَّ دَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ بِاِذْنِہٖ وَ سِرَاجًا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

مُّنِيْرًا (1) آیا ہے۔ اس شعر میں ناظم فاہم دعا الی اللہ فرما کر اسی آیہ کریمہ کے مفہوم کو ادا فرما رہے ہیں۔ چنانچہ شارح علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

ودعوته عليه الصلوٰة والسلام كانت الى جميع ذى نطق من العرب والعجم واهل الكتاب والمجوس والوثنى والجن وغير ذالك ولاجل هذا التعميم حذف الناظم الفاهم مفعول دعا۔

''ہمارے حضور سید یوم النشور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت حقہ تمام ذی نطق کے لیے عام ہے، عرب سے ہوں یا عجم سے، اہل کتاب ہوں یا مجوسی، بت پرست ہوں یا یہودی، جن ہوں یا انس۔ اسی تعمیم کے باعث ناظم فاہم رحمۃ اللہ علیہ نے دعا کا مفعول حذف فرمایا''۔

اور مطلقاً دعا الی اللہ کہا۔ اور چونکہ دعوت وارشاد میں فرق ہے اس لیے ارشاد نہیں کہا۔ بلکہ دعا کہہ کر ارشاد سے اجتناب فرمایا۔ کیونکہ ارشاد مستعمل ہے طبقۂ اولیاء میں اور دعوت مخصوص ہے انبیاء میں۔

اور مستمسکون استمساک سے ہے اور استمساک بمعنی تمسک آتا ہے اور تمسک کہتے ہیں کسی چیز کو ہاتھ سے مضبوط پکڑنے کو اور قرآن کریم میں بھی دین محمدی کی اطاعت کو وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا (2) کہہ کر حکم دیا تو اعتصام بحبل اللہ اطاعت محمد رسول اللہ ہے۔ تو استمساک بحبل بھی اطاعت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اور غیر منفصم فرما کر غیر منقطع اس لیے فرمایا کہ شریعت محمدیہ پر مہر اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ (3) لگ چکی ہے۔ تو دین محمدی ناسخ ادیان وملل ہے اور یہ کبھی منسوخ ہونے والا نہیں۔ جب یہ دین قائم ثابت الی یوم القیامۃ ہے۔ تو مستمسکون بحبل غیر منفصم یعنی غیر منقطع صحیح ہوا۔

سب نبی نور ہیں لیکن، ہے تفاوت اتنا — نیر نور ہو تم سارے نبی تاروں میں

مولای صل وسلم دائما ابدا — علی حبیبک خیر الخلق کلهم

1۔ اور اللہ کی طرف بلانے والا اور چمکا دینے والا آفتاب۔

2۔ اور اللہ کی رسی مضبوطی سے تھام لو سب مل کر۔ ۱۲

3۔ آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

٣١

فَاقَ النَّبِيِّيْنَ فِيْ خَلْقٍ وَّفِيْ خُلُقٍ
وَّلَمْ يُدَانُوْهُ فِيْ عِلْمٍ وَّلَا كَرَمٍ

حل لغات: فاق، بمعنی ربح وزاد علیه فی الرفعة۔ وھو من الفوق والفوق والتفوق حقیقتھما ان یستعملا فی الرفعة المکانیة لکن استعمل ھھنا فی الرفعة الرتبیة مجازا او استعارة (بلند مرتبہ ہوئے) النبیین۔ جمع نبی، الف لام جنسی (جنس انبیاء پر) فی خلق۔ خلق بفتح الخاء وسکون اللام۔ لغت میں تقدیر وایجاد کے معنی دیتا ہے، اور یہاں مراد کمالات ظاہریہ ہیں، حسن صورت، تناسب اعضاء واشکال و الوان اور اعتدال اطراف وغیرہ میں (شکل وصورت میں) و فی خلق بضم الخاء واللام، جمع خلق، بمعنی الطبیعة الحسنة، والمراد الکمالات الباطنیة واعتدال قوی النفس (اور اخلاق حسنہ وغیرہ میں) ولم یدانوہ۔ واؤ استینافیة۔ یدانوہ۔ از دنو بمعنی قرب یعنی (اور ہرگز نہ قریب ہو سکے وہ انبیاء اس حبیب سے) فی علم۔ (مرتبۂ وسعت علم میں) ولا کرم۔ اور نہ کرم عام میں۔

ترجمہ: ہمارے حضور تمام انبیاء پر فوقیت حاصل فرما چکے ہیں شکل وصورت ظاہری اور خلق حسن باطنی میں، اور کوئی نبی حضور کے مراتب کے قریب بھی نہیں پہنچ سکا مرتبۂ علم وکرم میں۔

شرح:

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری — آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

حضور کی ذات مقدس کو اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء کرام پر وہ تفوق عطا فرمایا کہ خلق اور حسن اور کمال وخصائل حمیدہ میں حضور کا نظیر محال اور جلال وجمال میں حضور اپنی آپ ہی نظیر ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم افضل الانبیاء ہیں۔ اور اس کا ثبوت آیات واحادیث میں واضح طور پر موجود ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں ارشاد ہے:

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ (1)

یعنی رسولوں کو ہم نے ایک کو دوسرے پر فضیلت عطا فرمائی۔ اور اہل تفاسیر اس کے

1۔ یہ رسول ہیں کہ ہم نے ان میں ایک کو دوسرے پر افضل کیا۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ماتحت لکھتے ہیں۔

المراد به محمد عليه السلام

اس سے مراد ہمارے حضور محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں۔

وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا اور (1)

وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ (2)

اس کے ماتحت بھی مفسرین اراد بہ محمدا علیہ السلام لکھ رہے ہیں۔

اور احادیث میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں:

انا سيد الاولين والآخرين ولا فخر ۔

''میں اولین وآخرین کا سردار ہوں اور اس پر فخر وتکبر نہیں کرتا''۔

کہیں فرمایا:

انا سيد ولد آدم ولا فخر ۔

''میں اولاد آدم کا سردار ہوں اور اس پر فخر نہیں''۔

اور فرمایا:

انا اتقى ولد آدم و اكرمهم على الله ولا فخر ۔

''میں اولاد آدم میں اتقی الناس اور اکرم ہوں اور یہ بات بطور افتخار نہیں کہتا''۔

اور حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نے فرمایا کہ:

اتاني جبريل فقال قلبت مشارق الارض و مغاربها فلم ار رجلا افضل من محمد عليه السلام

یعنی جبریل امین نے کہا:

آفاقہا گردیدہ ام مہر بتاں ورزیدہ ام　　بسیار خوباں دیدہ ام لیکن تو چیزے دیگری

اور ابتداء خلق سے حضور کی افضلیت مندرجہ ذیل احادیث بتا رہی ہیں۔ حضور نے فرمایا:

1۔ اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے۔ ۱۲

2۔ اور ان میں ایک دوسرے پر درجوں بلندی دی۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

كنت نبيا وآدم بين الجسد والروح ۔

”ہم اس وقت عہد نبوت پر مامور تھے جب کہ آدم بین الجسد والروح تھے“۔

دوسری جگہ فرمایا:

كنت اول الانبياء فى الخلق وآخرهم فى البعث ۔

ہم باعتبار خلق اول الانبیاء ہیں۔ اور باعتبار بعثت آخر الانبیاء اور تفوق حسن و جمال بہجت وکمال سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بھی آیات موجود ہیں جو حضور کی ذات اقدس کو سب سے بلند وبالا بتاتی ہیں۔

چنانچہ وَالضُّحٰى ۙ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى پر شارح خرپوتی فرماتے ہیں:

حيث استعير الضحىٰ من وجهه عليه السلام والليل من صدغه عليه السلام و كفاك شاهدا حديث انس قال قال عليه السلام ما بعث الله نبيا الا حسن الوجه وحسن الصوت وكان نبيكم احسنهم وجها و احسنهم صوتا۔

”والضحیٰ میں لفظ ضحیٰ سے استعارہ اس وجہ منیر کا ہے اور لیل سے استعارہ گیسوئے محبوب کا ہے اس پر حدیث انس رضی اللہ عنہ کافی سند ہے جیسا کہ وہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا مگر حسین الوجہ اور حسین الصوت اور تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے زیادہ حسین اور سب سے زیادہ ملیح الصوت ہیں“۔

الصبح بدا من طلعته والليل دجىٰ من وفرته
فاق الرسلا فضلا و علا اهدى السبلا لدلالته
سلک الشجر نطق الحجر شق القمر باشارته

اور اخلاق مرضیہ کی سند میں صریح الدلالت آیہ کریمہ شاہد ہے: وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ (1) اس آیہ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے حضور کے خلق عظیم کا حضور پر حصر فرمایا۔ اور حدیث مؤطا میں احمد و مالک رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا:

1۔ بے شک تمہارا خلق بڑے شان کا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْاَخْلَاقِ۔

''میں مبعوث ہی اس لیے کیا گیا کہ بہترین اخلاق کا اتمام فرماؤں''۔

اور اسی وجہ میں ناظم فاہم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے بیت میں ولم یدانوہ کہہ کر اس امر کی طرف اشارہ فرمایا کہ

ان الانبیاء علیهم السلام کانوا موسومین بالاخلاق المرضیة لٰکنه علیه السلام کان جامعا لجمیع الاخلاق العلیه علی الاحوال السنیة بحیث لا یتصور فوقه کمال۔

''تمام انبیاء علیہم السلام اخلاق مرضیہ کے ساتھ نوازے گئے اور ہمارے حضور کو اللہ نے جامع جمیع اخلاق عالیہ فرمایا، حتیٰ کہ حضور سے بلند اخلاق ہونے کا کسی طرف تصور بھی نہیں جا سکتا''۔

ممکن میں یہ قدرت کہاں واجب میں عبدیت کہاں
حیراں ہوں یہ بھی ہے خطا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
حق یہ کہ ہے عبداللہ اور عالم امکان کے شاہ
برزخ ہے وہ سر اللہ یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

اب یہ اعتراض پیدا ہوتا ہے کہ ادھر یہ فضائل کمال کا مظاہرہ ادھر خود حضور سید یوم النشور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد کہ لا تفضلونی علیٰ یونس ابن متی اور لا تفضلوا بین الانبیاء۔ پھر دونوں مضامین میں تطبیق کیونکر ممکن ہو؟ اس کے جواب میں متعدد تاویلات ہیں:

اول یہ کہ حضور نے یہ اس امر کو منع فرمایا کہ حضور کی فضیلت بیان کرتے ہوئے کسی نبی کی تنقیص وتوہین نہ ہو۔

دوسرے یہ کہ منع تفضیل حق نبوت میں ہے اور منصب رسالت میں، اس لیے کہ انبیاء من حیث النبوة ومن حیث الرسالة ایک ہیں۔ اب رہی فضیلت، اولو العزمی اور شان محبوبی یہ ایک علیحدہ مرتبہ ہے چنانچہ قرآن کریم میں ارشاد ہے: تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا

بَعۡضَهُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ ۘ مِنۡهُمۡ مَّنۡ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعۡضَهُمۡ دَرَجٰتٍ۔ (1)

تیسری یہ تاویل بھی ہے کہ حضور نے فضیلت غیر کو منع فرمایا قبل اس کے کہے جانے

انه سید ولد آدم۔

''بے شک حضور اولاد آدم کے سردار ہیں''۔

چوتھی صورت یہ ہے کہ لاتفضلونی جو حضور نے فرمایا، بطریق تواضع اور تہذر عن العجب ہے ورنہ یہ امر مسلم ہے کہ حضور کی ذات اقدس تمام علوم میں تمام انبیاء سے افضل ہے۔ اور امور آخرۃ اشراط ساعت احوال سعد و اشقیاء اور علم ماکان وما یکون (2)۔ سوا حضور کے کسی نبی کو مکمل عطا نہیں ہوئے اور قرآن کریم نے مطلقاً فرمایا:

وَعَلَّمَكَ مَا لَمۡ تَكُنۡ تَعۡلَمُ

''اے محبوب! جو آپ نہ جانتے تھے ہم نے تمہیں سکھا دیا''۔

اور حضور نے خود فرمایا:

اَنَا مَدِيۡنَةُ الۡعِلۡمِ

''میں علم کا شہر ہوں''۔

نیز تفوق علی الکرم میں حضور کی ذات کو قرآن کریم

اِنَّهٗ لَقَوۡلُ رَسُوۡلٍ كَرِيۡمٍ (3) فرما رہا ہے اور حضور نے بھی انا اکرم ولد آدم (4) فرمایا۔ یہ دوسرا بیت ہے جسے سن کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمایل فرما کر اظہار پسندیدگی فرمایا۔ لہٰذا قاری قصیدہ کو چاہیے کہ یہ شعر مبارک کم از کم تین بار تکرار کرے۔

1۔ یہ رسول ہیں کہ ہم نے ان میں سے ایک کو دوسرے سے افضل کیا ان میں کسی سے اللہ نے کلام فرمایا اور کوئی وہ جسے سب پر کئی درجے بلند کیا۔ ۱۲

2۔ آخرت کے احوال، قیامت کی علامات، خوش بختوں اور بدبختوں کے حالات اور جو ہو چکا اور جو ہونے والا ہے۔ اس کا علم۔ ۱۲

3۔ بے شک وہ عزت والے رسول ہیں۔ ۱۲

4۔ میں اولاد آدم میں سب سے بڑھ کر عزت والا ہوں۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

وَكُلُّهُمْ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ مُلْتَمِسٌ
۳۹ غَرْفًا مِّنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّيَمِ

حل لغات: وکلهم۔ واؤ عاطفہ، کلھم۔ ضمیر راجع الی الانبیاء ۔ اور تمام انبیاء کرام۔ من رسول الله۔ اللہ کے رسول خاص ﷺ سے۔ ملتمس۔ از التماس۔ سائل اور عرض پرداز مقصد ہیں۔ غرفا۔ بالنصب مفعول ملتمس، الغرف اخذ الماء من الید ملئ الکف۔ چلو۔ من البحر۔ دریائے اخلاق محمدی ﷺ سے۔ او رشفا۔ او بمعنی یا رشف اخذ الماء بالفم ای جرعہ یا گھونٹ۔ من الدیم۔ جمع دیمة۔ مطر بسکون بلا رعد ولا برق و یدوم اقل من ثلاثة ایام اکثرہ اربعون یوما۔ برستے ہوئے موسلا دھار مینہ سے۔

ترجمہ: تمام انبیاء سرکار والا تبار ﷺ لیل ونہار کے دریا اخلاق کا ایک چلو یا ان کے ابر کرم کا ایک جرعہ لینے کے طالب ہیں۔

شرح

لا ورب العرش جس کو جو ملا ان سے ملا
بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی

ارباب اصول کے نزدیک لفظ کل معرفہ کی طرف مضاف کیا جائے تو احاطۂ خبر کا موجب ہوتا ہے۔ اور اگر نکرہ کی طرف مضاف کریں تو احاطہ افراد کا موجب بتاتے ہیں۔

تو کلھم میں جو ضمیر جمع کی ہے وہ راجع الی الانبیاء ہے جو احاطۂ افراد نبی کا موجب ہے۔ اور من رسول اللہ سے مراد ہمارے آقا و مولیٰ جناب محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ اگر چہ احادیث میں رسول اللہ تین سو تیرہ بتائے گئے ہیں۔ لیکن قرینہ بتا رہا ہے کہ یہاں لفظ رسول اللہ سے مراد حضور ﷺ اور صرف حضور ﷺ ہیں۔

اور محققین سے مذکور ہے:

کلما ذکر لفظ رسول الله فی کتب هذه الامة فالمراد منه نبینا صلی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

اللّٰہ علیہ وسلم دون غیرہ۔

”جب لفظ رسول اللہ اس امت مرحومہ کی کتابوں میں ذکر ہو تو اس سے مراد ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی ہیں اور دوسرے رسول مراد نہیں ہو سکتے“۔

ملتمس میں جو لفظ مشتق بہ التماس استعمال کیا، اس کی وجہ یہ ہے کہ طلب شے کے لیے سوال۔ امر التماس میں تین لفظ مستعمل ہیں:

اگر اپنے سے نیچے درجے والے سے کچھ مانگا جائے، تو اسے امر کہتے ہیں۔

اور اگر اعلیٰ سے ادنیٰ طلب کرے تو سوال کہتے ہیں۔

اور اگر طلب مساوی من المساوی ہو تو التماس کہیں گے۔

یہاں ناظم فاہم رحمۃ اللہ علیہ نے ملتمس بوجہ رعایت ادب انبیاء علیہم السلام کہا۔ اگرچہ مراتب علیا سے دوسرے انبیاء کو مساوات حاصل نہیں مگر نبی ہونے کی وجہ سے ان کا پاس ادب بھی لازمی تھا۔

غرفا من البحر او رشفا من الدیم میں غرف بفتح غین وسکون راء سے مراد اخذ الماء بالید ملئ الکف ہے۔ یعنی ہاتھ سے پانی چلو بھر کر لینے کو غرف کہتے ہیں۔ گویا یہ ظاہر کیا گیا کہ بحر خلق محمدی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے انبیاء کرام نے چلو بھر حاصل کیا۔

او رشفا رشف عربی میں اخذ الماء بالفم کو کہتے ہیں، یعنی پانی منہ سے لینا جسے جرعہ یا گھونٹ کہا جاتا ہے۔

اور دیم جمع دیمہ کی ہے جو اس بارش کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جو بارش بغیر بجلی اور گرج کے ہو۔ اور ایسی بارش کم از کم تین روز رہتی ہے اور زیادہ سے زیادہ چالیس دن برستی ہے۔ اس کی اصل دومہ ہے دوام سے مشتق ہے۔

اور غرف دریا کے ساتھ اور رشف بارش کے ساتھ اس مناسبت کے لحاظ سے استعمال فرمایا کہ سمندر کا پانی کھاری ہوتا ہے۔ اس سے غسل، وضو، طہارت کی جاتی ہے تو دریا (سمندر) کے ساتھ چلو فرمایا۔ اور بارش کا پانی چونکہ شفاف اور شیریں ہوتا ہے اس پر رشف

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

استعمال کیا۔ تو حاصل معنی یہ ہوئے کہ تمام انبیاء کرام اور ہر ایک ان کا طالب ہے اور انہیں کے بحر علم سے سب حاصل کر رہے ہیں اس لیے کہ علم مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کی وسعت نسبت میں مثل دریا کے ہے۔ اور کرم و سخاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مثل موسلا دھار بارش کے۔ اور حضور چونکہ مفیض ہیں اور انبیاء مستفیض، جیسا کہ ثابت ہے۔ کہ اول اللہ تعالیٰ نے روح معطر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تخلیق فرما کر تمام علوم انبیاء و مرسلین اور علم ما کان و ما یکون اسے عطا فرمایا۔ پھر انبیاء کو پیدا کیا۔ تو انہوں نے اپنے اپنے حصے اس بحر ذخار سے حاصل کیے۔ اور حدیث جابر سے بھی ثابت ہے:

اول ما خلق اللّٰہ نور نبیک محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم۔ اور انا من نور اللہ والخلق کلھم من نوری، والمراد انہ تعالیٰ لما خلق نور محمد قبل الاشیاء خلق اللوح والقلم والسموت والارضین والعرش والکرسی والملائکۃ و الجنۃ والنار وارواح الانبیاء والمومنین ونور قلوبھم ونور انفسھم من نورہ علیہ السلام فعلم الانبیاء کان کنقطۃ بالنسبۃ الی ما فی اللوح واللوح والقلم مخلوقان من نورہ علیہ السلام فیکون علمھم نقطۃ من علمہ علیہ السلام کما لا یخفیٰ۔

خلاصہ یہ ہے: کہ لوح و قلم آسمان و زمین، عرش و کرسی، ملائکہ، جنت و دوزخ، ارواح انبیاء مومنین یہ سب حضور کے نور سے مخلوق اور ان کے علوم، علم مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک نقطہ ہیں۔

یہ بیت ثالث ہے، جس پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمایل فرمایا۔ لہٰذا یہ بیت بھی قاری قصیدہ کو تین بار دہرانا چاہیے۔

نبیوں میں نبی ایسے کہ ختم الانبیاء ٹھہرے
حسینوں میں حسیں ایسے کہ محبوب خدا ٹھہرے

شفیعٌ، مطاعٌ، نبیٌ کریم قسیمٌ، جسیمٌ، نسیمٌ وسیم
مولای صل وسلم دائماً ابداً علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۶۰ وَوَاقِفُوْنَ لَدَيْهِ عِنْدَ حَدِّهِمِ
مِنْ نُقْطَةِ الْعِلْمِ اَوْ مِنْ شَكْلَةِ الْحِكَمِ

حل لغات: وواقفون۔ واؤ عاطفہ۔ واقفون خبر بعد خبر للمبتدا۔ از واقف۔ بمعنی مطلع، اور تمام انبیاء جانتے ہیں۔ لديه۔ بمعنی عند، دربار رسالت کے نزدیک، عند، قرب، حدهم۔ اپنی حدود منصب کا۔ من نقطة العلم۔ النقطة مالا يقبل القسمة اصلا اى لا فرضا ولا عقلا ولا وهما ۔ کہ وہ نقطہ ہیں علم مصطفیٰ کا۔ اوشكلة۔ والشكلة من شكلت الكتاب اى قيدته بالاعراب ۔ بالاعراب ہیں۔ الحکم۔ حکمت (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے۔

ترجمہ: تمام انبیاء دربار رسالت میں اپنے منصب کو جانتے ہیں اور اپنے حدود منصب پر حاضر ہیں نقطہ علم کی صورت یا اعراب حکمت کے مطابق۔

شرح: خلاصہ مفہوم شعر یہ ہے کہ تمام انبیاء علیہم السلام دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتاب علم کے نقطہ ہیں یا آپ کی حکمتوں کے دفتر کے اعراب یعنی زیر زبر ہیں۔ حاصل یہ کہ جو علم اور حکمتیں حضور کو عطا ہوئی ہیں وہ اتنی وسیع ہیں کہ علم و حکم انبیاء کو ان سے وہی نسبت ہے جو نقطہ اور اعراب کو کتاب سے نسبت ہوتی ہے اور چونکہ انبیاء کرام کے درجات مختلف ہیں۔ اس وجہ سے اسے عطف کر کے فرق مراتب دکھانے کو کہا کہ بعض مثل نقطہ کے ہیں جو قابل انقسام نہیں ہوتا اور بعض مثل اعراب کے ہیں جو نقطہ کے مجموعہ سے بصورت خط ظاہر ہوتے ہیں اور قابل انقسام ہوتے ہیں۔ مختصر یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وسعت علم تمام انبیاء پر فائق اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منصب جلیل جملہ مرسلین سے بلند ہے۔

اب مفصل تشریح عرض ہے:

واقفون کے معنی مطلعون بھی ہیں اور وقف سے اگر لیے جائیں تو کھڑے ہونے کے بھی معنی بنتے ہیں۔ اور لديه، لدیٰ سے ہے۔ جس کے معنی عند کے ہیں اور ہ جو ضمیر ہے وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف راجع ہے۔ اور لغت میں لدی کی آٹھ صورتیں ہیں:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(۱) لدی بالف مقصورہ۔

(۲) لدن بفتح لام وضم دال وسکون نون، لَدُنْ۔

(۳) لدن بفتح لام وسکون دال وکسر نون، لَدْنِ۔

(۴) لدن بفتح لام والدال وسکون نون، لَدَنْ۔

(۵) لدن بضم لام وسکون دال وکسر نون، لُدْنِ۔

(۶) لد بفتح لام وسکون دال، لَدْ۔

(۷) لد بضم لام وسکون دال، لُدْ۔

(۸) لد بفتح لام وضم دال، لَدُ۔

ان تمام لفظوں کا ترجمہ عند بمعنی نزدیک کیا جاتا ہے۔لیکن لفظ لَدَیٰ کا ترجمہ مخصوص طور پر نزدیک کا ہوتا ہے۔علاوہ اس کے بقیہ الفاظ کا اگرچہ ترجمہ، عند، ہی ان کا بھی ہے۔ مگر ان میں نزدیکی اور قرب شرط نہیں۔مثلاً ''المال عند زید'' کہہ کر دونوں معنی لیے جا سکتے ہیں، خواہ وہ مال زید کے پاس ہو خواہ اس کے خزانہ میں ہو۔لیکن جب المال لدی زید، کہا جائے گا۔تو اس سے اس مال کو زید کے غایت درجہ قرب میں سمجھا جائے گا۔

اور حد بفتح حاء چھ معانی دیتا ہے۔اول بمعنی مرتبہ، دوم بمعنی غایت ونہایت، سوم بمعنی حاجز ومانع بین الشیئین۔ چہارم بمعنی تشحیذ السیف، پنجم بمعنی عقوبت مقدرہ جس کو قائم کرنا امام کے اختیار میں ہو۔ششم بمعنی تعریف جو ذاتیات پر مشتمل ہو۔اور بیت مذکور میں حد کے معنی مرتبہ کے ہیں۔

من نقطة العلم من بیانیہ ہے اور واقفون کا مفعول ثانی۔اس سے حاصل معنی بیت مبارک کے یہ ہوئے، کہ انبیاء کرام مطلع ہیں حضور سید الانبیاء ﷺ میں اپنے مراتب پر، اور وہ واقفیت نقطہ علم یا شکل حکمت کے مطابق ہے۔

یعنی علم مصطفیٰ ﷺ علم الٰہی کے مقابلہ میں مثل نقطہ ہے اور حکمت الٰہیہ کے مقابلہ میں ایک شکلہ ہے اور علم انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اس نقطہ اور اس شکلہ حکمت کا ایک ادنیٰ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

جز ہے۔

اور یہ اطلاع لیلۃ المعراج میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اس وقت حاصل ہوئی جب کہ مجلس الٰہیہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو حضوری حاصل ہوئی۔ اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے تمام انبیاء کے، علوم و حکمت کا مطالعہ فرما کر اپنے علم وحکمت کا علم الٰہی کے مقابلہ میں اندازہ فرمایا۔ یا یہ اطلاع لواءِ حمد کے نیچے قیامت کے دن واضح ہو۔ جیسا کہ روایت ہے کہ تمام انبیاء کرام لواءِ حمد کے نیچے جمع ہوں۔ اور یہ علم مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کا ایک جلوہ ہے اور وہاں ہر نبی اپنے مرتبہ کے موافق کھڑا ہو، یا یہ منصب خلق ارواح قبل الاجساد کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو عطا ہوا۔

اسی بناء پر شفا میں قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

خص اللّٰه تعالیٰ به علیه السلام الاطلاع علی جمیع مصالح الدنیا والدین ومصالح امته وما کان فی الامم وما سیکون فی امته من النقیر والقطمیر وعلی جمیع فنون المعارف کاحوال القلب والفرائض والعبادة والحساب و قد وردت آثار۔

وفی حدیث یروی عن معاویة رضی اللّٰه عنه کان یکتب بین یدیه صلی اللّٰه علیه وسلم فقال له الق الدواة وصرف القلم ورقم الباء وفرق السین ولا تحور المیم وحسن اللّٰه ومد الرحمٰن و جوّد الرحیم مع انه صلی اللّٰه علیه وسلم لم یکتب ولم یقرا من کتاب الاولین قطعا کما قال تعالیٰ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ۔

"خلاصہ یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات اقدس اطلاع مصالح دنیا و دین سے متمتع تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو امت کے حالات اور جو کچھ کر رہے ہیں اور کریں گے سب پر عبور تھا اور تمام فنون کا علم حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو حاصل تھا۔ چنانچہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے رسم خط کی تعلیم دی اور فرمایا: میم اس طرح لکھو، ب ایسے لکھو۔ س یوں لکھو وغیرہ وغیرہ"۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تیرے آگے یوں ہیں دبے لچے فصحاء عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانیں منہ میں زبان نہیں نہیں بلکہ جسم میں جان نہیں

٤١ فَهُوَ الَّذِی تَمَّ مَعْنَاهُ وَصُوْرَتُهُ
ثُمَّ اصْطَفَاهُ حَبِیْبًا بَارِئُ النَّسَمِ

حل لغات: فهو الذی۔ الفاء للنتیجة وهو بسکون الهاء، راجع الی نبینا۔ پس ہمارے نبی وہ ہیں۔ تم۔ بمعنی کمل، کہ مکمل ہوگیا۔ معناہ۔ اسم مکان و معنی الرجل کماله، ان کا کمال ظاہری۔ وصورته۔ والصورة کماله الباطنی اور کمال باطنی۔ ثم۔ اما علی اصلها اعنی للتراخی الزمانی۔ پھر۔ اصطفاہ۔ انتخاب کیا ان کا۔ حبیبا۔ محبوبیت کے لیے۔ باری۔ پیدا کرنے والے۔ النسم۔ ارواح عالم نے۔

ترجمہ: پس آپ ہی کی ذات مقدس ہے جو اپنے ظاہری کمالات اور باطنی ترقیوں میں مکمل ہے اور جن کو محبوبیت کے لیے چنا خالق ارواح نے۔

شرح: خلاصہ مفہوم یہ ہے کہ جب یہ ثابت ہو چکا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خلق و خلق میں سب سے افضل، اشرف، اجمل، اکمل ہیں اور جمیع کمالات ظاہری و باطنی کے جامع، تو یہ امر بھی واضح ہو گیا کہ آپ فضائل ظاہری و باطنی میں بھی مرتبہ کمال پر پہنچے ہوئے ہیں۔ اور سب میں بڑی رفعت منصب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو خالق جمیع ارواح ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا حبیب بنایا۔ چنانچہ حدیث میں ہے:

ان الله اصطفیٰ من ولد ابراهیم اسماعیل واصطفیٰ من ولد اسماعیل بنی کنانة واصطفیٰ من بنی کنانة قریشا واصطفیٰ من قریش بنی هاشم واصطفانی من بنی هاشم۔(1)

1۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو خاص کیا اور اسماعیل علیہ السلام کی اولاد سے بنی کنانہ کو اور بنی کنانہ سے قریش کو اور قریش سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم سے اللہ تعالیٰ نے مجھے خصوصیت بخشی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خود حسن و جمال بے نہایت داری ہم جود و کرم بحد غایت داری

مولای صل وسلم دائما ابداً علی حبیبک خیر الخلق کلهم

مُنَزَّهٌ عَنْ شَرِيكٍ فِيْ مَحَاسِنِهٖ

٦٢ فَجَوْهَرُ الْحُسْنِ فِيهِ غَيْرُ مُنْقَسِمِ

حل لغات: منزه۔ از تنزیه، بمعنی تبرئه و التبعیه اسم مفعول خبر مبتدا محذوف، پاکیزہ ہیں۔ عن شریک۔ بروزن فعیل، نکرہ بمعنی معادل، اپنے ہمسر سے۔ فی محاسنه۔ جمع حسن، حسن ظاہری و باطنی میں۔ فجوهر الحسن۔ الفاء للنتیجة، جوهر معرب از گوهر وعند البعض من الجهر، بمعنی الحجر المستخرج کالیاقوۃ والزبرجد و الزمرد و فی هذا المقام من الجوهر جوهر الحکمة یعنی مادة واصل الحسن۔ فيه۔ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہے۔ غیر منقسم۔ غیر تقسیم شدہ ہے۔

ترجمہ: وہ ہستی مقدس بالاتر ہے اپنے محاسن میں کسی کی شرکت سے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جوہر حسن آپ کے سوا کسی دوسرے میں منقسم نہیں۔

شرح: یعنی ذات اقدس محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس سے منزہ ہے کہ آپ کی خوبیوں میں بالذات کوئی آپ کا شریک ونظیر ہو۔ بلکہ تمام محاسن میں آپ مستقل ہیں۔ اور دیگر انبیاء میں جتنی خوبیاں اور محاسن ہیں وہ آپ کی خوبیوں کے ظل ہیں کیونکہ وہ آپ ہی سے مستفاد ہیں۔ یہ اشارہ ہے اس حدیث کی طرف جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی کہ اول مخلوق کون ہے۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

یا جابر اول ماخلق الله نور نبیک محمد صلی الله علیه وسلم

''اے جابر! سب سے اول اللہ نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور پیدا فرمایا''۔

اور پھر اس نور کو پھیلا کر اس سے لوح وقلم، عرش وکرسی، ملک وملکوت اور تمام عالم وآدم پیدا کیے۔

www.waseemziyai.com
MAKTABA AZIZ-UL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

اور لفظ جوہر میں ایک لطیف اشارہ اس امر کی طرف بھی ہے کہ حقیقت حسن عدم انقسام میں مثل جوہر فرد کے ہے اور غیر منقسم اس لیے کہا کہ حقیقت حسن مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کے حصص واجزا نہیں کیے گئے۔ بلکہ وہ تمام وکمال اولاً آپ ہی کی ذات شریف پر منحصر رہے۔ اور تمام عالم میں جو کچھ ہے وہ آپ کا پرتو اور ظل ہے۔

لب لعل و خط سبز و رخ زیبا داری حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
شیوہ و شکل و شمائل حرکات و سکنات آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

تحقیق جوہر

حکماء کے نزدیک جوہر پانچ ہیں: اول ہیولی، دوم صورت، سوم جسم، چہارم عقل، پنجم نفس۔

متکلمین کے نزدیک جوہر دو ہیں:

اول جوہر فرد جو لایتجزیٰ ہوتا ہے۔ دوم نفس۔

اس بیت میں ناظم رحمۃ اللہ علیہ کی مراد جوہر سے جوہر متکلمین ہے۔ یعنی اصل حسن اور مادہ۔

خذ بر جوہر فرد است دلیل تقسیم گر بہ بازیچہ شوم مجرم ارباب کلام
سر تا بقدم ہے تن سلطان زمن پھول لب پھول دہن پھول بدن پھول ذقن پھول
دل بستہ و خوں گشتہ نہ خوشبو نہ لطافت کیوں غنچہ کہوں ہے مرے آقا کا دہن پھول

۴۳
دَعْ مَا ادَّعَتْهُ النَّصَارٰی فِیْ نَبِیِّهِمٖ
وَاحْكُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحًا فِیْهِ وَاحْتَكِمٖ

حل لغات: دع، از ودع یدع، بمعنی اترک، چھوڑ۔ ما۔ موصولہ، اس کو جو کچھ۔ ادعتہ۔ ماضی مونث، از ادعاء دعوی کیا۔ النصاریٰ۔ نصاریٰ نے۔ فی نبیھم۔ اپنے نبی کی شان میں۔ واحکم۔ امر، ای احکم علیہ واعمل ما اردتہ من المدح۔ اور حکم لگا۔ بما شئت۔ جو کچھ تو چاہے۔ مدحا فیہ۔ ان کی مدح ونعت میں۔ واحتکم۔ از احتکام۔ بمعنی فیصلہ، اور فیصلہ کر اور یقین۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ترجمہ: وہ نعت چھوڑ جو عیسائیوں نے اپنے نبی کی شان میں کہی کہ ابن اللہ بنا ڈالا۔ اور اس کے سوا جو کچھ نعت میں کہنا چاہے حکم لگا کر اور فیصلہ کر کے کہہ۔

شرح: نصاریٰ جمع نصران کی ہے۔ وجہ تسمیہ اس کی ایک تو یہ ہے کہ انہوں نے اپنے نبی عیسیٰ علیہ السلام کو کہا تھا۔ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ (1) اس اعتبار سے نصرانی کہلائے یا اس وجہ سے کہ یہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ایک قریہ میں گئے تھے جس کا نام نصران یا ناصرہ تھا تو یاء نسبت لگا کر نصرانی نام ہو گیا۔ اور فی نبیھم سے مراد عیسیٰ روح اللہ علیٰ نبینا وعلیہ السلام ہے۔ اور ''مما ادعته النصاری'' سے مراد وہ اعتقادیات باطلہ کاسدہ فاسدہ ہیں جو نصاریٰ میں رائج ہیں۔ یعنی تولید وحلول و اتحاد۔ حضرت مسیح علیہ السلام کے بعد عیسائیوں میں تفرقہ ہوا۔ اور فرقے بنتے بنتے بہتر تک پہنچ گئے۔

ان میں سے بڑے تین فرقے ہیں: (۱) ملکانیہ، (۲) نسطوریہ (۳) یعقوبیہ۔

ملکانیہ ان دو بادشاہوں کی جماعت کا نام ہے جو عظماء روم میں سے تھے، ان کا عقیدہ تھا کہ مسیح میں لاہوت وناسوت جمع ہو گئے ہیں اور کلمۃ اللہ جسد مسیح سے پیدا ہوا۔ اس بناء پر معاذ اللہ مسیح قدیم ازلی ہیں اور مریم سے اللہ ازلی پیدا ہوا۔ اور لفظ ابوت اور ربوبیت اللہ تعالیٰ پر اطلاق کیا جا سکتا ہے۔ اور اس کی سند انجیل سے لیتے تھے کہ انجیل میں مسیح کی تعریف میں ہے: انک انت الابن الوحید آیا ہے۔ ''یعنی تو بے شک یکتا بیٹا ہے''۔ حالانکہ یہاں ابن سے مراد مقرب اور معزز عبد سے تھی۔

اور نسطوریہ، نسطور حکیم کے متبعین کی جماعت کا نام ہے۔ یہ عہد مامون میں ظاہر ہوئے۔ اور انہوں نے انجیل میں تصرف کر کے بہت کچھ تحریفات کیں، اور اپنا عقیدہ اس طرح ظاہر کیا:

ان اللہ تعالیٰ واحد ذواقانیم ثلاثۃ الوجود والعلم والحیاۃ وھذہ الاقانیم لیست بزائدۃ علی الذات وحلت ھذہ الصفات فی بدن عیسیٰ علیہ السلام ولذا یحیی الموتیٰ ویبرئ الاکمہ والابرص ۔

1۔ ہم دین خدا کے مددگار ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLIA ISLAMIA ACADEMY

"نسطور حکیم نے جب کمالات مسیح دیکھے تو اس نے کہا: عیسیٰ میں خدا کا وجود حلول کیے ہوئے ہے۔ وجود علم حیاۃ ان تینوں صفتوں کے ساتھ خدا مسیح میں حلول کر چکا ہے۔ اس وجہ میں عیسیٰ علیہ السلام احیاء موتی اور ابراء اکمہ وابرص کرتے ہیں"۔

یعقوبیہ یہ ایک شخص یعقوب نامی تھا۔ اس کی جماعت کے متبعین ہیں۔ ان کا عقیدہ یہ تھا کہ کلمہ منقلب بہ لحم ہو کر دم ہوا اور وہ خدا بن گیا اور اس خدا کا نام مسیح ہوا۔ اور وہ مسیح ظاہر بجسد عنصری ہو گیا۔

تو ناظم فاہم فرماتے ہیں کہ ہمارے حضور کے معجزات و کمالات مرتبہ مسیح سے کہیں زیادہ دیکھ کر تم بہک نہ جانا۔ بلکہ نصاریٰ کے عقیدوں کو چھوڑ کر واحکم بما شئت مدحا۔ جو چاہو مدح و نعت کرنا اور اس پر محاکمہ کر کے قطعی فیصلہ کر لینا۔ لیکن یہ خیال رکھنا کہ صفاته علیه السلام حادثة وصفاة الله قديمة۔ ہمارے حضور کے تمام اوصاف حادث، جائز الفناء ہیں، اور اللہ تعالیٰ کی تمام صفات قدیم ہیں۔

یا صاحب الجمال ویا سید البشر من وجهک المنیر لقد نور القمر
لایمکن الثناء کما کان حقهٗ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر (1)

فَانْسُبْ اِلٰی ذَاتِهٖ مَاشِئْتَ مِنْ شَرَفٍ
وَانْسُبْ اِلٰی قَدْرِهٖ مَاشِئْتَ مِنْ عِظَمِ ۴۲

حل لغات: فانسب۔ امر، پس نسبت کر۔ الی ذاته۔ اس ذات والا کی طرف۔ ماشئت۔ جتنا تو چاہے۔ من شرف۔ تنوینه للتعظیم تعظیم و شرف سے۔ وانسب۔ اور نسبت کر۔ الی قدره۔ ان کے مرتبہ کی طرف۔ ماشئت۔ جتنا تو چاہے۔ من عظم۔ عظمتوں سے۔

ترجمہ: پس نسبت کر اس ذات والا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف جتنا تو چاہے، تعظیم و شرف

1۔ اے حسن و جمال والے اور اے تمام انسانوں کے سردار! آپ کے چہرۂ انور سے چاند روشن ہوا ہے آپ کی تعریف کا جیسا حق ہے کسی سے ادا نہیں ہو سکتی، قصہ مختصر یہ ہے کہ خدا کے بعد آپ ہی ساری مخلوق سے افضل ہیں۔
(تفسیر عزیزی میں مذکورہ اشعار موجود ہیں)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے، اور نسبت کر اس کے مرتبہ کی طرف جتنا تو چاہے عظمتوں سے۔

شرح: بات واضح اور روشن ولائح ہے کہ جب یہ معلوم ہو چکا کہ باعث تخلیق عالم اور سبب تکوین آدم آپ کی ذات مقدس ہے۔ اور جس قدر کمالات، انبیاء کرام علیہم السلام کو حاصل ہوئے وہ سب اس آفتاب فیوض و برکات کے پرتو اور اس بحر ناپیدا کنار کا ایک چلو اور اس نیسان رحمت (بارش) کا ایک قطرہ ہیں۔ اور باوجود اس کے تجھے ان کی صفات جمیلہ پر عبور تام اور علم تمام حاصل نہیں۔ تو جتنا تو سمجھ چکا ہے اس اعتبار سے ان کے شرف عظیم اور کرم کثیر اور جمال خلق اور تناسب اعضاء اور کرم بداطیب عرق ذکاء، لب صفاء جنان بلاغت کلام فصاحت لسان اور تمام کمالات انسانیہ کے ماتحت جو کچھ چاہے بیان کر اور سمجھ لے کہ وہ ہستی مقدس منبع الاحسان اور مبدع الرحمٰن ہے۔

اور مصرع ثانی میں عظم جو فرمایا، اس کی وجہ یہ ہے کہ شرف منتسب الی الذات ہوتا ہے۔ اور عظمت منتسب الی الصفات ہوتی ہے۔ جیسا کہ حضور ﷺ نے ہرقل کو جب نامہ عالی روانہ کیا۔ تو اس میں تحریر فرمایا: **من محمد رسول اللّٰہ الی ہرقل عظیم ملک الروم** تو لفظ عظیم مکتوب عالی میں بالنسبت الی المرتبت لکھا گیا نہ کہ بالنسبت الی الذات، تو **بماشئت من عظم** میں علو قدر و منزلت و مرتبت جمال طور اور صفات نور اور عظمت معجزات اور خصوصیت فی المعراج اور امامت الی الانبیاء اور دنو الی جناب العلیٰ اور تفضیل روز قیامت باللوا اور امتیاز بالوسیلہ اور شفاعت کبریٰ مراد ہے۔

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے	باغ خلیل کا گل زیبا کہوں تجھے
گلزار قدس کا گل رنگیں ادا کہوں	درمان درد بلبل شیدا کہوں تجھے
اللہ رے تیرے جسم منور کی تابشیں	اے جان جان میں جان تجلا کہوں تجھے
بے داغ لالہ یا قمر بے کلف کہوں	بے خار گلبن چمن آراء کہوں تجھے

مجرم ہوں اپنے عفو کا ساماں کروں شہا
یعنی شفیع روز جزا کہوں تجھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

فَاِنَّ فَضلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ لَیسَ لَہٗ
۴۵
حَدٌّ فَیُعرِبَ عَنہُ نَاطِقٌ بِفَمٖ

حل لغات: فان۔ فاللتعلیل، پس تحقیق۔ فضل۔ فضائل، رسول اللہ، رسول اللہ کے۔ لیس له۔نہیں ہے واسطے ان کے۔حد۔ بمعنی غایت ونہایت،کوئی حد۔ فیعرب۔ مضارع ازاعراب۔بفصاحت ظاہر کرنا، جو بالفاظ فصیح ظاہر ہو۔عنه۔ان سے۔ناطق۔ بولنے والے۔بفم۔اپنے منہ سے۔

ترجمہ: بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضائل کی کوئی حد نہیں جو بالفاظ فصیح بولنے والا اپنے منہ سے بول سکے۔

شرح: فرماتے ہیں کہ میں نے جو پہلے بیت میں کہا تھا۔کہ دع ما ادعته النصاریٰ۔ نصاریٰ نے جو نعت کی اسے چھوڑ کر جو کچھ تو چاہتا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدحت میں کہہ۔اس کی وجہ یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات شریف کی طرف جو خوبیاں اور فضائل تو منسوب کرے گا، وہ مرتبۂ رسالت سے ادنیٰ ہی ہوں گے۔اس لیے کہ اس رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مناصب کی کچھ حد اور نہایت نہیں کہ کوئی فصیح اللسان، بلیغ البیان اپنی زبان ناطق سے واضح کر سکے۔حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

وضم الاله اسما باسم نبیه   اذ قال فی الخمس المؤذن اشهد
وشق له من اسمه لیجله   فذو العرش محمود وھٰذا محمد

کسی عاشق نے خوب کہا ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی منقبت اپنے مقالہ میں نہیں کرتا۔ بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام کی برکت سے اپنے مقالہ کو مقبول بنا رہا ہوں، حیث قال:

ما ان مدحت محمدا بمقالتی   لکن مدحت مقالتی بِمُحَمّدٖ

کہاں طاقت بشر کو مدح مصطفےٰ ٹھہرے
مدیح ذات پاک احمدی جب خود خدا ٹھہرے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لَوْ　نَاسَبَتْ　قَدْرَهٗ　اٰيَاتُهٗ　عِظَمًا

٦٦ اَحْيٰ اسْمُهٗ حِيْنَ يُدْعٰى دَارِسَ الرِّمَمِ

حل لغات: لو۔ شرطیہ۔ اگر۔ ناسبت۔ ماضی مؤنث، از مناسبت، مطابق ہونا، مطابق ہوتے۔ قدرہٗ۔ قدر ومنزلت کے برابر۔ ایاته۔ ان کے معجزات۔ عظما۔ عظمت میں۔ احی۔ ماضی، از احیاء، زندہ کرنا، زندہ کر دیتا۔ اسمه۔ ان کا نام پاک۔ حین۔ جب کہ۔ یدعی۔ پکارا جاتا۔ دارس۔ اسم فاعل از دروس، ناپدید و بے نشان ہونا، مٹے ہوئے۔ الرمم۔ جمع رمتہ، استخوان بوسیدہ، بوسیدہ ہڈیوں کو۔

ترجمہ: اگر تو ہمارے حضور کی قدر ومنزلت کو برابر ان کے معجزات عظیمہ کے دیکھتا تو زندہ کر دیتا ان کا نام پاک جب کہ پکارا جاتا بے نشان اور بوسیدہ ہڈیوں کو۔

شرح: یعنی اگر حضور سید یوم النشور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات کا ظہور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرتبہ اور عزوشرف کے مطابق ہوتا تو جب اور جس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم شریف لیا جاتا، استخوانہائے بوسیدہ کو وہ نام پاک زندہ کر دیتا، بعض نے یوں شرح کی: کہ آیات سے مراد اسماء مبارک سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ گویا ناظم فاہم فرماتے ہیں: کہ اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزو منزلت اسماء مبارک کے مشابہ ہوتی تو جیسے مسمی یعنی ذات بابرکات سے احیاء اموات کا معجزہ ظہور میں آیا۔ ایسا ہی اسم مبارک سے مردہ تو کیا سڑی اور بوسیدہ ہڈیوں میں جان آ جانی چاہیے تھی۔ اس پر علامہ خرپوتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ومن فهم هٰذا البيت ان مراد الناظم ان احياء الموتىٰ لم يعط له عليه الصلوٰة والسلام اصلا فقال معترضاً على الناظم ان هٰذا البيت مخالف لما سيأتي "وكل اى اتى الرسل الكرام بها"۔ اذ يفهم منه ان احياء الموتىٰ اعطى اليه عليه السلام اذكان ذالک معجزة عيسىٰ عليه السلام وهٰذِه المعجزة اتصلت الى عيسىٰ عليه السلام من نور نبينا عليه السلام انتهى فقد خبط خبط عشواء وركب متن عمياء اذ ليس مراد الناظم انه لم تعط له

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

علیه السلام هذه المعجزة اصلا بل مراده ان تلک المعجزة لم تعط له علیه السلام بعد وفاته الی یوم القیامة والا فهو علیه السلام جامع لجمیع معجزات التی ظهرت فی ایدی سائر الانبیاء مع معجزات خاصة به علیه الصلوٰة والسلام ان کنت فی ریب مما ذکرنا فانظر ماذکر فی دلائل النبوة۔

''یعنی جو اس بیت کے معنی یہ سمجھا کہ معجزہ احیاء موتی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو عطا نہیں کیا گیا۔ وہ اس بیت پر بھی اعتراض کرے گا جو آگے آرہا ہے: وکل آی اتی الرسل الکرام بها۔ اور کہے گا: کہ پہلے تو معجزہ احیاء کا ناظم انکار کر گئے اور یہاں فرماتے ہیں، کہ ہر معجزہ جو انبیاء قوم پر پیش کر گئے، وہ سب ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا صدقہ تھے، اور حقیقت یہ ہے، کہ معجزۂ احیاء موتی معجزہ ہی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ہے اور عیسیٰ علیہ السلام کو یہ معجزہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نور مبارک کے پرتو سے ملا۔ اور وہ شخص جو اس بیت کے معنی وہ سمجھا جو ہم ذکر کر آئے ہیں۔ وہ مخبوط الحواس اور آنکھوں کا اندھا ہے۔ ناظم فاہم رحمۃ اللہ علیہ کی مراد اس شعر میں ہرگز یہ نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو معجزۂ احیاء موتی نہیں عطا ہوا۔ بلکہ مقصود اس امر کا اظہار کرنا ہے کہ احیاء موتی کا معجزہ بعد وفات حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو قیامت تک کے لیے نہیں دیا۔ اگر دیا جاتا تو نام پاک بھی مردہ زندہ کر دیتا۔ ورنہ وہ ہستی پاک تو جامع جمیع کمالات و معجزات ہے بلکہ تمام معجزات اور کمالات انبیاء حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے کمالات کا پرتو ہیں۔ اور اگر تجھے اب بھی شک ہے۔ تو دلائل النبوت میں جو معجزات منقول ہیں، انہیں دیکھ''۔

چنانچہ نقل فرماتے ہیں کہ عہد رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں ایک جوان مر گیا جو انصاری تھا۔ اور اس کے اطراف بھی باندھ دیے گئے کہ اس کی ماں ضعیفہ نابینا آئیں اور انہیں ان کے اس جوان بیٹے کی موت کی خبر دی تو انہوں نے ہاتھ اٹھائے اور کہا:

اللّٰهم ان کنت تعلم انی هاجرت الیک والٰی نبیک رجاء ان تغیثنی فی کل شدة فلا تحمل علی هذه المصیبة بحرمة نبیک۔

''الٰہی اگر تو جانتا ہے کہ میں نے تیری طرف اور تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

امید پر ہجرت کی تھی کہ تو ہر بلا و مصیبت میں میری مدد فرمائے گا تو یہ مصیبت مجھ پر اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقہ میں نہ ڈال"۔

اس دعا کے بعد اس کا مردہ بیٹا زندہ تھا، اس کا منہ کھولا، وہ کھڑا ہوا اور حاضرین کے ساتھ اس نے کھانا کھایا۔

اور ایسا ہی دوسرا واقعہ ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت کی اور بکری ذبح کی تو آپ کے بڑے صاحبزادے نے چھوٹے صاحبزادے سے پوچھا: ہمارے ابا جان نے بکری کس طرح ذبح کی تھی تو چھوٹے صاحب نے کہا: آؤ میں بتاؤں۔ بڑے بھائی آگے بڑھے۔ انہوں نے انہیں لٹایا اور ہاتھ پیر باندھ کر چھری اٹھائی اور ذبح کر دیا اور سر لے کر اپنی ماں کے پاس پہنچے ماں رونے لگیں تو انہیں خوف آیا اور سمجھے کہ یہ مجھ سے کوئی غلطی ہوئی ہے۔ خوف زدہ بھاگے اور چھت پر چڑھ گئے اور ماں پیچھے پیچھے چھت پر پہنچی، تو انہوں نے خوف کے مارے چھلانگ لگائی اور زمین پر آ کر جان دے دی۔

والدہ نے یہ واقعہ فاجعہ دیکھ کر سوچا کہ ادھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت ہے ادھر یہ معاملہ ہے۔ خیال آیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت کے مقابلہ میں یہ واقعہ کچھ نہیں۔ جبر اور صبر کر کے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے معاملہ مخفی رکھا، اور دونوں کو چارپائی پر لٹا دیا اور کھانا پکانا شروع کر دیا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور دسترخوان پر کھانا چن دیا گیا۔ تو جبرئیل امین حاضر ہوئے اور عرض کی اللہ کا حکم ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ کھانا جابر رضی اللہ عنہ کے دونوں صاحبزادوں کی معیت میں تناول فرمائیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو فرمایا، حضرت جابر رضی اللہ عنہ گھر میں آئے اور بیوی سے کہا۔ بیوی نے کہا: وہ دونوں اس وقت موجود نہیں ہیں۔ جابر رضی اللہ عنہ نے حاضر ہو کر یہی عرض کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر تاکید فرمائی کہ انہیں تلاش کر کے لایا جائے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بیوی سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اصرار ظاہر کیا تو آپ مضطربانہ اٹھیں اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو دونوں لاشیں دکھا دیں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روتے ہوئے خدمت والا میں حاضر ہوئے اور اصل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حال عرض کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ابھی خاموش ہی تھے کہ جبرئیل حاضر ہوئے اور عرض کی:

ان اللّٰہ تعالیٰ یامرک ان تدعو لھما ویقول منک الدعاء ومنا الاجابۃ۔

"یارسول اللہ! صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے محبوب! ان دونوں کے حق میں دعا فرمائیں۔ آپ کی طرف سے دعا ہے اور ہماری طرف سے اس کی قبولیت"۔

چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان کے زندہ ہونے کی دعا فرمائی اور اللہ تعالیٰ نے علی الفور انہیں زندہ کر دیا۔ وہ اٹھے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ دسترخوان پر کھانا کھایا۔ اور مثل اس کے بہت سے واقعات ہیں۔

ایک اعتراض اور اس کا جواب

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو معجزۂ احیاء موتیٰ بعد وفات عطا کیوں نہ فرمایا۔ تاکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نام پاک کی برکت سے جب چاہتے مردہ زندہ کر لیتے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اگر یہ معجزہ بعد وفات بھی ظہور میں آتا رہتا تو ایمان مومنین بالمشاہدہ ہو جاتا۔ اور امت مرحومہ کی تعریف ایمان بالغیب پر آئی ہے۔ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ قرآن کریم میں وارد ہے۔ اور **الایمان بالغیب اولیٰ من الایمان بالمشاھدہ** مسلم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ معجزہ قیامت تک کے لیے وفات کے بعد سے مخفی رکھا گیا۔ وللہ الحمد۔

چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں بہت سی دکھا دیجے آنکھوں سے شق القمر کو
جس مردہ کو نہ حضرت عیسیٰ جلا سکیں لے آؤ اس کو میرے پیمبر کے سامنے

۶۰ لَمْ یَمْتَحِنَّا بِمَا تَعِیَ الْعُقُوْلُ بِہٖ
حِرْصًا عَلَیْنَا فَلَمْ نَرْتَبْ وَلَمْ نَھِمِ

حل لغات: لم یمتحن۔ نفی جحد بلم، از امتحان، ہرگز نہ امتحان کیا۔ نا۔ ہمارا۔ بما۔ ساتھ اس چیز کے۔ تعی۔ مضارع از عی، درماندگی، کہ تھک جائیں۔ العقول۔ عقلیں۔ بہ۔ اس سے۔ حرصاً۔ از حرص۔ شدۃ الرغبۃ فی الشیء والمیل الیہ۔ ترقی مدارج

میں بہت مائل ہیں۔ **علینا**۔ ہمارے اوپر۔ **فلم نرتب**۔نفی جحد بلم، ازارتاب، شک کرنا، پس ہرگز ہرگز نہ شک میں پڑے۔ ہم۔ **ولم نهم**۔نفی جحد بلم، از وہم۔اور ہرگز ہرگز نہ وہم میں پڑے ہم۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسی چیزوں سے ہمارا امتحان نہ فرمایا جس کے سمجھنے سے، ہماری عقلیں عاجز آجاتیں اور تھک جاتیں۔ وہ حریص ترقی وہدایت امت ہیں۔ اس وجہ سے نہ ہم کو کسی شک وشبہہ کا موقع آنے دیا نہ اندھا دھند شریعت پر ہم چلے۔

شرح: مختصر شرح تو یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایسی چیزوں سے ہمارا امتحان نہ فرمایا جس کے سمجھنے سے ہماری عقلیں عاجز و درماندہ رہ جاتیں۔ کیونکہ آپ کو ہماری صلاح مطلوب تھی۔ اس لیے ہم کسی حکم کے قبول میں کسی قسم کا شک وشبہہ نہیں کر سکتے۔ اور احکام کی ایسی وضاحت فرمائی کہ ان کے سمجھنے میں ہم مبتلائے وہم نہیں ہوئے۔ نہ ایسی سختیاں ہم پر ڈالیں کہ ان کی تعمیل سے ہم تھک جاتے، جیسا شریعت ماضیہ میں تھا کہ قتل بالعمد ہو یا بالخطا دونوں میں قصاص یا حرمت دیت یا قطع اعضاء خاطیہ یا قرض موضع نجاست یا قتل نفس فی التوبہ، قطع ثوب نجس بالمقراض، ترک عمل یوم السبت، عدم جواز صلوٰۃ فی غیر الکنائس، فرضیت نماز پچاس بار رات دن میں، مال کا چوتھا حصہ زکوٰۃ میں، بلکہ صاف فرمایا:

اتیتکم بالحنیفة السهلة السمحا۔

"میں سہل، آسان اور صاف واضح شریعت تمہارے لیے لایا ہوں"۔

اور حرصا میں تلمیحاً اشارہ آیہ کریمہ حَرِیۡصٌ عَلَیۡکُمۡ کی طرف ہے کہ قرآن کریم میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہماری ترقی مدارج میں حریص فرمایا۔ غرضکہ اسلام ایسا واضح ہے کہ اس میں ایک بات بھی بعید از عقل نہیں۔

اللّٰھم انت خالق الورى اجعلنا من اهل المغفرة والتقىٰ بحرمة النبى الذى فى صورته قد بدا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

٤٨
اَعْیَ الْوَرٰی فَھْمَ مَعْنَاہُ فَلَیْسَ یُرٰی
لِلْقُرْبِ وَالْبُعْدِ مِنْہُ غَیْرُ مُنْفَحِمِ

حل لغات: اعی، از اعیا، التعجیز، درماندہ کرنا، عاجز کرنا۔ الوریٰ۔ بمعنی خلق الف لام استغراقی، تمام مخلوقات کی۔ فھم۔ فہم اور سمجھ کو۔ معناہ۔ کمال خالص، اس کی ذات کے کمال سے۔ فلیس۔ از لا ایس، اسم للموجود یعنی لا موجود یا لا وجود، پس نہیں ہے کوئی موجود۔ یریٰ۔ مضارع مجہول، من الرؤیت عام از رؤیت قلب و رؤیت چشم۔ جو دیکھا جائے۔ للقرب۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب۔ والبعد۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دور۔ منہ۔ ان سے۔ غیر منفحم۔ از انفحام، دلیل سن کر عاجز آ جانا یا لاجواب ہو جانا جو عاجز نہ آ گیا ہو۔

ترجمہ: مخلوقات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حقیقت سمجھنے سے عاجز ہو گئی۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک و بعید کوئی ایسا نہیں، جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے عاجز اور لاجواب نہ ہو گیا۔

شرح: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کمالات ظاہری و باطنی اور حقیقت محمدی کے سمجھنے سے عالم عاجز آ گیا۔ صحابہ کرام جو قریب ہیں وہ بھی اور عامۂ امت جو بعید ہیں، دونوں ساکت و عاجز ہیں۔ اور معلوم نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا ہیں اور کس مقام قرب کے اہل ہیں۔ جامی علیہ الرحمۃ کہتے ہیں:

تو جان پاکی سر بسر نے آب و خاک اے نازنین
واللہ زجاں ہم پاک تر روحی فداک اے نازنین
پاکاں ندیدہ روئے تو جاں دادہ اندر بوئے تو
اینک مگر درکوئے تو صد جان پاک اے نازنین

فیضی کہتا ہے:

امی و دقیقہ دان عالم بے سایۂ و سائبان عالم

علامہ قرطبی تذکرہ میں فرماتے ہیں:

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لم یظھر کمال حسنه علیه السلام والا لما اطاقت اعین الصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنھم النظر الیه۔

''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کمال حسن ظاہر ہی نہیں ہوا۔ ورنہ صحابہ کرام میں یہ تاب نہ تھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف نظر بھر کر بھی دیکھ سکتے''۔

رہے عشق میں ہم تو گھر کے نہ در کے — جئے بھی اگر ہم تو سو بار مر کے
تصور میں بھی سامنے تجھ کو کر کے — کبھی دیکھ سکتا نہیں آنکھ بھر کے
ترا رعب اتنا ہے کہتا ہوں ڈر کے — ادھر بھی نظر ہو میں صدقے نظر کے

شعراء نے قصائد و مدائح لکھے۔ لیکن ابی تمام اور بحتری، ابن رومی وغیرہ وغیرہ فصحاء نعت خوانی میں اپنا عجز ہی ظاہر کر رہے ہیں۔ اعلیٰ حضرت بریلوی قدس سرہ نے خوب کہا:

وہ کمال حسن حضور ہے، کہ گمان نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے، یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں
بخدا خدا کا یہی ہے در، نہیں اور کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو، جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں
وہ شرف کہ قطع ہیں نسبتیں، وہ کرم کہ سب کے قریب ہیں
کوئی کہہ دو یاس و امید سے، وہ کہیں نہیں وہ کہاں نہیں
ہے انہیں کے نور سے سب عیاں، ہے انہیں کے جلوہ میں سب نہاں
بنے صبح تابش مہر سے، رہے پیش مہر یہ جاں نہیں
وہی نور حق وہی ظل رب، ہے انہیں سے سب، ہے انہیں کا سب
نہیں ان کی ملک میں آسماں، کہ زمیں نہیں کہ زماں نہیں

٤٩ كَالشَّمْسِ تَظْهَرُ لِلْعَيْنَيْنِ مِنْ بُعُدٍ
صَغِيْرَةً وَّتُكِلُّ الطَّرْفَ مِنْ اَمَمٍ

حل لغات: کالشمس۔ وہ ہستی مقدس مثل سورج کے ہے۔ تظهر۔ کہ ظاہر ہوتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

للعینین۔ دونوں آنکھوں کو۔ من بعد۔ درحقیقت یہ بعد ہے۔ وزن شعر کے لیے دونوں حرف متحرک کیے۔ دور سے۔ صغیرۃً۔ چھوٹا۔ وتکل۔ مضارع از کل، گرانی، درماندگی، اور تھک جاتی ہے۔ الطرف۔ آنکھ۔ من امم۔ بفتحتین، القرب، کرنوں کے قرب سے۔

ترجمہ: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مثال سورج کی سی ہے کہ بظاہر دور اور چھوٹا نظر آتا ہے۔ اور جب آنکھ کھول کر دیکھو تو قرب و بعد دونوں نظر کو خیرہ کر دیتے ہیں۔

شرح: سورج سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشبیہ درحقیقت علی سبیل تقریب و تمثیل ہے ورنہ وہ ذات اقدس اس سے کہیں اعلیٰ وامجد ہے۔ اسی وجہ سے عدم ادراک کیفیت کمالات ظاہریہ و باطنیہ کے باعث ناظم رحمۃ اللہ علیہ نے سورج سے تشبیہ دی کہ وہ دور سے ایک قرص نظر آتا ہے اور دیکھنے والا بسبب نہایت بعد اس کی واقعی مقدار معلوم نہیں کر سکتا اور اگر اسے پاس سے دیکھو تو بوجہ غایت نورانیت چشم بینا عاجز اور خیرہ ہو جاتی ہے۔ اور اگر حقیقۃً دیکھا جائے تو سورج کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پاک سے کیا نسبت۔ یہ اس نور پاک کے ایک ذرہ سے مستفیض، وہ معدن نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خورشید تھا کس زور پر، کیا بڑھ کے چمکا تھا قمر
بے پردہ جب وہ رخ ہوا، یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
رخ دن ہے یا مہر سما، یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
شب زلف یا مشک ختا، یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
بلبل نے گل ان کو کہا، قمری نے سرد جاں فزا
حیرت نے جھنجلا کر کہا، یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
حق یہ کہ ہیں عبداللہ، اور عالم امکاں کے شاہ
برزخ ہیں وہ سر اللہ، یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

ظاہر بین افراد انہیں ایک جسم مقدس دیکھتے ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ حقیقت واقعیہ بسبب غایت بعد انسان دیکھ ہی نہیں سکتا اور ارباب کشف وشہود کی آنکھیں بوجہ غایت قرب

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

درخشانی دیکھنے سے قاصر ہیں۔ غرضکہ نزدیک و دور کے دیکھنے والے دونوں حقیقت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دریافت کرنے سے قاصر ہیں۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے خود بھی دعا فرمائی:

اللھم اجعلنی فی عینی صغیرا وفی اعین الناس کبیرا۔(1)

وَكَيْفَ يُدْرِكُ فِي الدُّنْيَا حَقِيقَتَهُ
قَوْمٌ نِيَامٌ تَسَلَّوْا عَنْهُ بِالْحُلُمِ ۵۰

حل لغات: وکیف۔ استفہام انکاری، اور کیونکر۔ یدرک۔ من الادراک، معلوم ہو سکتی ہے۔ فی الدنیا۔ دنیا میں۔ حقیقته۔ حقیقت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔ قوم۔ اس قوم کو۔ نیام۔ جمع نائم، خوابیدہ، جو سو رہی ہے۔ تسلوا۔ ماضی، از تسلی، بے فکر۔ عنه۔ اس حقیقت سے۔ بالحلم۔ جمع احلام، خواب غفلت میں۔

ترجمہ: کیونکر جان سکتا ہے کوئی دنیا میں حقیقت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جب کہ قوم دنیا کے ایک خواب غفلت میں سو رہی ہے۔

شرح: وصول علم کے متعدد مراتب ہیں:

اول شعور، پھر ادراک، پھر حفظ، پھر تذکر، پھر ذکر، پھر فہم، پھر فقہ، پھر درایۃ، پھر یقین، پھر ذہن، پھر فکر، پھر حدس۔

یہاں ادراک سے یدرک مضارع معروف استعمال کیا گیا۔ تا کہ مطلق تصور یا احاطۂ جوانب مرئی کی نفی ہو جائے۔ یعنی بطون حقیقت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شان تو ارفع و اعلیٰ ہے، لیکن ظاہر حقیقت پر بھی تصور انسان احاطۂ جوانب مرئی سے قاصر ہے۔ اور فی الدنیا کے ساتھ عدم ادراک کی قید اس وجہ سے لگائی گئی کہ حقیقت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا استتار اور اختفاء کمالات احمدیہ میں مخصوص بالدنیا ہے۔ اور آخرت میں تو ہر ایک کے تمام مراتب ظاہر ہو جائیں گے حتیٰ کہ مومنین کو رویت الٰہی بھی بلا کیف و مکان حاصل ہوگی۔ چنانچہ صاحب قصیدۂ امالی نے بھی فرمایا۔

یراه المومنون بغیر کیف۔(2)

1۔ اے اللہ مجھے میری آنکھ میں چھوٹا کر دے اور لوگوں کی آنکھوں میں بڑا۔ ۱۲

2۔ مومن اللہ تعالیٰ کی زیارت بے کیف کریں گے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس لیے کہ یوم آخرت میں تبدل اعیان الی حالة اخریٰ ہوگا۔اور متصوفین نے عدم رؤیت الٰہی کی دنیا میں یہی وجہ لکھی ہے کہ باقی کو عین باقی دیکھ سکتی ہے۔اور دنیا و مافیہا فانی ہے تو یہاں کی آنکھ بھی فانی ہے۔اور قوم نیام جمع نائم کی ہے۔اور نوم ایک ہوا ہے، جو اغشیہ دماغیہ سے اٹھ کر جب آنکھوں کی طرف آتی ہے تو انسان کو اونگھا دیتی ہے اور جب وہاں سے قلب کی طرف پہنچتی ہے تو سلا دیتی ہے۔اور عالم دنیا میں چونکہ انسان ایک خواب غفلت میں ہے۔جیسا کہ حدیث میں ارشاد ہے:

الناس نیام فاذا ماتوا انتبھوا۔

''لوگ سو رہے ہیں، جب مرتے ہیں تو چونکتے ہیں''۔

اسی بناء پر تلمیحاً ناظم فاہم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کی طرف اشارہ فرمایا اور بتایا کہ اس خواب غفلت میں حقیقت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے خبر رہ کر جس کے جو ذہن میں آیا وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں لکھتا رہا۔بے دین اپنی غفلت کے ماتحت کہتا رہا۔یہی وجہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کو بشر کہنے کی ہے۔

محمد سر وحدت ہے کوئی رمز اسکی کیا جانے شریعت میں تو بندہ ہے حقیقت میں خدا جانے
محمد سے صفت پوچھو خدا کی خدا سے پوچھیے شان محمد

فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِيهِ اَنَّهُ بَشَرٌ
51 وَاَنَّهُ خَيْرُ خَلْقِ اللّٰهِ كُلِّهِمِ

حل لغات: فمبلغ العلم۔مبلغ بمعنی منتھا وغایة، پس انتہاء علم۔فیه۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات میں یہ ہے۔انه۔کہ وہ۔بشر۔بشر ہیں۔و انه۔واؤ حالیہ، اور حقیقت یہ ہے۔خیر خلق الله۔کہ وہ خیر خلق اللہ ہیں۔کلھم۔تمام مخلوق میں۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معاملہ میں ہمارا انتہاء علم یہی ہے کہ وہ بشر ہیں۔اور حال یہ ہے کہ وہ تمام خلق اللہ سے افضل اور اعلیٰ ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شرح:

سب سے اعلیٰ و اولیٰ ہمارا نبی　　سب سے بالا و والا ہمارا نبی
جس کو شایاں ہے عرش خدا پر جلوس　　ہے وہ سلطان والا ہمارا نبی

یعنی ہمارے علم کا نہایت بلوغ اور ہمارے ادراک کا غایت وصول یہی اور یہی ہوسکتا ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات اقدس پر یہ حکم لگا سکیں کہ وہ بشر عظیم اور جوہر جسیم ہیں۔ افراد انسانیہ اور اجیاد اعیانیہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے افضل اور کوئی بشر نہیں۔ لیکن حقیقت الامر یہ ہے کہ معنی صفاتیہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم افضل المخلوقات اور سید الکائنات ہیں۔

چنانچہ علامہ خرپوتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ قصیدہ سناتے سناتے جب اس مصرع پر آئے اور دربار رسالت میں عرض کیا:

فمبلغ العلم فیه انه بشرٌ۔

تو مصرع ثانی کیلئے خاموش ہو گئے تو سرکار ابد قرار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف سے ارشاد ہوا اقرأ پڑھ۔

فقال الامام انی لم اوفق للمصرع الثانی لهذا البیت یا رسول الله

"حضور! صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مصرع ثانی مجھ سے موزوں نہیں ہو سکا خاص کر اس بیت کا"۔

فقال علیه السلام قل یا امام۔

"اے امام! کہہ **وانه خیر خلق الله کلهم**"۔

تو امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے فوراً یہ مصرع درج کیا اور بار بار ہر بیت کے آخر میں شوق و ذوق کے ساتھ **وانه خیر الخلق کلهم**، پڑھتے رہے۔

مولای صل وسلم دائماً ابداً　　علی حبیبک خیر الخلق کلهم

وَكُلُّ آیٍ اَتَی الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا
۵۲
فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُّوْرِهٖ بِهِمٖ

حل لغات: وکل، واوٗ عاطفہ، اور تمام۔ آیٍ۔ معجزات۔ اتی۔ بمعنی تجیء، جولائے، الرسل الکرام۔ رسل جمع رسول، کرام، جمع کریم، ای منعمون، رسول انعام فرمانے والے۔

بھا۔ضمیر راجع الی آی، ان معجزوں کو۔فانما۔حصر، پس جزایں نیست۔اتصلت۔ کہ وہ معجزات پہنچے اور ملے۔ من نورہ۔ضمیر راجع الیہ علیہ السلام، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور سے۔بھم۔ضمیر راجع الی الانبیاء علیھم السلام۔ان انبیاء کرام کو۔

ترجمہ: تمام معجزات جو انبیاء کرام اقوام ماضیہ (گزری ہوئی قوموں) پر لائے وہ ان کو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور پاک کی لمعانیت وتابانیت سے حاصل ہوئے۔

شرح:

قرنوں بدلی رسولوں کی ہوتی رہی   چاند بدلی کا نکلا ہمارا نبی

مفہوم بیت واضح ہے کہ تمام کمالات جو انبیاء کرام کو حاصل ہوئے۔ وہ سب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صدقہ ہیں۔ اس لیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باعث ایجاد عالم ہیں اول ماخلق اللہ نوری۔ ''سب سے پہلے جو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا، وہ میرا نور تھا'' ارشاد گرامی ہے۔ پھر حدیث قدسی میں ہے، اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو مخاطب فرما کر سنایا:

لولاہ لما خلقتک۔

''اے آدم اگر وہ محبوب نہ ہوتا میں تجھے پیدا نہ کرتا''۔

کہیں ارشاد الٰہی ہوا:

لولاک لما خلقت الافلاک

''اے محبوب! اگر تمہیں ہم پیدا فرمانا منظور نہ کرتے تو زمین وآسمان نہ بناتے''۔

مولای صل وسلم دائما ابدا   علی حبیبک خیر الخلق کلھم

اور بات بھی قرین فہم ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے تمام سابقین نائبین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں تو ان کے تمام اختیارات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عطیہ نہیں تو اور کیا ہو سکتے ہیں؟ اس لیے کہ

کل ما فی الکونین من نورہ علیہ الصلوٰۃ والسلام،

''جو کچھ کونین میں ہے سب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور پاک سے ہے''۔

اس پر ایک حدیث عبدالرزاق اپنی سند سے نقل فرماتے ہیں جو حضرت جابر رضی اللہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

عنہ سے مروی ہے۔ اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کہ لوح و قلم، جنت، دوزخ، فرشتے، آسمان، زمین، چاند، سورج، جن وانس، عرش و کرسی، ملائکۃ المقربین، حملۃ العرش، نور ابصار مومنین، نور قلوب صالحین، معرفت و توحید، کروبیان عرش، ارواح خلائق، نعمات دنیا، ارواح انبیاء، شہداء، سعداء سب کی تخلیق ہمارے نور سے کی گئی۔ اس کے بعد تخلیق آدم فرما کر اس میں ہمارا نور جلوہ گر ہوا اور وہاں سے منتقل ہو کر جبین شیث علیہ السلام میں آیا۔ اصل حدیث جسے دیکھنی ہو۔ وہ شرح خرپوتی میں دیکھے۔ وللہ الحمد۔

فَاِنَّهٗ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا
٥٣ يُظْهِرْنَ اَنْوَارَهَا لِلنَّاسِ فِي الظُّلَمِ

حل لغات: فانہ، ضیمر راجع الیہ علیہ السلام۔ پس تحقیق وہ نبی ﷺ۔ شمس۔ سورج ہیں۔ فضل۔ فضل الٰہی کے۔ ھم۔ ضمیر راجع الی الانبیاء علیھم السلام۔ اور وہ تمام انبیاء۔ کواکبھا۔ جمع کوکب یعنی نجوم و اقمار، ستارے ہیں۔ یظھرن۔ مضارع جمع مؤنث، ظاہر کرتے رہے۔ انوارھا۔ جمع نور، اپنی روشنیوں کو۔ للناس۔ لوگوں پر۔ فی الظلم۔ جمع ظلمت، تاریکی، تاریکیوں میں۔

ترجمہ: حضور ﷺ آفتاب فضل الٰہی ہیں اور تمام انبیاء کرام اس آفتاب نبوت سے مستنیر ہونے والے سیارے، جو لوگوں پر اپنی نصیحتوں ہدایتوں کی روشنی زمانہ تاریک میں دکھاتے ہیں۔

شرح: اس بیت میں وجہ اتصال انبیاء حضور سرور عالم ﷺ سے ظاہر فرمائی اور فرمایا: کہ حضور ﷺ آفتاب فضل و کمال ہیں اور انبیاء علیہم السلام اس آفتاب کے اقمار و کواکب۔ جیسے قمر غیبوبت شمس (سورج کے غائب ہونے) کے وقت شمس سے استفادۂ نور کر کے شب تاریک میں روشنی پھیلاتا ہے، اسی طرح انبیاء کرام روح پرفتوح محمد ﷺ کے نور سے قبل ظہور وجود باجود خلق میں نور ہدایت پھیلا کر رہنمائی فرماتے رہے۔ اور جب حضور جلوہ آراء عالم کون ہو گئے تو جس طرح چاند طلوع شمس کے بعد چھپ جاتا ہے۔ اسی

طرح تمام انبیاء کرام جلوۂ نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں محو ہو کر اس کی طرف رجوع ہو گئے۔

عرش کی عقل دنگ ہے چرخ میں آسمان ہے
جان مراد اب کدھر ہائے ترا مکان ہے
عرش پہ جا کر مرغ عقل تھک کے گرا غش آ گیا
اور ابھی منزلوں پرے پہلا ہی آستان ہے
عرش پہ تازہ چھیڑ چھاڑ فرش میں طرفہ دھوم دھام
کان جدھر لگایئے تیری ہی داستان ہے
وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

علامہ قسطلانی نے مواہب لدنیہ میں اسماء محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں شمس بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام بتایا ہے حیث قال واما الشمس نسمی بها صلی الله علیه وسلم لكثرة نفعه وعلو رفعته وظهور شريعته وجلالة قدره وعظم منزلته لانه لا يحاط بكماله حتى لايسع الرائی ان ينظر اليه ملأ عينه اجلالا له كما ان الشمس فی الرتبة ارفع من انواع الكواكب لانها فی السماء الرابعة والانتفاع بها اكثر من غيرها كما لا يخفى وايضا لما كان سائر الكواكب يستمد من نورها ناسب تسميته صلی الله عليه وسلم بها لان نور الانبياء استمد من نوره عليه السلام۔انتهیٰ۔

"فرماتے ہیں: شمس حضور کا نام پاک یوں ہے کہ علو رفعت، ظہور شریعت، جلالت قدرت، عظم منزلت میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ مقام ہے کہ احاطۂ کمال کرنا محال ہے۔ حتی کہ دیکھنے والا آنکھ بھر کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جلال و جمال کا مشاہدہ نہیں کر سکتا۔ جس طرح سورج اپنے رتبہ میں سب سے بلند ہے اور آسمان چہارم سے نور ریزی کرتا ہے۔ اور جس قدر اس سے انتفاع حاصل ہوتا ہے کواکب و اقمار سے نہیں۔ اسی طرح ذات قدسی صفات جناب محمد

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہے کہ تمام انبیاء کرام مثل کواکب اس شمس فضل و کمال سے مستنیر ہو رہے ہیں۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک شمس مناسب ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسم با مسمیٰ ہیں''۔

سب نبی نور ہیں لیکن ہے تفاوت اتنا نیر نور ہو تم سارے نبی تاروں میں

اب یہ سوال کہ تمام انبیاء کرام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور پاک سے کس کس صورت میں مستفید و مستفیض ہوئے۔ اس کی تفصیل میں علامہ خرپوتی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک بسیط بحث فرمائی ہے، جس کا خلاصہ مفہوم یہاں منقول ہے:

فرماتے ہیں کہ تمام انبیاء کرام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظہور سے قبل اپنے فضل و کمال کا مظاہرہ فرماتے رہے۔ لیکن جو کچھ ان سے ظاہر ہوا وہ سب ہمارے حضور سید یوم النشور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور پاک کے فیضان کا ظہور تھا۔ من غیر ان ینقص من نورہ شیء۔ (1)

اور سب سے اول جو فیضان نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظاہر ہوا وہ آدم علیہ السلام میں ہوا۔ جب کہ انہیں حضرت جل و علا تبارک و تعالیٰ عز اسمہ نے اپنا نائب بنا کر تعلیم اسماء فرمائی اور مقام جوامع الحکم محمدی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے نوازا اور آدم علیہ السلام نے ملائکہ پر وہ علم الٰہی ظاہر کیا۔

حتیٰ کہ تمام مخلوق انسانی کا ظہور ہوا اور اصلاب و انساب بدلتے بدلتے زمانۂ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آیا۔ تو جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مثل سورج کے جلوہ آراء ہو گئے تو نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں تمام انوار محو ہو گئے اور تمام نبوتیں تحت لواء رسالت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آ گئیں۔

غرض کہ کسی نبی کو کوئی کمال و کرامت عطا نہ ہوا لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہ کمال ملا ہوا تھا۔ چنانچہ اگر آدم صفی علیہ السلام کی ولادت ید قدرت کے ساتھ ہوئی۔ تو حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شرح صدر فرما کر اس میں ایمان و حکمت اور خلق نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کیا گیا۔

اور سجود ملائکہ جو آدم علیہ السلام کو ہوا اس کی وجہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور پاک تھا جو آدم علیہ السلام کی جبین میں مستنیر تھا۔ اور اگر آدم علیہ السلام کو علم الٰہی عطا ہوا تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علم الٰہی و مسمیات عطا کیا گیا۔ اور یہ امر واقعہ ہے کہ اسماء سے مسمیات کا علم اعلیٰ ہے۔

1۔ اس طرح کہ آپ کے نور مبارک میں کچھ کمی نہ ہوئی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

اور ادریس علیہ السلام کو اگر مَكَانًا عَلِيًّا کی رفعت عطا ہوئی تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس مکان کی رفعت عطا کی گئی کہ آج تک کوئی اس رفعت تک نہیں پہنچا، جسے معراج کہتے ہیں۔

اور نوح علیہ السلام کو اگر مع ان کے متبعین کے طوفان سے نجات دی گئی تو ہمارے حضور روحی فداہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کے لیے یہ شرف عطا ہوا کہ دنیا میں وہ عذاب سماویہ سے محفوظ رہے گی اور وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ (1) فرما کر دوامی نجات کی شہادت دے دی۔

اور سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو اگر نار نمرود سرد کر کے نجات دی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے نار حرب سے ہمیشہ کے لیے مصئون فرما دیا۔ اور كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ (2) کا مژدہ دوامی سنا دیا۔ اور لیلۃ المعراج میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بحر النار سے عبور کرایا۔ اور ہر قسم کی تکلیف وحرارت سے مامون رکھا۔ اور اگر انہیں مقام خلت سے نوازا تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس سے اعلیٰ مقام مقام محبت دے کر حبیب بنایا۔ اور اگر ابراہیم علیہ السلام کو کسر اصنام نمرودی کی فضیلت دی تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مکہ کی فتح عطا فرما کر تین سو ساٹھ بتوں سے کعبہ پاک فرمانے کی عزت عطا فرمائی۔

اور اگر موسیٰ علیہ السلام کو معجزۂ عصا عطا فرما کر لکڑی کا سانپ بنا دیا تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بلا عصا یہ منصب جلیل مخصوص رکھا۔ چنانچہ جب ابوجہل نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پتھر سے شہید کرنے کا ارادہ کیا اور وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب گیا تو اس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دونوں شانہ ہائے اقدس پر دو اژدہا دیکھے، جس سے سراسیمہ واپس بھاگ کر اپنی جماعت میں پناہ گزین ہوا۔

اور اگر موسیٰ علیہ السلام کو ید بیضاء عطا ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہ نور عطا ہوا کہ لیل مظلم (اندھیری رات) میں چمکتا اور چہرۂ زیبائے اقدس کے مقابلہ میں چاند سیاہ معلوم ہوتا۔

اور اگر موسیٰ علیہ السلام کو انفلاق بحر کا معجزہ ملا تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو انشقاق قمر کا ایسا معجزہ عطا ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام کا تصرف زمین پر رہا اور حضور کا تصرف آسمان پر کرایا جو اس

1۔ اور اللہ تعالیٰ انہیں عذاب نہیں کرے گا جب تک اے محبوب! تم ان میں تشریف فرما ہو۔

2۔ جب کبھی لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں اللہ اسے بجھا دیتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے بداہتہً افضل ہے۔

اور موسیٰ علیہ السلام کو اگر اجابت دعوت کا منصب ملا تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اتنی وسیع مقبولیت عطا ہوئی جس کا احصاء ناممکن ہے انشاء اللہ مختصر ذکر اپنے اپنے مقام پر آئے گا۔

اور اگر تفجر ماء من الحجارہ (پتھر سے پانی نکلنے) کا معجزہ موسیٰ علیہ السلام کو ملا۔ تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تفجر ماء من بین اصابعه (انگلیوں سے پانی نکلنا) عطا ہوا۔ اور اگر موسیٰ علیہ السلام کو طور پر کلام کا شرف عطا ہوا تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لیلۃ الاسراء میں زیادہ دنو و (قرب) مقام سے ممتاز فرما کر اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى (1) کا شرف خاص بخشا۔ اس میں ظاہر فرق ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کا مقام کلام طور سینا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام سماوات اعلیٰ سے سدرۃ المنتہیٰ۔ اور اگر ہارون علیہ السلام کو کمال فصاحت بخشا تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو افصح جمیع بنی آدم بنایا۔ اور اگر یوسف علیہ السلام کو حسن صبیح عطا کیا تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ملیح الحسن اور تمام کمالات حسن کا منبع بنایا۔ اور اگر یوسف علیہ السلام کو تعبیر رؤیا (خوابوں کی تعبیر) کا علم عطا فرمایا تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس قدر علوم سے نوازا کہ اس کا شمار محال۔ اور اگر داؤد علیہ السلام کو تلیین حدید (لوہا نرم ہونے) کا معجزہ دیا تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس سے کہیں زیادہ عطا ہوا کہ لکڑی کو لوہے کی تلوار بنایا اور تقلب اعیان (حقیقت کو تبدیل) کر دکھایا۔ اور پتھر کے دل میں نقش پائے اقدس اتارا۔ اور اگر سلیمان علیہ السلام کو جنود (لشکر) جن کا سردار بنایا تو ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جنود ملائکہ کا حاکم کیا۔ اور اگر عیسیٰ علیہ السلام کو ابراء اکمہ وابرص واحیاء موتی (پیدائشی اندھے اور برص والے کو شفا اور مردوں کو زندہ کرنے) کا معجزہ ملا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس سے کہیں زیادہ کمالات عطا ہوئے۔ کہ نکلی ہوئی آنکھ ٹھکانے پر رکھ کر روشن فرمائی۔

حضرت معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہ کی بیوی کو برص ہوا۔ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان پر ہاتھ پھیرا تو وہ تندرست ہوگئیں اور احیاء موتی کا قصہ

1۔ اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

واقعہ ابناء جابر میں پہلے مذکور ہو چکا۔ اور حضور ﷺ کے کمالات کے ساتھ یہ ذکر ان کا عشر عشیر بھی نہیں ہے۔

مولای صل وسلم دائما ابدا علی حبیبک خیر الخلق کلھم

اَکْرِمْ بِخَلْقِ نَبِیٍّ زَانَهُ خُلُقٌ

بِالْحُسْنِ مُشْتَمِلٍ بِالْبِشْرِ مُتَّسِمِ ۵۴

حل لغات: اکرم۔ فعل تعجب، صیغۂ امر حاضر، فاعل مستتر۔ راجع الی اللہ۔ ای ما اکرم اللہ، کیا بلند کیا اللہ نے۔ بخلق نبی۔ باء زائدہ، والخلق بمعنی الذات، والتنوین للتعظیم، ذات اور ظاہر تخلیق محمد ﷺ کو۔ زانہ۔ صفت لنبی، از زینت، اور مزین کیا اس کو۔ خلق۔ جمع خلق۔ بمعنی صفت و سیرت یعنی شمائل مبارک حسن خلق اور سیرت پاک نے۔ بالحسن۔ الف لام للاستغراق یعنی جمیع انواع الحسن مقصود علیہ السلام۔ جو تمام اقسام حسن پر۔ مشتمل۔ از اشتمال، یعنی احاطہ از شمل بمعنی جمع واحاطہ، حاوی ہے۔ بالبشر۔ بشر بکسر الباء تحرک بشرۃ الوجہ عند السرور والبشاشۃ۔ اور تمام مسرتوں اور بشاشتوں۔ متسم۔ اسم فاعل از اتسام بمعنی الاتصاف از وسم یعنی علامت، کے ساتھ متصف ہے۔

ترجمہ: ہمارے حضور ﷺ کی جسمانی ساخت اللہ نے کس قدر دل آویز بنائی۔ اور اس کو خوش اخلاقی نے کیسی زینت دی کہ چہرۂ زیبا سے آثار مسرت و بشاشت ظاہر ہیں۔

شرح:

سر تا بقدم ہے تن سلطان زمن پھول
لب پھول، دہن پھول، بدن پھول، ذقن پھول

قرآن کریم میں اسی وجہ منیر کی تعریف میں ارشاد ہے: نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ اور مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْهَا مِصْبَاحٌ۔ گویا حضور ﷺ کا حسن ظاہری خلق باطنی کے ساتھ ایسا مزین ہے کہ تمام خوبیوں اور دل آویزیوں پر حاوی ہے۔ بات ہے تو ایسی کہ جس کی بات نہیں۔ اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خلق ہے تو ایسا کہ جس کا جواب نہیں۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حسن ظاہری اور خلق و سیرت میں احادیث مشہورہ کثرت سے وارد ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

ما رأیت شیئا احسن من رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم کأن الشمس تجری فی وجهه واذا ضحک یتلأ لأ فی الجدر۔

''میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ حسین کسی کو نہ دیکھا یہ معلوم ہوتا ہے گویا سورج وجہ منیر پر قربان ہو رہا ہے اور جب تبسم فرماتے تو در و دیوار پر دندان مبارک کی جھلک پڑتی''۔

اور حضرت ام معبد بعض اوصاف حسن میں فرماتی ہیں: کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دور سے اجمل الناس نظر آتے اور قریب سے احلیٰ و احسن۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ بس آخر توصیف یہ کی جا سکتی ہے کہ پہلی ملاقات میں ہر کس و ناکس پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہیبت طاری ہوتی اور کچھ دیر کلام کر کے یہی کہتا نظر آتا۔

لم ارقبله ولا بعده مثله صلی اللّٰہ علیه وسلم

''مجھے آج سے پہلے اور قیامت تک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مثل ملنا محال ہے''۔

کروں تیرے نام پہ جاں فدا نہ بس ایک جاں دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں
ترا قد تو نادر دہر ہے، کوئی مثل ہو تو مثال دے
نہیں گل کے پودوں میں ڈالیاں کہ چمن میں سرو چماں نہیں
نہیں جس کے رنگ کا دوسرا نہ تو ہے کوئی نہ کبھی ہوا
کہو اس کو گل کہے کیا بنے کہ گلوں کا ڈھیر کہاں نہیں

حضرت عبداللہ بن حارث فرماتے ہیں:

مارأیت احدا اکثر تبسما من رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم

''میں نے کسی کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ خندہ پیشانی نہیں دیکھا کہ دیکھنے والے کا غم غلط ہو جائے''۔

مولای صل وسلم دائما ابدا علی حبیبک خیر الخلق کلهم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

یہ بیت مبارک چوتھا ان ابیات کا ہے جس کو سن کر سرکار اقدس ﷺ نے اظہار پسندیدگی کے لیے تمایل فرمایا۔ اس بیت مبارک کا کم از کم تین بار دہرانا قاری قصیدہ پر لازمی ہے۔

كَالزَّهْرِ فِيْ تَرَفٍ وَّالْبَدْرِ فِيْ شَرَفٍ
وَالْبَحْرِ فِيْ كَرَمٍ وَّالدَّهْرِ فِيْ هِمَمٍ ۵۵

حل لغات: کالزھر۔ ک تشبیہی، زہر، شگوفہ، مثل کلی گلاب کے۔ فی ترف۔ سرسبزی، سرسبز ڈالیوں میں۔ والبدر۔ واوٴ عطف، اور ماہ کامل، اور مثل چاند کے۔ فی شرف۔ بلندی میں۔ والبحر فی کرم۔ اور دریا صفت کرم میں۔ والدھر۔ بمعنی ابد۔ یا زمانہ، اور دوامی ہیں۔ فی ھمم۔ اپنی ہمت عالیہ میں۔

ترجمہ: ہمارے حضور ﷺ کی ذات گرامی تازگی اور لطافت میں مثل شگوفہ ہے، بلندی و عظمت میں مثل ماہ کامل کے ہے، سخاوت میں مثل بحر ناپیدا کنار، عالی ہمتی میں دوام اور زمانہ کی مانند۔

شرح: یعنی حضور سید یوم النشور ﷺ کی ذات گرامی نظافت و لطافت میں مثل اس شگوفہ کے ہے جو سرسبز ڈالیوں میں چمکتا ہے اور علو رفعت و مرتبت میں مثل ماہ کامل کے ہے۔ جو چودھویں شب قمری کو طلوع ہوتا ہے۔ اور فیض عمیم سخاء عظیم میں مخلوق کی نفع رسانی کے لیے مثل اس دریا کے ہے جو جواہرات اور موتیوں سے دنیا کو مالا مال کر دیتا ہے۔ اور ہمت عالی میں اس قدر پختہ ہے کہ زمانہ کی طرح اوراق لیل ونہار کی ورق گردانی کے باوجود اس شان سے یکساں کرم گستر ہے۔ زمانہ کی ادنیٰ شان یہ ہے کہ ہر ناقص کو اس کے غایت کمال تک پہنچاتا ہے اور ممکنات کو ظہور میں لاتا ہے، عجائب وغرائب امور کا مظاہرہ کرتا ہے یہی شان محمد رسول اللہ ﷺ کی ہے کہ ہر مستفیض کو اس کے ظہور و بطون کے کمال تک پہنچاتے اور بشر کو ملائکہ سے افضل بناتے ہیں۔ حقیقۃً اگر دیکھا جائے تو یہ تمام تشبیہات سے ایک صورت سمجھانے کی مقصود ہے کہ مخاطب کی قریب الفہم مثال سے تسکین ہو سکے۔ ورنہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پاک کو ان تشبیہات سے کیا نسبت؟

میں وہ شاعر نہیں جو چاند کہہ دوں روئے انور کو
میں ان کے ناخن پا پر قمر قربان کرتا ہوں

یہ تمام عالم اور اس کی تمام موجودات ان کے وجود باجود کی ایک ادنیٰ نچھاور ہے۔ بلکہ

وہ خلد جس میں اترے گی ابرار کی برات
ادنی نچھاور اس میرے دولہا کے سر کی ہے
اتنا عجب بلندیٔ جنت پہ کس لیے
دیکھا نہیں کہ بھیک یہ کس اونچے گھر کی ہے

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

له راحته لو ان معشار جودها علی البرکان البر امذی من البحر
له همم لا منتهی لکبارها وَهِمَّةُ الصغریٰ اجل من الدهر

اسی وجہ میں حدیث انس میں مرفوعا مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

انا اجود بنی آدم

"ہم تمام بنی آدم سے زیادہ سخی ہیں"۔

اور ایک روایت میں مسلم شریف سے منقول ہے:

ماسئل من رسول الله صلی الله علیه وسلم شیئاً الا اعطاه فجاء رجل فاعطاه غنما بین جبلین فرجع الی قومه فقال یا قوم اسلموا فان محمدا یعطی عطاء من لایخاف الفقر۔

"حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی نے کبھی کچھ نہ مانگا مگر اسے عطا فرمایا۔ ایک بار ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے بکری طلب کی۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو پہاڑوں کے مابین جس قدر بکریاں تھیں سب عطا فرما دیں۔ وہ جب اپنی قوم میں آیا۔ تو پکارا: اے لوگو! مسلمان ہو جاؤ اس لیے کہ وہ معطی کونین ایسی عطا فرماتے ہیں جس کے بعد تنگدستی کا خطرہ ہی نہیں رہتا"۔

ایک روایت میں ہے:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اعطی صفوان یوم حنین وادیا مملوٗا ابلا وغنما

''غزوۂ حنین کے موقع پر حضرت صفوان کو ایک جنگل اونٹ اور بکریوں کا عطا فرمایا''۔

ابن جابر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

هذا الذی لا یتقیٰ فقرا اذا یعطی ولو کفر الانام وداءوا

وادٍ من الانعام اعطی آملا فتحیرت لعطائه الاوهام (1)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بخاری شریف میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو اتنا سونا چاندی عطا فرمایا کہ آپ میں اس کے اٹھانے کی طاقت نہ تھی۔

مرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا دریا بہا دیے ہیں در بے بہا دیے ہیں

مولای صل وسلم دائما ابدا علی حبیبک خیر الخلق کلهم

كَأَنَّهُ وَهُوَ فَرْدٌ وَفِيْ جَلَالَتِهٖ

٥٦ فِيْ عَسْكَرٍ حِيْنَ تَلْقَاهُ وَفِيْ حَشَمِ

حل لغات: کانه۔ برائے تشبیہ ویجیء للظن ہ ضمیر راجع بحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، گویا کہ وہ ہستی مقدس۔ وھو۔ درحقیقت وَھُوَ ہے۔ ضرورت شعری کے لیے ہائے ہوز ساکن کی گئی، واوَ حالیہ، اور وہ۔ فرد۔ بمعنی منفرد، یکتا ہیں۔ فی جلالته۔ جلالت بمعنی مہابت وعظمت، شان مہابت وعظمت میں۔ فی عسکر۔ اپنے لشکر میں۔ حین۔ جب کہ۔ تلقاہ۔ مضارع مخاطب من الملاقات، ملتا ہے اس سے۔ وفی حشم۔ اور حشمت میں۔

ترجمہ: جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تنہا ہوں۔ تو دیکھنے والے کو یوں نظر آئیں کہ لشکر کے انبوہ میں ہیں۔

شرح: گویا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے جلال وعظمت میں ایسے یگانہ ہیں کہ جب تو ان سے ملے تو تجھے ایسا معلوم ہو کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک زبردست لشکر میں جلوہ افروز ہیں۔ اس امر کے ظاہر کرنے کی یوں ضرورت تھی کہ ابتدائی بیتوں میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خندہ پیشانی خوش خلقی کا

1۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہیں کہ مخلوق ناشکری کرتی ہی رہے مگر وہ اس قدر دیتے ہیں کہ تنگدستی کا خوف ہی نہیں رہ جاتا آپ کی جود دستی دیکھ کر عقلیں حیران رہ جاتی ہیں کیونکہ مسائل کو دینے پہ آئیں تو اونٹوں کا جنگل ہی دے دیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس قدر مظاہرہ فرمایا جا چکا ہے کہ سننے والا یہ شبہہ کر سکتا تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رعب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلق عظیم کی وجہ سے کسی پر نہیں تھا۔ اس لیے اس بیت میں بتایا کہ جہاں خلق عظیم اور خندہ پیشانی کی شان حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں تھی وہاں رعب وداب شاہی بھی یہ تھا۔

چنانچہ ابوجہل کے پاس ایک یتیم تھا اور اسکا تمام مال ابوجہل کے قبضہ میں تھا۔ یہ یتیم جب اپنا مال لینے ابوجہل کے پاس آیا تو ابوجہل نے اسے دھکے دے کر نکال دیا اور کچھ نہ دیا۔ یتیم مایوس ہو کر جب لوٹا تو اکابر قریش نے اس سے کہا: **قل بمحمد لک یشفع۔**

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کر، وہ اگر سفارش فرمائیں گے تو تیرا کام بن جائے گا۔

اور انہوں نے یہ استہزاء کہا تھا اور نہ جانتے تھے کہ ابوجہل جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانی دشمن تھا وہ سفارش کیا مانے گا؟ اور یہ بھی جانتے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں اگر اس نے عرض کی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے مایوس نہ فرمائیں گے اس لیے کہ

نہ رفت لا بزبان مبارکش ہرگز مگر باشهد ان لا اله الا الله

غرض کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی الفور اس یتیم کے ساتھ ابوجہل کے پاس تشریف لے گئے۔ ابوجہل نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تشریف لاتے دیکھ کر تعظیم کی اور سروقد کھڑا ہو گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یتیم کی سفارش کی۔ ابوجہل نے سب مال یتیم کو دے دیا۔ تو قریش نے ابوجہل کو شرمایا اور کہا:

اصبوت

"کیا تو نے مذہب بدل لیا"۔

تو ابوجہل کہنے لگا:

لا واللہ ماصبوت ولکن رأیت عن یمینه وعن یساره حربة فخفت ان لم اجبه یطعننی (ذکره شیخ زاده فی سورة الماعون)

"خدا کی قسم، میں نے مذہب نہیں بدلا، لیکن میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دائیں بائیں برچھی بردار دیکھے تو مجھے اس امر کا خوف ہوا کہ اگر میں تعمیل نہ کروں گا تو یہ برچھیوں سے مجھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ماردیں گے۔ شیخ زادہ نے سورۂ ماعون میں بھی اس کو نقل فرمایا"۔

دوسری ایک روایت ہے کہ مکہ معظّمہ میں ایک پہلوان رکانہ نامی کافر تھا جو فن پہلوانی میں ماہر تھا۔ اور دور دور سے لوگ اس کے پاس کشتی سیکھنے آتے اور بڑے بڑے جوڑ بندھتے اور یہ غالب آتا۔ ایک روز حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مکہ کی ایک گھاٹی سے تشریف لے جا رہے تھے کہ رکانہ نظر آیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

یارکانة الا تتقی الله وتقبل ما ادعوک الیه۔

"اے رکانہ! کیا تو اللہ سے ڈر کر وہ دعوت قبول نہیں کرتا جس طرف میں تجھے بلاتا ہوں"۔

تو رکانہ نے عرض کی:

یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) هل من شاهد علی صدقک

"حضور! آپ کی نبوت پر کوئی شاہد ہے"۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اگر میں تجھے پچھاڑ دوں تو کیا تو ایمان لا سکتا ہے؟ چونکہ رکانہ کو اپنی قوت پر ناز تھا۔ فوراً کہنے لگا: اگر آپ مجھ پچھاڑ دیں، تو بے شک میں مان لوں گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اسے تیار کیا اور پاس تشریف لے جا کر اسے ایک ہی پکڑ میں چت کر دیا، رکانہ متعجب ہوا اور دوبارہ کشتی کے لیے عرض کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے دوبارہ بھی گرا دیا۔ پھر اس نے سہ بارہ عرض کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے سہ بارہ بھی اسے پچھاڑ دیا۔ رکانہ سخت متعجب ہو کر رہ گیا۔ اور یہ کہتا ہوا چل دیا:

ان شانک عجب

"آپ کی بھی عجب شان ہے کہ کسی فن میں کسی سے کم نہیں"۔

(رواہ الحاکم فی المستدرک)

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

كَاَنَّمَا اللُّؤْلُؤُ الْمَكْنُوْنُ فِىْ صَدَفٍ
٥٠
مِنْ مَّعْدِنَىْ مَنْطِقٍ مِّنْهُ وَمُبْتَسَمِ

حل لغات: کأنما۔ کأن برائے تشبیہ۔ ما۔ کافه عن العمل۔ گویا کہ وہ۔ اللولو۔ الدر الابیض، چمکتا موتی۔ المکنون۔ المستور والمصئون المحفوظ، پوشیدہ ہے۔ فی صدف۔ الصدف حیوان من حیوان البحر۔ اپنی سیپ میں۔۔ من معدنی۔ صیغه تثنیه معدنین۔ نون آخری حذف ہوا بوجہ اضافت معدن، بکسر الدال، محل العدن، بمعنی اقامه، دو کانوں سے۔ منطق۔ منطق هو القلب واللسان، قلب اور زبان سے۔ منه۔ اس سے۔ مبتسم۔ معدن الابتسام هو الفم۔ دہن مبارک۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گویائی اور تبسم کے معدن یعنی لب و دندان مبارک کی تشبیہ اس درشاہوار سے ہوسکتی ہے جو صدف میں پوشیدہ ہے۔

شرح:

فمن لؤلؤ یبدیه عند ابتسامه ومن لؤلؤ عند الکلام تساقط

ناظم فاہم فرماتے ہیں کہ گویا موتی جو اپنی صدف میں پنہاں ہے اور ابھی تک باہر آ کر ہاتھوں میں میلا نہیں ہوا۔ اپنی چمک دمک میں ان گوہروں کے مشابہ ہے جو دو معدنوں سے نکلا ہو۔ جس کی ایک کان حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک ہے، دوسری لب ہائے مبارک جن سے دُر دندان کی تابانی ظاہر ہوتی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ وہ موتی جو ابھی صدف سے نہیں نکلا، وہ اپنی تابانی میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کلام اور دُر دنداں کے مشابہ ہے۔ اگرچہ دندان مبارک کی صفائی کو نہیں پہنچ سکتا۔

علامہ حیاتی شرح التحفہ میں لکھتے ہیں، کہ صدف دریائی جانوروں میں سے ایک جانور ہے، جو اکثر دریا ہند اور چین میں پایا جاتا ہے۔ جب کہ شہر نیسان آتا ہے، یعنی کنوار کا مہینا، تو یہ سمندر کی سطح کی طرف آ کر ابر نیسان کا منتظر رہتا ہے، اور جب بارش نیسان برستی ہے اپنا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

منہ کھول دیتا ہے۔ اگر اس کے منہ میں ایک قطرہ گرا تو یہ قطرہ اس کے پیٹ میں نہایت قیمتی موتی بن جاتا ہے۔ اس موتی کو ''دریتیم'' کہتے ہیں۔

اور اگر دو قطرے گریں تو ان کو اخوان کہتے ہیں، یہ دریتیم سے کم قیمت ہوتا ہے۔ اور اگر اس سے زائد قطرات گریں تو عام موتیوں کی قیمت کے موتی بنتے ہیں۔ جن کی خاص ممتاز قیمت نہیں ہوتی پھر یہ صدف قعر دریا میں جا کر مثل درخت کے ایک جگہ جم جاتا ہے اور پتھر کی صورت میں بدل کر سیپ ہو جاتا ہے۔

اس بیت مبارک میں دہن اقدس کو صدف سے تشبیہ دے کر دُر دندان مبارک کو موتی سے استعارہ فرمایا۔ اور دو معدن اس لیے فرمائے کہ کلام درحقیقت پہلے دل میں پیدا ہوتا ہے۔ پھر زبان پر آتا ہے جیسا کہ اخطل نے کہا ہے:

ان الکلام لفی الفؤاد وانما جعل اللسان علی الفؤاد دلیلا

تو خلاصہ مفہوم یہ ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم غایت بشاشت اور نہایت لطافت اور کافی مہابت کے باوجود غلیظ القلب نہ تھے۔ بلکہ جب دیکھنے والا ایک نظر دیکھے تو یہی کہتا پھرے:

بحیرتم کہ عجب تیر بے کماں زدہ

اور کلام مبارک فرماتے ہوئے در دندان کی جھلک ایسی نکلتی ہے، جیسے در مکنون اپنے صدف میں جھک مار رہا ہے۔ اور فم مبارک حفظ کلام میں مثل صدف مقبول بین الانام ہے۔

صاحب زبدہ فرماتے ہیں کہ بعض صالحین نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نعت میں یہ بیت اور اس سے پہلے بیت پڑھ رہے تھے۔

مولای صل وسلم دائما ابدا علی حبیبک خیر الخلق کلهم

لَا طِيبَ يَعْدِلُ تُرْبًا ضَمَّ اَعْظُمَهُ

۵۱

طُوْبٰى لِمُنْتَشِقٍ مِّنْهُ وَمُلْتَثِمِ

حل لغات: لا طیب۔ نہیں ہے کوئی خوشبو۔ یعدل۔ مضارع از عدل مساوات، برابر۔ تربا۔ بالضم مٹی، اس مٹی کی خوشبو کے۔ ضم۔ جس سے مس کر رہی ہیں۔ اعظمہ۔ جمع

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

عظام، ہڈی، استخوانہا مبارک۔ طوبیٰ۔ مبارک ہو۔ لمنتشق۔ از استنشاق، سونگھنا، اس کے لیے جس نے سونگھی۔ منہ۔ خوشبو اس سے۔ وملتثم۔ از التثام، چومنا، اور چوما اس کو۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس مٹی سے بہتر خوشبو دنیا میں نہیں جس مٹی سے استخوانہائے مبارک مس کیے ہوئے ہیں۔ مبارک ہیں وہ جنہوں نے اس خاک اقدس کو سونگھا اور چوما۔

شرح: دنیا کی کوئی خوشبو اس خاک پاک کی خوشبو سے بہتر نہیں ہو سکتی جس خاک پاک پر جسد اطہر آرام فرما ہے، اور وہ خوش نصیب ہے جس نے اس خاک پاک کی خوشبو لی اور جس نے اسے چوما اور بوسہ لیا۔ اور یہ امر مسلم ہے کہ قبر معطر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام روئے زمین بلکہ کعبہ معظمہ بلکہ عرش اعظم سے بھی افضل ہے۔ اور کیوں نہ ہو احادیث شریفہ میں آیا ہے کہ ہر متنفس کی پیدائش اس خاک سے ہے جس میں وہ دفن ہوتا ہے۔ تو وہ خاک اطہر جس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلوہ آراء ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسد اطہر کا جزو ہوئی۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صدقہ تمام عالم، عرش وقلم، لوح وکرسی، تو نتیجہ صاف ہے کہ قبر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام عالم سے افضل ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

ماشممت مسکا ولا غبراً اطیب من ریح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

”میں نے مشک وعنبر کی خوشبو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشبو سے بہتر نہ سونگھی“۔

اور ملتثم بالشین کے معنی چومنے کے حضرت سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے اس مرثیہ میں پائے جاتے ہیں۔ جو آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات پر کہا تھا۔ **وھو ھذا**

صُبَّتْ عَلَیَّ مَصَائِبُ لَوْ اَنَّھَا صُبَّتْ عَلَی الْاَیَّامِ صِرْنَ لَیَالِیَا

مَاذَا عَلٰی مَنْ شَمَّ تُرْبَۃَ اَحْمَدَ اَن لَایَشُمَّ مُدَی الزَّمَانِ غَوَالِیَا (1)

اسی بناء پر علماء کرام نے فرمایا:

ان تربۃ قبرہ صلی اللہ علیہ وسلم افضل من البیت والمسجد الاقصیٰ

1۔ مجھ پر ایسی مصیبتیں ڈالی گئی ہیں کہ اگر ان کو دنوں پر ڈالا جاتا تو وہ راتوں میں تبدیل ہو جاتے جو ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تربت اقدس کو سونگھ لیتا ہے تو اسے کبھی کسی خوشبو کے سونگھنے کی ضرورت ہی باقی نہیں رہتی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OQOOL ISLAMIA ACADEMY

والعرش والکرسی۔(1)

اور اس امر میں اقوال مختلفہ ہیں کہ زیارت قبر مبارک واجب ہے یا سنت، علماء مالکیہ تو اسی طرف گئے ہیں کہ زیارت قبر مبارک واجب ہے۔ اور اس پر عقلی نقلی دلائل بہت سے لکھے ہیں۔ منجملہ ان کے ایک دلیل یہ ہے کہ زیارت قبر مبارک تعظیماً کی جاتی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم واجب ہے، تو زیارت قبر واجب ہوئی۔ علاوہ بریں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

من وجد سعة ولم یعد الی فقد جفانی،

''جو زادراحلہ میں وسعت پائے اور میری طرف نہ آئے، وہ مجھ سے جفا کرے گا''۔

دوسری حدیث میں ہے

من حج ولم یزرنی فقد جفانی

''جس نے حج کیا اور میری زیارت نہ کی اس نے مجھ پر جفا کی''۔

اور جفا چونکہ اذیٰ ہے اور اذیٰ بالا جماع حرام ہے تو زیارت روضہ مقدس واجب ہے۔ اس لیے کہ ازالۂ جفا واجب ہے۔ اور وہ زیارت سے زائل ہوگی، تو زیارت واجب ہوئی، اور بعض شوافع اور احناف اس طرف گئے کہ زیارت قبر مبارک سنت ہے۔ چنانچہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ بھی یہی فرماتے ہیں:

انها سنة من سنن المسلمين مجمع عليها

''زیارت روضہ پاک سنت ہے اور اسی پر اجماع ہے''۔

اور مسلک عشاق تو یہ ہے:

حاجیو! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو
کعبہ تو دیکھ چکے کعبہ کا کعبہ دیکھو
رکن شامی سے مٹی وحشت شام غربت
اب مدینہ کو چلو صبح دل آراء دیکھو
آب زمزم تو پیا خوب بجھائیں پیاسیں
آؤ جود شہ کوثر کا بھی دریا دیکھو
زیر میزاب ملے خوب کرم کے چھینٹے
ابر رحمت کا یہاں زور برسنا دیکھو
واں مطیعون کا جگر خوف سے پانی پایا
یاں سیہ کاروں کا دامن پہ مچلنا دیکھو

1۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر اطہر کی مٹی بیت اللہ، مسجد اقصیٰ اور عرش وکرسی سے افضل ہے۔

فصل رابع ـــ ذکر میلاد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَبَانَ مَوْلِدُهٗ عَنْ طِيْبِ عُنْصُرِهٖ

٥٩ يَا طِيْبَ مُبْتَدَاٍ مِّنْهُ وَمُخْتَتَمِ

حل لغات: ابان، ماضی ازا بانۃ، ظاہر کرنا، ظاہر کیا۔ مولدہٗ۔ اسم ظرف مکان فاعلی، جائے ولادت۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جائے ولادت نے۔ عن طیب عنصرہ۔ عنصر اجزاء، اجزاء جسم کی خوشبوؤں سے۔ یا طیب۔ یا کلمۂ ندا، ای یاایھا العقلاء انظروا بنظر التعجب الی طیبہ۔ اے پاک وخوشبودار ہستی کے دیکھنے والو۔ مبتدا۔ ابتداء ولادت میں۔ و مختتم۔ اور وقت وفات قبر میں۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جائے ولادت نے جسد مبارک کی خوشبو ظاہر کی۔ سبحان اللہ! اے لوگو! دیکھو، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جائے ولادت اور مدفن اقدس دونوں کیسے پاک اور خوشبودار ہیں۔

شرح:

خوشبو یہ پیاری پیاری کس گل کی آرہی ہے
باد صبا یہ کس کا مژدہ سنا رہی ہے

ابر بہار یک سو چھڑکاؤ کر رہا ہے
باد سحر خوشی میں پنکھے ہلا رہی ہے

آمد ہے کیا اس کی جس کا خدا ہے شیدا
فوج نجوم کس کے ہمراہ آ رہی ہے

ہر جا ترانہ سنجی صل علی النبی کی
حب نبی دلوں پر کیا رنگ لا رہی ہے

اس بیت مبارک میں ناظم فاہم اس جان عالم رحمت مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت سے قبل کے حالات شروع فرما کر ایک طرز خاص کا ذکر میلاد بیان فرما رہے ہیں۔ اور اس کی ابتداء یوں کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانۂ ولادت نے ایسے ایسے امور غریبہ وکرامات عظیمہ کا مظاہرہ کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حسن ابتداء اور خوبی خاتمہ دونوں واضح ہو گئے۔

یا طیب مبتدا منہ و مختتم میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانۂ ولات اور زمانۂ رحلت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

دونوں کی خوبی بیان کر رہے ہیں۔

اور کہہ رہے ہیں۔ کہ اے جان عالم! تیرے فضائل کا کیا کہنا۔ تو تمام زمانوں سے افضل ہے۔ سورۂ والعصر میں تیرا رب تیری ذات مقدس کی قسم کھا رہا ہے۔ سورہ والضحیٰ میں تیرے وجہ منیر کو مقسم بہ بنا رہا ہے کہیں لعمرک فرما کر تیرا قرب خاص دکھا رہا ہے، کہیں یٰس کہہ کر تجھے تاجدار بنا رہا ہے۔

از فروغ تست روشن دین و دنیا ہر دوجا
پرتو بادا از خدا صلوٰۃ یا بدر الدجیٰ
مادر گیتی نہ زادہ چوں تو فرزند دگر
دیدۂ عالم ندیدہ ہمچو تو حسن اللقا
کے ملک کردے بہ پیش آدم خاکی سجود
نور تو در وے نبودے گر ودیعت اے ہدیٰ
از بہار لطف تو سر سبز باغ کائنات
وز نسیم فیض تو شاداب تر روض الصفا

حضرت سیدہ آمنہ خاتون رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ بوقت ولادت ایسا نور مستنیر ہوا کہ زمین سے آسمان تک ہر شے روشن تھی۔ اس نور میں مجھے قصور شام نظر آنے لگے۔ اور ایک انوکھی شان کی خوشبو مہکی، جس نے مشام دماغ معطر کر دیے۔ میرے مکان کی ایک سمت سے آواز آئی: اے آمنہ! انہیں تین روز تک ظاہر نہ کرو کہ ملائکہ سلام کے لیے حاضر ہو رہے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وقت ولادت ید قدرت سے مختون و ناف بریدہ تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا جسد اطہر آلائش سے پاک تھا۔ ید قدرت کا غسل فرمائے ہوئے جلوہ گر ہوئے۔

حضرت صفیہ بنت عبد المطلب فرماتی ہیں کہ بوقت ولادت میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دایہ تھی۔ میں نے دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے جسد اطہر کا نور چراغ کی روشنی پر غالب ہے اور اس شب میں چھ عجائبات دیکھے:

اول یہ کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم شکم مادر سے ظاہر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے سجدہ فرمایا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

دوسرے یہ کہ سر مبارک اٹھا کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے **اشھد ان لا الہ الا اللہ** فرمایا۔

تیسرے یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسد اطہر کے نور سے تمام گھر منور ہو گیا۔

چوتھے یہ کہ میں نے حسب دستور جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل دینا چاہا تو غیبی ندا آئی کہ اے صفیہ! یہ ید قدرت سے غسل کیے ہوئے ہیں تم تکلیف غسل نہ کرو۔

پانچویں یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مختون وناف بریدہ تھے۔

چھٹے یہ کہ جب میں نے چاہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیراہن پہناؤں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت انور پر دونوں شانوں کے مابین ایک گول نشان پایا۔ جس پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ لکھا ہوا تھا۔

حضرت مولا علی شیر خدا اسد اللہ کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ میں نے بوقت غسل حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم اطہر سے ایسی خوشبو سونگھی کہ اس سے پہلے وہ خوشبو مجھے کبھی میسر نہ آئی تھی۔

علامہ خرپوتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ زمانۂ ولادت باسعادت کے فضائل عجیبہ اور غرائب لطیفہ بکثرت احادیث میں موجود ہیں۔ منجملہ ان کے جو کتب احادیث میں مذکور ہیں ایک یہ ہے کہ جب استقرار نطفہ زکیہ اور در یتیم محمد یہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صدف آمنہ قرشیہ میں ہوا تو عالم ملکوت و جبروت میں منادی کی گئی کہ تمام عالم قدس کو معطر کر دیا جائے اور جہات شرف علیٰ میں بخور کرایا جائے اور سجادہائے عبادت صفوف ملائکہ میں بچھا دی جائیں کہ آج نور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحم آمنہ میں منتقل ہو چکا ہے۔

حضرت سہل بن عبد اللہ تستری فرماتے ہیں کہ جس رات اللہ تعالیٰ نے نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بطن آمنہ میں منتقل فرمایا۔ وہ رجب کی لیل جمعہ تھی۔ اس رات خازن جنان کو حکم ہوا کہ فردوس اعلیٰ کھول دے۔ اور منادی زمین و آسمان میں ندا دے رہا تھا کہ وہ نور مخزون جس سے نور نبی ہادی ظاہر ہونے والا تھا اس رات بطن آمنہ خاتون رضی اللہ عنہا میں قرار پا چکا۔

ایک روایت میں ہے کہ قریش ان ایام میں نہایت تنگی اور سخت قحط سالی میں مبتلا تھے کہ یک لخت زمین سرسبز ہونے لگی اور درخت پھل دار ہو گئے۔ اس سال کا نام قریش نے **سنة الفتح والابتهاج** رکھا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZUL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حضرت سیدہ آمنہ خاتون فرماتی ہیں کہ میں اپنے گھر میں تنہا تھی اور عبدالمطلب طواف بیت میں مشغول تھے کہ میں نے ایک ہیبت ناک آواز سنی جس سے مجھے ڈر محسوس ہوا۔ کہ میں نے ایک پر دیکھا جو کسی پرند کے بازو کے مشابہ تھا۔ نہایت سفید اور وہ میرے کلیجہ پر مس کیا گیا تو جو خوف تھا وہ دفع ہو گیا۔ پھر میں نے دیکھا کہ ایک پینے کی چیز سفید رنگ کی ہے، وہ میں نے پی تو میرے گرد ایک بلند نور تھا اور بہت سے آدمی میں نے معلق ہوا میں دیکھے کہ ان کے پاس چاندی کے اباریق (لوٹے) تھے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے میری آنکھیں ایسی روشن فرمائیں کہ میں نے مشارق و مغارب ارض کا معائنہ کیا اور دیکھا کہ تین علم لہرا رہے ہیں ایک مشرق پر، ایک مغرب پر اور ایک علم کعبۃ اللہ پر کہ اچانک مجھے دردزہ محسوس ہوا اور مجھ سے وہ دریتیم رؤف ورحیم، حلیم وکریم محمد ﷺ جلوہ آراء ہوئے۔ میں نے حضور ﷺ کی طرف جو نظر کی تو دیکھا کہ آپ ﷺ سربسجود ہیں اور انگشت سبابہ آسمان کی طرف اٹھا رکھی ہے اور غایت تضرع ابتہال فرما رہے ہیں۔ پھر میں نے ایک سفید ابر دیکھا کہ میری طرف جھک رہا ہے حتیٰ کہ اس ابر نے حضور ﷺ کو مجھ سے پوشیدہ کر لیا کہ اتنے میں ایک آواز سنی کہ کوئی کہہ رہا ہے:

طوفوا به مشارق الارض و مغاربها وادخلوه فی البحار لیعرفوه بنعته وصورته وهذه القصة طویلة یتحیر منها الافهام حتی ان بعض الفضلاء الکرام وضعوا لمولده علیه السلام کتابا مستقلا فی حسن النظام ومن اراد فعلیه الرجوع والقیام۔

"پھراؤ اس ہستی پاک کو مشارق ومغارب عالم میں اور انہیں بحر عرفان میں داخل کرو، تاکہ یہ اپنے رتبہ اور منصب کو جانیں۔ اور یہ قصہ بہت طویل ہے اور اتنا عجیب ہے کہ افہام عوام متحیر ہو جائیں حتیٰ کہ بعض فضلا نے میلاد مبارک میں مستقل کتاب تالیف فرمائی جسے مفصل دیکھنا ہو وہ ان کتابوں کی طرف رجوع کرے"۔

اور شرح شیخ زادہ میں یہ اور منقول ہے کہ استقرار حمل کی صبح کو اصنام دنیا منکوس تھے اور تخت شیطان اوندھا پڑا تھا اور شیطان لعین اس غم میں چالیس دن دریاؤں میں غوطہ لگاتا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

رہا۔ پھر بھاگ کر جبل ابوقبیس پر آیا اور ایک ایسی چیخ ماری کہ تمام ذریت جمع ہوگئی۔ تو ان سے شیطان نے کہا:

ویلکم هلکتم هذه المرة هلاکا لم تهلکوا مثله۔ قالوا وما القصة فقال هذا محمد بن عبدالله بن عبدالمطلب المبعوث بالسیف القاطع الذی لا حیلة بعده یبطل عبادة اللات والعزیٰ وسائر الاصنام ولا تأتی موضعا الا وجدنا فیه ذکر الوحدانیة علانیة الخ۔

"وائے تم پر، اس دفعہ تم ایسے ہلاک ہو رہے ہو کہ ایسی ہلاکت اس سے قبل تم پر کبھی نہ آئی تھی۔ ذریت شیطنہ نے کہا کہ قصہ تو بتا، کیا مصیبت آگئی۔ شیطان نے کہا: عنقریب اسی جگہ محمد ﷺ بن عبداللہ بن عبدالمطلب آ رہے ہیں جو اللہ کی طرف سے مبعوث بالسیف قاطع ہیں۔ ان کی رونق افروزی کے بعد کوئی چال اور حلیہ نہ چل سکے گا۔ لات وعزیٰ اور تمام بتوں کی پرستش کو باطل کر دیں گے اور کہیں وہ تشریف نہ لائیں گے، مگر وہاں ذکر توحید الٰہی ہوتا نظر آئے گا۔ اور یہ امت ہمارے خداؤں پر ان کی تعلیم کی وجہ میں لعنت کرے گی۔ اور شیطان کو رجیم کہے گی۔ اور اس نبی کی رونق افروزی کے بعد ہماری آنکھیں پتھرا جائیں گی اور ہمارے دل حزین وغمگین ہوں گے"۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ علامات حمل نور مجسم ﷺ سے ایک یہ تھی کہ اس رات قریش کے تمام جانور بول اٹھے اور بزبان فصیح کہنے لگے:

حمل محمد ورب الکعبة وهو امان لاهل الدنیا

"رب کعبہ کی قسم، محمد ﷺ صدف آمنہ میں جلوہ گر ہوگئے وہ دنیا والوں کیلئے امان ہیں"۔

اور کوئی کاہن قریش میں باقی نہ رہا اور نہ قبائل عرب میں کوئی تھا مگر متحیر ہوگیا۔ اور علم کہانت ان سے جاتا رہا اور کسی بادشاہ کا تخت نہ تھا مگر اوندھا ہوگیا تھا۔

اور وحوش مشرق کے مغرب کی طرف دوڑے اور مغرب کے مشرق کی طرف، اور یہ بشارت دے رہے تھے:

ابشروا فقد آن لابی القاسم ان یخرج الی الارض میمونا مبارکا طیبا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

طاهرا الیٰ خیر امة اخرجت للناس يأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر فيا طوبها۔

"مبارک ہو، اب ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ ہے کہ وہ عنقریب زمین کی طرف جلوہ فرما ہوں گے۔ امن والے، برکت والے، پاک ذات، پاک فرمانے والے، اس خیر امت کی طرف تشریف لا رہے ہیں جو معروف کا حکم کرتی، مناہی سے منع کرتی ہے۔ اے سننے والو! مبارک ہو"۔

ایام مولود آ گئے، آثار بہبود آ گئے فرحت کے دن زود آ گئے، تازہ ہوا باغ کہن

حضرت آمنہ خاتون فرماتی ہیں کہ جب حمل کو چھ ماہ گزرے تو خواب میں کوئی آ کر کہنے لگا:

یا آمنة! حملت بخير العالمين طراً فاذا ولدته تسميه محمدا واكتمي شانک۔

"اے آمنہ! تم خیر العالمین کی حاملہ ہو۔ تمہیں مبارک ہو، جب وہ جلوہ آراء عالم ہوں، تو ان کا نام نامی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رکھنا، اور اس معاملہ کو پوشیدہ رکھو"۔

مولای صل وسلم دائماً ابداً علیٰ حبیبک خیر الخلق کلهم

کعبہ کے بدر الدجیٰ تم پہ کروڑوں درود طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود

زہے عزت و اعتلائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ ہے عرش حق زیر پائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مکان عرش ان کا فلک فرش ان کا ملک خادمان سرائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم خدا چاہتا ہے رضائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عجب کیا اگر رحم فرمائے ہم پر خدائے محمد برائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

محمد برائے جناب الٰہی جناب الٰہی برائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بہم عہد باندھے ہیں وصل ابد کا رضائے خدا رضائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دم نزع جاری ہو میری زبان پر محمد محمد خدائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

جلو میں اجابت خواصی میں رحمت بڑھی کس تزک سے دعائے محمد ﷺ
اجابت کا سہرا عنایت کا جوڑا دلہن بن کے نکلی دعائے محمد ﷺ

سَلِّمْ وَصَلِّ اِلٰھُنَا اَبَدًا عَلٰی خَیْرِ الْوَرٰی
مَنْ وَّجْھُهٗ بَدْرُ الدُّجٰی مَنْ ذَاتُهٗ نُوْرُ الْھُدٰی
مَنْ کَفُّهٗ بَحْرُ الْعَطَا کَانَتْ عَلَیْهِ مِنَ السَّمَاءِ
صَلَوَاتُ رَبِّیْ دَائِمًا طُوْلَ الدُّھُوْرِ وَ الزَّمَنْ

(علامۃ اولیٰ)

یَوْمٌ تَفَرَّسَ فِیْهِ الْفُرْسُ اَنَّھُمْ
٦٠ قَدْ اُنْذِرُوْا بِحُلُوْلِ الْبُؤْسِ وَالنِّقَمِ

حل لغات: یوم۔ اس دن۔ تفرس۔ ماضی، از فراست، قرینہ و علامت سے جاننا۔ فراست سے جان لیا۔ فیه الفرس۔ اہل فارس نے کہ اس دن۔ انھم۔ بے شک وہ۔ قد انذروا۔ انذروا، ماضی مجہول از انذار، ڈرائے گئے ہیں۔ بحلول۔ بمعنی نزول، ساتھ نازل ہونے۔ البؤس۔ سخت مصیبت اور بلاء۔ والنقم۔ جمع، نقم، شدت و عقوبت، اور عذاب سے۔

ترجمہ: یوم ولادت کو فراست سے اہل فارس نے جان لیا۔ کہ یہ دن ان پر بلا و مصیبت کے نازل ہونے کا ہے۔

شرح: یوم تفرس میں یوم بدل ہے مولد سے اور یہاں یوم سے مراد وہ صبح جانفزا ہے۔ جس میں حضور ﷺ جلوہ آرائے عالم ہوئے۔ چنانچہ جس حدیث میں حضور کی ولادت کا تذکرہ ہے۔ اس میں بھی حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

انه سئل عن صیام یوم الاثنین فقال ذالک یوم ولدت فیه

"حضور سے سوال ہوا۔ کہ ہر پیر کو حضور ﷺ روزہ کیوں رکھتے ہیں، تو حضور ﷺ نے فرمایا: یہ وہ دن ہے جس میں ہماری ولادت ہوئی"۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

تو معلوم ہوا کہ یوم سے مراد نہار یوم ہے۔ اس لیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت نہار دوشنبہ کو ہوئی۔ تو ناظم فاہم نے جو یوم استعمال کا محاورہ کے مطابق استعمال کیا۔ اسی طرح دوسری حدیث جو سید المفسرین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے۔ اس میں فرماتے ہیں:

ولد علیه السلام یوم الاثنین وانزل علیه النبوۃ یوم الاثنین وخرج مهاجرا یوم الاثنین ودخل المدینة یوم الاثنین ووضع القبر یوم الاثنین و کذا فتح مکة یوم الاثنین وانزل علیه سورۃ المائدۃ یوم الاثنین۔

''یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت پیر کو ہوئی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اظہار نبوت اسی دن ہوا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ہجرت بھی اسی دن فرمائی اور مدینہ میں داخلہ بھی پیر کے روز ہوا اور قبر مبارک میں بھی پیر کے روز آرام فرما ہوئے اور مکہ بھی پیر کو فتح ہوا اور سورۃ مائدہ بھی پیر کے دن نازل ہوئی''۔

اور تفرس کے معنی نظر کے ہیں۔ یعنی اس دن دیکھا اور بالفراست جانا۔ اس لیے کہ فراست ایک ایسی قوت انسانیہ کا نام ہے جس کے ذریعہ انسان معانی باطنہ کا ادراک کرتا ہے۔

اور دوسرا لفظ فرس اسم جمع ہے اہل فارس کا۔ اور فارس پارس سے معرب ہے۔ اس کا شجرہ یہ ہے: پارس بن ناسور بن سام بن نوح۔ انہوں نے بہت سے بلاد وامصار بنائے۔ مشہور شہران کے شیراز اور اصفہان ہیں۔

اور فارس کی تعریف میں احادیث بھی وارد ہیں۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

ان اللّٰہ اختار من بین خلقه من العرب قریشا ومن العجم فارسا۔

''اللہ نے عرب میں سے قریش کو پسند فرمایا اور عجم سے فارس کو''۔

دوسری حدیث میں فرمایا:

ابعد الناس عن الاسلام الروم ولو کان الاسلام معلقاً بالثریا لتناوله رجال من فارس۔

''لوگوں میں اسلام سے بعید تر روم والے ہیں اور اگر اسلام ثریا پر چلا جائے تو بعض فارس کے لوگ وہاں سے بھی اچک لائیں گے''۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

چنانچہ ہمارے امام ہمام حضرت ابو حنیفۃ النعمان فارسی رضی اللہ عنہ اس حدیث کے مصداق ہیں۔

لَقَدْ زَانَ الْبِلَادَ وَمَنْ عَلَيْهَا اِمَامُ الْمُسْلِمِيْنَ اَبُوْحَنِيْفَهْ!(1)

بؤس سخت مصیبت کو کہتے ہیں اور قم جمع قمہ کی ہے یہ بمعنی عذاب اور بلا کے مستعمل ہے۔

اس بیت مبارک میں اس روایت کی طرف اشارہ ہے، جو مروی ہے کہ جس رات کی صبح کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی۔ اس رات ملک فارس انوشیرواں نے ایک خواب دیکھا اور اس سے سخت پریشان ہو کر تمام ساحرو کاہن منجم جمع کیے اور اس نے کہا کہ میں نے ایک ایسا خواب دیکھا ہے جس نے متحیر کر دیا ہے لہٰذا اس کی تعبیر دو۔ سب نے کہا: کہ خواب بیان کر۔ انوشیروان نے کہا: کہ مجھے خواب بیان کرنے کے بعد تعبیر سننے سے اطمینان نہیں ہو سکتا۔ اس لیے میں چاہتا ہوں کہ بلا خواب سنائے تعبیر سنوں۔ یہ سن کر سب محو حیرت ہو گئے اور سب نے یک زبان ہو کر جواب دیا کہ بغیر خواب سنے ہم تعبیر دینے سے قاصر ہیں۔

ایک منجم بولا کہ اگر آپ اس طرح تعبیر لینا چاہتے ہیں تو سطیح کے پاس آدمی بھیجئے، وہ آپ کو سب بتا دے گا۔ انوشیروان نے عبدالمسیح کو بحرین بھیجا۔ وہ وہاں پہنچا تو معلوم ہوا کہ سطیح سال بھر میں ایک دن نکلتا ہے اور اس کے دروازہ پر سونے کے پترے سائلوں کی طرف سے پڑے ہوتے ہیں کہ ان پر وہ آنے والے کے تمام حالات لکھ کر دے۔

عبدالمسیح اس کاہن کے باہر آنے کے انتظار میں ٹھہرا رہا۔ جب سطیح باہر نکلا تو اس نے سب سے پہلے انوشیروان کے خواب کو بیان کیا اور کہا کہ انوشیروان نے حیرت ناک خواب دیکھا ہے اور وہ یہ ہے کہ عربی گھوڑے اس کے تمام شہروں میں بھر گئے ہیں اور عراقی اونٹ ہانکے جارہے ہیں اور اسے نکال رہے ہیں۔ یہ علامت ولادت نبی عربی امی ہاشمی کی ہے۔ جن کا نام نامی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ وہ اولاد خلیل میں سب سے افضل ہیں۔ اور ان کی تعریف تورات وانجیل میں بیان کی گئی ہے اور اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ خیل عرب اس ہاشمی کے

1۔ مسلمانوں کے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے شہروں اور شہروں میں بسنے والوں کو زینت دے دی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

اصحاب ہیں جو بلاد فارس میں داخل ہو کر ملک فارس فتح کریں گے۔ اور آل ساسان سے شہر کے شہر چھین لیں گے پھر سطیح رونے لگا۔ اس سے سبب گریہ پوچھا گیا تو وہ کہنے لگا: میں اس پر روتا ہوں کہ میری عمر کے دن تھوڑے باقی ہیں اور افسوس کہ میں اس نبی ہاشمی کا زمانہ نہ پا سکوں گا۔

عبدالمسیح واپس ہوا اور قوم ساسان کو اس پیشگوئی سے مطلع کیا۔ قوم ساسان کو یہ بات ناگوار گزری اور انہوں نے سطیح کو قتل کر ڈالا اور ان کا سر پھاڑ دیا۔ اور یہ قصہ مفصل تاریخ ہاشمی میں منقول ہے۔

(علامۃ ثانیہ)

٦١
وَبَاتَ اِیْوَانُ کِسْرٰی وَھُوَ مُنْصَدِعٌ
کَشَمْلِ اَصْحَابِ کِسْرٰی غَیْرَ مُلْتَئِمِ

حل لغات: وبات۔ عام سواء کان فی اللیل او فی الیوم۔ بمعنی صار۔ اور ہو گیا۔ ایوان۔ بمعنی دیوان خانہ و محل۔ مراد محل۔ کسریٰ۔ معرب از خسرو، اسم جنس لمن یملک العجم۔ کسریٰ بادشاہ فارس کا۔ وھو۔ حالیہ، ضمیر راجع الی الایوان۔ درآنحالیکہ وہ محل۔ منصدع۔ اسم فاعل، اذ انصداع بمعنی الانھدام و التشقق۔ پھٹنے والا، گرنے والا تھا۔ کشمل۔ ک تشبیہ۔ شمل بمعنی جمعیت۔ مثل جمعیت۔ اصحاب۔ اصحاب۔ کسریٰ۔ بادشاہ فارس کے۔ غیر ملتئم۔ نہ ملنے والی تھی۔

ترجمہ: شاہ ایران کا محل پھٹ کر رہ گیا اور پھر درست نہ ہو سکا، جس طرح لشکر کسریٰ منتشر ہونے کے بعد پھر منظّم نہ ہوا۔

شرح: کسریٰ اس کو کہتے ہیں جو ملک عجم ہو، اس کی جمع اکاسرہ ہے۔ جیسے ملک روم کو قیصر کہا جاتا ہے۔ یمن کے بادشاہ کو تبع کہتے ہیں۔ مصر کے حکمران کو فرعون کے نام سے پکارتے ہیں۔ ترکی کے تاجدار کو خاقان اور شاہ حبش کو نجاشی کہتے ہیں۔

منصدع اسم فاعل ہے اور انصداع سے مشتق۔ اس کے معنی پھٹنے اور منہدم ہونے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

کے آتے ہیں۔ چونکہ بنی ساسان کا یہ ایوان خاص نوے برس میں تعمیر ہوا تھا اور نہایت مضبوط تھا۔ اس لیے اس کے پھٹنے میں خاص دلیل مہابت اس نبی الابطحی روحی فداہ ﷺ کی نظر آئی۔ اس پر سونے کے پانی کا رنگ کیا گیا تھا۔ اور زبرجد اور موتیوں سے اس پر نقاشی کا کام تھا۔ اور جواہرات قیمتی جڑے گئے تھے اور جس رات ولادت باسعادت سرورِ عالم ﷺ ہوئی۔ اس دن اس محل پر زلزلہ طاری ہو گیا۔ اور تمام محل پھٹ گیا اور چودہ کنگرے محل کے گر گئے۔ اور آٹھ باقی رہے جو اس امر کی دلیل تھے کہ اب سے صرف آٹھ تاجدار اس سلطنت پر حکمرانی کریں گے۔

چنانچہ اس سلطنت کا آخری بادشاہ یزدجرد گزرا ہے۔ اس کے بعد ملک ارمن رستم کی حکومت آئی اور یہ وہ رستم نہیں ہے جو ہندوستان میں مشہور ہے، بلکہ یہ اور رستم ہے جسے یزدجرد نے تمام خزانہ دے کر اور اسلحہ جات سے بھرپور کر کے سونا چاندی بخش کر کہا تھا کہ کسی طرح عرب کا شر دفع کرو۔ چنانچہ رستم بلاد خراسان سے دو لاکھ آدمی لے کر بلاد عراق سے ہوتا ہوا چلا اور جس قدر اہل ذمہ تھے سب کو ابھارا۔ حتیٰ کہ انہوں نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے نقض عہد کیا۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بہت سے عساکر روانہ کیے اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو ان کی کمان دی، اور جو عساکر عراق میں تھے ان کو حکم بھیج دیا کہ وہ حضرت سعد کی اطاعت کریں۔ جب حضرت سعد عساکر اسلامیہ کے ساتھ پہنچے، تو مخالف کے لشکر کا سردار رستم کو پایا۔ جس وقت مقابلہ شروع ہوا تو ہلال بن علقمہ ہیثمی نے رستم کو شست (نشانہ) میں باندھا اور پہلے ہی تیر میں اسے ہلاک کر دیا۔ چنانچہ حضرت سعد نے رستم کا تمام مال مسلوبہ ہلال کو عطا فرمایا جو ستر ہزار درہم کی قیمت کا تھا اور رستم کی ٹوپی کی قیمت ایک لاکھ درہم کی علیحدہ تھی وہ بھی ہلال کو عطا کی گئی۔ پس کمانڈر انچیف کا قتل ہونا تھا کہ لشکر میں بھگدڑ پڑ گئی۔ حضرت سعد نے ان کا تعاقب کیا حتیٰ کہ ان کی جمعیتیں منتشر ہو گئیں اور ہزارہا لشکری مارے گئے اور مسلمانوں کو کافی مال غنیمت ملا۔ روایت ہے کہ علم کفار جب قبضہ میں آ گیا تو معہ مال غنیمت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر کیا۔ آپ نے مجاہدین اسلام میں اس کا تقاسمہ فرمایا۔ تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حصہ میں اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

مال سے ایک شیر ملا تھا جسے آپ نے دس ہزار دینار کو فروخت فرمایا۔

- اس کے بعد سے اکاسرہ کی سلطنت اور ان کی جمعیت پھر دوبارہ منظّم نہ ہو سکی۔ مصرع ثانی میں اس طرف اشارہ ہے کَشَمْلِ اَصْحَابِ کِسْرٰی غَیْرَ مُلْتَئِمٖ ''یعنی اصحاب کسریٰ کی جمعیت کی طرح وہ محل بھی پھر مندمل نہ ہو سکا''۔

التئام عربی میں زخم جڑنے اور ملتئم ہونے کو کہتے ہیں۔ جیسا کہ حضرت علی کا شعر ہے۔ اس میں اس کی نظیر ملتی ہے۔

جراحات السنان لها التیام ولا یلتام ما جرح اللسان

''برچھی کا زخم مندمل ہو سکتا ہے لیکن جو زخم زبان سے طعن و تشنیع کا لگے، وہ مندمل نہیں ہو سکتا''۔

یہ رضا کے نیزہ کی مار ہے کہ عدو کے سینہ میں غار ہے
کسے چارہ جوئی کا وار ہے کہ یہ وار وار سے پار ہے

(علامۃ ثالثۃ ورابعۃ)

۶۲
وَالنَّارُ خَامِدَةُ الْاَنْفَاسِ مِنْ اَسَفٍ
عَلَيْهِ وَالنَّهَرُ سَاهِي الْعَيْنِ مِنْ سَدَمٍ

حل لغات: والنار۔ اور آگ۔ خامدة۔ از خمود، انقطاع شعلة النار مع بقاء جهرها، ٹھنڈے۔ الانفاس۔ جمع نفس، سانس لینے لگی۔ من اسف۔ الاسف بمعنی الحزن۔ افسوس سے۔ علیه۔ اپنے اوپر۔ والنهر اور نہر فرات۔ ساهي العين۔ ساهي، بمعنی الغافل، عين منبع الماء۔ بھول گئی اپنے منبع کو۔ من سدم۔ الحزن والندم۔ کمال حزن وندامت سے۔

ترجمہ: آتش کدوں کی آگ آہ سرد کھینچ کر سرد ہو گئی اور نہر فرات کی آنکھ یعنی منبع بہنے سے رک گیا۔

شرح: حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے میلاد مبارک کے وقت آتش مجوس جو ہزار سال سے روشن تھی

ایک آہ سرد بھر کر ٹھنڈی ہوگئی اور اسے بطلان مذہب مجوس کا یقین ہوگیا۔ اور نہر فرات جو کوفہ کے قریب ہے جس پر انوشیروان نے پل باندھ کر بڑی عالی شان عمارتیں اور کنیسا اس کے گرداگرد بنوائے تھے، ایسی حیران ہوئی کہ اپنا بہاؤ چھوڑ کر ساوہ اور بحیرہ طبریہ کی گھاٹیوں میں جو دمشق و عراق کے مابین ہیں جا پڑی۔

روئے زمین کے بت کیوں سب آج سرنگوں ہیں
آتش کدوں کی آتش قدرت بجھا رہی ہے

وَسَآءَ سَاوَةَ اَنْ غَاضَتْ بُحَيْرَتُهَا
٦٣ وَرُدَّ وَارِدُهَا بِالْغَيْظِ حِيْنَ ظَمِ

حل لغات: و۔ واؤ عاطفہ، اور۔ ساء۔ بمعنی حزن، احزن، غمگین ہوگئے، ساوة۔ اسم شهر عظیم، والمراد اهل ساوه، اہل ساوہ، ان غاضت۔ غياض بمعنى غاب، يقال غاض الماء اذا غاب، اس سے کہ غائب ہوگیا۔ بحیرتھا۔ بحیرہ اسم لمياه عظيم، اس کا دریا، جسے دریا ساوہ کہتے ہیں۔ ورد۔ واؤ حالیہ، رد بمعنى رجع وانصرف، اس حال میں کہ لوٹا۔ واردھا۔ الذاهب لاخذ الماء، پانی لینے والا۔ بالغيظ۔ غصہ سے۔ حین۔ جب کہ۔ ظم۔ اصله ظمئ ای عطش حذف همزه بضرورت شعری، پیاسا تھا۔

ترجمہ: اور جب کہ خشک ہوگئے دریائے ساوہ تو اہل ساوہ ساحل سے شدت تشنگی میں غصہ سے واپس لوٹے۔

شرح: مملکت عراق العجم میں جو ہمدان وقم کے مابین واقع ہے وہاں یہ دریا ساوہ تھا جو شہر ساوہ سے چلا تھا۔ اس میں کشتیاں چلتی تھیں۔ اور یہاں سے لوگ ملک رے اور اذرنمات وغیرہ کو سفر کیا کرتے تھے۔ اور یہ دریا چھ فرسخ سے بھی عریض تھا۔ اس کا پانی اتنا لطیف تھا۔ کہ اس کے مقابلہ کا پانی کسی دریا میں نہ تھا۔ اس کے ساحل پر دورویہ کنیسہ اور شاندار بازار تھے، تمام مجوس اس مقام کو متبرک خیال کرتے اور آگ وغیرہ پوجتے تھے، جب ہمارے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت ہوئی تو چونکہ آپ کی ذات اقدس ماحی طرق الکفر (کفر کے طریقوں کو مٹانے والی) تھی۔ اور یہ مقام خاص مرکز کفر تھا۔ اس لیے یہاں کا پانی خشک ہو گیا اور بحیرہ طبریہ یہ بھی ایسی ہی جگہ تھی، جہاں بہت سے کنائس سونے چاندی سے منقش تعمیر کیے گئے تھے۔ یہ بھی وقت ولادت باسعادت خشک ہو گیا۔ اور یہ خشک ہونا ان مقامات کی خرابی کی مبادیات سے تھا۔ اور موضع بحیرہ یعنی ساوہ ایک زبردست شہر ہے۔ اور اب تک وہ باقی ہے۔

كَاَنَّ بِالنَّارِ مَا بِالْمَآءِ مِنْ بَلَلٍ

۶۴ حُزْنًا وَّ بِالْمَاءِ مَا بِالنَّارِ مِنْ ضَرَمِ

حل لغات: کأن۔ حرف تشبیہ، گویا۔ بالنار، آگ نے۔ ما بالماء۔ پانی سے۔ من بلل۔ نمی حاصل کی ہے۔ حزنا۔ غم میں۔ و بالماء۔ اور پانی نے۔ ما بالنار۔ آگ سے۔ من ضرم۔ الهاب النار و اشتعالها، سوزش۔ حرارت حاصل کی ہے۔

ترجمہ: گویا کہ آتش غم میں آگ نے پانی سے نمی حاصل کی ہے اور پانی نے آگ سے حرارت حاصل کر کے خشکی اختیار کی۔

شرح: تفسیر روح البیان میں ہے کہ اول آگ پوجنے والا قابیل تھا۔ جب اس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا اور آدم علیہ السلام بامر الٰہی ارض یمن سے تشریف لے گئے۔ تو قابیل معہ اپنی بہن کے نکلا۔ شیطان نے اسے کہا کہ ہابیل کے صدقہ کو آگ نے یوں قبول کیا کہ وہ آگ پوجتا تھا۔ لہٰذا تو بھی آگ پوج، تاکہ آگ تیری حمایت کرے۔ چنانچہ اس نے آتش پرستی شروع کیا اور اس طرح اس کی اولاد در اولاد میں یہ سلسلہ آتش پرستی شروع ہو گیا۔

وَالْجِنُّ تَهْتِفُ وَالْاَنْوَارُ سَاطِعَةٌ

۶۵ وَالْحَقُّ يَظْهَرُ مِنْ مَّعْنًى وَّمِنْ كَلِمِ

حل لغات: والجن، واؤ عاطفہ، اور جن۔ تهتف۔ از ہتف، آواز دینا، آواز دے رہے ہیں۔ والانوار۔ جمع نور، اور نور۔ ساطعة۔ از سطوع بمعنی ظہور، چمک رہے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

والحق۔ الحق ضد الباطل، اور سچائی۔ یظھر۔ ظاہر ہو گئی۔ من معنیً۔ قرآن کریم سے۔ ومن کلم۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات سے۔

ترجمہ: جنات آواز دینے لگے، اور نور بلند ہو کر چمکنے لگے اور حق ظاہر ہو گیا قرآن کریم سے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات سے۔

شرح: جن، انس کے مقابل ایک مخلوق ہے جو جوہر ناری ہے، متشکل باشکال عدیدہ ہونے کی استعداد رکھتی ہے۔ اور جن انہیں اس لیے کہا جاتا ہے کہ نظروں سے مستور مخلوق ہے۔ لغت میں جس لفظ کی ابتداء جیم نون کے ساتھ ہوتی ہے وہ شے مستور کے لیے مخصوص ہے۔ جیسے جنین کہ اس بچہ کو کہتے ہیں، جو رحم مادر میں مستور ہو، جنان قلب کو بھی کہتے ہیں۔ اور اس باغ کو بھی جو چار دیواری میں مستور ہو۔ وقس علیٰ ھذا۔ اگرچہ ملائکہ بھی نظروں سے مستور ہیں۔ لیکن یہ اپنے غایت حسن و جمال کی وجہ سے مستور ہوئے۔ اس لیے کہ اگر انہیں کوئی اپنی صورت میں دیکھ لے تو لمعات نور سے آنکھیں جاتی رہیں اور مہابت حسن سے زوال عقل ہو جائے۔ اور جن چونکہ بغایت قبیح الصورت ہیں۔ اس لیے لوگوں پر یہ اللہ کا احسان ہے کہ وہ مستور رکھے گئے۔ اس لیے کہ اگر انہیں کوئی دیکھ لے تو خوف سے مر جائے یا پاگل ہو جائے۔ اور جن تین اقسام پر منقسم ہیں: ایک وہ ہیں کہ پروں سے ہوا میں اڑتے ہیں، دوسرے وہ ہیں جو سانپ اور کتے کی شکل میں رہتے ہیں اور تیسری قسم وہ ہے جو انسان کی طرح چلتی پھرتی ہے۔

اور محققین نے لکھا ہے کہ جس طرح انسان میں متعدد مذاہب ہیں، اسی طرح جن بھی متعدد مذاہب پر ہیں، ان میں یہودی ہیں، نصاریٰ ہیں، مجوسی ہیں، مشرک ہیں، مسلمان ہیں، مبتدع ہیں، عیاش اور آوارہ بھی ہیں اور تمام مکلف بالاحکام ہیں۔

والجن تھتف جو ناظم فاہم نے فرمایا یہ اس واقعہ کی طرف اشارہ ہے کہ وقت میلاد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نو آوازیں جنوں کی ہوا میں مکہ معظمہ کے اندر مسموع ہوئیں، جو ولادت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

باسعادت کی بشارت دے رہے تھے۔مواہب لدنیہ میں ہے کہ وقت ولادت مشرق کے جن مغرب کے جنوں کو اور مغرب کے جن مشرق کے جنوں کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کی بشارت دے رہے تھے اور قبل از ولادت بھی بہت سے بتوں سے بشارتیں مسموع ہوئیں۔

چنانچہ حضرت مازن فرماتے ہیں کہ میرا بت باور شہر عمان میں تھا۔اس سے میں نے ان لفظوں میں بشارت سنی

یا مازن اسمع تسر ظھور خیر البشر بعث نبی من مضر بدین اللّٰہ برفدع نحیتا من حجر تسلم من حر سقر۔

''اے مازن! بشارت سن اور خوش ہو۔ظہور خیر البشر ہونے والا ہے،قبیلہ مضر سے ایک نبی ظاہر ہوں گے،دین حق لے کر آئیں گے۔یہ پتھر کے کھدے ہوئے بت ہیں انہیں چھوڑ تاکہ سقر سے نجات حاصل ہو''۔

مازن فرماتے ہیں۔اس آواز کو سن کر میں متحیر تھا کہ دوسری آواز آئی:

اقبل الیٰ قبل مستمعا لا تجھل ھٰذا نبی مرسل جاء بحق منزل۔

''ادھر دیکھ سن اور جہالت نہ کر،یہ نبی مرسل شریعت حقہ لے کر نازل ہوئے ہیں''۔

شفا میں ہے کہ حضرت آمنہ خاتون رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

لما ولدتہ علیہ السلام خرج من رحمی نور اضاء لہ قصور الشام

''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کے وقت میری رحم سے ایک ایسا نور نکلا جس نے قصور شام روشن کر دیئے''۔

لطائف میں ہے کہ اس نور کے نکلنے سے اس امر کی طرف اشارہ تھا کہ ظلمت شرک معدوم ہے اور نور ہدایت اب عام ہونے والا ہے۔جیسا کہ قرآن کریم میں ارشاد ہے:

قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ (1)۔

مولای صل وسلم دائما ابدا علی حبیبک خیر الخلق کلھم

1۔ بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

عَمُوْا وَصَمُّوْا فَاِعْلَانُ الْبَشَآئِرِلَمْ
٦٦ تُسْمَعْ وَبَارِقَةُ الْاِنْذَارِ لَمْ تُشَمِ

حل لغات: عموا۔ من العمی۔ اندھے ہوگئے۔ وصموا۔ ازصم، ثقل سماعت، اور بہرے ہو گئے۔ فاعلان البشائر۔ بشائر جمع بشارة وھی الخبر المورث للسرور۔ اور بشارتیں ہدایت ونجات کی۔ لم تسمع۔ نفی جحد بلم۔ ہرگز نہ سن سکے۔ وبارقة۔ جمع برق۔ اور بجلیاں۔ الانذار۔ تخویف۔ ڈرانے والیاں۔ لم تشم۔ لم تنظر ولم تبصر۔ نہ دیکھیں۔

ترجمہ: کفار اندھے بہرے ہوگئے، نہ خوش خبری کا اعلان سنا، نہ ڈرانے والی بجلیاں دیکھ سکے۔

شرح: اس شعر میں جواب سوال مقدر کا ہے اور وہ یہ کہ منکرین باوجود دلائل نبوت کے ظہور کے کیوں ایمان نہ لائے۔ تو فرماتے ہیں کہ وہ قبول حق سے اندھے اور سماع ہدایت سے بہرہ تھے۔ اس لیے انہوں نے نہ بشارت قدوم محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سنی اور نہ برق انذار چمکتی دیکھی۔

لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ بِهَا٘ وَلَهُمْ اَعْیُنٌ لَّا یُبْصِرُوْنَ بِهَا٘ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا یَسْمَعُوْنَ بِهَاؕ اُولٰٓىٕكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّؕ اُولٰٓىٕكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۔(1)

مِنْ بَعْدِ مَا اَخْبَرَ الْاَقْوَامَ كَاهِنُهُمْ
٦٧ بِاَنَّ دِیْنَهُمُ الْمُعْوَجَّ لَمْ یَقُمِ

حل لغات: من بعد۔ بعد اس کے کہ۔ ما اخبر۔ خبر دی۔ الاقوام۔ قوموں کو۔ کاھنھم۔ ان کے کاہنوں نے۔ بان۔ اس امر کی۔ دینھم۔ کہ ان کا دین۔ المعوج۔ از اعوجاج، بمعنی عدم الاستقامة وکجی۔ جو ٹیڑھا اور کج ہے۔ لم یقم۔ لم یدم۔ نہیں قائم رہ سکتا۔

ترجمہ: مشرکین اور بیدین منکر بعد اس کے اندھے بہرے ہوئے کہ انہیں کاہنوں نے پہلے

1۔ وہ دل رکھتے ہیں جن میں سمجھ نہیں اور وہ آنکھیں جن سے دیکھتے نہیں اور وہ مکان جن سے سنتے نہیں وہ چوپاؤں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بڑھ کر گمراہی وغفلت میں پڑے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

خبر دی تھی کہ تمہارا دین کج اور غیر قائم ہے۔

شرح: یعنی سب سے زیادہ تعجب ناک بات یہ ہے کہ قبول حق سے ان کا اندھا بہرا ہونا اس امر کے بعد ہوا کہ ان کے کاہنوں نے اپنی تمام اقوام کو خبر دے دی تھی کہ ان کا یہ ٹیڑھا راستہ مذہب کا آئندہ قائم نہ رہے گا۔

کاہن اس کو کہتے ہیں، جو بغیر وحی کے آئے واقعات آتیہ (آنے والے) اور گزشتہ حالات کی لوگوں کو خبر دے، عام اس سے کہ وہ قرائن کے ذریعے سے خبر دے یا نجوم سے یا کسی جن کی خبر رسانی سے۔ اور اس خبر میں یہ ضروری نہیں کہ ہر خبر صحیح اترے، بلکہ کوئی صحیح ہو اور کوئی غلط۔ اسی بناء پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے:

من اتیٰ عرافا او کاهنا فصدقه بما قال فقد کفر بما انزل الله علیٰ محمد۔

"منجم و کاہن وغیرہ کی جو شخص تصدیق کرے وہ بِمَا اُنْزِلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ سے کفر کرنے والا ہے"۔

اس پر علامہ خرپوتی فرماتے ہیں:

هٰذا فی حق من اعتقد صدق العراف والكاهن واما من سألهم لاستهزائهم او لتكذيبهم فلا يلحقه ما ذكر فی الحديث بقرينة حديث آخر من صدق کاهنا لم يتقبل الله منه صلاة اربعين يوما وليلة۔

"یعنی یہ حکم کفر اس شخص کے لیے ہے جو معتقد و مصدق ہو، اور جو استہزاءً ان سے سوال کرے تو اس پر یہ حکم نہیں آتا چنانچہ دوسری حدیث میں ہے: جو کاہن کی تصدیق کرے اللہ اس کی چالیس رات دن کی نماز قبول نہیں فرماتا"۔

علامہ ابن مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: دونوں حدیثوں میں تطبیق واضح ہے۔ وہ یہ کہ جو کاہن کی خبر کا معتقد و مصدق ہو وہ کافر ہے اور اگر اس کا یہ خیال ہے کہ وہ ملہم من اللہ ہے یا کسی جن کے ذریعہ وہ کہتا ہے اور جن ملائکہ سے جو سن کر آتے ہیں وہ اسے کہہ دیتے ہیں تو کافر نہ ہوگا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مواہب میں ہے کہ حضرت صدیقہ فرماتی ہیں کہ ایک یہودی مکہ معظّمہ میں رہتا تھا جس رات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت ہوئی اس کی صبح اس نے کہا:

یا معشر قریش هل ولد فیکم اللیلة مولود قالوا لا نعلم قال فانظروا فانه ولد فی هٰذه اللیلة نبی هٰذه الامة بین کتفیه علامة۔ فانصرفوا، فسالوا وقیل لهم قد ولد لعبد الله بن عبدالمطلب غلام فذهب الیهودی معهم الی امه فاخرجته لهم فلما رأی الیهودی العلامة خرمغشیا علیه فقال ذهبت النبوة من بنی اسرائیل، یا معشر قریش اما والله لیسطون بکم سطوة یخرج خبرها من المشرق والمغرب۔

"اے قریشیو! کیا اس رات تمہارے اندر کوئی بچہ ہوا ہے؟ سب نے کہا: ہمیں علم نہیں۔ اس نے کہا: جاؤ اور دیکھو اس رات اس امت کا نبی پیدا ہوا ہے اور اس کے دونوں شانوں کے مابین نشان ہے۔ قریشی لوٹے اور پوچھنے لگے تو انہیں بتایا گیا کہ عبداللہ بن عبدالمطلب کے گھر میں فرزند ارجمند تولد ہوا ہے۔ قریشی یہودی کے پاس گئے اور سب حال سنایا۔ وہ ان کے ساتھ حضرت آمنہ خاتون رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی۔ جب شانۂ اقدس کے مابین اس کی نظر پڑی تو اسے غش آ گیا۔ پھر کہنے لگا: نبوت بنی اسرائیل سے گئی۔ اے قریشیو! خدا کی قسم اس بچے کی سطوت ومہابت دنیا پر ہوگی۔ اور اس کی خبر عنقریب مشرق سے مغرب تک پھیل جائے گی"۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت سے قبل جو اصنام واحبار نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کی خبریں دیں، وہ بکثرت ہیں۔ چند اس مقام پر خصائص کبریٰ سے منقول ہیں اور علامہ نبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی حجۃ اللہ علی العالمین میں انہیں نقل فرمایا۔

راشد بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ سواع نامی ایک بت چند قبائل کا مقام معلاۃ میں تھا۔ ایک بار قبیلہ بنی ظفرہ نے کچھ بھینٹ چڑھانے کو مجھے اس بت پر بھیجا۔ میں صبح کے وقت وہاں پہنچا۔ تو اچانک اس بت سے یہ آواز میں نے سنی:

العجب کل العجب من خروج نبی من عبدالمطلب یحرم الزنا والربوٰ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

والذبح للاصنام و حرست السماء ع ورمينا بالشهب۔

''تعجب ہے، تعجب ہے ایک نبی کے ظہور پر جو عبدالمطلب سے نکلے گا۔ زنا، بیاج، ذبح للاصنام حرام کردے گا۔ اور آسمان سے خبریں سننا مسدود ہو جائیں گی اور ہم پر شہب سماویہ پھینکے جائیں گے''۔

دوسرا بت ضمار جو وہیں تھا، اس کے جوف سے یہ آواز آنے لگی:

ترک الضمار وكان يعبد وخرج احمد نبی يصلی الصلوٰة ويامر بالزكوٰة والصيام والبر و الصلة للارحام۔

''ضمار جو پوجا جاتا تھا، متروک ہو جائے گا اور احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی پیدا ہونے والے ہیں، نماز پڑھوائیں گے اور زکوٰۃ، روزہ، احسان اور صلہ رحمی کا حکم جاری فرمائیں گے''۔

تیسرے بت کے پاس سے پھر میں نے یہ آواز سنی:

ان الذی ورث النبوة والهدىٰ بعد ابن مريم من قريش مهتدىٰ۔ نبی يخبر ما سبق وما يكون فی غدا۔

''نبوت و ہدایت کے جو وارث ہیں، عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے بعد قریش سے ظاہر ہوں گے۔ ایسے نبی جو خبر دیں گے گزشتہ و آئندہ کی''۔

اور اس کے علاوہ بہت سے واقعات ہیں جو بخوف طوالت قلم انداز کیے گئے جس کو دیکھنا ہو وہ حجۃ اللہ علی العالمین مؤلفہ علامہ نبہانی دیکھے۔

وَبَعْدَ مَا عَايَنُوا فِي الْاُفُقِ مِنْ شُهُبٍ
٦١ مُنْقَضَّةٍ وَّفْقَ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ صَنَمٍ

حل لغات: وبعد۔ واؤ عاطفہ، اور بعد۔ ماعاینوا۔ ماضی از معائنہ۔ دیکھنا۔ از مكاشفة التام۔ اس کے کہ دیکھا انہوں نے۔ فی الافق۔ بسكون الفاء جوانب السماء۔ آسمان کے کناروں میں۔ من شهب۔ بضمتين جمع شهاب وشعلة النار او كواكب۔ آگ کے شعلہ یا کواکب سے۔ منقضة۔ از انقض بمعنی سقط، کہ گر رہے ہیں۔ وفق ما۔ موافق یا مانند اس کے۔ مافی الارض۔ جو زمین میں گرتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

من صنم۔ بتوں سے۔

ترجمہ: کفار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کے انکار سے پہلے آسمان کے کناروں سے شہاب ثاقب ٹوٹتے ہوئے دیکھتے اور زمین پر بتوں کو گرا ہوا پا چکے تھے۔

شرح: علامہ خرپوتی فرماتے ہیں:

روی ان اللّٰہ تعالیٰ اذا قضیٰ امرا کان یسمعه حملة العرش فیسبحون فسبح من تحتهم الی السماء الدنیا فیختطف وتسترقه الشیاطین ثم یأتون به الکهنة علی الارض فما جاؤا به علی وجهٍ فهوحق ولکنهم یزیدون فیکذبون وکان ذالک فی الجاهلیة فلما ولد علیه السلام کانت الشیاطین مرجومین من السماء و ممنوعین من الصعود الیها بنجوم ونیران ترمیها الملئکة الیهم۔

"روایت ہے کہ جب اللہ کی طرف سے کوئی حکم نافذ ہوتا تو اسے حملہ عرش سن کر تسبیح کرتے اور ان سے نیچے کے ملائکہ بھی تسبیح کرتے تو باقی فرشتے وجہ دریافت کرتے، تو انہیں اس حکم سے خبر دیتے یہاں تک کہ سماء دنیا کے فرشتوں تک یہ خبر عام ہو جاتی۔ تو شیاطین جو سماء دنیا کے قریب اڑ کر چھپے رہتے تھے وہ اس خبر کو اڑالاتے اور کاہنوں کو کہہ دیتے تو جتنی خبر وہ صحیح دیتے وہ بالکل صحیح ہوتی تھی۔ لیکن اکثر زائد کچھ ملا کر کہتے، وہ کذب خالص ہوتا۔ یہ کیفیت زمانہ جہالت میں تھی۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی تو شیاطین کا یہ راستہ بند ہوا۔ اور حفظہ سما رجم سے ڈر کر شیاطین نہیں جاتے تھے اور جو جاتے اسے نجوم ثاقب اور شہاب کے ذریعہ رجم کیا جاتا"۔

چنانچہ قرآن کریم میں بھی ارشاد ہے:

فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا

"اب شیاطین سے جو سننے جائے تو وہ شہاب رصد پاتا ہے"۔

اور وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ بھی اس واقعہ کے متعلق قرآن کریم میں وارد ہے۔

اور صنم و وثن میں فرق یہ ہے کہ وثن وہ ہے، جو ذی جسم ہو، خواہ لکڑی کا ہو یا پتھر کا۔ یا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

چاندی سونے کا اور صنم اس تصویر کو کہتے ہیں جو صورت بلا جثہ وجسم ہو۔

اس بیت مبارک میں صنم اس لیے استعمال کیا کہ وقت ولادت محمد رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب تمام صنم جو مصور علی الجدار تھے، مکبا علی وجهه ہو کر اوندھے گر گئے۔ تو وثن جو ذی جسم تھے وہ بطریق اولیٰ گرے ہوئے ماننے پڑیں گے۔

خیر الوریٰ صدر العلیٰ راس الوفا وجه الصفا
شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ نجم الهدیٰ نور الندیٰ
عین التقیٰ زین النقیٰ کنز العطا کشف الغطا
روح البها سر النهیٰ نهر المنن بحر السنن

اب خلاصہ ترجمہ یہ ہوا کہ وہ مجوس اور مشرکین راہ ہدایت سے اندھے اور بہرے، ایسے ہو گئے کہ اطراف آسمان سے شہاب گرتے دیکھ کر بھی ایمان نہ لائے۔ یہ شعلہ ہائے ناریہ جنات وشیاطین پر مارے جاتے تھے اور ان سے وہ ایسے گرتے تھے جیسے روئے زمین کے بت اوندھے گرے تھے۔ اور یہ تمام نشانیاں منکرین نے بچشم سر دیکھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آیات بینات میں سے ایک بڑی نشانی تھی کہ استراق سمع کے لیے شیاطین جو آسمان پر جاتے ان پر شعلہ ہائے آتشیں گرتے اور رُجُوْمًا لِّلشَّیٰطِیْنِ کا ظہور ہوتا اور وقت ولادت تمام روئے زمین کے بت اندھے گر پڑے تھے۔

چنانچہ عبدالمطلب کے واقعہ میں ہے کہ جب وہ بت خانہ کعبہ میں گئے تو تمام بتوں کو سرنگوں دیکھا۔ اور ہبل بت کی زبان حال سے یہ رباعی سنی:

تری بمولود اضاءت بنوره
جمیع فجاجة الارض من شرق ومن غرب
وخرت له الاوثان طرا وارعدت
قلوب ملوک الارض جمعا من الرعب

”عبدالمطلب! تم نے اس مولود مسعود کی زیارت کی جس کے نور سے شرق وغرب کا چپہ چپہ روشن ہو گیا، اور تمام روئے زمین کے بت سرنگوں ہیں، اور ملوک کج کلاہ کے دل تھرا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

رہے ہیں ان کے رعب سے"۔

ادھر شب ولادت باسعادت میں ایوان کسریٰ ایسا متزلزل ہوا کہ اس کے چودہ کنگرے گر گئے۔ آتش مجوس جو ہزار سال سے روشن تھی، بجھ گئی اور بحیرہ ساوہ خشک ہو گیا، کسریٰ اس سے سخت پریشان ہوا۔ اور تمام نجومیوں کو جمع کر کے اس کی وجہ دریافت کی۔ سب نے جواب سے عاجزی کا اظہار کیا۔ آخر باذان والی یمن کو حکم بھیجا کہ بہت جلد ہونہار منجم بھیجے۔ چنانچہ اس نے عبدالمسیح بن عمر بن بقیلہ غسانی کو بھیجا اس نے کسریٰ سے تمام حال سن کر کہا کہ اس معاملہ کا فیصلہ میرا ماموں سطیح کاہن جو شام میں رہتا ہے، دے سکتا ہے۔ میں اس میں کوئی رائے زنی نہیں کر سکتا۔ چنانچہ بادشاہ نے اسے وہاں بھیجا۔ جب یہ سطیح کے پاس آیا تو اسے قریب المرگ پایا۔ اس نے سلام کیا تو اس نے سر اٹھا کر کہا:

عبدالمسیح علی جمل یسیح الی سطیح وقد ادنی علی الضریح یا عبدالمسیح بعثک ملک بنی ساسان لارتجاس الایوان وخمود النیران ورؤیا الموبدان یا عبدالمسیح اذا غاصت بحیرۃ ساوۃ وفاض وادی السماوۃ فقد ولد صاحب التلاوۃ وظھر خیر الادیان وزال ملک بنی ساسان وسیملک منھم ملوک وملکات علی عدد الشرفات وکل ماھو آت آت ثم خرجت نفسہ۔

"اے عبدالمسیح! اونٹ پر سیاحت کر کے سطیح کے پاس ایسے وقت آیا کہ اس کی جان جا رہی ہے۔ اے عبدالمسیح! ملک ساسان نے زلزلہ ایوان اور خمود نیران اور خواب مؤبدان کی تحقیق کے لیے تجھے بھیجا ہے۔ اے عبدالمسیح! جب بحیرہ ساوہ خشک ہو گیا، وادی سماوہ سرسبز ہو گئی تو بے شک صاحب التلاوہ نبی آخر الزمان کا ظہور ہو گیا۔ ان سے بہترین دین کا ظہور ہو گا اور محل کے کنگروں کی تعداد تک ملوکیت ساسان اور باقی رہے گی۔ یعنی چودہ بادشاہ ہوں گے۔ اس کے بعد جو کچھ ہو گا وہ ہو گا پھر اس کی روح پرواز کر گئی"۔

عبدالمسیح نے یہ سب حال کسریٰ کو سنایا۔ اسے گونہ تسکین ہوئی اور اس نے سمجھا کہ چودہ سلطنت بدلنے کو مدت چاہیے۔ لیکن قدرت الٰہی کہ چار سال کے عرصہ میں دس بادشاہ بدل

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

گئے اور چار جو باقی تھے وہ خلافت امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ تک ختم ہو گئے۔

حضرت سواد بن قارب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں کاہن تھا اور جن مجھے خبریں دیا کرتا کہ ولادت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے وقت اس نے مجھے کہا کہ اب ہم خبر دینے سے قاصر ہیں اس لیے کہ اب آسمان پر جب ہم جاتے ہیں تو ہم پر شہاب ثاقب پڑتے ہیں۔ لہٰذا اب تو بھی یہ کام چھوڑ اور اس ہادیٔ راہ کی تلاش کر جو قبیلہ بنی لوئی بن غالب میں ظاہر ہوا۔ ہے اور مخلوق خدا کو ہدایت کی راہ پر بلاتا ہے اور بت پرستی سے روکتا ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے ایک بار دو بار تک تو پروانہ کی۔ جب اس نے تیسری بار بھی یہی کہا تو میرے دل میں حب اسلام کا جذبہ پیدا ہوا اور میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں مکہ معظّمہ حاضر ہو کر شرف اسلام سے مشرف ہو گیا۔

اے نورِ سبحان السلام اے روحِ ایمان السلام
اے چارۂ جان السلام اے دل کے درمان السلام
اے ختمِ دوران السلام اے فیضِ رحمٰن السلام
اے بحرِ احسان السلام اے ابرِ مدارِ منن!!!

صبح ولادت کی صحیح تاریخ میں اختلاف ہے، مصر کے مشہور ہیئت دان فلکی نے دلائل ریاضی سے ثابت کر کے بتایا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت 9 ربیع الاول یوم دوشنبہ مطابق 20 اپریل 571ء میں ہوئی۔

صحیح بخاری میں ہے: حضرت ابراہیم علیہ السلام صاحبزادہ والا تبار کے انتقال کے وقت آفتاب میں گہن لگا تھا، اور 10ھ تھا۔ اور اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عمر مبارک کا تریسٹھواں سال تھا۔ بقاعدۂ ریاضی معلوم ہوتا ہے کہ 10ھ کا گرہن 7 جنوری 632ء 8 بج کر 30 منٹ پر لگا تھا۔ اس حساب سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اگر قمری 63 برس پیچھے ہٹیں، تو ولادت باسعادت کا سال 571ء نکلتا ہے۔ اور بقاعدۂ ہیئت ربیع الاول کی پہلی تاریخ 12 اپریل 571ء نکلتی ہے۔ بہر حال اس پر اتفاق ہے کہ ربیع الاول کے مہینا میں دوشنبہ کے دن ولادت ہوئی اور تاریخ یکم سے لے کر 8 اور 8 سے لے کر 12 ربیع الاول کے اندر اندر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

تھی۔ اور چونکہ ربیع الاول مذکور کی ان تاریخوں میں دوشنبہ نویں ربیع الاول کو آتا ہے۔ بناء برایں یہ کہا جاسکتا ہے کہ تاریخ ولادت قطعاً 20 اپریل 571ء کو دوشنبہ کے دن ہوئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حَتّٰی غَدَا عَنۡ طَرِیۡقِ الۡوَحۡیِ مُنۡهَزِمٌ
٦٩ مِّنَ الشَّیَاطِیۡنِ یَقۡفُوۡ اِثۡرَ مُنۡهَزِمِ

حل لغات: حتی غدا۔ حتی للغایت۔ غدا بمعنی اعرض۔ یہاں تک کہ پھرے۔ عن طریق الوحی۔ وحی کے راستہ سے۔ منهزم۔ از انهزام، گریز کرنا، بھاگنا۔ بھاگتے ہوئے۔ من الشیاطین۔ شیاطین۔ یقفوا۔ از قفوا بمعنی التبعیة، ایک پر ایک گرتے۔ اثر۔ بمعنی عقب، قدم پر۔ منهزم۔ بھاگنے والے کے۔

ترجمہ: حتی کہ وحی کے راستہ سے شیاطین ایک دوسرے کے پیچھے بھاگنے لگے۔

شرح: یعنی شیاطین پر شہاب ثاقب کی ایسی بارش ہوئی کہ سراسیمہ و پریشان ہو کر خبر آسمانی لے کر آنا تو کہاں اپنی جانیں بچا کر ایک پر ایک گرتا پڑتا واپس آ رہا تھا۔ مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ یہ شہابہ جس شیطان کے لگ جاتا ہے وہ تو ہمیشہ کو ہلاک ہو جاتا ہے اور جو زخمی ہوتا ہے وہ دیوانہ ہو جاتا ہے۔ اسی کو اردو میں چھلاوہ کہتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

کَاَنَّهُمۡ هَرَبًا اَبۡطَالُ اَبۡرَهَةٍ
٧٠ اَوۡعَسۡکَرٌ بِالۡحَصٰی مِنۡ رَّاحَتَیۡهِ رُمِ

حل لغات: کأن۔ برائے تشبیہ، گویا کہ۔ هربا۔ الفرار والخوف، ان کا بھاگنا۔ ابطال۔ جمع بطل، شجعان، لڑنے والا بہادر۔ لڑنے والے بہادر۔ ابرهه۔ اسم ملک الیمن، بادشاہ ابرہہ کا سا تھا۔ او۔ یا۔ عسکر۔ اس لشکر کی طرح ہلاکت تھی۔ بالحصیٰ۔ جو ان کنکریوں سے ہلاک ہوا۔ من راحتیه۔ راحتین، حذف النون، بضرورت الشعر، کف دست، جو کنکریاں کف دست سے۔ رم۔ پھینکی گئیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ترجمہ: گویا شیاطین بھاگنے میں لشکر ابرہہ کے مانند تھے یا اس لشکر کی مثل جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دست مبارک کی کنکریوں سے مارا گیا۔

شرح: ناظم فاہم رحمۃ اللہ علیہ نے اس شعر میں شیاطین کی تشبیہ بہادران لشکر ابرہہ سے دی۔ اور دوسرا درجہ مشابہت میں شجاعان کفار قریش سے دیا۔ چنانچہ فرمایا کہ شیاطین شہب ثاقب سے ایسے ہوش باختہ ہو کر بھاگے جیسے لشکر ابرہہ جو انہدام کعبۃ اللہ کے لیے آیا تھا۔ اور عذاب الٰہی سے ہلاک ہو کر ان کے بچے کھچے بھاگے تھے یا اس لشکر کفار کی مانند شیاطین سراسیمہ و پریشان ہو گئے جو بدر و حنین میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مقابلہ میں آئے۔ اور ایک کف دست کنکریوں کی تاب نہ لا سکے اور آنکھیں ملتے ہوئے بھاگ پڑے۔ جس پر قرآن کریم نے فرمایا: وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ ۔(1)

ابرہۃ الاشرم ملک یمن تھا۔ حبش وغیرہ اس کے زیر نگین تھے اور اصحاب فیل کا رئیس اعظم بنا ہوا تھا۔ اس قصہ کو مفسرین نے مختلف صورتوں میں نقل کیا ہے۔ ہم اس جگہ تاریخ کامل ابن اثیر سے نقل کرتے ہیں:

ابرہہ کو جب یہ معلوم ہوا کہ ایام حج میں نذر و ہدایا لے کر اطراف و جوانب سے لاکھوں کی تعداد میں لوگ مکہ معظّمہ جاتے ہیں اور بیت اللہ کی زیارت کرتے ہیں۔ تو اس نے تعصب وحسد اور تمرد و قساوت کی بناء پر شہر صنعا میں ایک شاندار عمارت تعمیر کرائی اور اس کے درو دیوار پر سونا چاندی جواہرات لگائے۔ اور اپنی رعایا برایا کو اس کے طواف کا حکم دیا۔ اسی اثناء میں بنی کنانہ کا ایک شخص جو اس عمارت کی صفائی پر مقرر تھا۔ اس میں پاخانہ کر کے بھاگ گیا۔ تحقیقات سے معلوم ہوا کہ درحقیقت یہ ملازم مکہ کا رہنے والا تھا اور اس نے یہ فعل بغض و عناد سے کیا ہے۔ ابرہہ یہ سن کر بہت برہم ہوا اور عزم صمیم کیا کہ اس کے بدلے خانہ کعبہ کی توہین کرے۔ اسی اثناء میں ایک قافلہ اہل مکہ کا اس مکان کے قریب سے گزرا۔ رات اسی مقام پر قیام کیا۔ اتفاق سے یہ آگ اپنی ضرورت کے لیے جلا رہے تھے کہ ہوا چلی

1۔ اور اے محبوب وہ خاک جو تم نے پھینکی تم نے نہ پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-QOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور اس کی لپٹ اس مکان کو جا لگی۔ جو کچھ زیب و زینت کا سامان تھا تمام جل گیا۔ وہ قافلہ یہ حال دیکھ کر فرار ہو گیا۔ ابرہہ کو اس کی اطلاع دی گئی اور بتایا کہ وہ قافلہ مکہ والوں کا تھا۔ پس پھر کیا تھا ابرہہ کا غصہ اور بھی بھڑکا۔ آخر اس نے فوری حکم دیا کہ ہاتھی اور فوج کثیر تیار ہو۔ اور محمود نامی سب سے بڑا ہاتھی ہماری سواری کے لیے لایا جائے۔ مختصر یہ کہ محمود ہاتھی پر ابرہہ سوار ہوا۔ اور لشکر سلیقہ سے آراستہ ہو کر صفیں درست کر کے روانہ ہوا۔ جب یہ لشکر طائف پہنچا تو قبیلہ بنی ثقیف نے رہنمائی کے لیے ابو غال نامی ایک شخص کو اس کے ساتھ کر دیا۔ ابو غال لشکر ابرہہ کو مقام مغمس تک پہنچا کر مر گیا۔ عرب نے اس کی قبر کو سنگسار کر ڈالا۔ ابرہہ نے اول اسود بن مقصود کو مکہ روانہ کیا۔ اس نے وہاں پہنچ کر اہل مکہ کے اونٹ اور مال پر لوٹ مار کی۔ اس میں دو سو اونٹ حضرت عبدالمطلب کے بھی لوٹ لیے۔

پھر ابرہہ نے حناط حمیری کو مکہ روانہ کیا اور حکم دیا کہ وہاں کے صنادید اور سرداروں کو یہ پیغام پہنچا دے کہ میں تم سے لڑنے نہیں آ رہا ہوں بلکہ انہدام کعبہ میرا مقصد ہے۔ اگر تم میرے اس ارادے میں حائل نہ ہوئے۔ تو میں تم سے کوئی مزاحمت نہ کروں گا۔ ورنہ پھر جو مقابلہ میں آئے گا اپنے کیفر کردار کو پہنچے گا۔ حضرت عبدالمطلب نے حناط حمیری کو اطمینان دلایا اور کہا۔ کہ ہمیں اس میں مزاحمت کی ضرورت نہیں۔ اس لیے کہ ہمارا عقیدہ میں یہ خانہ خدا ہے اور اس کے خلیل ابراہیم کی تعمیر کی ہوئی عمارت ہے۔ خدا رب العزت کو اختیار ہے کہ اپنا گھر گرانے دے یا گرانے سے ابرہہ کو روکے، ہماری طرف سے اسے بےفکر رہنا چاہیے۔

قاصد نے کہا: آپ چلیں اور خود یہ سب باتیں بادشاہ سے کہہ دیں۔ آپ ساتھ ہو لیے۔ جب لشکر میں پہنچے، تو آپ کا ایک دوست ذونصر نامی اس لشکر میں تھا۔ اس کا حال معلوم کیا، بتایا گیا کہ وہ قید میں ہے۔ اس لیے کہ اس نے ہدم کعبہ کے عزم سے ابرہہ کو روکا تھا۔ آپ قید خانہ میں اس سے ملے۔ اور اپنے دو سو اونٹوں کی بابت ذکر کیا۔ ذونصر نے اپنی معذوری اور قید کا عذر پیش کر کے ایک فیلبان کا پتا دیا جس کا نام انیس تھا اور اسے سفارشی چٹھی دی اور عبدالمطلب سے کہا۔ یہ آپ کو ابرہہ سے ملا دے گا پھر خود کہہ سن لینا۔ چنانچہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

آپ انیس سے ملے اور اس کے ذریعہ ابرہہ تک پہنچے۔ انیس نے ابرہہ سے کہا: سردار قریش اور صندید مکہ یہی ہیں۔ ابرہہ نے آپ کی بہت تعظیم کی۔ اور حضرت عبدالمطلب قدرۃً کچھ وجیہ، جمیل اور بارعب واقع ہوئے تھے۔ ابرہہ آپ کو دیکھ کر بہت متاثر ہوا اور تخت سے اتر کر آپ کے پاس آ کر بیٹھ گیا۔ ترجمان سے کہا: ان سے دریافت کرو یہ کیا چاہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: میرے دوسو اونٹ جو اسود بن مقصود لوٹ میں لے گیا ہے وہ دلا دیں۔ ابرہہ نے کہا: میں تمہیں دیکھ کر بہت مسرور ہوا تھا اور تمہاری عزت وعظمت میرے دل پر سکہ زن ہو چکی تھی مگر تمہاری درخواست سن کر میرا خیال بدل گیا۔ تم اپنے اونٹ لینے میرے پاس آئے اور خانہ کعبہ جو تمہارا دین وایمان ہے۔ اس کا تم نے ذکر تک نہیں کیا۔ آپ نے فرمایا: بادشاہ اونٹ میری ملک ہیں اس لیے ان کی واپسی کی درخواست تجھ سے کر رہا ہوں اور کعبۃ اللہ نہ میری ملک، نہ میں اس کا مالک۔ اس کا مالک خود خدا ہے۔ وہ اپنے گھر کا مجھ سے بہتر محافظ ہے۔ اس لیے مجھے ایسے زبردست محافظ کے ہوتے اس کے لیے سفارش کرنے کی ضرورت نہیں۔ ابرہہ نے کہا: اچھا تم اپنے اونٹ لے جاؤ اور میں دیکھوں گا کہ مجھ سے خانہ کعبہ کو بچانے والی کون سی طاقت ہے۔ عبدالمطلب اپنے اونٹ لے کر مکہ میں آئے اور اہل مکہ کو خبردار کیا اور انہوں نے کہا کہ تم پہاڑوں میں پناہ گزین ہو جاؤ۔ اس لشکر جرار سے ٹکرانا تمہارے بل بوتے کا کام نہیں۔

پھر حضرت عبدالمطلب اٹھے اور چند قریشیوں کو ساتھ لے کر کعبۃ اللہ میں آئے اور حلقہ کعبہ پکڑ کر دعا حفاظت کعبہ کی اور فتح ونصرت مانگی۔ چنانچہ آپ کی زبان مبارک پر جو اشعار دعائیہ جاری تھے۔ ان میں دو یہ ہیں:

یا رب لا ارجو لهم سواکا یارب فامنع منهم حماکا
ان عدو البیت من عاداکا امنعهم ان یخربوا فناکا

اور علامہ خرپوتی نے یہ اور لکھا ہے کہ جب آپ تخت ابرہہ کے پاس پہنچے تو آپ کی زبان مبارک پر یہ دعا تھی:

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOM IL ISLAMIA ACADEMY

اللهم یاسمیع یا بصیر یا علیم یا خبیر انت جعلت نور حبیبک فی ستین سنة فجرمة صاحبه لاتجعلنی حقیرا ولا خجیلا بین یدی الظالمین ۔

غرضکہ حضرت عبد المطلب دعا کر کے مع اپنے ہمراہیوں کے پہاڑ کی گھاٹیوں میں چلے گئے کہ اتنے میں صبح کے وقت ابرہہ نے بیت اللہ کی طرف چڑھائی کی اور محمود ہاتھی کو ہدم کعبہ کے لیے نامزد کیا۔ جب محمود ہاتھی کعبۃ اللہ کی طرف ہانکا گیا تو نفیل بن حبیب خثعمی نے ہاتھی کا کان پکڑ کر کہا کہ محمود! اگرچہ میں تیرا مہاوت یعنی فیلبان ہوں۔ لیکن اس وقت تو میری فرمانبرداری نہ کر اور جہاں سے آیا ہے خیریت سے واپس لوٹ جا کیونکہ اس وقت تو خدا کے محترم شہر میں ہے۔ محمود نے یہ سنتے ہی نفیل کو اپنے اوپر سے گرا دیا۔ نفیل دوڑ کر پہاڑی پر چڑھ گئے۔ لشکریوں نے اس ہاتھی کو بہت مارا مگر اس نے ایسی گردن گرائی کہ اٹھا ہی نہیں۔

جب اسے یمن کی طرف ہانکا تو تیز تیز چلنے لگا پھر اسے کعبہ کی طرف ہانکا تو گردن ڈال دی۔ ابھی یہی ضدا ضدی ہو رہی تھی کہ من جانب اللہ دریا کی طرف سے ابابیل پرندوں کا ایک لشکر اڑتا ہوا آیا۔ جس کے پاس ایک ایک سنگریزہ چونچ میں ایک ایک پنجوں میں تھا۔ جس کی جسامت مسور کے دانہ سے زائد نہ تھی اور لشکر ابرہہ پر یہ پرند چھا گئے اور وہ کنکریاں پھینکنی شروع کیں۔ بس جس کے اوپر یہ کنکری پڑتی تھی اسے ہلاک کر دیتی تھی۔ تھوڑی دیر میں لاشوں کا ڈھیر ہو گیا۔

پھر ایک سیل آیا جو تمام لاشوں کو بہا کر دریا میں لے گیا جو سنگریزوں سے بچے وہ واپس اپنے راستے پر لوٹے۔ نفیل بن حبیب فیلبان سے راستہ پوچھنے لگے تو انہوں نے جواب میں کہا:

این المفر والاله الطالب والاشرم المطلوب غیر الغالب

غرضیکہ بحالت سراسیمگی مکہ سے بھاگے، تو راستہ میں ہلاک ہوتے چلے گئے۔ اور ابرہہ بے یارو مددگار مقام صنعا تک پہنچا۔ تو یہاں آ کر ایسا مرض لاحق ہوا کہ اس کے اعضاء ایک ایک کر کے گر گئے اور چند دن میں ہلاک ہو گیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مصرع ثانی میں جو **او عسکر بالحصی من راحتیہ رمی** فرمایا ہے وہ اس معجزہ کی طرف اشارہ ہے جو جنگ بدر اور حنین میں ظاہر ہوا۔ اس کا مختصر قصہ یوں ہے کہ جب لشکر کفار پوری جمعیت کے ساتھ حملہ آور ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے **شاھت الوجوہ** فرما کر ایک مشت سنگریزوں کی ان کی طرف پھینکی جس کا یہ اثر ہوا کہ ایک مشت سے ہزاروں کی آنکھوں میں کنک پڑ گئی۔ اور وہ آنکھیں ملتے ملتے فرار ہو گئے۔ اور جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ کا ظہور ہو گیا۔ مصرع کی اخیر میں رمی بصیغۂ مجہول اس لیے استعمال کیا کہ ایک مشت ریگ ہزاروں کی آنکھوں میں درحقیقت قوت خداوندی سے پہنچی۔ تو وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى کے ماتحت اس میں فاعل حقیقی حضرت عزت وعظمت تبارک وتعالیٰ عزاسمہ تھا۔ جس نے اپنی قوت کا مظاہرہ دست محبوب سے کرایا۔ یا پردہ محبوب میں اپنی شان دکھائی۔ وللہ الحمد۔

نگاہ لطف کے امیدوار ہم بھی ہیں
لیے ہوئے یہ دل بے قرار ہم بھی ہیں

ہمارے دست تمنا کی لاج بھی رکھنا
تیرے فقیروں میں اے شہر یار ہم بھی ہیں

ادھر بھی توسن اقدس کے دو قدم جلوے
تمہاری راہ میں مشت غبار ہم بھی ہیں

کھلا دو غنچۂ دل صدقہ باد دامن کا
امیدوار نسیم بہار ہم بھی ہیں

تمہاری اک نگاہ کرم میں سب کچھ ہے
پڑے ہوئے تو سرہ گزار ہم بھی ہیں

جو سر پہ رکھنے کو مل جائے کفش پائے حضور
تو پھر کہیں گے کہ ہاں تاجدار ہم بھی ہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

یہ کس شہنشہ والا کا صدقہ بٹتا ہے
کہ خسروؤں میں پڑی ہے پکار ہم بھی ہیں
حسن ہے جن کی سخاوت کی دھوم عالم میں
انہی کے تم بھی ہو اک ریزہ خوار ہم بھی ہیں

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فصل خامس--معجزات کے بیان میں

نَبْذاً بِهٖ بَعْدَ تَسْبِیْحٍ بِبَطْنِهِمَا
نَبْذَ الْمُسَبِّحِ مِنْ اَحْشَآءِ مُلْتَقِمِ ١

حل لغات: نبذا۔ الرمی من الید۔ پھینکنا ان کا۔ بہ۔ ان کنکریوں کو دشمن کی طرف۔ بعد تسبیح۔ بعد تسبیح کے۔ ببطنهما۔ ای فی بطن الراحتین۔ کہ وہ ان کی مٹھی میں تسبیح کر رہی تھیں۔ نبذا۔ ای کنبذ۔ مثل اس پھینکنے کے۔ المسبح۔ جو تسبیح کرنے والے کو۔ من احشاء۔ جوف بطن سے پھینکا۔ ملتقم۔ التقام۔ نگل جانا، نگل جانے کے بعد۔

ترجمہ: یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دشمنوں کی طرف سنگریزوں کا پھینکنا اس وقت تھا جب کہ وہ کنکریاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست اقدس میں سبحان اللہ کہہ رہی تھیں، یہ ایسے پھینکنا تھا جیسے حضرت یونس تسبیح کے ساتھ مچھلی کے پیٹ سے نکلے۔

شرح: حدیث میں ہے کہ

انه علیه السلام لمّا اخذ بقبضة من الحصیات بالوحی سبحت فی کفه وهو یسمع ثم اعطاها ابابکر فسبحت ایضا فی کفه اَیضاً وهویسمع ثم اعطاها عمر فسبحت فی کفه ایضا وهو یسمع ثم اعطاها عثمان ثم اعطاها علیا فسبحت فی کفهما وهو یسمعان۔

"یعنی جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ کنکریاں بحکم الٰہی اٹھائیں تو وہ تسبیح کر رہی تھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسموع فرما رہے تھے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو عطا فرمائیں تو ان کے ہاتھ میں وہ تسبیح کر رہی تھیں اور آپ سن رہے تھے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو عطا فرمائیں۔ تو وہ بدستور مسبح تھیں، اور آپ سن رہے تھے۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو عطا کیں اور یہ بھی وہ تسبیح سن رہے تھے"۔

وتشبیہاً ناظم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے کف مبارک سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سنگریزے دشمنوں کی طرف ایسے حال میں پھینکے کہ وہ ہر دو کف دست میں سبحان اللہ کہتے تھے۔ تو جیسے اللہ تعالیٰ نے حضرت یونس علیہ السلام کو شکم ماہی میں تسبیح لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (1) کی تلقین کی اور اس کی برکت سے اس مچھلی نے اپنے شکم سے آپ کو باہر اگل دیا تھا اور آپ نے اس ظلمت کدۂ شکم سے نجات حاصل کی تھی۔ اسی طرح کف دست محبوب دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سنگریزوں کا نکل کر دشمن کی طرف جانا فتح لشکر اسلام کا موجب ہوا۔ (اقتباس از اخبار الدول وآثار الاول)

قصہ یونس علیہ السلام مختصراً یہ ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام اہلیان نینویٰ پر مبعوث ہوئے تھے۔ یہ شہر موصل کے مقابلہ میں واقع ہے اور دریائے دجلہ ان دونوں کے مابین حد فاصل ہے۔ شہر نینویٰ کے باشندے بت پرست تھے۔ آپ نے ایک مدت تک انہیں دعوت توحید دی لیکن انہوں نے قبول نہ کیا۔ باآنکہ آپ سے جو مطالبات قوم نے کیے، آپ نے انہیں پورا کیا۔ چنانچہ قوم نے کہا کہ پانی سے آگ نکالیے اور اسے بغیر دوسرے ایندھن کے قائم رکھئے۔ آپ نے انہیں آگ نکال کر قائم کر کے دکھا دی مگر ان کی سرکشی بدستور ویسی ہی رہی۔ جب آپ ان کی ہدایت کی طرف سے مایوس ہو گئے تو آپ نے دعا کی۔ جبریل حاضر ہوئے اور عرض کی کہ قوم کو فرما دیں کہ اب تم پر عذاب آنے والا ہے۔ آپ نے بموجب پیشگوئی جبریل قوم کو فرما دیا مگر پھر بھی انہوں نے پروا نہ کی۔ آخر شب آپ رات کو مع اپنے دونوں صاحبزادوں اور اپنی بیوی کے نینویٰ سے ہجرت فرما گئے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کچھ عذاب رونما ہوا۔ بادسموم اور دھواں پھیلا کہ قوم ہوش میں آئی۔ اور حضرت یونس علیہ السلام کی تلاش میں نکلی۔ جب آپ نہ ملے تو انہیں عذاب کا یقین ہو گیا۔ سب جمع ہوئے اور عجز و نیاز کے ساتھ بارگاہ الٰہی میں توبہ کی اور زاری شروع کر دی۔ بت پرستی چھوڑ دی اور بغرض حصول رحمت اولادوں کو ماؤں سے علیحدہ رکھ کر دعائیں کیں، ٹاٹ پر میلا کچیلا لباس پہن کر رونے لگے۔ جو کسی سے ظلماً چھینا یا رکھ لیا تھا، وہ واپس کر دیا۔ اور جنگل میں آکر پکارے:

1۔ کوئی معبود نہیں سوائے تیرے پاک ہے تجھ کو بے شک مجھ سے بے جا ہوا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الٰہی! تیرے نبی یونس علیہ السلام اور تمام انبیاء پر ہم ایمان لائے۔ اب ہماری خطا معاف فرما دے۔ یہ کہہ کر سب سجدہ میں گر گئے۔

ملائکہ عذاب کو حکم ہوا کہ عذاب واپس کر لیں۔ تمام قوم خوش وخرم واپس ہوگئی۔ اور بروایت صحیحہ یہ ہے کہ قوم یونس پر یہ تمام آثارات عذاب آئے تھے نہ کہ عذاب، اس لیے کہ عذاب آنے کے بعد واپس نہیں ہوتا۔ اِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ (1) صاف ارشاد ہے۔

اب حضرت یونس علیہ السلام واپس لوٹے کہ قوم کا حال دیکھیں تو راستہ میں شیطان لعین ایک ضعیف العمر کی صورت میں ملا۔ آپ نے اس سے دریافت فرمایا کہ کہاں سے آ رہا ہے۔ اس نے کہا: شہر نینویٰ سے، آپ نے فرمایا: آج وہاں کے لوگوں پر کیسی گزری۔ شیطان نے کہا: یونس نبی علیہ السلام نے عذاب کی خبر دی تھی مگر عذاب نہ آیا۔ اس قوم کو یہ یقین ہوگیا کہ وہ نبی نہ تھے۔ یہ سن کر یونس علیہ السلام کو غصہ آیا اور آپ نے فرمایا کہ میں ایسی قوم میں جانا نہیں چاہتا جو مجھے جھوٹا جانتی ہے اور بلا اذن الٰہی دوسری طرف روانہ ہوگئے حتی کہ آپ چلتے چلتے مع اپنے دونوں صاحبزادوں اور بیوی کے دجلہ کے کنارے پر پہنچے اور پہلے بڑے صاحبزادے کو دریا پار اتار آئے۔ اس کے بعد چھوٹے صاحبزادے کو لے کر دجلہ کے وسط میں پہنچے تو پانی زیادہ ہوگیا اور چھوٹے صاحبزادے ڈوب گئے۔ اور جو بڑے صاحبزادے کو پرلے کنارے چھوڑ آئے تھے، دیکھا کہ انہیں بھیڑیا لے گیا۔ آپ پانی سے نکل کر بھیڑیے سے چھڑانے کو دوڑے تو بھیڑیا بحکم الٰہی بولا کہ یونس! واپس ہو جائیں۔ صاحبزادے کو میں نے بحکم الٰہی پکڑا ہے۔ اب یہ آپ کے ہاتھ نہ آئیں گے۔ آپ راضی برضا واپس اپنی بیوی کی طرف تشریف لائے تو یہاں وہ نہ ملیں۔ تو آپ سخت غمگین ہو کر رونے لگے اور روتے روتے سمندر تک پہنچے۔ وہاں ایک کشتی پار جانے کو تیار کھڑی تھی۔ آپ نے کشتی والوں سے پار جانے کا ارادہ ظاہر فرمایا۔ ان لوگوں نے آپ کو سوار کر لیا۔ جب کشتی قدرے کنارے سے دور ہوئی تو ایسا طوفان اٹھا کہ کشتی ڈوبنے کے قریب ہوگئی۔

1۔ بے شک میرا عذاب پھیرا نہ جائے گا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

سب کشتی والوں نے جمع ہو کر فیصلہ کیا کہ کشتی میں کوئی خطا کار شخص ہے۔ حضرت یونس علیہ السلام نے فرمایا کہ اس کشتی میں ایک غلام اپنے آقا سے بھاگا ہوا ہے۔ جب تک تم اسے دریا میں نہ ڈالو گے، نجات نہ پاؤ گے۔ اسی اثناء میں ایک بڑی مچھلی نمودار ہوئی اور منہ کشتی کی طرف کھولے ہوئے آنے لگی۔

حضرت یونس علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ سب بلائیں تم پر میرے سبب سے ہیں۔ مجھ کو دریا میں ڈال دو تمہیں امن مل جائے گا۔ اہل کشتی نے کہا کہ بغیر قرعہ ڈالے ہم ایسا ہرگز نہ کریں گے۔ آخر تین بار قرعہ اندازی کی گئی۔ تینوں بار حضرت یونس علیہ السلام کے نام پر ہی قرعہ پڑا۔ جس کا تذکرہ قرآن کریم میں ہے: فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ (1) ای من المغلوبین۔

ناچار آپ کو دریا میں ڈالا اور علی الفور مچھلی نے آپ کا لقمہ کیا۔ یہ وقت نصف رات کا تھا۔ اس اعتبار سے آپ پر تین تاریکیاں تھیں ایک تاریکیٔ شب دوسری تاریکیٔ دریا، تیسری تاریکیٔ شکم ماہی۔ چنانچہ یونس علیہ السلام نے ان تاریکیوں میں پھنس کر اپنے رب کو پکارا۔ اور ان الفاظ میں پکارا: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔

اس دعا پر جناب باری کی طرف سے مچھلی کو حکم ہوا کہ ہمارے یونس کو محفوظ رکھ۔ چنانچہ بحکم الٰہی آپ ایک مدت تک شکم ماہی میں رہے اور صحیح روایت یہ ہے کہ آپ چالیس روز اس کے پیٹ میں رہے جب یہ مچھلی گھومتے گھومتے اس جگہ پہنچی۔ جہاں آپ کو لقمہ کیا تھا تو ساحل پر آپ کو اگل دیا تو آپ کا جسد اطہر اب ایسی حالت میں تھا۔ جیسے انڈے سے چوزہ نکلتا ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے درخت کدو پیدا فرما دیا۔ جس روز آپ شکم ماہی سے نکلے تھے محرم الحرام کی 7 تاریخ تھی۔ پھر بحکم الٰہی آپ کے پاس ایک آہو مادہ (ہرنی) آ گئی اور اس نے اپنا دودھ پلانا شروع کر دیا۔ اسی طرح چالیس دن میں آپ کو کچھ طاقت حاصل ہوئی۔ تو آپ نے دیکھا کہ کدو کی بیل خشک ہے اور وہ ہرنی بھی غائب ہے تو آپ کو صدمہ ہوا اور آپ رونے لگے تو آپ پر وحی آئی کہ یونس! ایک بیل کدو کی اور ہرنی کے ضائع

1۔ پس قرعہ ڈالا تو دھکیلے ہوؤں میں ہوا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہونے پر تم رنج کر رہے ہو اور ایک لاکھ ستر ہزار آدمی جو اولاد ابراہیم علیہ السلام سے تھے ان کی ہلاکت پر تمہیں رنج نہ ہوا۔

اتنے میں ایک فرشتہ دو حلے لایا اور آپ کو وہ پہنائے اور کہا: یونس! اپنی قوم میں تشریف لے جائیں کہ وہ آپ کے مشتاق ہیں آپ بحکم الٰہی وہاں تشریف لے چلے۔ راستہ میں ایک گاؤں آیا وہاں دیکھا کہ ایک شخص کے ساتھ ایک عورت ہے اور وہ پکار رہا ہے کہ جو شخص اس عورت کو شہر نینوی میں یونس بن متی کے پاس پہنچا دے اس کو سو مثقال سونا دوں گا۔ آپ نے جو دیکھا تو وہ آپ کی بیوی تھیں۔ آپ اس کے پاس گئے اور قصہ دریافت کیا۔ اس نے کہا: یہ عورت دریا کے کنارے اپنے شوہر کی منتظر تھیں کہ وہاں ایک بادشاہ شاہان نواحی سے گزرا اور انہیں جبراً اپنے گھر لے گیا۔ جب آپ کے ساتھ بری نیت کا اظہار کیا تو خدا نے اس کے دونوں ہاتھ پیر شل کر دیے۔ بادشاہ نے اس پاک بی بی سے درخواست دعا کی۔ آپ نے دعا فرمائی تو وہ اچھا ہو گیا۔ اس نے انہیں میرے حوالہ کیا اور سو مثقال زر خالص دیے کہ میں انہیں شہر نینوی میں یونس بن متی کے پاس پہنچاؤں۔

آپ نے اپنا نام مبارک بتایا اور زوجہ محترمہ نے تصدیق کی۔ اس نے سو مثقال اور بی بی صاحبہ کو آپ کے حوالے کر دیا۔ ابھی آپ مع اپنی زوجہ محترمہ کے دو فرسخ چلے تھے کہ دوسرا گاؤں ملا۔ وہاں ایک شخص کو دیکھا جو سوار ہے اور اس کے پیچھے آپ کے چھوٹے صاحبزادے بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ وہی صاحبزادے ہیں جو دریا میں ڈوب گئے تھے۔ آپ نے صاحبزادہ کو لیا اور گلے لگایا۔ سوار نے پوچھا: آپ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں یونس بن متی ہوں اور یہ میرا بیٹا ہے۔ آپ نے گزشتہ قصہ پوچھا۔ اس نے کہا: میں ماہی گیر ہوں۔ ایک روز میں نے دجلہ میں جال ڈالا تو اس میں یہ صاحبزادے آ گئے۔ میں نے دیکھا تو زندہ تھے کہ اتنے میں غیب سے آواز آئی کہ اس بچے کو اچھی طرح رکھ۔ جب تک تیرے پاس اس کے والد حضرت یونس بن متی تشریف نہ لائیں جب وہ آئیں تو انکے حوالے کرنا۔ آپ نے خدا کا شکر ادا کیا۔ اور آگے چلے تو سر راہ دیکھا کہ ایک لڑکا بکریاں چرا رہا ہے اور بار بار دعا کرتا ہے کہ الٰہی مجھے میرے والد سے جلدی ملا دے۔ آپ نے دیکھا تو وہ بڑے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

صاحبزادے تھے۔ آپ نے انہیں گلے لگایا اور ساتھ چلنے کو فرمایا۔ انہوں نے عرض کی: ابا جان! یہ بکریاں اس گاؤں والے کی ہیں اس کے حوالے کر دوں۔ پھر حضور کے ساتھ چلوں۔ آپ صاحبزادے کے ساتھ تشریف لے گئے۔ دیکھا کہ گاؤں میں ایک مکان کے دروازہ پر ایک ضعیف العمر بیٹھے ہیں۔ یہ پہنچے، بکریاں سپرد کیں اور فرمایا: یہ میرے والد بزرگوار ہیں۔ وہ اٹھے اور انہوں نے آپ کے ہاتھ چومے۔ حضرت یونس علیہ السلام نے فرمایا کہ آپ کو اس لڑکے کا حال معلوم ہے۔ انہوں نے کہا ہاں۔ میں ان بکریوں کو چرا رہا تھا۔ میں نے دیکھا کہ یہ لڑکا ایک بھیڑیئے کی کمر پر سوار ہے۔ اس بھیڑیئے نے اپنی کمر سے اس لڑکے کو میرے پاس آ کر اتار دیا اور بزبان فصیح بولا کہ چرواہے! اس لڑکے کو بحفاظت اپنے پاس رکھ۔ اس کے پاس یونس بن متی جب تشریف لائیں ان کے سپرد کر دینا کہ یہ ان کا فرزند ہے۔ آپ آگے چلے تو نینوی کے قریب میں ایک چرواہا ملا آپ نے اس سے دودھ مانگا۔ اس نے کہا جب سے ہمارے نبی حضرت یونس علیہ السلام ہم سے جدا ہوئے ہیں ہم نے دودھ نہیں چکھا۔ آپ نے فرمایا: اچھا ایک بکری میرے پاس لاؤ۔ وہ لایا آپ نے اس کے تھنوں کو ہاتھ لگایا وہ دودھ اتار لائی۔ آپ نے دودھ دوہا یہ دیکھ کر چرواہا تعجب میں آ گیا اور کہنے لگا کہ اگر حضرت یونس زندہ ہیں تو وہ آپ ہی ہیں۔ آپ نے فرمایا: ہاں یونس میں ہی ہوں۔ یہ سن کر چرواہا آپ کے قدموں میں گر گیا۔ آپ نے فرمایا: تو شہر میں جا اور قوم کو میری خبر پہنچا دے۔ عرض کرنے لگا: حضور! وہ لوگ میرا یقین نہ کریں گے۔ آپ نے فرمایا: بکریاں ساتھ لے جا وہ تیری تصدیق کریں گے۔ آخرش چرواہا بکریاں لے کر چلا اور جب وسط شہر میں پہنچا تو پکارا: اے لوگو! مبارک ہو ہمارے نبی یونس علیہ السلام واپس تشریف لے آئے ہیں۔ لوگوں نے اسے جھٹلایا تو اس نے کہا: میں سچا ہوں اور میری تصدیق یہ بکریاں کریں گی چنانچہ بکریوں نے باذن الٰہی تصدیق کی۔

شدہ شدہ یہ خبر بادشاہ نینوی کو پہنچی وہ تخت سے اترا اور تمام اہل شہر کو ساتھ لے کر اس جنگل میں حضرت یونس علیہ السلام کی زیارت کی اپنے ساتھ شہر میں لے گئے۔ اور بادشاہ نے تخت پر آپ کو بٹھایا خود خادمانہ طور سے آگے دست بستہ کھڑا ہو گیا۔ گھر گھر خوشی ہونے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

لگی۔ چند روز بعد بادشاہ مر گیا تو آپ نے اس چرواہے کے لڑکے کو بلا کر تخت نشین فرما دیا۔ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

علامہ خرپوتی اپنی شرح میں امت یونس علیہ السلام کی تعداد ایک لاکھ ستر ہزار تحریر فرما رہے ہیں اور باقی یہی قصہ اختصاراً تحریر فرمایا ہے۔ اور اپنا ماخذ قصص الانبیاء للشعلبی بتایا ہے۔

جَآءَ تْ لِدَعْوَتِهِ الْاَشْجَارُ سَاجِدَةً

تَمْشِیْ اِلَیْهِ عَلٰی سَاقٍ بِلَا قَدَمِ ۲۰

حل لغات: جاء ت۔ ای اتت۔ صیغہ ماضی مونث۔ اور آئے۔ لدعوته۔ ان کے بلانے سے۔ الاشجار۔ جمع شجر۔ درخت۔ ساجدة۔ اسم فاعل۔ سجدہ کیے ہوئے۔ تمشی۔ صیغہ مضارع۔ چلتے ہوئے۔ الیه۔ ان کی طرف۔ علی ساق۔ ساق پنڈلی۔ اوپر اپنی پنڈلیوں کے۔ بلا قدم۔ بغیر قدموں کے۔

ترجمہ: اور آئے درخت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بلانے سے سجدہ کرتے ہوئے آپ کی طرف اپنے تنا یعنی پنڈلیوں سے بغیر قدم کے۔

شرح: اس بیت مبارک میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس معجزہ کا تذکرہ ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے متعدد بار ظہور میں آیا۔ مواہب اور شفاء شریف میں ہے۔ امام احمد حضرت ابوسفیان سے راوی ہیں:

قال جاء جبریل الیٰ رسول الله صلی الله علیه وسلم ذات یوم وهو حزینٌ خَضَبَ علیه السلام بِالدِّمَاءِ حیث ضربه بَعْضُ اهل مکة فقال له جبرائیل اتحب اریک آیة فقال نعم فقال ادع تلک الشجرة التی وراء الوادی فدعاها فجاءت تمشی حتیٰ قامت بین یدیه فقال مرها فلترجع الیٰ مکانها فامرها فرَجَعَتْ الیٰ مکانها فقال علیه السلام حسبی حسبی

”فرماتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خدمت اقدس میں جبریل حاضر ہوئے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کفار مکہ کے بعض خبثاء نے حملہ کیا تھا۔ جس سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خون کا سرخ جوڑا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

پہنا ہوا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کچھ غمگین تھے کہ روح الامین نے عرض کی: حضور! صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم چاہیں تو کوئی نشان ملاحظہ فرمائیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ جبریل نے عرض کی اس درخت کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بلائیں جو ایک وادی کے پیچھے ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے بلایا تو وہ انسان کی طرح چلتا ہوا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سامنے آیا پھر عرض کی کہ اب حکم فرمائیں کہ یہ اپنی جگہ واپس جائے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حکم دیا تو وہ واپس چلا گیا۔ یہ دیکھ کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا، یہ مجھے کافی ہے یہ مجھے کافی ہے"۔

دوسری روایت میں حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے ہے:

جَاءَ اعرابِیٌّ وسأل منه علیه السلام اٰیة فقال له قل لتلک الشجرة ان رسول اللّٰه یدعوک فمالت الشجرة عن یمینها وشمالها وبین یدیها وخلفها فتقطعت عروقها ثم جاءت حتی وقفت بین یدی رسول اللّٰه علیه السلام فقالت السلام علیک یا رسول اللّٰه قال الاعرابی مرها فلترجع الیٰ منبتها فامرها فرجعت فدلت عروقهافی موضعها۔

"ایک اعرابی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور صداقت نبوت پر نشان طلب کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جا اور اس درخت کو کہہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تجھے طلب فرما رہے ہیں بدوی نے جا کہا علی الفور وہ درخت متحرک ہوا اور یمین و شمال (دائیں و بائیں) سے اپنی جڑوں کے جوڑ توڑ کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سامنے حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا السلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پھر اعرابی نے عرض کی کہ اسے حکم کیجئے کہ اپنی جگہ واپس چلا جائے۔ حضور نے حکم فرمایا وہ واپس چلا گیا اور اپنی جڑوں سے جا ملا"۔

اور ایک حدیث میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم طہارۃ کے لیے تشریف لے گئے۔ میدان لق ودق تھا۔ کوئی شے پردہ داری کو نہ تھی۔ مگر جنگل کے کنارے پر دو درخت کھڑے تھے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان کی ڈالیاں پکڑ کر اپنی طرف کھینچا اور فرمایا: **انقادی معی باذن اللّٰه** "چلو میرے ساتھ اللہ کے حکم سے"۔ وہ ایک درخت چلا اور دوسرے کے پاس آ گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے انہیں فرمایا: **التئما علی باذن اللّٰه**" دونوں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

ملے رہو اللہ کے حکم سے'' فالتأمتا'' دونوں ملے رہے'' بعد قضاء حاجت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: افترقتا الیٰ اماکنھا'' علیحدہ علیحدہ ہوکر دونوں اپنی اپنی جگہ چلے جاؤ''۔ چنانچہ چلے گئے۔ اور ایسی ہی ایک روایت حضرتِ علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے۔

اس ایک معجزہ میں چند خارق عادات امور ثابت ہوتے ہیں:

اول۔ نباتات کا فہم وخطاب۔ دوم، نباتات کا مشی (چال) مثل حیوانات۔ سوم، شہادۃ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم از نباتات

مولای صل وسلم دائما ابدا علی حبیبک خیر الخلق کلھم

کَاَنَّمَا سَطَرَتْ سَطْرًا لِّمَا کَتَبَتْ
۴۔
فُرُوْعُهَا مِنْ بَدِیْعِ الْخَطِّ فِی اللَّقَمِ

حل لغات: کانما۔ گویا کہ۔ سطرت۔ سطر کھینچ رہے تھے۔ سطرا۔ سیدھی سطر۔ لما کتبت۔ جیسے کہ لکھنے میں لکھتے ہیں۔ فروعھا۔ شاخیں ان درختوں کی۔ من بدیع الخط۔ یعنی مثل خط بدیع۔ خوشخط لکھائی سے۔ فی اللقم۔ ہر دو میانہ راہ سطروں کے مابین تھیں۔

ترجمہ: گویا وہ درخت ایک خط کھینچتے ہوئے آ رہے تھے اور ان کی شاخیں مابین السطور خوبصورتی پیدا کر رہی تھیں۔

شرح: مفہوم ظاہر ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بلانے پر وہ درخت ایسی سیدھی اپنی شاخوں کے ساتھ ملحق آئے تھے کہ گویا ایک سیدھی سطر اپنی راہ میں لکھتے ہوئے آ رہے ہیں کہ من اطاعه نجی ومن ترکه غرق۔(1)

اس بیت مبارک میں ایک ہدایت بھی ہے کہ جب شجر وحجر اس طرح امتثال امر میں جھکتے رہے ہیں تو مسلمان انسان تو اطاعت وامتثال میں اولی بالمبادرۃ ہونا چاہیے(2)۔

سلک الشجر نطق الحجر شق القمر باشارته(3)

1۔ جس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی فرمانبرداری کی وہ نجات پا گیا اور جس نے ان کے طریقہ کو چھوڑ دیا وہ غرق ہو گیا۔ ۱۲

2۔ فرمانبرداری میں جلدی کرنی چاہیے۔ ۱۲

3۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اشارہ سے درخت چل پڑے، پتھروں نے کلام کیا اور چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔ ۱۲

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مِثْلُ الْغَمَامَةِ اَنّٰی سَارَ سَائِرَةٌ
۴۰ تَقِيهِ حَرَّ وَطِيسٍ لِّلْهَجِيرِ حَمِيُ

حل لغات: مثل الغمامة۔ غمامہ بادل۔ مثل بادلوں کے۔ انی۔ جہاں کہیں۔ سار۔ ماض از سیر۔ تشریف لے جائیں۔ سائرة۔ سیر کرنے کو۔ تقیه۔ مضارع۔ از وقایت بچانا۔ بچانے کے لیے۔ حر۔ گرمی سے۔ وطیس۔ تنور آہنی۔ استعارہ از حرارت شدید۔ تیز حرارت۔ للهجیر۔ هجیر۔ گرما دوپہر۔ اور گرمی دوپہر سے۔ حمی۔ ماضی از حمی گرم ہونا۔ جو گرم کردے۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جہاں تشریف لے جاتے ایک بادل جیسی چلنے والی چیز حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دوپہر کی گرمی سے بچانے کے لیے ساتھ ہوتی تھی۔

شرح: ابر اور آسمان وزمین تمام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متبع تھے۔ چنانچہ ایک ابر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چلنے والا تھا جہاں کہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے جاتے وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سایہ کیے ہوئے ہمراہ ہوتا۔

صحیح احادیث میں ہے:

انه عليه السلام اذا نام فى الصحراء كانت تجىء له الاشجار وتظله ولان الغمامة سبب لانبات النباتات والاشجار

"یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب جنگل میں آرام فرماتے تو درخت جمع ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سایہ کرتے اس لیے کہ ابر (نباتات اور درختوں کے اگانے کا سبب ہے) تو ناظم فاہم رحمہ اللہ نے سبب کو دکھا کر تمام وہ چیزیں مضمر فرمادیں جو اس کے ذریعہ پیدا ہوتی ہیں"۔

اور اس بیت مبارک میں قصہ بحیرا راہب کی طرف بھی اشارہ ہے۔ وہ یہ کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے مال سے برائے تجارت ملک شام تشریف لے گئے تو اللہ تعالیٰ نے ایک سپید ابر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے بھیجا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دھوپ سے سایہ کرتا ہوا چلے۔ جب قافلہ صومعہ بحیرا راہب کے پاس پہنچا اور اس کے گرجا کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

قریب اترا تو جس درخت کے نیچے قافلہ اترا وہ خشک تھا۔ اس قافلہ کے اترتے ہی وہ سرسبز ہو گیا۔ بحیرا اپنے صومعہ سے نکلا اور دیکھا کہ ایک ابر اس قافلہ پر سایہ گستر ہے۔ اس نے جان لیا کہ اس قافلہ میں کوئی نبی ہے۔ چنانچہ اس نے تمام قافلہ کی دعوت کی تاکہ صاحب غمام کو پہچانے۔ دعوت میں سب گئے اور سامان کی محافظت کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اس لیے چھوڑ گئے کہ سب سے زیادہ اعتماد ان کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر تھا۔

راہب نے دیکھا کہ ابر بدستور اس جگہ ہے اور قافلہ کے لوگ دعوت میں آ چکے ہیں۔ راہب نے پوچھا: **هل بقى منكم احد فى مكانكم** "کیا تم میں سے کوئی اپنی قیام گاہ پر رہ گیا ہے"۔ اہل قافلہ نے کہا: ایک سامان کی محافظت کے لیے رہ گئے ہیں۔ راہب نے کہا: انہیں بھی بلا لو چنانچہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تشریف لائے تو راہب نے دیکھا تو وہ ابر دروازہ صومعہ پر ہے۔ راہب نے کہا:

يا شاب من اى بلدة انت۔ "اے جوان تم کس شہر کے رہنے والے ہو؟" حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: میں مکہ کا رہنے والا ہوں۔ راہب نے کہا: **من اى قبيلة** "آپ کس قبیلہ سے ہیں"۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: قریش سے۔ راہب نے کہا: **ما اسمک** "آپ کا اسم مبارک کیا ہے"۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: میرا نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔

یہ سن کر راہب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف گرا اور پیشانی اقدس کو چومنے لگا اور کہنے لگا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور اسلام لے آیا۔

قافلے نے سوئے طیبہ کمر آرائی کی
مشکل آسان الٰہی میری تنہائی کی
لاج رکھ لی طمع عفو کے سودائی کی
اے میں قرباں میرے آقا بڑی آقائی کی
عرش تا فرش سب آئینہ ضمائر حاضر
بس قسم کھائیے امی تیری دانائی کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شمس جہت سمت مقابل شب و روز ایک ہی حال
دھوم والنجم میں ہے آپ کی بینائی کی
چاند اشارے پہ ہلا حکم کا باندھا سورج
واہ کیا بات شہا تیری توانائی کی
تنگ ٹھہری ہے رضا جس کے لیے وسعت عرش
بس جگہ دل میں ہے اس جلوۂ ہرجائی کی

اَقْسَمْتُ بِالْقَمَرِ الْمُنْشَقِّ اِنَّ لَهُ
مِنْ قَلْبِهٖ نِسْبَةً مَّبْرُوْرَةَ الْقَسَمِ ۵۰

حل لغات: اقسمت۔ ماضی متکلم از اقسام۔ قسم کھاتا ہوں میں۔ بالقمر۔ اس چاند کی۔ المنشق۔ جو شق ہوا۔ ان له۔ کہ بے شک اس چاند کو۔ من قلبه۔ قلب محبوب سے۔ نسبة۔ نسبت ہے۔ مبرورة القسم۔ سچی قسم۔

ترجمہ: میں شق شدہ چاند کی قسم کھاتا ہوں کہ اس کسب نور میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب مبارک سے نسبت ہے اور یہ میری قسم مبرور ہے۔

شرح: ماہ شکستہ دل کی سچی قسم کھا کر ناظم فاہم فرماتے ہیں کہ بے شک چاند کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب منور سے ایک نسبت ورابطہ ہے۔ اور اس مناسبت کی جو قسم کھاوے وہ سچا ہے۔

اور یہ مناسبت بوجوہ عدیدہ ہے۔

اول۔ شق صدر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور شق قمر میں۔

دوم۔ شق صدر کے بعد التیام ہوا اور اسی طرح شق قمر کے بعد بھی التیام ہوا۔

سوم۔ قمر میں نورانیت ہے اور قلب پاک بھی منبع انوار ہے۔

چہارم۔ جس طرح قمر نور شمس سے مستفیض ہو کر شب تاریک میں نور بیزی کرتا ہے۔ اسی طرح جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اپنے مبدء فیض سے استفادۂ نور فرما کر دلہائے تاریک کو روشن فرماتے ہیں اور عالم مستنیر کر رہے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پنجم۔ سرعت سیر و قطع منازل تقرب میں جیسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاص شان ہے۔ اسی طرح چاند بھی منازل طے کرنے میں سریع السیر ہے۔ اور معجزہ شق القمر مفسرین نے اجماعاً مانا اور یہ آیت کریمہ۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ (1) میں اس معجزہ کی تصدیق کی۔ اور ابو جہل نے جس طرح اس سے انکار کیا اس کا حال وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ (2) میں بیان فرمایا، صحیحین میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ واقعہ اجمالاً مذکور ہے۔

ملحدین کا ایک طبقہ اس کا منکر بھی ہے اور کہتا ہے کہ اگر یہ معجزہ واقعہ میں ظہور پذیر ہوتا تو کتب تواریخ میں بلا اختلاف اس کا تذکرہ ہوتا۔

حالانکہ یہ حقیقت نا قابل انکار ہے کہ چاند ایک ہی بار تمام روئے زمین روشن نہیں کرتا بلکہ جب دور و حرکت کرتا کسی قطعہ زمین کے مقابل آتا ہے تو اسے روشن کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خسوف (چاند گہن) کا حال بھی عام طور پر سب کو معلوم نہیں ہوتا۔ بلکہ حالت خسوف میں جن قطعات ارضیہ کے مقابل ہوتا ہوا وہ گزرا انہیں علم ہوا اور بعد خسوف جہاں آیا انہیں اس کے خسوف کا پتا نہ چلا۔ یہی وجہ ہے کہ شق قمر کی تصدیق میں مسافروں نے جو قرب و جوار سے آئے اپنی شہادتیں دیں۔ اور جب یہ خبر سامری حاکم ملیبار کو تاجران عرب کی زبانی پہنچی تو اس نے کہا کہ اگر میرے روزنامچہ میں یہ خبر درج ملی تو میں مسلمان ہو جاؤں گا۔ اس نے روزنامچہ منگوایا۔ دیکھا تو اس میں لکھا تھا کہ فلاں تاریخ کو معتبرین ملیبار نے چاند کے دو ٹکڑے دیکھے۔ یہ تصدیق پڑھ کر وہ مسلمان ہو گیا۔

اور واقعہ شق صدر چند بار ہوا۔ پہلی بار اس وقت ہوا جب کہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ کی خواہش کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رضاعی بھائی کے ساتھ بکریاں چرانے بھیج دیا۔ دفعتہً وہ گھبرایا ہوا حضرت حلیمہ کے پاس آیا اور کہا کہ میرے بھائی کے پاس دو سپید لباس آدمی آئے انہوں نے اسے لٹا کر شکم مبارک چاک کر ڈالا۔ حضرت

1۔ قیامت پاس آئی اور چاند پھٹ گیا۔

2۔ اگر دیکھیں کوئی نشانی تو منہ پھیر لیں اور کہتے ہیں یہ تو جادو ہے چلا آتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

حلیمہ فرماتی ہیں: یہ سن کر میں سراسیمہ و پریشان حضور ﷺ کے رضائی والد کے پاس دوڑی گئی اور انہیں ساتھ لے کر پہنچی تو میں نے دیکھا کہ حضور ﷺ تنہا رونق افروز ہیں لیکن چہرۂ اقدس پر کچھ آثار خوف کے ہیں۔ حضور ﷺ کو آپ کے رضاعی باپ نے گلے لگایا اور پوچھا بیٹا! تمہارا کیا حال ہے۔ آپ نے فرمایا: میرے پاس دو سفید پوش آئے اور انہوں نے مجھے لٹا کر میرا سینہ چاک کیا اور اس میں سے کچھ نکال کر پھینک دیا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ دوسرا واقعہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چند بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے کہ جبریل امین آئے اور انہوں نے حضور ﷺ کو لٹا کر سینہ چاک کیا۔ اور قلب مبارک سے چند قطرات خون سیاہ کے نکال کر پھینکے اور فرمایا: یہ شیطان کا حصہ ہے۔ پھر قلب اطہر کو طشت زر میں رکھ کر زمزم سے دھویا اور سینہ میں رکھ کر پھر سی دیا۔ انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اب تک سلائی کے نشان سینہ مقدس پر میں دیکھتا ہوں یہ شق صدر اس لیے ہوا کہ حضور ﷺ ایام طفولیت سے ہی معصوم اور وساوس شیطانی سے مصئون رہیں۔

تیسرا شق صدر زمانہ بعثت کے قریب میں ہوا۔ جسے ابونعیم رضی اللہ عنہ دلائل میں نقل فرماتے ہیں۔ اس شق میں مزید کرامت و انوار مطلوب تھے۔

چوتھا شق صدر شب معراج کو ہوا جو صحیحین میں منقول ہے۔ وہ اس لیے تھا کہ قلب اقدس میں قوت سیر ملکوت و معائنہ تجلیات حاصل ہو جائے۔

اب معجزہ شق القمر شرح خرپوتی سے منقول ہے وہ مشکوٰۃ سے نقل فرماتے ہیں:

انتباہ

علامہ خرپوتی رحمۃ اللہ علیہ اس واقعہ سے اول قال فی المشکوٰۃ تحریر فرما رہے ہیں۔ معلوم نہیں یہ مشکوٰۃ کون سی ہے۔ مشکوٰۃ المصابیح میں یہ واقعہ ہمیں نہیں ملا۔ معلوم ہوتا ہے یہ کوئی اور کتاب ہے چونکہ شارح علیہ الرحمۃ ایک معتبر عالم اور مفتی شوافع خرپوت ہیں۔ اس لیے اعتماد علیٰ علمہٖ (ان کے علم پر اعتماد کرتے ہوئے) ہم بھی نقل کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ جب ابوجہل مردود معہ اپنے متبعین کے حضور ﷺ سے عاجز آ گیا اور ہر مطالبہ میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

منہ کی کھاتا رہا۔ اور حضور ﷺ یوماً فیوماً ترقی فرمانے لگے اور حضور ﷺ کا شمس شریعت بلندی حاصل کرنے لگا اور لوگ دن بدن ایمان لا کر زمرۂ مسلمین میں آنے لگے تو تنگ آ کر اس نے ایک خط حبیب بن مالک امیر شام کو لکھا۔ وہ خط یہ تھا:

اما بعد لیعلم الملک انه قد ظهر بَیْنَنَا رجل ساحر کذاب یدعی ربا واحداً ودیناً جدیداً وانه یسب آلهتنا وکلما قابلناه بالحجة غلب علینا فالیوم ضعف دینک ودین اٰبائِک فالحق به قبل ان ینتشر دینه۔

"بعد سلام دعا کے بادشاہ کو معلوم ہو کہ ہمارے اندر ایک زبردست ہستی ظاہر ہوئی ہے، جسے ہم اپنے ذلیل وہم میں ساحر و کذاب جانتے ہیں۔ وہ ہمیں کہتا ہے کہ ایک رب کی پرستاری کرو۔ اور نیا دین ہمیں تعلیم دیتا ہے اور ہمارے خداؤں کو برا کہتا ہے۔ اور جس طرح ہم اس کا مقابلہ حجت و دلائل سے کرتے ہیں اتنا ہی وہ ہم پر غالب آ رہا ہے۔ غرضکہ اب تیرا دین اور تیرے باپ دادا کا دین کمزور ہو چلا ہے۔ لہٰذا جلدی آ کر اس سے مل ورنہ اگر اس کی تعلیم عام ہوگئی تو پھر تو کچھ نہ کر سکے گا"۔

اس خط کو پڑھ کر حبیب بن مالک بارہ سواروں کے ساتھ چلا اور وادیٔ مکہ میں اترا۔ ابوجہل نے مع عظماء مکہ کے اس کا استقبال کیا اور کچھ ہدیہ پیش کش کیے۔ حبیب نے ابوجہل کو اپنے یمین میں جگہ دی اور حضور ﷺ کے حالات دریافت کیے۔ تو ابوجہل نے کہا: **ایها السید سل بنی هاشم۔** "سرکار! بنی ہاشم سے ان کے حالات دریافت فرمائیں"۔ چنانچہ سب نے کہا:

نعرفه بالصدق فی صغره ولما بلغ اربعین سنة جعل یسب آلهتنا ویظهر دینا غیر دین اٰبائنا۔

"ہم انہیں بچپن سے نہایت راست گو یگ جانتے ہیں مگر جب وہ چالیس سال کے ہوئے تو انہوں نے ہمارے معبودوں کی مذمت شروع کر دی اور ایک نیا دین ہمارے آباء و اجداد کے خلاف ظاہر کر ڈالا"۔

غرضکہ حبیب نے اپنے حاجب کو حکم دیا کہ حضور ﷺ کو یہاں تشریف لانے کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

درخواست کرے۔

حاجب حضور ﷺ کے دربار میں پہنچا اور حبیب بن مالک کی درخواست پیش کی حضور ﷺ تشریف لے جانے کو آمادہ ہوئے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حلہ حمراء اور عمامہ سوداء پیش کیا۔ حضور ﷺ نے ملبوس فرمایا اور تشریف لے چلے۔

حضرت صدیق رضی اللہ عنہ بھی حضور ﷺ کے ساتھ ساتھ داہنی طرف چل رہے تھے۔ اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا بھی پیچھے پیچھے آئیں۔ حبیب بن مالک نے جب حضور ﷺ کو جلوہ افروز ہوتے دیکھا۔ یک لخت تعظیم کے لیے سروقد کھڑا ہو گیا۔

جب حضور ﷺ جلوہ آرائے مسند ہو گئے تو حبیب نے دیکھا کہ وجہ منیر سے انوار متلألا ہیں۔ اور اس کے دل پر حضور ﷺ کی ہیبت اس قدر غالب ہے کہ زبان بند مؤدب حاضر ہے۔

تھوڑی دیر کے بعد حبیب بولا:

یا محمد انت تعلم ان للانبیاء کلھم معجزات الک معجزات

''حضور! آپ کو معلوم ہو گا کہ تمام انبیاء تو مخصوص معجزات لائے تھے۔ آپ کے پاس بھی کوئی معجزہ ہے''۔

فقال علیه السلام ما ذا ترید۔

''حبیب تمام انبیاء تو مخصوص معجزات لائے تھے مگر ہم کسی خاص معجزہ کے ساتھ نہیں آئے بلکہ جو تو چاہے وہ معجزہ ہم ظاہر فرما سکتے ہیں''۔

حبیب نے متحیرانہ طور پر یہ جواب سن کر بڑے غور کے بعد وہ معجزہ طلب کیا جو کسی نبی سے ظاہر نہ ہوا تھا۔ عرض کرنے لگا:

اُرِیْدُ ان تغیب الشمس وتخرج القمر وتنزله الی الارض وتجعله منشقا نصفین ثم یعودا الی السماء قمرا منیرا۔

''میں یہ چاہتا ہوں کہ ابھی سورج غروب ہو اور ماہ کامل نکلے پھر اسے آپ زمین پر اتاریں اور اس کے دو ٹکڑے کریں۔ پھر وہ آسمان پر جا کر قمر منیر بنے۔ پھر بدستور سورج

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

واپس آئے''۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس مطالبہ کو نہایت بے پرواہی سے مسموع فرما کر حبیب سے فرمایا:

ان فعلته اتؤمن بی

''اگر ہم نے ایسا کر دیا تو کیا تو پھر ایمان لے آئے گا''۔

حبیب نے دیکھا کہ اتنے سخت مطالبہ پر بلا کسی عذر کے آمادگی کا اظہار فرما رہے ہیں۔ تو ایک دو اپنی خاص غرض بھی کیوں نہ عرض کرلوں۔ بولا:

نعم بشرط ان تخبر بما فی قلبی

''بے شک لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک شرط یہ اور ہے کہ جو میرے دل میں ہے اس کی بھی خوشخبری سنائی جائے''۔

غرض حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جبل ابی قبیس پر تشریف لے گئے اور دوگانہ عبدیت ادا فرمایا اور دعا کی کہ جبریل امین حاضر ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بشارت دی

ان اللہ تعالیٰ سخرلک الشمس والقمر واللیل والنہار وان لحبیب بن مالک بنت سطیمۃ یعنی ساقطۃ علی قفاھا ولیس لھا یدان ولا رجلان ولا عینان فاخبرہ بان اللہ تعالیٰ قد رد علیھا جوارحھا۔

''کہ حضور! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے سورج چاند رات دن مسخر فرما دیے ہیں اور حبیب بن مالک کی ایک لڑکی ہے، جس کے نہ ہاتھ ہیں نہ پیر نہ آنکھ کان اسے بشارت دیجئے کہ اللہ تعالیٰ نے تیری لڑکی کے ہاتھ پیر سب عطا فرما دیے ہیں''۔

چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہاڑ سے نیچے اترے اور جبریل امین ہوا میں معلق حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے منتظر تھے اور ملائکہ صف بستہ اس شان کا تماشا دیکھ رہے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی انگشت سبابہ (شہادت کی انگلی) کا اشارہ سورج کی طرف کیا کہ وہ اپنی جگہ سے ہلا اور غائب ہو گیا اور سخت ظلمت پھیل گئی اور اتنے میں چاند طلوع ہوا اور ماہ کامل چودھویں کا چاند نکلا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے دو ٹکڑے کیے۔ پھر وہ بدر کامل بنا۔ پھر سورج طلوع ہوا اور اسی حال پر مستنیر ہو گیا جیسا کہ تھا۔ حبیب نے عرض کیا: **بقی علیک شرط۔** ''حضور!

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک شرط ابھی باقی ہے''۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ان لک ابنة سطیحة واللہ تعالیٰ قد رد جوارحھا

''تیری بیٹی جو سطیحہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے اعضاء لوٹا دیے ہیں''۔

یہ سن کر حبیب بن مالک نے کھڑے ہو کر کہا:

یا اھل مکة لا کفر بعد الایمان اعلموا انی اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ وان محمداً عبدہٗ ورسولہ۔

''اے اہل مکہ! اب کفر اسلام کے بعد نہیں رہ سکتا۔ سنو میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں مگر اللہ اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے خاص بندے اور رسول ہیں''۔

یہ سن کر ابو جہل جل گیا اور کہنے لگا:

اتومن بھذا الساحر

''حبیب! اس جادو بھری نگاہ کا تو بھی شکار ہو گیا''۔

حبیب نے اس کا جواب خاموشی دیا۔ اور یہاں سے خوش وخرم ملک شام کو پہنچا جب اپنے محل میں داخل ہوا تو اس کی وہی بیٹی سامنے آئی اور کہہ رہی تھی:

اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ وان محمداً عبدہٗ ورسولہ۔

حبیب کہنے لگا:

یا ابنتی من این علمت ھٰذہ الکلمت۔

بیٹی! یہ کلمات تو نے کہاں سے جانے۔ اس نے کہا: خواب میں کسی نے مجھے کہا کہ تیرا باپ اسلام لے آیا ہے اگر تو بھی مسلمان ہو جائے تو ابھی تیرے اعضاء تجھے مل جائیں۔ میں علی الفور مسلمان ہوئی اور صبح اس حال میں تھی جیسا کہ آپ مجھے دیکھ رہے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فصل سادس ـــ ہجرت کا بیان

وَمَا حَوَى الْغَارُ مِنْ خَيْرٍ وَّمِنْ كَرَمٍ
وَكُلُّ طَرْفٍ مِّنَ الْكُفَّارِ عَنْهُ عَمِيْ ۷۶

حل لغات: وما۔ اور کس شان سے۔ حوی۔ احاطہ کیا۔ الغار۔ غار ثور نے۔ من خیر۔ فضیلتوں۔ ومن کرم۔ اور پیاری خصلتوں کا۔ وکل طرف۔ اور ہر سمت کی نظر۔ من الکفار۔ کافروں کی۔ عنہ۔ ان ہستیوں سے۔ عمی۔ اندھی تھی۔

ترجمہ: غار ثور نے کیا احاطہ منبع فضائل وکرم کا اور کافروں کی آنکھیں اس نور کو دیکھنے سے اندھی رہیں۔

شرح: ما موصولہ ہے اور حوی بمعنی جمع واحاطہ ہے۔ الغار میں الف لام عہد ذہنی ہے۔ اس لیے کہ غار تو عام تھا اور چونکہ یہاں ذکر غار ثور کا ہے۔ اس لیے غار پر الف لام عہدی لگا کر مخصوص کر دیا اور غار جبل ثور مکہ معظّمہ سے بہت قریب ہے من خیر ومن کرم میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضائل و افعال جلیلہ اور خصائل جمیلہ کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اور خیر اور کرم اس لیے کہا ہے کہ باب مبالغہ میں مضاف حذف ہو جاتا ہے۔ چنانچہ مقصود اس سے ذی خیر اور ذی کرم ہے۔ مگر جیسے رجل عدل کہہ کر رجل عادل مراد لیتے ہیں۔ ایسی ہی یہاں بطور مبالغہ ناظم فاہم رحمہ اللہ نے فرمایا کہ غار ثور نے خیر وکرم پر کیا احاطہ کیا یوں سمجھیے کہ خیر سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو خیر البریہ ہیں۔ اور کرم سے مراد افضل الامۃ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ما نفعنی مال احد مثل مانفعنی مال ابی بکر

”مجھے کسی کے مال نے وہ نفع نہ پہنچایا جو ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مال نے نفع پہنچایا“۔

اور فرمایا:

لو وزن ایمان ابی بکر بایمان العالمین لرحج ایمانہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

''اگر ابوبکر کے ایمان کے ساتھ تمام عالموں کے ایمان تو لے جائیں تو یقیناً ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ایمان وزنی نکلے''۔

اور فرمایا:

افضل البشر بعد الانبیاء ابوبکر رضی اللہ عنہ۔

''انبیاء کے بعد انسانوں میں سب سے افضل ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں''۔

اس بیت مبارک میں واقعات ہجرت کے ابتدائی حالات کی طرف اشارہ ہے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ جب اکابر قریش نے جمع ہو کر دارالندوہ میں مشاورتی کمیٹی کی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آوازۂ حق کو دبانے کے منصوبے ہوئے۔ تو شیطان لعین شیخ نجدی بن کر آ گیا۔ اور ان کے ساتھ بیٹھا۔ لوگوں نے کہا: یہ کون ہے جو بلا اجازت ہم میں آ گیا۔ شیطان نے کہا میں ایک آدمی نجد کا رہنے والا ہوں۔ میں تمہارے اچھے خیال دیکھ کر اور ایک اچھے کام کے لیے اجتماع سمجھ کر آیا اور یہ پسند کیا کہ میں تمہارا مشیر بنوں۔

تمام کفار نے کہا کہ یہ اہل تہامہ سے نہیں ہے۔ کوئی حرج نہیں اسے رہنے دو۔ اب مشورہ شروع ہوا۔

بعض نے کہا انہیں یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک مکان میں قید کر دو اور کھانا پانی بند کر دو حتی کہ خاتمہ ہو جائے۔

شیخ نجدی شیطان بولا: یہ رائے ٹھیک نہیں اس لیے کہ ان کے بھی اعزہ و اقربا ہیں جب سنیں گے، جمع ہو کر آئیں گے اور چھڑا لے جائیں گے۔ سب اہل جلسہ نے بھی اس کی تائید کی۔

ایک بولا:

اخرجوہ وغربوہ من بینکم۔

''مکہ سے نکال دو اور اپنے سے دور کر دو تا کہ کہیں پردیس میں چلے جائیں''۔

شیخ نجدی بولا:

ایضاًبئس الرأی لان لہ لساناً لطیفاً ووجہا ملیحًا واللہ لیجتمعن علیہ

خلق کثیر ثم لیاتینکم ویخرجنکم من بلادکم

"یہ رائے بھی بری ہے اس لیے کہ ان کی زبان مبارک نہایت لطیف اور حسن زیبا دلآویز ہے آنکھوں میں وہ جادو ہے کہ خدا کی قسم ان کی طرف خلق کثیر جمع ہو جائے گی۔ پھر وہ تمہاری طرف آ کر تمہیں وطنوں سے نکال دیں گے"۔

مجمع نے کہا: شیخ نجدی کی رائے صائب ہے۔

ابوجہل اٹھا اور کہنے لگا:

خذوا من کل بطن شاباً بسیف صارم ومروھم ان یخرجوا الیه وتقتلوه فیفرق دمه فی القبائل۔

"ہر گھر (قبیلہ) سے ایک جوان تلوار سونتے ہوئے لیا جائے اور انہیں کہا جائے کہ سب مل کر جائیں اور قتل کر دیں۔ تاکہ یہ خون ایک کی گردن پر نہ رہے، قبائل میں تقسیم ہو جائے"۔

شیخ نجدی کہنے لگا:

ھذا الرای صواب

"یہ رائے ٹھیک ہے"۔

چنانچہ تمام کفار مکہ تیار ہوئے اور فیصلہ کیا کہ رات میں جمع ہو کر ایسا کریں۔

ادھر دربار سرکار میں جبریل امین دربان خاص حاضر ہوئے اور تمام حال سنا کر عرض کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہاں سے تشریف لے جائیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی خواب گاہ پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو چھوڑا اور صدیق کے یہاں تشریف لا کر بایماء جبریل اپنا عزم ہجرت ظاہر کیا اور آپ کو اپنے ہمراہ لیا اور چلے حتیٰ کہ غار ثور پر آ گئے پہلے صدیق اندر تشریف لے گئے اور غار کو جھاڑا تو دیکھا بہت سے سوراخ ہیں۔ رداء مبارک پھاڑ پھاڑ کر تمام سوراخ بند کیے ایک سوراخ باقی رہا تو اسے اپنے پائے اقدس کے انگوٹھے سے بند کیا اور پکارے، ادخل یا رسول اللہ "حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے آئیں"۔ ادھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غار میں جلوہ فرما ہوئے۔ ادھر دشمنان اسلام باب عالی پر پہنچے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وہاں نہ پایا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے پوچھا آپ نے فرمایا: تشریف لے گئے مگر یہ نہیں معلوم کہاں تشریف لے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

گئے۔ کفار یہاں سے لپکے اور مکہ کے تمام کنارے اور راستے مسدود کیے۔ پھرتے پھرتے باب غار پر آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور صدیق رضی اللہ عنہ کو نہ دیکھ سکے۔ بقیہ مفصل قصہ آئندہ بیتوں میں آئے گا۔

فَالصِّدْقُ فِي الْغَارِ وَالصِّدِّيقُ لَمْ يَرِمَا
وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا بِالْغَارِ مِنْ اَرِمِ

حل لغات: فالصدق۔ الفاء للتفصیل۔ الصدق مصدر بمعنی الصادق والمصدوق علی طریق المبالغہ۔ یعنی سراپا صدق۔ فی الغار۔ غار میں تھے۔ والصدیق۔ صیغہ مبالغہ بمعنی کثیر الصدق۔ اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ۔ لم یرما۔ قطعی متورم نہ ہوئے۔ وھم۔ اور مشرکین۔ یقولون۔ کہہ رہے تھے۔ ما بالغار۔ نہیں ہے اس غار میں۔ من ارم۔ یقال ما فی الدار ارم۔ یعنی احد کوئی شخص۔

ترجمہ: سراپا صدق غار میں جلوہ فرما تھے اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بھی حاضر تھے اور سانپ کے ڈسنے سے آپ متورم بھی نہ ہوئے اور مشرکین وہاں دیکھ بھال کر یہ کہتے چل دیے کہ اس غار میں کوئی نہیں ہے۔

شرح: لم یرما کی جگہ صاحب شوارد الفردہ نے لم یریا تثنیہ مجہول لکھا ہے۔ اگر یہ لیا جائے تو یہ معنی ہوں گے کہ صدق مجسم غار میں تھے۔ اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بھی حاضر تھے۔ مگر نہ دیکھے گئے بلکہ کفار کہہ رہے تھے کہ غار میں کوئی نہیں ہے۔

لم یرما یہ اس ورم انف کو کہا جاتا ہے جب کہ انسان غصہ میں نتھنے پھلاتا ہے۔ اس جگہ لم یرما کے معنی یہ بنیں گے کہ غار ثور میں سانپ کے ڈسنے پر بھی صدیق غضب ناک نہ ہوئے بلکہ قضاء وقدر الٰہی پر راضی برضا وشاکر بقضا رہے اور ورم سے اگر لم یرما مانا جائے تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ صدیق رضی اللہ عنہ کا پائے مبارک لدغ حیہ کے بعد بھی متورم نہ ہوا۔

چنانچہ روایت ہے کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اس سوراخ کو جو باقی رہ گیا تھا اپنے

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پائے اقدس کے انگوٹھے سے بند فرما دیا تو اس سوراخ میں جو سانپ تھا اس نے ڈس لیا۔ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں اس کی شکایت کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے لعاب دہن سے اس کا علاج فرمایا۔ باذن الٰہی آپ کا پائے اقدس درست ہو گیا اور ورم وغیرہ جاتا رہا۔

اور جنہوں نے **لم یریا** مضارع کا تثنیہ بنا کر پڑھا ہے اور اسے رؤیت سے لیا ہے۔ اس کا رد شیخ زادہ اور علامہ خرپوتی رحمہ اللہ نے کیا۔ شیخ زادہ فرماتے ہیں:

وروی بعض لم یریا وما ذالک من الناظم وانما حملہ علی ذالک العجز عن تاویل۔

''یعنی بعض نے **لم یریا** لکھا ہے۔ لیکن یہ ناظم فاہم کے لفظ نہیں اور اس پر انہیں جس چیز نے آمادہ کیا وہ عاجز آنا ہے تاویل سے''۔

ایسے ہی علامہ خرپوتی فرماتے ہیں:

قرأ بعض الناس لم یریا علی انہ تثنیۃ مضارع من الرؤیۃ لکن ردہ شیخ زادہ وانا من الداخلین معہ

''بعض آدمیوں نے **لم یریا** تثنیہ مضارع رؤیت سے لے کر بنایا لیکن شیخ زادہ نے اس کا رد کیا اور ہم بھی ان کے ساتھ اس رد میں شریک ہیں''۔

تو معلوم ہوا **لم یریا** جو پڑھے گا وہ ایجادی طور پر پڑھے۔ قصیدہ کے ورد میں **لم یرما** پڑھنا چاہیے اس لیے کہ شیخ زادہ خرپوتی جیسے محقق اس کے خلاف گئے۔ اور شیخ زادہ تو نہایت وثوق سے فرماتے ہیں:

وما ذالک من الناظم یعنی لم یریا

''امام بوصیری کی زبان سے نکلا ہوا لفظ نہیں''۔

تو اب حاصل مفہوم بیت یہ ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے جان نثار صدیق رضی اللہ عنہ جب داخل غار ثور ہو گئے تو اس میں قضاء وقدر الٰہی کے ساتھ نہایت راضی رہے۔ اور حکم الٰہی پر غضبان نہ ہوئے اور کفار مکہ قدموں کے کھوج لیتے دروازۂ غار تک آ گئے۔ مگر ان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

دونوں طالب و مطلوب یا شمع نبوت اور اس کے پروانہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنی حفاظت میں لے لیا۔ جب کفار اس غار تک کھوج لے کر آئے تو یہاں سے کھوج غائب دیکھ کر پہاڑ پر چڑھ گئے۔ تو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی

یا رسول اللہ لو ان احدھم نظر الی قدمیہ لابصرنا

''حضور! صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اگر کسی بے ایمان نے اپنے قدم دیکھ لیے تو وہ ہمیں یہاں دیکھ لیں گے''۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

یا ابابکر ماظنک باثنین اللہ ثالثھما

''ابوبکر تمہارا کیا خیال ہے ان دو کے بارے میں جن کے ساتھ تیسرا اللہ ہے''۔

چنانچہ حمایت و نصرت الٰہی کی شان آئندہ بیت میں فرماتے ہیں۔ وھو ھذا:

ظَنُّوا الْحَمَامَ وَظَنُّوا الْعَنكَبُوتَ عَلٰی
خَيْرِ الْبَرِيَّةِ لَمْ تَنسُجْ وَلَمْ تَحُمِ ۱۰۱

حل لغات: ظنوا، مشرکین نے گمان کیا۔ الحمام، جمع حمامۃ کل ذات اطواق من الطیر، کبوتری کو۔ وظنوا، اور گمان کیا۔ العنکبوت۔ مکڑی کو کہ یہ۔ علی۔ اوپر۔ خیر البریۃ، خیر عالم کے۔ لم تنسج، ہرگز جالا نہیں تانتی۔ ولم تحم، از حوان پرندے، کا منڈلانا۔ یا انڈے دینا، اور نہ کبوتری انڈے دیتی۔

ترجمہ: مشرکین نے گمان کیا کبوتری کو اور گمان کیا مکڑی کو کہ یہ خیر عالم پر ہرگز جالا تانے والی نہیں اور نہ کبوتری انڈے دینے والی۔

شرح: ظاہری سبب کفار کے نہ دیکھنے کا یہ ہوا کہ انہوں نے غار کے منہ پر دیکھا کہ کبوتری گھونسلے میں انڈے دیے بیٹھی ہے اور اوپر مکڑی جالا تانے ہوئے ہے۔ تو انہیں یہ گمان ہوا کہ اگر اس میں سے کوئی جاتا تو جالا ٹوٹتا، کبوتری کا گھونسلا خراب ہوتا، انڈے ٹوٹ جاتے، ان دلائل کے ماتحت فیصلہ کیا کہ اس غار میں ہرگز کوئی نہیں اس طرف ان کا ذہن نارسا جا ہی نہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سکتا تھا کہ اللہ کے محبوب اور صدیق کی خدمت کے لیے یہ مکڑی اور کبوتر یہاں آئے ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ نے اپنے شیون قدرت کا اس صورت میں مظاہرہ فرمایا ہے کہ کفار جیسے شریر النفس اشد ترین انسان نما حیوانوں سے ایک کمزور ترین مخلوق کے ذریعہ یہ حفاظت کی کہ بیضۂ حمام بروج مشید بن گئے اور تار عنکبوت جسے قرآن اَوۡهَنَ الۡبُيُوۡتِ لَبَيۡتُ الۡعَنۡكَبُوۡتِ(1) فرمارہا ہے۔ایک مستحکم قلعہ بنادیا گیا۔

غالباً اسی بناء پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حرم محترم کے رہنے والے کبوتر اور مکڑی کے مارنے کو منع فرمایا۔صاحب زبدہ فرماتے ہیں:

نهى عليه السلام عن قتل العنكبوت والحمام الكائنين فى الحرام

اور عام طور پر مکڑی کے لیے حکم ہے:

العنكبوت شيطان مسخه الله تعالىٰ فاقتلوه۔

"حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا مکڑی شیطان ہے اللہ نے اسے مسخ فرمایا ہے، اسے ماردیا کرو"۔**ذكره فى الجامع الصغير۔**

اور ثعلبی سے مروی ہے کہ علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے:

طهروا بيوتكم من النسحج العنكبوت فان تركه فى البيوت يورث الفقر

"اپنے گھروں کو مکڑی کے جالے سے پاک رکھو اگر گھروں میں جالا چھوڑا تو وہ تنگ دستی پیدا کرے گا"۔

حلیہ میں ہے:

نسجت العنكبوت مرتين على الانبياء مرة على داؤد عليه السلام حين كان جالوت يطلبه ومرة على النبى عليه السلام فى الغار۔

"مکڑی نے دوبار انبیاء علیہم السلام پر جالا تانا۔ایک بار داؤد علیہ السلام پر جب کہ جالوت آپ کی تلاش میں تھا اور دوسری بار حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے غار پر"۔

دیلمی نے مسند الفردوس میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

1۔ بے شک سب گھروں میں کمزور گھر مکڑی کا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے سوال ہوا کہ مسخ شدہ جانور کتنے ہیں۔تو حضور ﷺ نے تیرہ فرمائے۔وھم ھذا۔ (اوروہ یہ ہیں)

(۱)الفیل (۲)والدب (۳) والخنزیر (۴)والقرد (۵)والجریث (۶)والضب (۷) والوطواط (۸) والعقرب (۹) والدعموص (۱۰) والعنکبوت (۱۱) والارنب (۱۲)وسھیل (۱۳)والزھرۃ۔

(۱) ہاتھی (۲) درندہ معروف (ریچھ) (۳) سور (۴) بندر (۵) مچھلی مخصوص (۶) گوہ (۷) چمگادڑ (۸) بچھو (۹) کرم آبی (۱۰) مکڑی (۱۱) خرگوش (۱۲) ستارہ (۱۳) ستارہ۔

امیہ بن خلف نے باوجود قطعی مایوسی کے داخل غار ہوکر دیکھنا چاہا تو اس سے کہا گیا:

ماتصنع فی الغار وان علیه عنکبوتاً کانت قبل میلاد محمد سید الابرار

''کیا کرتا ہے غار میں جا کر،اس غار کے منہ پر یہ مکڑی حضور ﷺ کی ولادت سے پہلے کی ہے''۔

چنانچہ آئندہ بیت میں فرماتے ہیں:

وِقَايَةُ اللّٰهِ اَغْنَتْ عَنْ مُّضَاعَفَةٍ

۹۰

مِّنَ الدُّرُوْعِ وَعَنْ عَالٍ مِّنَ الْاُطُمِ

حل لغات: وقایة اللّٰه،الوقایة الحفظ والعصمة،اللہ کی حفاظت نے۔اغنت،غنی کر دیا۔عن مضاعفة۔دوچندسہ چند،دوہری۔من الدروع۔جمع درع،زرہ،زرہوں سے۔وعن عال۔امور بلند۔من الاطم،جمع اطمة،قلعہ،قلعوں سے۔

ترجمہ: اللہ کی حفاظت نے حضور ﷺ کو غنی کر دیا ہے دوہری زرہوں سے اور بلند قلعوں سے۔

شرح: حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا راوی ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حضور ﷺ کی محافظت کے لیے رات دن اپنی نگرانی رکھتے اور آپس میں بہ تقسیم اوقات باب عالی کا پہرہ دیا کرتے جب آیہ کریمہ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ(1) نازل ہوئی تو حضور

1۔اور اللہ تعالیٰ لوگوں سے تمہاری نگہبانی کرے گا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

سید اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے قبہ اقدس سے سر مبارک باہر نکالا۔اور فرمایا لوگو! اپنے اپنے گھر آرام کرو میری محافظت میرے رب نے اپنے ذمہ کی ہے۔ چنانچہ اسی طرح اس بیت میں اشارہ ہے کہ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ کا نزول ایسی وقایۃ اللہ ہے کہ جس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو مستغنی کر دیا تھا۔دوہری زرہوں سے اور مستحکم بلند قلعوں اور پہرہ چوکی سے۔

چنانچہ ہجرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا واقعہ بھی اس استغناء کو بین طریق پر ظاہر کرتا ہے۔ پہلے تین چار بیتوں میں جو حالات ہیں ان سب کی ابتداء یوں ہے کہ قریش کو معلوم ہوا کہ انصار اسلام خفیہ طور سے بہت ہو گئے ہیں تو انہوں نے جن جن پر شبہہ تھا ان کو ستانا شروع کیا۔بہ تعمیل حکم بہت سے صحابہ ہجرت کر گئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حکم الٰہی کے منتظر رہے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم رہ گئے اور مشرکین مکہ نے دیکھا کہ عنقریب یہ بھی یہاں سے تشریف لے جانے والے ہیں۔اور جب یہاں سے چلے جائیں گے تو آزادی سے ہمارے مقابلہ کی تیاری کریں گے اور ہم پر چڑھائی کر کے ہمیں ہلاک کر ڈالیں گے۔

اس خوف نے انہیں مجلس شوریٰ منعقد کرنے پر آمادہ کیا۔غرض کہ مجلس شوریٰ جمع ہوئی اور شیطان لعین بھی اس میں شیخ نجدی کی صورت میں شریک ہوا اس واقعہ کو ہم بیت نمبر 77 میں لکھ چکے ہیں۔

غرض کہ مشورۂ ابوجہل کے ماتحت تمام قبائل سے ایک ایک آدمی ہتھیار بند تیار کیا گیا اور فیصلہ ہوا کہ آج رات حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو شہید کر دیا جائے کہ جبریل امین نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اطلاع دی۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو فرمایا کہ تم میری چادر اوڑھ کر میرے بستر پر آرام کرو تمہیں کوئی تکلیف نہ ہو گی اور ہم جا رہے ہیں تم اس وقت آنا جب یہاں کے لوگوں کی امانتیں ان کے سپرد کر آؤ۔ میں نہیں چاہتا کہ میرے جانے کے بعد کفار مجھ پر یہ طعن کریں کہ ہماری امانتیں لے کر چلے گئے۔ چونکہ مشرکین کے دل میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

صداقت کا سکہ بیٹھا ہوا تھا وہ مذہباً دشمن تھے۔ لیکن اپنی امانتیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ہی رکھا کرتے تھے۔ ان امانتوں کے واپس کرنے کے لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہاں چھوڑا گیا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دولت سرائے سے تن تنہا باہر تشریف لائے دشمن جو باب عالی کا محاصرہ کیے کھڑے تھے ان کے لیے ایک مٹھی مٹی اٹھائی اور اس پر آیت کریمہ

یٰسٓ ﴿۱﴾ وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳﴾ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴﴾ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۵﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّاۤ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۶﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰۤى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۷﴾ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْۤ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿۸﴾ وَ جَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۹﴾

تک پڑھی۔ اور دشمنوں کے سروں کی طرف پھینکی اور ان کے سامنے سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گزر گئے۔ سب کے سب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے اندھے ہو گئے۔

ایک شخص نے ان سے پوچھا تم کس کے منتظر کھڑے ہو انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی لیا۔ اس شخص نے کہا: تم ناکامیاب ہو گئے جس کی تمہیں انتظار ہے وہ تمہاری آنکھوں میں خاک ڈال کر تشریف لے گئے اور تمہارے سامنے سے گئے۔ انہوں نے مل کر باب عالی دیکھا تو سبز چادر اوڑھے ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آرام گزیں پایا۔ اس خبر کی انہوں نے تصدیق نہ کی۔ صبح تک وہ یہی سمجھتے رہے کہ آرام گزیں جو ہیں وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ حتیٰ کہ صبح ہو گئی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم بستر سے اٹھے تو سب کف افسوس ملنے لگے۔ اس کا تذکرہ قرآن کریم میں اس طرح ہے

وَ اِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ وَ يَمْكُرُوْنَ وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ (1)

مشرکین نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہاں ہیں۔ آپ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں تم نے انہیں نکال دیا وہ نکل گئے۔ کفار حضرت شیر خدا کرم اللہ وجہہ پر

1۔ اور اے محبوب! یاد کرو جب کافر تمہارے ساتھ مکر کرتے تھے کہ تمہیں قید کر دیں یا شہید کر دیں یا نکال دیں وہ اپنا سا مکر کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ اپنی خفیہ تدبیر فرماتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بہت برہم ہوئے اور حرم شریف میں لے گئے کچھ دیر قید رکھا۔ جب مایوس ہو گئے اور سمجھ گئے کہ ان سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پتا لینا مشکل ہے، آپ کو چھوڑ دیا آپ امانات کی محافظت میں ٹھہرے رہے۔

حضرت ام المؤمنین صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہمارے یہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ شام کو تشریف لایا کرتے تھے۔ مگر جس روز ہجرت کا حکم ہوا اس روز حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوپہر میں تشریف لائے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو بے وقت تشریف آوری سے خیال ہوا اور سمجھ گئے کہ یہ آنا کسی خاص وجہ سے ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کو تخلیہ میں لے کر فرمایا کہ مجھے ہجرت کا حکم مل گیا ہے۔ صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ میرے لیے کیا حکم ہے فرمایا تم ہمارے ساتھ چلو گے۔ صدیق رضی اللہ عنہ اس بشارت کو سن کر فرط مسرت سے آبدیدہ ہو گئے اور مکان کے چھوٹے دروازہ سے نکل کر غار ثور کی طرف روانہ ہوئے۔

حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے صاحبزادے حضرت عبداللہ کو مکہ کے حالات معلوم کرنے کو چھوڑا اور حکم دیا کہ دن بھر کی خبریں لے کر شام کو ہمیں دیں اور اپنے غلام آزاد شدہ حضرت عامر بن فہیرہ کو حکم دیا کہ دن بھر بکریاں چرائیں اور شام کو ہمارے پاس لائیں۔

اور حضرت اسماء بنت صدیق رضی اللہ عنہما کو حکم دیا کہ تم شام کو کھانا غار میں پہنچایا کرنا۔

حضرت عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہما جب بکریاں غار سے واپس لاتے تو بکریوں کا کھوج مٹاتے ہوئے آتے۔

عبداللہ بن اریقط مشرک تھا۔ اسے تین روز غار میں قیام فرمانے کے بعد مدینہ کی رہنمائی کے لیے مقرر فرمایا۔

اب غار کا حال چونکہ ہم پہلے شعر نمبر 77 میں لکھ چکے ہیں۔ لہٰذا یہاں اس کا اعادہ تحصیل حاصل تصور کر کے آگے کے حالات پیش کر رہے ہیں۔

قصہ مختصر تین روز غار میں گزار کر اور یہ اطمینان کر کے کہ جستجوئے کفار اب اس جوش کے ساتھ نہیں رہی عبداللہ اجیر کے دو اونٹ در غار پر لائے گئے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OQML ISLAMIA ACADEMY

ایک پر حضور ﷺ اور پیچھے صدیق رضی اللہ عنہ سوار ہوئے دوسرے اونٹ پر عبداللہ اجیر اور عامر بن فہیرہ سوار ہو گئے۔ تمام رات اور آدھے دن ظہر تک مسلسل سفر کیا۔ قریش نے منادی کرا دی کہ جو حضور ﷺ کو مشرکین تک پہنچا دے اسے سو اونٹنیاں انعام دی جائیں گی۔

اس انعام کے لالچ میں سراقہ بن مالک حضور ﷺ کی تلاش میں نکلا۔ اور حضور ﷺ کو ایک سنگلاخ جنگل میں پایا۔ صدیق رضی اللہ عنہ نے اسے دیکھ کر عرض کی حضور! ﷺ ہمارا متلاشی آ گیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کچھ فکر نہ کرو ہمارے ساتھ ہمارا رب ہے۔

سراقہ چاہتا تھا کہ جلدی سے جا کر مشرکین کو خبر دے کہ اس کا گھوڑا آدھا زمین میں دھنس گیا اور زمین سے دھواں نکلنے لگا۔ پکارا حضور ﷺ سے خلاصی کی دعا کرائی اور وعدہ کیا کہ جو حضور ﷺ کا متلاشی ادھر آئے گا اسے واپس لوٹا دوں گا۔ غرض کہ حضور ﷺ کے حکم سے وہ گھوڑا زمین سے نکلا۔ لیکن طمع خام خواہش انعام نے اسے عہد شکنی پر مجبور کیا۔ بدنیتی کرتے ہی اس کا گھوڑا پہلے سے زیادہ زمین کی گرفت میں آ گیا۔ اب پکارا کہ حضور! مجھے یقین ہو گیا ہے کہ میرا گھوڑا زمین نے آپ کی مخالفت کے باعث پکڑا ہے۔ اب، مجھے خلاصی دلا دیجئے۔ میں خدا کو ضامن کرتا ہوں ایمانداری سے واپس چلا جاؤں گا اور جو متلاشی ملے گا اسے اپنے ساتھ لوٹا لے جاؤں گا۔

غرض کہ اس نے نجات پائی اور دست بستہ حضور ﷺ کے سامنے حاضر ہو کر عرض کرنے لگا۔ حضور! ﷺ میرا تیر لے جائیں۔ اور میرے اونٹ فلاں مکان میں چر رہے تھے ان میں سے جتنے چاہیں لے جائیں حضور ﷺ نے فرمایا: ہمیں تیرے اونٹوں کی ضرورت نہیں۔ جب وہ رخصت ہو کر واپس جانے لگا تو حضور ﷺ نے فرمایا: سراقہ اس وقت تو کس حال میں ہو گا جب کہ تیرے ہاتھوں میں کسریٰ کے کنگن ہوں گے۔ سراقہ تعجب سے کہنے لگا: کیا کسریٰ بن ہرمز کے کنگن میرے ہاتھ میں ہوں گے؟ تو حضور ﷺ نے فرمایا: ہاں۔

چنانچہ جب ملک فارس فتح ہوا اور کسریٰ کے کنگن غنیمت میں آئے تو حضرت عمر رضی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

اللہ عنہ نے وہ کنگن سراقہ کے ہاتھ میں پہنا دیے۔ صاحب سیرۃ النبی شبلی نے سراقہ ابن مالک کی بجائے سراقہ بن جعشم لکھا ہے۔

باقی واقعات میں سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ہمارا لکھا ہوا تذکرہ موافق ہے اتنا آخر میں صاحب سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور لکھتے ہیں کہ سراقہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر مشرکین کا اشتہار سنایا اور درخواست کی کہ مجھ کو امن کی تحریر لکھ دیجئے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے غلام عامر بن فہیرہ نے چمڑہ کے ایک ٹکڑا پر فرمان امن لکھ دیا۔

طبقات ابن سعد میں اس مقدس سفر کی تمام منازل مذکور ہیں لیکن اب ان کا پتا نہیں چلتا۔ تاہم اہل عقیدت ان منازل کے نام سے لذت یاب ہو سکتے ہیں۔ وہ منازل جو غار ثور سے چل کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے راستہ میں طے فرمائیں، یہ ہیں:

خرارہ۔ ثنیۃ المرہ۔ لقف۔ مدلجہ۔ مرجح۔ حداید۔ اذاخر۔ رابغ

یہ مقام آج بھی حجاج کے راستے میں آتا ہے۔ اس جگہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز مغرب ادا فرمائی۔ پھر ذا اسلم، عثانیہ، فاختہ، عرج، جدوات، اکوتیہ، عقیق، جنجانہ ہوتے ہوئے مدینہ سے تین میل ورے مقام عالیہ جسے قبا بھی کہتے ہیں، اول قیام فرمایا اور منزل عمرو بن عوف میں مہمان ہوئے۔

یہ فخر اس خاندان کی قسمت میں تھا کہ میزبان دو عالم نے ان کی مہمانی قبول فرمائی۔

تشریف آوری کی خبر مدینہ میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشم انتظار تھا۔ معصوم بچے جوش محبت میں کہتے پھرتے تھے کہ ہمارے آقا و مولیٰ سردار دو جہاں تشریف لا رہے ہیں۔

لوگ ہر روز تڑکے سے نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے جاتے۔

ایک دن انتظار کر کے واپس ہو چکے تھے کہ ایک یہودی نے اپنے قلعہ سے دیکھ کر قرائن سے پہچانا اور پکارا اے لوگو! جس کا تم انتظار کر رہے تھے وہ آ گئے۔

تمام شہر میں تکبیر کی آوازیں گونجنے لگیں۔ انصار ہتھیاروں سے آراستہ عمدہ لباس میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سج سج کر بے تابانہ گھروں سے نکل آئے۔ وہ اکابر صحابہ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے مدینہ آ چکے تھے ان کے نام یہ ہیں:

حضرات ابوعبیدہ، مقداد، خباب، سہیل، صفوان، عیاض، عبداللہ بن مخرمہ، وہب بن سعد، معمر بن ابی سرح، عمر بن عوف رضوان اللہ علیہم اجمعین۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ حضور کی روانگی کے تیسرے روز مکہ سے روانہ ہوئے تھے۔ وہ بھی آ گئے۔ مؤرخین اور ارباب سیر لکھتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہاں صرف دو یوم قیام فرمایا۔ بخاری شریف میں ہے کہ چودہ دن قیام رہا اور یہی صحیح معلوم ہوتا ہے۔

یہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے اول مسجد تعمیر فرمائی۔ کلثوم بن ہدم کی ایک افتادہ زمین تھی اس پر اپنے دست اقدس سے مسجد کی بنیاد رکھی۔ یہی وہ مسجد ہے جس کی شان میں قرآن کریم فرماتا ہے۔ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ (1)

"یعنی وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے ہی دن پرہیزگاری پر رکھی گئی ہے وہ اس بات کے زیادہ مستحق ہے کہ تم اس میں کھڑے ہو۔ اس میں ایسے لوگ ہیں۔ جن کو صفائی بہت پسند ہے۔ اور خدائے عزوجل پاک رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے"۔

تعمیر مسجد میں اور لوگوں کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود بھی کام کر رہے تھے۔

عبداللہ بن رواحہ شاعر بھی مزدوروں کے ساتھ شریک تھے۔ اور جس طرح اور مزدور تھکن مٹانے کو گا رہے تھے۔ آپ یہ اشعار گاتے جاتے تھے:

افلح من يعالج المساجدا　　ويقرء القراٰن قائما وقاعدا

وہ کامیاب ہے جو مسجد تعمیر کرتا ہے　　اور پڑھتا ہے قرآن قیام و قعود میں

ولا يبيت الليل عندله راقدا

اور نہیں گزارتا رات اس کے پاس لیٹ کر

1۔ بے شک وہ مسجد کہ پہلے ہی دن سے جس کی بنیاد پرہیزگاری پر رکھی گئی ہے وہ اس قابل ہے کہ تم اس پر کھڑے ہو۔ اس میں وہ لوگ ہیں کہ خوب ستھرا ہونا چاہتے ہیں اور ستھرے اللہ کو پیارے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حضور ﷺ بھی ان کے ساتھ قافیہ میں آواز ملاتے جاتے تھے۔

قبا میں حضور ﷺ کا داخلہ اسلام کے دور خاص کی ابتدا ہے۔ اس لیے مؤرخین نے اس تاریخ کو زیادہ اہتمام کے ساتھ محفوظ رکھا ہے۔

چنانچہ باتفاق مؤرخین حضور ﷺ قبا میں آٹھ ربیع الاول 13ھ نبوی مطابق 20 ستمبر 622ء کو داخل ہوئے۔

موسیٰ خوارزمی نے لکھا ہے۔ جمعرات کا دن فارسی ماہ تیر کی چوتھی۔ اور رومی ماہ ایلول 1923ء اسکندری کی دسویں تاریخ تھی۔

مؤرخ یعقوبی نے ہیئت دانوں سے یہ زائچہ نقل کیا ہے:

آفتاب برج سرطان میں	23 درجہ 6 دقیقہ پر
ذیل برج اسد میں	3 درجہ
مشتری برج حوت میں	6 درجہ
زہرہ برج اسد میں	13 درجہ
عطارد برج اسد میں	15 درجہ

(نوٹ) خوارزمی نے جمعرات کا دن لکھا ہے۔ لیکن حساب جدید سے دوشنبہ کا دن آتا ہے۔

چودہ دن بعد جمعہ کو آپ شہر کی طرف تشریف فرما ہوئے۔ راہ میں بنی سالم کے محلّہ میں نماز کا وقت آ گیا۔ جمعہ کی نماز یہیں ادا فرمائی۔ نماز سے قبل خطبہ دیا۔

یہ حضور ﷺ کا سب سے پہلا خطبہ اور سب سے پہلی نماز جمعہ تھی۔ لوگوں کو جب معلوم ہوا کہ کوکبۂ نبوت جلوہ آرا مدینہ ہو رہا ہے تو ہر طرف سے سلامی استقبالی جوش مسرت میں پیش قدمی کے لیے دوڑے حضور ﷺ کے ننہال کے رشتہ دار بنونجار ہتھیاروں سے سج دھج کر آئے۔ قبا سے مدینہ تک دورویہ جان نثاروں کی صفیں تھیں۔ راہ میں انصار کے خاندان آتے ہر قبیلہ سامنے آ کر عرض کرتا: حضور ﷺ یہ گھر ہے، یہ حال ہے، یہ جان ہے۔ آپ اظہار مسرت فرماتے دعائے خیر دیتے حتی کہ شہر قریب آ گیا۔ جوش محبت فرط مسرت کا یہ عالم تھا کہ پردہ نشیں خواتین چھتوں پر نکل آئیں اور از خود رفتہ گانے لگیں:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاع

ہم پر چاند نکل آیا!! کوہ وداع کی گھاٹیوں سے

وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا مَادَعَا لِلّٰهِ دَاع

ہم پر شکر واجب ہے جب تک دعا مانگنے والے دعا مانگیں

اَيُّهَا الْمَبْعُوْثُ فِيْنَا جِئْتَ بِالْاَمْرِ الْمُطَاع

اے اللہ کے بھیجے ہوئے ہمارے اندر آئے تم قابل عمل حکم لے کر

بنی نجار کی معصوم لڑکیاں دف بجا بجا کر گاتی تھیں:

نَحْنُ جَوَارٍ مِّنْ بَنِى النَّجَّارِ يَا حَبَّذَا مُحَمَّدًا مِّنْ جَارٍ

ہم خاندان نجار کی لڑکیاں ہیں محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیا پیارے ہمسائے ہیں

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان بچیوں کی طرف خطاب کر کے فرمایا کہ تم ہمیں چاہتی ہو؟ انہوں نے عرض کی: ہاں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ہم بھی تمہیں چاہتے ہیں۔

مختصر یہ کہ جہاں اب مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے اس کے متصل حضرت ابوایوب انصاری کا گھر تھا۔ کوکبۂ نبوی یہاں پہنچا۔ سخت کش مکش تھی کہ آپ کی میزبانی کا شرف کس کو حاصل ہو، قرعہ ڈالا گیا۔ اور آخر یہ دولت حضرت ابوایوب کے حصہ میں آئی۔ انتہیٰ مختصراً۔

مولای صلِّ وسلّم دائماً ابداً علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فصل سابع ---رسالت عامہ کی ضرورت

مَاسَامَنِی الدَّهرُ ضَیمًا وَّاستَجَرتُ بِهٖ
١٠ اِلَّا وَنِلتُ جِوَارًا مِّنهُ لَم یُضَمِ

حل لغات: ماسامنی، سامنی من السوم اذاقة الشدة والاهانة نہیں تکلیف دی مجھے۔ الدھر، زمانہ نے۔ واستجرت، طلب خلاص ونجات، بلکہ نجات وخلاص طلب کی۔ بہ، ضمیر راجع الیه علیه السلام، اس ہستی پاک سے، الا، مگر۔ ونلت، از نیل، پانا، حاصل کی میں نے۔ جواراً، ہمسائیگی۔ منه، اس ہستی پاک کی۔ لم یضم، از ضیم، ظلم، تو نہیں ظلم کیا گیا مجھ پر۔

ترجمہ: جب کبھی زمانہ نے مجھے تکلیف دی تو میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حمایت حاصل کر لی اور ظلم زمانہ سے محفوظ رہا۔

شرح: خلاصہ مفہوم تو یہ ہے کہ ناظم فاہم رحمہ اللہ ایک طرز خاص میں اپنا وہ تقرب ظاہر فرما رہے ہیں جو ان کے اور مکین گنبد خضرا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مابین ہیں جیسے عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ اول اپنا انتہائی عجز دکھا کر پھر قرب کے منصب کو ظاہر کر رہے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

لی حبیب عربی مدنی قرشی　　کہ بود درد و غمش مایہ شادی و غمی
فہم رازش چہ کنم او عربی من عجمی　　لاف مہرش چہ زنم او قرشی من حبشی
گرچہ صد مرحلہ دورست زپیش نظرم　　وجهه فی نظری کل غداة وعشی

اسی طرح امام بوصیری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ زمانہ کے دور لیل ونہار نے مجھ کو کبھی تکلیف نہ دی۔ مگر جب میں اپنے آقا ومولا روحی فداہ کی طرف طالب امن وامان حفظ وحمایت ہوا تو علی الفور میں اپنی دعاء استعانت میں مستجاب الدعوۃ نکلا۔ اور منجملہ اسی کے مجھے جب فالج نے ستایا تو بلا طلاء وضماد، حقنہ وشافہ وشربہ وجوشاندہ ومسہل وتنقیہ ایک ہی رات میں شفایاب ہو گیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اب اصل بیت پر جو بحث ہے وہ قابل غور ہے شرح خرپوتی میں ما سامنی الدھر ہے اور شیخ زادہ میں ما ضامنی الدھر ہے اس بناء پر علامہ خرپوتی فرماتے ہیں: وفی بعض النسخ ما ضامنی الدھر من الضیم یعنی بعض نسخوں میں ما ضامنی الدھر ہے۔ اور وہ ضیم سے ماخوذ ہے ضیم کہتے ہیں ظلم زمانہ کو تو معنی یہ بنیں گے کہ مجھ پر زمانہ نے ظلم نہ کیا۔ مگر اس پر یہ اعتراض پڑتا ہے کہ ظلم کو زمانہ کے ساتھ منتسب کرنا شرعاً ممنوع ہے۔ جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ولا تسبوا الدھر فان الدھر ھو اللّٰہ

"زمانہ کو برانہ کہو کہ زمانہ وہی ذات کبریائی ہے"۔

دوسری حدیث میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ولا تقولوا خیبۃ الدھر

اور تیسری حدیث میں فرمایا:

لا یسب احدکم الدھر

"تم میں سے کوئی زمانہ کو برانہ کہے"۔

تو اس کا جواب فرماتے ہیں کہ اس کی تین طرح تاویل ہو سکتی ہے۔

اول یہ کہ مدبر امور عالم کو برانہ کہو یہ مراد ہے۔

دوسرے یہ کہ اس لا تسبوا الدھر میں مضاف حذف کیا گیا ہو۔ یعنی لا تسبوا صاحب الدھر مراد ہو۔

تیسرے یہ کہ اس سے مراد مقلب الدھر ہو۔ اور بعض نے کہا کہ دھر اسماء حسنیٰ سے ہے۔

لیکن قرآن کریم میں ہے: وَمَا یُهْلِكُنَاۤ اِلَّا الدَّهْرُ اس میں انتساب ہلاکت کی طرف کیا گیا تو فی الجملہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ سب دھر کرنے سے مراد خالق و فاعل کا سبّ اگر ہو تو ممنوع ہے اور اس کی مفصل بحث شیخ اکبر رحمہ اللہ نے اپنی فتوحات کے تہترویں باب میں فرمائی ہیں۔

نتیجہ یہ نکلا کہ ماسامنی بھی پڑھا جا سکتا ہے اور ماضامنی بھی۔ صرف ترجمہ میں اتنا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فرق پڑے گا کہ ماسامنی میں سوم مبدء اشتقاق لے کر محض تکلیف مراد لی جائے گی۔ اور واستجرت به میں واؤ حالیہ ہے اور یہ استجار سے ہے جیسے کہا جاتا ہے: استجار فلان تو اس کے معنی ہوتے ہیں: طلب الخلاص و النجاة۔ اسی بناء پر بعض نے استجرت، کے حاصل معنی التجاء واستعانت کے لیے ہیں۔ اور به میں جو ضمیر ہے یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف راجع ہے۔

مولای صَلِّ وسلّم دائماً ابداً علٰی حبیبک خیر الخلق کلهم

وَلاَ الْتَمَسْتُ غِنَى الدَّارَيْنِ مِنْ يَّدِهٖ
11 اِلَّا اسْتَلَمْتُ النَّدٰى مِنْ خَيْرِ مُسْتَلَمِ

حل لغات: ولا التمست، واؤ عاطفہ صیغہ متکلم۔ من الالتماس۔ وهو طلب المساوی من المساوی۔ ههنا مطلق الطلب۔ اور نہیں طلب کیا میں نے۔ غنی۔ استغناء۔ الدارین۔ دین و دنیا۔ من یده۔ اپنے حضور کے دست سخا سے۔ الا استلمت۔ از استلام۔ بمعنی الاخذ۔ بوسہ لینا۔ مگر لیا میں نے۔ الندی۔ نداء۔ عطا۔ بخشش کو۔ من خیر مستلم۔ بوسہ گاہ۔ بوسہ لینے کی جگہ۔ بہترین بخشش والے سے۔

ترجمہ: میں نے اپنے سخی سے دین و دنیا کی عطا کبھی نہ مانگی مگر ان کے دست سخا سے، میں نے من مانی مراد حاصل کی۔

شرح:

میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا دریا بہا دیے ہیں در، بے بہا دیے ہیں

غنی الدارین میں۔ غناء دنیا تو بظاہر یہ ہے کہ وسعت رزق صحت بدن سلامتی از بلیات حاصل رہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لیس الغنی من کثرة العرض انما الغنی غنی القلب

”مال کی زیادتی غناء نہیں ہے بلکہ دل کا مستغنی عن الحوائج رہنا غنی ہے“۔

تونگری بدل است نہ بمال

اور غناء اخرۃ فوز ونجاۃ از نار جحیم اور دخول جنت نعیم سمجھا جاتا ہے۔ مگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

نے فرمایا:

اکثر اھل الجنة بلہ

''اکثر جنتی سادہ لوح ہیں''۔

یعنی اصل نعمت کو چھوڑ کر برگ و بر کے طالب ہیں یعنی جمال الٰہی کو چھوڑ کر جنت طلب کرتے ہیں۔ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى۔ اعلیٰ حضرت نے خوب فرمایا:

جنت نہ دیں نہ دیں تیری رؤیت ہو خیر سے
اس گل کے آگے کس کو ہوس برگ و بر کی ہے
شربت نہ دیں نہ دیں تو کریں بات لطف سے
یہ شہد ہو تو پھر کسے پروا شکر کی ہے

تو حاصل معنی بیت یہ ہوئے کہ میں نے غنی دنیا وغنی عقبےٰ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات سے کبھی نہ مانگی مگر علی الفور میں نے حصول عطا و نیل منیٰ میں خیر المعطی کے دروازہ سے کامیابی حاصل کی، اسی سبب سے میں آفات دنیا سے محفوظ ہوں اور بلیات عقبےٰ سے بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دامن کے سایہ میں محفوظ رہوں گا۔ انشاء اللہ۔

سرکار ہم گنواروں میں طرز ادب کہاں
ہم کو بس تمیز یہی بھیک بھر کی ہے
مانگیں گے مانگے جائیں گے منہ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ لا ہے نہ حاجت اگر کی ہے
اف بے حیائیاں کہ یہ منہ اور تیرے حضور
ہاں تو کریم ہے تری خو درگزر کی ہے
تجھ سے چھپاؤں منہ تو کروں کس کے سامنے
کیا اور بھی کسی سے توقع نظر کی ہے!
جاؤں کہاں پکاروں کسے کس کا منہ تکوں
کیا پرسش اور جا بھی سگ بے ہنر کی ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

باب عطا تو یہ ہے جو بہکا ادھر ادھر
کیسی خرابی اس نگھرے دربدر کی ہے
لب واہیں آنکھیں بند ہیں پھیلی ہیں جھولیاں
کتنے مزے کی بھیک ترے پاک در کی ہے
قسمت میں لاکھ پیچ ہوں سو بل ہزار کج
یہ ساری گتھی اک تیری سیدھی نظر کی ہے
منگتا کا ہاتھ اٹھتے ہی داتا کی دین تھی
دوری قبول و عرض میں بس ہاتھ بھر کی ہے

لَا تُنْكِرِ الْوَحْىَ مِنْ رُّؤْيَاهُ اِنَّ لَهٗ
قَلْبًا اِذَا نَامَتِ الْعَيْنَانِ لَمْ يَنَمِ ١٢

حل لغات: لا تنکر الوحی، نہ انکار کر اس وحی کا۔ من رؤیاہ، مصدر از رؤیت، جوان کی خواب میں آئی۔ ان لہ، ضمیر راجع الیہ علیہ السلام، بے شک ان کے لیے۔ قلباً، ایسا قلب عطا ہوا ہے۔ اذا نامت، کہ جب سو جائیں۔ العینان، دونوں آنکھیں۔ لم ینم، وہ ہرگز نہیں سوتا۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس وحی کا انکار نہ کر جو خواب میں آپ پر آئی اس لیے کہ ان کا ایسا قلب پاک ہے کہ آنکھیں سو جائیں اور وہ نہیں سوتا۔

شرح: اس بیت میں اس وحی کی تصدیق کی تعلیم ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر خواب میں آئی تھی۔ اور ایسی وحی اس وقت آئی تھی جب کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مرتبہ نبوت قریب بظہور تھا۔

تفصیل اس کی یہ ہے کہ حضور پر 23 سال اور 6 ماہ وحی آئی۔ اس میں اول کے 6 ماہ وہ ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خواب میں جو ملاحظہ فرماتے صبح بعینہ اس کا ظہور ہو جاتا۔ پھر حضرت روح الامین بیداری میں تشریف لانے لگے۔ اور 23 سال کا چھیالیسواں حصہ ششماہ ہوتا۔

خلاصہ یہ ہے کہ ناظم رحمہ اللہ دفع دخل مقدر فرماتے ہوئے معترض کے اعتراض کا رد

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فرمارہے ہیں جو کسی نے اعتراضاً کہا کہ حالت خواب میں ایک غفلت اور تعطیل حواس کا اثر ہوتا ہے تو ایسی حالت کا مشاہدہ کیونکر معتبر ہوسکتا ہے اور وہ ترتیب احکام کے لیے کیسے کافی مانا جاسکتا ہے تو امام فرماتے ہیں کہ یہ تیرا اعتراض اس پر وارد ہوسکتا ہے جس کا دل اور حواس بحالت خواب معطل و باطل ہوجائیں۔ اور ہم جس ہستی پاک کا حال بیان کررہے ہیں وہ وہ ہیں کہ ان کی بیداری و خواب یکساں ہے۔ انہیں ماسوی اللہ سے وہ انقطام کامل حاصل ہے کہ سوتے ہوئے بھی قلب مبارک متوجہ الی اللہ رہتا ہے۔

اسی بنا پر فرمایا:

ان عینی تنامان ولا ینام قلبی

''ہماری آنکھیں سوجائیں مگر ہمارا دل نہیں سوتا''۔

ایک حدیث میں فرمایا:

لو شاء اللّٰہ تعالٰی لایقظنا ولکن اراد ان یکون سنۃ لمن بعدکم۔

''اگر اللہ چاہتا تو ہمارے لیے جاگنا ہی رکھنا۔ لیکن یہ سونا اس لیے ہے تاکہ بعد والوں کے لیے سنت جاری رہے''۔

تعریف وحی

وحی ازروئے لغت متعدد معنی میں مستعمل ہے۔

اول۔ بمعنی اشارہ، دوم بمعنی رسالۃ۔ سوم بمعنی الہام۔ چہارم بمعنی کلام خفی اور عرف میں اعلام الٰہی کو وحی کہتے ہیں جو انبیاء پر ہو۔

اب وہ یا ظاہر ہوگا یا باطن۔

ظاہر تین اقسام پر منقسم ہے:

اول: وہ جو فرشتہ کے ذریعہ سماعت میں آئے اور یہ قطعی ہے۔ اسی قبیل میں قرآن کریم ہے۔

دوم: یہ کہ مخصوص اشارات بذریعہ ملک (فرشتہ) مسموع ہوں۔ جیسے سلسلۃ الجرس یا مکھیوں کی سی بھنبھناہٹ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس میں کلام صریح نہیں ہوتا۔ ایسی ہی وحی کے متعلق حضور ﷺ نے فرمایا:

روح القدس نفث فی روعی ان النفس لن تموت حتی تستکمل رزقھا۔ الخ۔

سوم: یہ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے قلب نبی میں جو امر ظاہر ہو عام اس سے کہ وہ ظہور بحالت خواب ہو یا بیداری۔ یہ بلاشبہہ الہام الٰہی ہوتا ہے۔ اور یہ سب حجت ہیں مطلقاً۔

بخلاف الہام اولیاء اللہ کہ وہ شرعاً حجۃ علی الغیر نہیں۔ اور رویاء عوام کی تعریف میں قاضی ابوبکر لکھتے ہیں:

الرویا ادراکات یخلقھا اللّٰہ تعالیٰ فی قلب العبد النائم علی یدملک اوشیطان۔ و فی الحدیث ان رویا المومن کلام یکلمه الله فی المنام۔

"رویا یعنی خواب یہ ایک قوۃ ادراکیہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے قلب عبد نائم (سونے والے آدمی کے دل) میں پیدا فرمائی۔ عام اس سے کہ وہ بذریعہ فرشتہ ظہور کرے یا بذریعہ شیطان۔ اور حدیث میں ہے کہ مومن سے خواب میں اللہ تعالیٰ کلام فرماتا ہے"۔

اب یہ امر بھی سمجھ لینا ضروری ہے کہ رویا یا صادقہ ہوتا ہے اور وہ تین صورتوں پر ہے:

(۱) تبشیر یبشره الله الملک الموکل علی الرؤیا بما یسره من الاخروی اوالدنیوی۔

(۲) وتحذیر یخوفه مما یبعده عن الطاعة ویقربه الی المعصیة۔

(۳) والھام یلھمه وھو نفع محض کالحج والتھجد

اور یا کاذبہ ہوتا ہے یہ بھی تین صورتوں میں ہے:

(۱) رؤیاھمة وھی ماتخیلھا فی الیقظة فلیس لھا اعتبار۔

(۲) ورؤیا علة ناشئة من الامراض فلیس لھا اعتبار۔

(۳) ورؤیا شیطان وھی اضغاث احلام ھٰذا فی رؤیا غیر الانبیاء واما رؤیاھم فکلھا صادقة بل وحی یجب العمل بھا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

رویاء صادقہ تین قسم پر ہیں:

(۱) یا تو بشارۃ ہوگی جو کسی ملک موکل کے ذریعہ مومن کو سہولیت امور دنیاوی یا اخروی کے متعلق ہو۔

(۲) یا تحذیر و تخویف یعنی ڈرانا ہوگا اس حال میں جب کہ مومن اطاعت سے بعید اور معصیت کی طرف قریب ہو رہا ہو۔

(۳) یا الہام ہوگا جو نفع محض کا ہوگا جیسے حج کرنا یا تہجد پڑھنے کا حکم ملنا۔

رویاء کاذبہ۔ یہ بھی تین قسم پر منقسم ہے:

(۱) رویاء ہمت۔ یہ وہ ہے جو دن میں خیالات آئے وہی خواب میں نظر آ گئے اس کا کچھ اعتبار نہیں۔

(۲) رویاء علت۔ یہ عفونت معدی یا تبخیر کے باعث پریشان خواب کی صورت میں ہوتا ہے کہ یہ بھی کچھ نہیں۔

(۳) رویاء شیطان۔ اسی کو اضغاث احلام کہتے ہیں۔

اور اس قسم کے تمام خواب غیر انبیاء کو ہوتے ہیں۔ اور انبیاء کے خواب تمام کے تمام صادق ہوتے ہیں۔ بلکہ وہ بمرتبہ وحی مانے گئے ہیں حتیٰ کہ ان پر عمل واجب ہے۔

اسی بناء پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

الرؤیا الحسنة من الرجل الصالح جزء من ستة واربعین جزء من النبوة

رؤیا حسنہ۔

''نیک اور صالح مومن کا خواب انوار نبوۃ سے چھیالیسواں جز ہے''۔

اور اس کی بحث ہم اس شعر کے اول میں مفصل کر چکے ہیں۔

مولای صَلِّ وسلّم دائماً ابداً علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

فَذَاکَ حِیْنَ بُلُوْغٍ مِّنْ نُّبُوَّتِہٖ

۱۳ فَلَیْسَ یُنْکَرُ فِیْہِ حَالُ مُحْتَلِمِ

حل لغات: فذاک، اشارة الی الوحی فی الرؤیا، پس یہ خواب والی وحی۔ حین، اس وقت تھی۔ بلوغ، جب کہ آپ پہنچنے والے تھے۔ من نبوته۔ مرتبۂ نبوت کے کمال کو۔ فلیس ینکر، پس انکار نہیں کیا جاتا۔ فیه، اس میں۔ حال، حال، محتلم، محتلم سے۔

ترجمہ: خواب میں وحی ہونے کا سبب یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کمال نبوت کو پہنچے ہوئے تھے۔ جب انسان اپنی عمر کے کمال کو پہنچتا ہے تو اس کے احتلام کے دعویٰ کو رد نہیں کیا جاتا۔

شرح: یعنی یہ وحی خواب میں جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر ہوتی تھی اس لیے ہوتی تھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کمال نبوت پر اظہار نبوت سے قبل ہی پہنچ چکے تھے۔ جیسا کہ خود ارشاد فرمایا:

کنت نبیا و اٰدم لمنجدل بین طینته

"ہم عہدہ نبوت اس وقت حاصل کر چکے تھے جب کہ آدم اپنے خمیر میں تھے"۔

تو جہاں بلوغ کو پہنچنے والے لڑکے کا دعویٰ احتلام مان لیا جاتا ہے۔ سرکار ابد قرار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خواب کو وحی کیوں نہ مانا جائے۔ وللہ الحمد۔

تَبَارَکَ اللّٰہُ مَاوَحْیٌ بِمُکْتَسَبٍ

۱۴ وَّلَا نَبِیٌّ عَلٰی غَیْبٍ بِمُتَّھَمِ

حل لغات: تبارک اللہ، کلمہ تحسین، برکت والی ذات ہے اللہ۔ ماوحی۔ اور وحی نہیں ہے۔ بمکتسب، از کسب، ایسی چیز کہ محنت کر کے حاصل ہو جائے۔ ولا نبی، اور نہیں ہے کوئی نبی۔ علی غیب، اخبار بالغیب پر۔ بمتھم، جھوٹ کے ساتھ۔

ترجمہ: سبحان اللہ وحی اپنی کوشش سے حاصل ہونے والی چیز نہیں۔ اور نہ نبی پر غیب کی خبروں میں کوئی اتہام لگایا جا سکتا ہے۔

شرح: اول تو حل لغات و لفظی ترجمہ ہی واضح ہے خلاصہ مفہوم یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک بابرکت اور کثیر النفع ہے کوئی وحی کسبی نہیں ہوتی۔ یعنی جیسے نیکیاں کسبی ہیں، کشف و

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مکاشفات کسبی ہیں، مجاہدہ وریاضت سے جو تقرب حاصل ہو اور استغناء فی القلب ملے، یہ کسبی کہلایا جاسکتا ہے۔ لیکن ایسا نہیں ہوسکتا کہ اللہ اللہ کرتے شب بیداریاں کر کے وحی بھی نازل کرالی جائے بلکہ یہ وحی اور نبوت محض فضل الٰہی سے حاصل ہوتی تھی۔ جس کو چاہا عنایت کی۔ اور اب اس کا دروازہ ہی بند ہے۔ اس پر قفل لگ چکا وَلٰکِنۡ رَّسُوۡلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ کا۔ خود خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرما چکے:

انا خاتم الانبیاء ولا نبی بعدی

"میں آخری نبی ہوں۔ میرے بعد اب کوئی نبی نہیں ہوسکتا"۔

اور جو نبی ہو چکے وہ اپنے اپنے منصب کے مطابق علم غیب کے مالک ہوئے۔ اور انہوں نے اخبار بالغیب فرمایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے روز قیامت کے بعد جنت کے احوال بیان فرمائے اور علم غیب کلی کے مالک ہوئے لیکن بایں ہمہ یہ بھی ضروری ہے کہ کوئی نبی اخبار بالغیب میں متہم بہ کذب نہیں ہوسکتا کہ آئندہ یا گزشتہ کا حال کہے اور وہ پھر واقعہ کے خلاف ظہور میں آئے۔

بلکہ جو کچھ وہ کہے گا من وعن ضرور ضرور اس کا ظہور ہوگا۔ کوئی اس پر اتہام کذب نہیں لگا سکتا۔ ہاں متنبیوں کی مثل مسیلمہ کذاب کے اور اس سے لے کر اب تک مرزا قادیانی ان کی ہزار ہا باتیں اخبار اور پیشگوئیوں میں جھوٹی ہوئیں اور ہوسکتی ہیں۔ اس لیے کہ یہ نبی من جانب اللہ نہیں ہوتے۔ بلکہ من جانب النفس ہوتے ہیں۔ یا من جانب المراق والامراض۔ تعالٰی اللہ عما یفترون۔

مولای صَلِّ وسلّم دائماً ابداً علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

فصل ثامن۔۔حضور اکرم فریادی کی امداد فرماتے ہیں

كَمْ اَبْرَاَتْ وَصِبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُهٗ
وَاَطْلَقَتْ اَرِبًامِّنْ رِّبْقَةِ اللَّمَمِ ۱۵

حل لغات: کم، خبریہ، کتنی بار، ابرءت، ماضی، از ابراء تندرست ہونا، اچھے ہو گئے۔ وصبا۔ بیمار۔ باللمس۔ ساتھ مس کرنے۔ راحته، ہتھیلی ان کی سے۔ واطلقت۔ ماضی از اطلاق۔ چھوڑنا۔ آزاد کرنا۔ اور آزاد ہو گئے۔ اربا۔ حاجت مند۔ من ربقة۔ رسی کا پھندا جو جانوروں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ پھندے سے۔ اللمم۔ اللمم۔ نوعے از جنون۔ جنون سے۔

ترجمہ: بارہا اچھے ہو گئے بیمار ان کی ہتھیلی کے مس سے اور آزاد ہو گئے حاجت مند جنون کے پھندے سے۔

تنبیہ

ایک شعر اس شعر سے قبل صاحب شوارد الفردہ نے نقل کیا ہے۔ لیکن شیخ زادہ خرپوتی اور عطر الوردہ نے اس کا قطعی تذکرہ نہیں کیا۔ بہر حال چونکہ ایک جگہ وہ شعر ملتا ہے۔ لہٰذا احتیاطاً ہم بھی مع ترجمہ کے اسے نقل کرتے ہیں۔ وھو ھذا:

اٰيَاتُهُ الْغُرُّ لَا يَخْفٰى عَلٰى اَحَدٍ　　بِدُوْنِهَا الْعَدْلُ بَيْنَ النَّاسِ لَمْ يُقَمِ

زبان کے اعتبار سے وہ کشش اور شیرینی بھی اس بیت میں محسوس نہیں ہوتی جو امام کے کلام میں ہے۔ ممکن ہے یہ بیت سید ابن معتوق کے قصیدہ کا ہو۔ جنہوں نے قصیدہ بردہ کے مقابلہ میں ایک قصیدہ لکھا تھا۔ اور جس کا تذکرہ ہم دیباچہ میں کر چکے ہیں۔

حل لغات

ایاته، جمع آیت، معجزے۔ الغر، جمع غراء، روشن و تاباں، روشن۔ لایخفی۔ نہیں چھپے رہے۔ علی احد۔ کسی پر۔ بدونها۔ بغیر ان کے۔ العدل۔ انصاف۔ بین الناس۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

آدمیوں میں ۔لم یقم۔نہ قائم ہوسکتا تھا۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روشن معجزات کسی پر مخفی نہ رہے۔اور بغیر ان معجزات کے اتصاف بین الحق والباطل لوگوں میں قائم نہیں ہوسکتا تھا۔اور لا تنکر الوحی من رؤیاہ ان لہ سے 6 بیتوں تک یعنی فذالک حین بلوغ من نبوتہ۔اور تبارک اللہ ما وحی بمکتسب۔اور کم ابرءت وصبا باللمس راحتہ اور واحیت السنۃ الشھباء دعوتہ اور بعارض جاد او خلت البطاح۔یہ چھ شیخ زادہ نے اپنی شرح میں نہیں لیے۔ اس کی وجہ معلوم نہیں۔ممکن ہے کاتب چھوڑ گیا یا مسودہ ان بیتوں کا ضائع ہوگیا۔اور بوقت طباعت نہ ملا۔واللہ اعلم بالصواب۔

اب اپنے سلسلہ کے مطابق ہم کم ابرءت وصبا باللمس راحتہ کی شرح کرتے ہیں۔وہو ہذا۔

شرح: اس بیت میں ناظم فاہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ بعثت سید اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں یہ حکمت اور مصلحت بھی مضمر تھی کہ لاعلاج مریض مصیبت زدہ مایوس العلاج اور باطنی امراض مہلکہ کے بیمار قلبی بیماریوں کے سسکتے ہوئے صاحب فراش حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طب اور معالجہ سے صحت یاب ہوگئے اور اس نعمت عظمیٰ کے حاصل ہونے کی سبیل سوائے ذات محبوب دو عالم اور کسی کے ذریعہ ممکن ہی نہ تھی اصلاح قلوب مشرکین ایسے مصلح اور طبیب قلوب کے اوپر موقوف تھی جو عارف ربانی اور عالم اسماء وصفات ہو اور واقف احکام وافعال اور اپنی جادو بیانی میں ایسا مؤثر ہو کہ دلوں کو مسخر کرلے اور ایسا جاذب ہو کہ خیالات کو آن واحد میں ایک غلط اندازنظر سے بدل دے۔مناہی شرعیہ میں ساخط اور اوامر اسلامیہ میں تابع۔ایسی صفات سوائے ذات گرامی کے کسی میں جمع نہیں ہوسکی تھیں۔کہ ابراء امراض ظاہری میں بھی جامع طبیب اجسام اور شفاء امراض روحانی وقلبی میں حکیم علام۔اسی بنا پر ناظم فاہم رحمہ اللہ نے فرمایا کہ معترض ابھی تک یہی دریافت کررہے ہیں کہ اس ہستی کی بعثت کی کیا حاجت تھی۔حالانکہ ان کے دست شفا نے کتنے مریض جسمانی جو ہلاکت کے قریب پہنچ چکے تھے۔ہمیشہ کے لیے صحت یاب کردیے اور لاکھوں کروڑوں مرضاء روحانی صحت یاب ہو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

گئے۔ وہ قوم جو درندوں کی مشابہ اپنی زندگی کے لیل ونہار گزار رہی تھی۔ ایک نظر میں مجسمہ اخلاق بن گئی۔ جو کفر وشرک کے اندھیرے میں پھنس کر ضلالت و گمراہی کی پیچ در پیچ گھاٹیوں میں سر ٹکراتی پھر رہی تھی، ایک آواز میں راہ راست پر آ گئی۔

حالی نے خوب کہا ہے:

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا مرادیں غریبوں کی بر لانے والا
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا
یتیموں کا والی غلاموں کا مولیٰ
غریبوں کا حامی اسیروں کا آقا

اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا اور اک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا
مس خام کو جس نے کندن بنایا کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا
پڑا ہر طرف غل یہ پیغام حق ہے
کہ گونج اٹھے دشت و جبل نام حق سے

یہ تو وہ شان ہے جو اصلاح روحانی میں نظر آتی۔ اخلاقیات ایسے تھے کہ آن کی آن میں ایک جگہ بیٹھے ہوئے قتل وغارت کی آگ بھڑکا دینا معمولی بات سمجھتے تھے۔ جیسا کہ حالی کہتا ہے:

نہ ٹلتے تھے ہرگز جو اڑ بیٹھتے تھے سلجھتے نہ تھے جب جھگڑ بیٹھتے تھے
جو دو شخص آپس میں لڑ بیٹھتے تھے تو صدہا قبیلے بگڑ بیٹھتے تھے
وہ تھے قتل و غارت میں چالاک ایسے
درندے ہوں جنگل میں بے باک جیسے

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آوازۂ حق نے انہیں سبوعی خصلتوں کے مجسموں کو انسان بنا دیا۔ وہ سر جن میں نخوت وتکبر تھا، سوداء محبوب دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معمور ہو گئے۔ وہ دل جس میں لات وعزیٰ سمائے ہوئے تھے ایک وحدہ لاشریک کے پرستار بن گئے۔

غرض کہ اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جلوہ ریزی نہ ہوتی تو دنیا میں اندھیرا تھا۔ شرک وکفر کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کالے بادل گھرے ہوئے تھے۔ گمراہی کی بھیانک ظلمت عالم پر چھارہی تھی۔ اور امراض جسمانی کے طبیب کامل ایسے تھے کہ احادیث میں ایک نہیں سیکڑوں واقعات موجود ہیں۔ جن کو پڑھ کر حیرت ہوتی ہے کہ یہ کمال سوائے اس باکمال کے کسی اور میں کہاں تھے۔ عیسیٰ علیہ السلام چند کمالات دکھا کر تشریف لے گئے۔ موسیٰ علیہ السلام جادوگروں کو زیر کر گئے۔ یاں جو جس فن میں مقابلہ کرنے والا آتا ہے وہی زیر ہوتا ہے۔ بلاغت وفصاحت کے امام میدان کلام کے شہسوار ایک ہی ٹھوکر میں جھکے نظر آرہے ہیں۔ ابوجہل کے بیٹے نے غزوۂ بدر میں حضرت معوذ بن عفرا رضی اللہ عنہ کا ہاتھ کاٹ ڈالا۔ وہ اپنا ہاتھ اٹھائے حاضر ہوئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کٹا ہاتھ لیا اور اس کی جگہ پر لگا دیا تو تندرست ہاتھ کی طرح جڑ گیا۔ ہے کوئی دنیا کا بڑے سے بڑا سرجن جو یہ کمال دکھا سکے۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ ایک عورت اپنے بیٹے کو لے کر حاضر ہوئی اور عرض کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے جنون کا دورہ پڑتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دست اقدس کو اس کے سینہ پر پھیرا اور فرمایا: اخرج فخرج من جوفه مثل الجرو الاسود فشفیٰ۔

"نکل تو اس کے پیٹ سے۔ کالے کتے کے چھوٹے چھوٹے پلے سے نکلے اور وہ شفا یاب ہو گیا"۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی آنکھیں آشوب کر آئیں اور سخت رمد ہو گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن اقدس ڈالا صبح بالکل تندرست تھے۔

اور علامہ خرپوتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ امور مخصوص بزمانہ حیات بابرکات ہی نہیں ہیں۔ بلکہ قیامت تک باقی ہیں۔ چنانچہ آج بھی اگر کوئی رابطہ قلبی اس ہستی پاک سے قائم کر لے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صرف درود پڑھ کر مقصود کے حصول کی دعا کرے باذن اللہ تعالیٰ بہ نیل مرام وہ صبح کرے۔

صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ علامہ قشیری راوی ہیں کہ ان کے صاحب زادہ سخت بیمار ہوئے حتیٰ کہ موت کے قریب پہنچ گئے اور مایوسی ہوگئی۔ فرماتے ہیں: میں نے اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ میں نے بچے کی علالت کا شکوہ کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نے فرمایا آیات شفا سے کیوں بے خبر ہے۔

میری آنکھ کھل گئی اور میں نے آیات شفا لکھ کر دھو کر پلائیں ایسی مایوسی میں وہ امید نظر آئی کہ گویا مرض ہی نہ تھا۔ وہ آیات شفا یہ ہیں:

ویشف صدور قوم مومنین(1) وشفاء لما فی الصدور(2)یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء للناس(3) وننزل من القرآن ماهو شفاء ورحمة للمومنین(4) واذا مرضت فهو یشفین(5)قل هو للذین امنوا هدیٰ وشفاء(6)

حضرت ابوبکر رازی فرماتے ہیں کہ میں اصفہان میں ابی نعیم کے پاس تھا کہ ایک شخص نے کہا ابوبکر بن علی نے سلطان سے بغاوت کی تو وہ قید ہو گئے۔ تو میں نے خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی اور جبرئیل امین حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی داہنی جانب تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لبہائے مبارک کسی تسبیح سے متحرک فرما رہے تھے۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: ابوبکر بن علی کو کہہ دے کہ وہ دعائے کرب جو بخاری شریف میں ہے، پڑھے اور یہاں تک پڑھے کہ اللہ بلا ٹال دے۔

صبح ہوتے ہی میں نے انہیں کہا۔ انہوں نے وہ پڑھی۔ تھوڑی دیر گزری تھی کہ آزاد ہو کر آ گئے۔ وہ دعاء کرب جسے شیخین نے روایت کیا ہے یہ ہے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَكِيْمُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ۔

علامہ خرپوتی اپنی شرح میں فرماتے ہیں کہ ہمارے زمانہ میں بھی ایک ایسا ہی واقعہ ہوا۔

1۔ اور ایمان والوں کا جی ٹھنڈا کرے گا۔ 2۔ اور دلوں کی صحت۔

3۔ اس کے پیٹ سے ایک پینے کی چیز رنگ برنگ نکلتی ہے جس میں لوگوں کی تندرستی ہے۔

4۔ اور ہم اتارتے ہیں قرآن میں وہ چیز جو ایمان والوں کے لیے شفاء اور رحمت ہے۔

5۔ اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے۔

6۔ تم فرماؤ وہ ایمان والوں کے لیے ہدایت اور شفاء ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور وہ یہ ہوا کہ ہمارے استاد کی زوجہ محترمہ مرض قلب میں مبتلا ہوئیں اور ایسی مبتلا ہوئیں کہ رات دن میں کسی وقت سکون ہی نہ تھا۔ ہر وقت چیخیں لگا تیں اور ایسے زور سے چیختیں کہ ہمسایہ بھی تنگ آ گئے۔ اطباء سے بہت سی دوائیں منگوائیں لیکن شفا نہ ہوئی۔ تو مجھے فرمایا کہ ایک عریضہ میری طرف سے دربار رسالت میں لکھ۔ اور اس مرض کی نجات کی درخواست کر۔ چنانچہ میں نے عریضہ لکھا۔ اول اس میں صلوٰۃ وسلام لکھ کر اپنا مقصد تحریر کیا اور حجاج جو حج کو جا رہے تھے ان کی معرفت روانہ کر دیا۔ ہم دن گنتے رہے۔ حتی کہ جس دن حاجی مدینہ پہنچے اس روز ان کا چیخنا چلانا بند تھا اور بالکل صحت یاب ہو گئیں۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک جنگل میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے کہ ایک ہرنی نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پکارا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو کیا چاہتی ہے اس نے عرض کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے ایک اعرابی شکار میں پکڑ لایا ہے، اور اس پہاڑ پر میرے دو بچے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے کھول دیں کہ میں انہیں دودھ پلا آؤں۔ پھر ابھی واپس آ جاؤں گی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تو ضرور واپس آ جائے گی۔ عرض کی ہاں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے کھول دیا۔ وہ گئی اور دودھ پلا کر واپس آ گئی۔ اعرابی کو یہ قصہ معلوم ہوا تو اس نے عرض کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کیا مرضی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تو اسے آزاد کر دے۔ اعرابی نے اس ہرنی کو آزاد کر دیا۔ وہ ہرنی چلی اور جنگل میں کہنے لگی: اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰه۔

مولای صَلِّ وسلّم دائماً ابداً علٰی حبیبک خیر الخلق کلھم

وَاَحْیَتِ السَّنَةَ الشَّھْبَآءَ دَعْوَتُهٗ

٩٦ حَتّٰی حَکَتْ غُرَّةً فِی الْاَعْصُرِ الدُّھُمِ

حل لغات: واو، عاطفہ اور، احیت، ماضی از احیاء، زندہ کرنا، زندہ کر دیا۔ السنة۔ سال، سال۔ الشھباء۔ سفید، محاورہ میں اس سال کو کہتے ہیں جس میں بارش نہ ہو۔ یعنی قحط، قحط والا۔ دعوته، از دعا، ان کی دعا نے۔ حتٰی، للغایت، یہاں تک کہ۔ حکت، ماضی،

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

مشابہ ہو گیا۔ غرة، روشنی اور سفیدی گھوڑے کی پیشانی کی۔ ہر چیز کا حصہ روشنی اور چمک میں۔ فی الاعصر، جمع عصر، زمانہ، تمام زمانوں۔ الدھم، ازادہم، اور دھماء کی جمع ہے بمعنی سیاہ، سیاہ اور ظلمت سے۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا نے بے آب و گیاہ قحط زدہ موسم کو سرسبز و شاداب کر دیا۔ یہاں تک کہ آئندہ و گزشتہ تاریک زمانوں میں یہ سال روشن اور چمکتا ہوا نظر آتا ہے۔

شرح: احیت احیاء سے ہے یہ ضد اماتت کے معنی میں مستعمل ہے۔ سنة سال کو کہتے ہیں۔ شھباء گھوڑوں کی چمکتی پیشانی کو کہتے ہیں۔ لیکن محاورہ عرب میں سنة الشھباء اس سال کو بولتے ہیں جس میں امساک باران کے باعث نہ سبزہ اگا نہ شادابی کے اسباب مہیا ہوں۔ یعنی قحط سالی جسے عام محاورہ میں کہتے ہیں۔ دعوته اس کا فاعل ہے۔ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا کی برکت سے موسم قحط فارغ البالی سے بدل گیا۔ خشک سالی سبزہ زاری سے متبدل ہو گئی اور ایسی ہو گئی کہ حتی حکت مشابہت میں چمکتے ہوئے سفید گھوڑے کی پیشانی کی طرح زمانوں کی تاریکیوں میں اظہر من الشمس ہو گیا۔ یعنی وہ سال تمام آئندہ و گزشتہ موسموں میں چمکتا ہوا نظر آتا ہے۔ دھم عربی میں سیاہ اور تاریک کو کہتے ہیں۔

اس بیت مبارک میں تلمیحاً اس واقعہ کی طرف اشارہ ہے جو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک بار لوگوں پر عہد رسالت میں سخت قحط پڑا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے روز خطبہ دینے جلوہ فرما ہوئے۔ تو ایک اعرابی کھڑا ہوا اور پکارا:

یا رسول اللہ ھلک المال وجاع العیال فادع اللہ تعالیٰ لنا۔

"اے سرکار! ہمارے مال ہلاک ہو گئے ہمارے بچے بھوکوں مر گئے اللہ سے ہمارے لیے دعا فرمائیں"۔

فرفع یدیه وما نریٰ فی السماء سحابا ولا قزعة فوالذی نفسی بیده ماوضعھما حتی صار السحاب امثال الجبال ثم لم ینزل عن منبره حتی رایت المطر یتحاور علی لحیته فمطرنا یومنا ذلک من الغد و من بعد غد حتی الی الجمعة الاخریٰ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

''تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دونوں دست نورانی آسمان کی طرف بلند فرمائے اور اس وقت ہمیں نہ کوئی ابر نظر آتا تھا نہ قزعہ۔ بس قسم ہے اللہ کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابھی ہاتھ چھوڑے نہ تھے کہ پہاڑوں کی طرح ابر گھر گئے اور کالی گھٹائیں چھا گئیں۔ اور ابھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر سے اترے نہ تھے کہ بارش موسلا دھار ہونے لگی اور ریش اقدس پر بوندیں ڈھلکنے لگیں۔ یہ بارش اس جمعہ سے آئندہ جمعہ تک مسلسل رہی''۔

دوسرے جمعہ کو ایک آدمی کھڑا ہوا اور پکارا:

یا رسول اللہ هدم البناء وغرق المال فادع اللہ تعالیٰ لنا فرفع یدیه۔

''حضور ہمارے مکان گر گئے، مال غرق ہو گیا، ہمارے لیے دعا فرمائیں تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دست اقدس اٹھائے''۔

اور فرمایا:

اللھم حوالینا ولا علینا

''ہمارے گرد برسے ہم پر نہیں''۔

تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس طرف اشارہ فرماتے جاتے تھے ابر بھی اسی طرف پھٹتا جا رہا تھا۔ حتیٰ کہ مدینہ مثل ٹیلہ کے خشک تھا۔ اور نواح مدینہ میں جل تھل تھا اور ایک ماہ مسلسل ایسا ہی رہا۔

جن کو سوئے آسمان پھیلا کے جل تھل بھر دے
صدقہ ان ہاتھوں کا پیارے ہم کو بھی درکار ہے
چاند شق ہوں پیڑ بولیں جانور سجدہ کریں
بارک اللہ مرجع عالم یہی سرکار ہے
گورے گورے پاؤں چمکا دو خدا کے واسطے
نور کا تڑکا ہو پیارے گور کی شب تار ہے
جوش طوفان بحر بے پایاں ہوا ناساز گار
نوح کے مولا کرم کر دے تو بیڑا پار ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

رحمۃ للعالمین تیری دوہائی دب گیا
اب تو مولا بے طرح سر پر گنہ کا بار ہے

بِعَارِضٍ جَادَ اَوْخِلْتَ الْبِطَاحَ بِهَا
١٠ سَيْبًا مِّنَ الْيَمِّ اَوْسَيْلاً مِّنَ الْعَرِمِ

حل لغات: بعارض، الباء متعلق، سحاب ابر، یہ جل تھل ایک ابر کے ساتھ۔ جاد، ماضی از جودو بفتح الجیم۔ جود مطر شدید۔ موسلا دھار بارش کی عطا و بخشش تھی۔ او، برائے غایت یا بمعنی الیٰ۔ یہاں تک۔ خلت، من الخیال والظن والحسبان، خیال کرے تو۔ البطاح، ابطح اوبطحاء سیل واسم للماء اودیۃ المدینۃ۔ شہر کے نالے کو۔ بھا، اس بارش سے۔ سیباً۔ سیب بروزن غیب بمعنی الجریٰ والعطا، بہاؤ۔ من الیم۔ البحر۔ دریا کا۔ او۔ یا۔ سیلاً۔ الماء المتمع الجاری بغتۃ۔ اچانک پانی جمع ہو جانا۔ جل تھل۔ من العرم۔ مطر شدید، سخت طوفانی بارش کا۔

ترجمہ: قحط سالی ایک بارش سے دفع ہوئی۔ اور بارش ایک ابر کی وجہ سے ایسی برسی کہ دیکھنے والا گمان کرتا تھا کہ یہ دریا کا طوفان یا سیلاب اور جل تھل ہے۔

شرح: چونکہ پہلے بیت میں احیاء کا فعل دعا کی طرف منسوب تھا تو قدرۃً یہ سوال پیدا ہوتا تھا کہ اس قحط سالی اور خشک سالی کو سبزہ زاری سے محض دعا نے بدل دیا یا اجابت دعا کے بعد اس سبزہ کا سبب بارش ہوئی تو اس کا جواب اس بیت میں دیا اور فرمایا: بعارض۔ یعنی ابر نے جاد ایسا مینہ موسلا دھار برسایا کہ اس سے زیادہ مینہ برس ہی نہیں سکتا۔ یہاں جاد جود سے ہے۔ اور جود کا جیم بھی مفتوح ہے۔ جو مطر شدید کے معنی میں مستعمل ہے۔ اور جو بضم جیم جود پڑھتے ہیں۔ وہ محاورہ اور لغات سے بے خبر ہیں۔ اور عارض بمعنی۔ سحاب۔ تو قرآن کریم میں بھی آیا ہے جیسا کہ ارشاد ہے:

هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

"یہ ابر ہے جو ہم پر بارش کرے گا"۔

اور یہ سیل بھی نہ تھا۔ اس لیے کہ سیل سے حضور ﷺ نے دعا میں پناہ مانگی ہے اور فرمایا ہے: **اللھم انی اعوذ بک من السیل والبعیر الصؤل** "الٰہی میں تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں اچانک بہاؤ سے اور منہ زور اونٹ سے"۔ اور عرم **مطر شدید** کو بھی کہتے ہیں۔ اور عرم ایک جگہ کا نام ہے جو ملک سبا میں ہے۔ یہاں قوم سبا پر سیل عظیم بصورت عذاب آیا تھا۔ اس اعتبار سے اس بیت میں تلمیحاً قصہ سبا کی طرف اشارہ ہوسکتا ہے۔ اور سبا ایک جماعت کا نام تھا۔ یہ قوم اپنی جماعت کا نام اپنے اجداد کے نام پر رکھتی تھی۔ چونکہ یہ سب سبا کی اولاد سے تھے۔ اس لیے اسے قوم سبا کہا جاتا تھا۔ ان کا شجرہ یہ ہے: سبا بن یشجب بن یعرب ابن قحطان اور یہ جس شہر میں رہتے تھے۔ اس کا نام مآرب تھا یہ شہر ارض یمن میں تھا یہاں بڑا زبردست جنگل تھا۔ جب بلقیس اس شہر کی ملکہ ہوئی تو اس جنگل پر اس نے ایک زبردست دیوار بنوائی اور اس میں موریاں اور مورے اونچے نیچے بنائے۔ تاکہ جو پانی اس جنگل میں جمع ہو، خاطر خواہ استعمال کیا جائے اور شہر والوں نے اس وادی کے نیچے کے حصہ میں دائیں بائیں بڑے بڑے باغ بنائے۔ چنانچہ اس شہر کے باغات میں اس قدر پھل ہوتا تھا کہ اگر ایک عورت اپنے سر پر ٹوکری رکھ کر درختوں کے نیچے سے گزر جاتی تو بغیر کسی پھل کے توڑے اور کسی ڈالی کو ہلائے ٹوکری بھر کر گھر لاتی۔ اور قدرتی طور پر یہ شہر ایسا ستھرا اور پاکیزہ تھا کہ مچھر، مکھی، پسو، کھٹمل، سانپ، بچھو اور کسی قسم کی بیماری یہاں نہ تھی۔

اور اگر مکھی، مچھر، پسو، کھٹمل لے کر کوئی مسافر اس شہر میں داخل ہوتا تو یہاں کی ہوا میں یہ اثر تھا کہ فوراً پسو، کھٹمل وغیرہ مر جاتے اور یہ سعادت اس شہر کے رہنے والوں کو حاصل تھی۔ مگر بڑے ناشکرے سرکش خدا نا ترس تھے۔ کہتے تھے ہم خدا کو نہیں جانتے کہ اس نے یہ نعمتیں نازل کیں۔

اس قوم پر تیرہ رسول اللہ تعالیٰ نے مبعوث فرمائے۔ اور سب نے انہیں کہا کہ اللہ کی نعمتوں کا شکر کرو۔ مگر انہوں نے ان کی نصیحتیں نہ سنیں اور ایمان نہ لائے۔ آخر ان پر چوہے مسلط کیے گئے جو اندھے تھے۔ انہوں نے اس وادی میں بڑے بڑے بل بنا لیے اور اس

وادی میں جو دریا بھرا ہوا تھا۔ وہ پانی ان چھیدوں میں بھرا کہ تمام دیوار منہدم ہوگئی اور پانی ان کے گھروں باغوں میں اچانک ایسا بھرا کہ سب غرق ہوگئے اس کا تذکرہ قرآن کریم میں ہے:

لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّ شِمَالٍ ۬ؕ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَ اشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّ رَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿۱۵﴾ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَ بَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّ اَثْلٍ وَّ شَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ وَ هَلْ نُجٰزِيْۤ اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿۱۷﴾ صدق الله مولانا العلی العظیم ۔(1)

دَعْنِیْ وَوَصْفِیَ اٰیَاتٍ لَّهٗ ظَهَرَتْ

(۱۱) ظُهُوْرَ نَارِ الْقِرٰی لَیْلاً عَلٰی عَلَمٖ

حل لغات: دعنی، امر از ودع یدع بمعنی اترکنی۔ چھوڑ مجھے۔ ووصفی۔ اور میری مدحت سرائی کو۔ اٰیات۔ اور بیان معجزات۔ له۔ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے۔ ظهرت۔ ظاہر ہوئے۔ ظهور۔ یہ ظاہر ہونا۔ نار۔ اس آگ کا سا ہے۔ القریٰ۔ قری۔ بمعنی ضیافت۔ جو مہمان کے کھانے کے لیے روشن ہو۔ لیلاً۔ رات میں۔ علی علم۔ علم۔ یعنی الجبل۔ پہاڑ پر۔

ترجمہ: چھوڑ مجھے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف کرنے دے۔ اگرچہ وہ فی الواقع اتنے روشن ہیں جیسے مہمان کی آگ پہاڑ پر روشن ہوتی ہے۔

شرح: بیان اوصاف معجزات و کمالات کرتے کرتے ذہن میں خیال آیا کہ اس ہستی پاک کے اوصاف بیان کرنے کی کیا حاجت ہے وہ تو کالشّمس (سورج کی طرح) عالم میں ظاہر و باہر ہو چکے ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ طلوع خورشید پر طلوع خورشید کا اعلان زائد اور تحصیل حاصل ہے۔ تو خود ہی جواب دیتے ہیں کہ دعنی او خیال باطل مجھے چھوڑ اور توصیف کمال و

1۔ بے شک سبا کے لیے ان کی آبادی میں نشانی تھی دو باغ دائیں اور بائیں اپنے رب کا رزق کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو۔ پاکیزہ شہر اور بخشنے والا رب۔ انہوں نے منہ پھیرا تو ہم نے ان پر زور کا سیلاب بھیجا۔ اور ان کے باغوں کے عوض دو باغ انہیں بدل دیئے کہ ان کے پھل بدمزہ اور ان میں جھاؤ تھا۔ اور کچھ تھوڑی سی بیریاں۔ ہم نے انہیں یہ بدلا دیا ان کی ناشکری کی سزا اور ہم ناشکروں کو ہی سزا دیتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

معجزات آقا کرنے دے۔ یہ میں بھی جانتا ہوں کہ ان کے کمالات ایسے روشن ہیں جیسے مسافر پہاڑ پر آگ جلائے تو تمام اہل قریٰ کو اس کا علم ہوتا ہے۔ یہ ایک عرب کا محاورہ ہے۔ **ایقادالنار فی رأس الجبل**۔ اور مسافروں کو اطمینان دلانے کے لیے پہاڑ کی چوٹی پر آگ جلا دینا اہل عرب کا پرانا رواج ہے تا کہ ابن السبیل (مسافر) طی مراحل اور قطع منازل کرتا ہوا آگ کی روشنی دیکھ کر اطمینان سے اس طرف آ جائے اور اکل وشرب (کھانے پینے) سے تازہ دم ہوکر اپنا سفر پورا کرے۔

اسی ضرب المثل کو اس بیت میں فرمایا: **ظهور نار القرى ليلاً على علم۔**

مولای صلِّ وسلّم دائماً ابداً علٰی حبیبک خیر الخلق کلهم

راہ پرخار ہے کیا ہونا ہے پاؤں افگار ہے کیا ہونا ہے

ہائے رے نیند مسافر تیری کوچ تیار ہے کیا ہونا ہے

دور جانا ہے رہا دن تھوڑا راہ دشوار ہے کیا ہونا ہے

گھر بھی جانا ہے مسافر کہ نہیں مت پہ کیا مار ہے کیا ہونا ہے

فَالدُّرُّ يَزْدَادُ حُسْنًا وَّهُوَ مُنْتَظِمٌ ۱۹
وَلَيْسَ يَنْقُصُ قَدْرًا غَيْرَ مُنْتَظِمِ

حل لغات: **فالدر**، پس موتی۔ **یزداد**، زیادہ ہوتا ہے۔ **حسنا**، حسن اس کا۔ **وهو**، اگرچہ وہ۔ **منتظم**، لڑی میں پرا ہوا ہو۔ **وليس ينقص**، اور نہیں کمی آتی۔ **قدراً**، اس کی قیمت میں۔ **غير منتظم**، جب کہ وہ پرا ہوا نہ ہو۔

ترجمہ: موتی کا جب موزونیت کے ساتھ ہار بنایا جائے تو اس کی خوبصورتی اور حسن بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ اور وہی موتی جب تنہا ہو تو اس کے حسن ذاتی اور قدر و قیمت میں کوئی نقص نہیں آتا۔

شرح: گویا ناظم فاہم یہ بتا رہے ہیں کہ میری مدحت سرائی سے حضور ﷺ کی شان بڑھ نہیں جاتی اور ترک مدحت میں ان کی شان گھٹتی نہیں۔ مگر ہار جب اپنی زینت چاہتا ہے تو قیمتی موتی کے حسن سے تابانی حاصل کرتا ہے۔ اسی طرح میں کان نبوت کے اس در بے بہا

کو اپنی نظم میں لگا کر عملوں کے ہار کی زینت بڑھا رہا ہوں۔ ورنہ وہ تو یوں بھی وہی ہیں۔ اور یوں بھی وہی۔

کہاں طاقت بشر کو جو مدیح مصطفیٰ ٹھہرے
مدیح ذات پاک احمدی جب خود خدا ٹھہرے
باغ میں شکر وصل تھا ہجر میں ہائے ہائے گل
کام ہے ان کے ذکر سے خیر وہ یوں ہوا کہ یوں

فَمَا تَطَاوَلَ اٰمَالُ الْمَدِيْحِ اِلٰى
٩٠ مَافِيْهِ مِنْ كَرَمِ الْاَخْلَاقِ وَالشِّيَمِ

حل لغات: فما، ما استفہام انکاری یا تعجبی، پس کیا۔ تطاول، مدعنقه مریدًا لاطلاع علیه۔ کسی چیز کو غور سے دیکھنے کے لیے گردن اونچی کرنا۔ لمبی گردن کر کے دیکھنا ہے۔ اٰمال، آرزوئیں۔ المدیح، تعریف کرنے کے۔ الیٰ۔ کہاں تک۔ مافیه، جو کچھ ہے ان میں۔ من کرم الاخلاق۔ برگزیدہ عادتیں۔ والشیم، اور پسندیدہ خصلتیں۔

ترجمہ: اے مدح کی آرزو کرنے والے! کیا امید مدح میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اوصاف پر اونچی اونچی گردن کر کے ان کے اخلاق حمیدہ اور عادات پسندیدہ کا اندازہ کر رہا ہے۔ ان کی حد و غایت معلوم کرنا محال ہے۔

شرح:

محمد سے صفت پوچھو خدا کی خدا سے پوچھیے شان محمد
اور بس باقی باقی فانی

فصل تاسع ۔۔حضور اقدس کے اوصاف از قرآن پاک

اٰیٰتُ حَقٍّ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثَةٌ
91 قَدِیْمَةٌ صِفَةُ الْمَوْصُوْفِ بِالْقِدَمِ

حل لغات: اٰیٰات حق، قرآن کی آیتیں۔ من الرحمن، رحمٰن کی طرف سے۔ محدثة، لکھی ہوئی ہیں یا اتاری ہوئی ہیں۔ قدیمة، مگر قدیم ہیں۔ صفت الموصوف، اس۔لیے کہ موصوف قدیم کی صفت۔ بالقدم، قدیم ہے۔

ترجمہ: یعنی قرآن کریم کی سچی آیتیں خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہیں۔ اور باعتبار تلفظ و نزول و کتابت فی المصاحف حادث ہیں۔ اور باعتبار معنی وکلام نفس قدیم۔ کیونکہ وہ صفت ہیں ذات پاک کی جو موصوف بالقدم ہے اور یہ امر محقق ہے کہ موصوف قدیم کی صفت بھی قدیم ہوتی ہے۔ ورنہ قدیم محل حوادث ہوجائے گا۔ تعالی اللہ عما یصفون۔

شرح: پہلے اشعار میں امام رحمہ اللہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے فضائل بیان کیے تو ان پر دلائل قاطع سے ثبوت کی ضرورت تھی تو قرآن کریم سے دلائل شروع فرمائے اور تمہیداً فرمایا کہ جس ہستی کے فضائل بیان کررہا ہوں۔ ان کے فضائل میں آیات حقہ نازل ہوئی ہیں۔

اور من الرحمٰن اسم رحمٰن کا ذکر تبرکاً فرمایا۔ اگرچہ غفار، ستار، رزاق، علام بھی لا سکتے تھے۔ لیکن چونکہ انزال قرآن ہی رحمت عامہ جمیع خلائق کے لیے ہے۔ حتی کہ کفار پر بھی تاخیر عذاب کا موجب ہوکر رحمت ہے۔ اس لیے اس کے نازل کنندہ کے اسماء حسنٰی سے تبرکاً رحمٰن اختیار کیا۔

اور مصرع اول میں محدثةٌ اسم مفعول احداث سے لیا۔ اور مصرع ثانی میں قدیمةٌ کہا۔ تو گویا یوں فرمایا۔ محدثةٌ قدیمتہٌ اور یہ امر ظاہر ہے کہ حادث وقدیم دونوں صفتوں کا جمع کرنا اور ایک موصوف کی صفت اس طرح کرنا جمع بین النقیضین ہے۔ لیکن ادنےٰ غور کے بعد یہ واضح ہوجاتا ہے۔ کہ جمع بین النقیضین یہاں لازم نہیں آتا اس

www.waseemziyai.com
MAKTABA-TUL-ULOOM ISLAMIA ACADEMY

لیے کہ ناظم فاہم نے دو اعتبار آیات قرآنیہ کے یہاں ظاہر فرمائے ہیں ایک اعتبار سے آیات قرآنیہ کو حادث بنایا ہے۔ اور دوسرے اعتبار سے قدیم قرار دیا ہے۔

چنانچہ آیات قرآنیہ حادث بایں اعتبار ہیں کہ اس میں جو لفظ ہیں وہ حادث ہیں اور قدیم باعتبار معنی ہیں۔ اس لیے کہ کلام دو ہیں کلام لفظی اور کلام نفسی۔ جیسا کہ اخطل نے کہا ہے:

ان الکلام لفی الفؤاد وانما جعل اللسان علی الفؤاد دلیلا

تو حادث کلام لفظی ہے اور قدیم کلام نفسی جو قدیم قائم بالذات ہے۔

اس میں سات مذاہب ہیں:

(۱) مذہب اشاعرہ ہے۔ وہ کہتے ہیں:

کلام اللّٰہ تعالیٰ اثنان لفظی مکتوب فی المصاحف حادث و نفسی قائم بذاته قدیم لیس بحرف ولا صوت بل هو المعنی فقط وان مذهبهم یجوز سمع ذلک المعنی الذی هو الکلام النفسی۔

کلام الٰہی لفظی مکتوب فی المصاحف حادث ہے۔ اور نفسی قائم بذاتہ قدیم ہے۔ اس میں نہ حرف ہے نہ صوت۔ بلکہ وہ محض معنیٰ ہے اور ان کے نزدیک ان معنی کی سماعت بھی جائز ہے۔ بایں معنی یہ کلام نفسی ہے۔

(۲) دوسرا مذہب ابی منصور ماتریدی کا ہے۔ وہ بھی کہتے ہیں:

ان کلامه اثنان۔ لفظی مکتوب فی المصاحف حادث ونفسی قائم بذاته قدیم لیس بحرف ولا صوت بل هو المعنی فقط۔ اس مذہب میں اشاعرہ کے مذہب سے صرف سماعت کا خلاف ہے وہ سمع جائز مانتے ہیں۔ یہ سمع بھی نہیں مانتے۔ بلکہ کہتے ہیں کہ جو مسموع ہے وہی کلام لفظی ہے۔ کذا فی البدایه۔

(۳) تیسرا مذہب بعض متاخرین کا ہے اور ان میں صاحب مواقف بھی ہیں وہ کہتے ہیں:

ان کلامه اثنان لفظی مکتوب فی المصاحف محفوظ فی الصدور وهو حادث و کلام نفسی قدیم عبارة عن لفظ و معنی لکن بلا ترتیب۔

ان کے نزدیک مکتوب فی المصاحف محفوظ فی الصدور حادث ہے اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

کلام نفسی عبارت ہے لفظ و معنی بلا ترتیب سے اور یہ قدیم ہے:

(۴) چوتھا مذہب جلال دوانی کا ہے وہ کہتے ہیں:

انه اثنان لفظي قائم بالمصاحف والصدور وهو حادث ونفسي قائم به تعالى قديم عبارة عن لفظ و معنى مع ترتيب علمي۔

"کلام نفسی عبارت ہے لفظ و معنی مع ترتیب علمی سے اور یہ قدیم ہے"۔

(۵) پانچواں مذہب حنابلہ کا ہے وہ کہتے ہیں:

ان كلامه تعالیٰ فی الحقیقة واحد مركب من حروفٍ واصوات قدیم الیٰ ان قال بعضهم وافرط یقدم الجلد والغلاف فهم ینکرون الکلام النفسی۔

(۶) چھٹا مذہب معتزلہ کا ہے جو مسلمانوں میں ایک مبتدع فرقہ مانا گیا ہے۔ وہ کہتا ہے:

ان كلامه واحد مركب من حروف واصوات حادثة لكن ليس بقائم بذاته تعالیٰ بل بالغير كاللوح وفؤاد جبريل والنبي وشجرة موسى۔

(۷) ساتواں مذہب کرامیہ کا ہے۔ وہ کہتے ہیں:

ان كلامه واحد مركب من الحروف والاصوات حادث لكن قائم به تعالیٰ۔ فالفرق الثلاث ینکرون الکلام النفسی۔

پچھلے تینوں فرقے کلام نفسی کے منکر ہیں۔ اس کی تفصیل دیکھنی ہو تو بدایہ، تمہید، بحر الکلام، الابانہ اور الکفایہ وغیرہ میں دیکھیں۔ یہاں تو ہمیں یہ بتانا ہے کہ ناظم فاہم رحمہ اللہ نے محدثةٌ جو فرمایا وہ حنابلہ کے مذہب کو رد کرنے کے لیے کہا ہے۔ اور قدیمتہٗ اس لیے کہا تا کہ کرامیہ کا رد ہو جائے اور صفت الموصوف بالقدم معتزلہ کا رد کرنے کی غرض سے فرمایا۔ اس لیے صحیح عقیدہ یہ ہے کہ قرآن باعتبار الفاظ حروف وصوت و کتابت حادث ہے۔ کہ اسے لفظی کہتے ہیں اور باعتبار معنی بلا صوت قدیم کہ اس کو کلام نفسی کہا جاتا ہے۔ **فافهم و تدبر**

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

لَمْ تَقْتَرِنْ بِزَمَانٍ وَّهِيَ تُخْبِرُنَا
٩٢ عَنِ الْمَعَادِ وَعَنْ عَادٍ وَّعَنْ اِرَمِ

حل لغات: لم تقترن، نفی جحد بلم از اقتران۔ متصل ہونا۔ نہیں ہیں قریب سے متعلق وہ آیات۔ بزمان، کسی زمانہ قریب سے۔ وھی، واؤ حالیہ۔ ضمیر الی الایات، حالانکہ وہ آیتیں۔ تخبرنا، خبر دیتی ہیں ہمیں۔ عن المعاد۔ المعاد الرجوع بعد الفنا، یوم آخرت کی۔ وعن عاد، اور قصہ عاد کی۔ وعن ارم، اور عاد ثانی ارم کی۔

ترجمہ: وہ آیتیں قرآن کریم کی کسی خاص قریب زمانہ کی خبر نہیں دیتیں بلکہ آخرت کی خبر بھی دیتی ہیں۔ قصہ عاد اول کی خبر دیتی ہیں اور عاد ثانی ارم کے قصے سناتی ہیں۔

شرح: اس بیت میں ناظم رحمہ اللہ یہ بتا رہے ہیں کہ ان آیات کو قدیم کہنے کی دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ یہ کسی زمانہ کے ساتھ مقید نہیں کیونکہ وجود قدیم وجود کائنات سے مقدم ہوتا ہے۔ اور بایں ہمہ ان آیات میں یہ کمال ہے کہ یہ ہمیں حشر و نشر اور قوم عاد اور جنت ارم وغیرہ کی بھی خبریں دیتی ہیں۔

زمان: متکلمین کے نزدیک اس سے مراد ہے جو متجدد معلوم یقدر به سے متجدد اخر موہوم ہو اور حکماء کے نزدیک زمان سے مقدار حرکت فلک اعظم مراد ہے۔

یہاں لم تقترن بزمان جو ناظم رحمہ اللہ نے فرمایا اس سے معانی آیات مراد ہیں۔ نہ کہ الفاظ اس لیے کہ الفاظ تو حادث ہیں مقترن بزمانہ ہیں۔ برخلاف معانی کے کہ وہ کلام نفسی ہے اور وہ صفت الٰہی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اور اس کی صفت ان دونوں پر اجراء زمانہ محال ہے۔

اور اخبار قرآنیہ مبدأ و معاد کے ساتھ جو ہمیں مطلع کر رہی ہیں وہ ظاہر ہے۔ جیسے کہ ارشاد ہے:

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّ نَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْۤ اَنْشَاَهَاۤ اَوَّلَ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مَّرَّةٍ (1)

اس آیت کے متعلق مفسرین فرماتے ہیں کہ یہ امیہ بن خلف کے معاملہ میں نازل ہوئی تھی۔ جب کہ اس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مخاصمہ کیا اور ایک ہڈی گلی سڑی لایا اور کہنے لگا: یا محمد اتری اللّٰہ تعالیٰ یحیی ھٰذا بعد مارم فقال صلی اللّٰہ علیہ وسلم یبعثک ویدخلک النار۔

''کیا یہ ہڈی جو گل گئی ہے اسے اللہ زندہ کرے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔ ہاں۔ تجھے مرنے کے بعد اٹھائے گا اور جہنم میں داخل کرے گا''۔

اسی کو قرآن کریم میں فرمایا۔

ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ (2) اور اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ۝۳ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ (3) اور اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۝۹ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ۝۱۰ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ (4)

وغیرہ وغیرہ آیات میں اخبار بعث ونشر ہیں۔ اور گزشتہ واقعات کی خبر میں عن عاد فرمایا یعنی قوم عاد کی خبریں بھی قرآن کریم دیتا ہے: چنانچہ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا (5) میں قبیلہ عاد کا ذکر ہے۔ یہ علاقہ یمن میں ایک قوم تھی ان کا قصہ یہ ہے کہ انہوں نے اپنی آبادی عمان وحضر موت تک پھیلا کر بت پرستی کا سلسلہ شروع کیا۔ اور صدا صمود ہباء خدا بنائے۔ اللہ

1۔ کیا آدمی کو معلوم نہیں کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا تو وہ اعلانیہ اعتراض کرنے لگا۔ اور اس نے ہمارے لیے ایک مثال بیان کی اور اپنی پیدائش بھول گیا۔ اور کہتا ہے کہ ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا جب کہ وہ بالکل بوسیدہ ہو گئیں۔ آپ کہہ دیجئے انہیں وہ زندہ کرے گا جس نے ان کو پہلی بار پیدا کیا۔

2۔ پھر تم سب قیامت کے دن ضرور اٹھاؤ جاؤ گے۔

3۔ کیا آدمی خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں ہرگز جمع نہ کریں گے کیوں نہیں ہم قادر ہیں کہ اس کی پوریاں درست کریں۔

4۔ تو کیا جانتا جب اٹھائے جائیں گے جو قبروں میں ہیں اور کھول دیا جائے گا جو کچھ سینوں میں ہے۔ بے شک ان کا رب ان کے حال سے اس روز پورا آگاہ ہے۔

5۔ اور قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو بھیجا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تعالیٰ نے ان پر حضرت ہود علیہ السلام مبعوث فرمائے۔ آپ قوم عاد کے اشرافوں میں سے تھے حسب ونسب میں قوم سے افضل ترین تھے۔ تو قوم نے آپ کو جھٹلایا اور مخالفت شدت سے شروع کی تو اللہ تعالیٰ نے ان پر بارش تین سال تک بند کی یہاں تک کہ یہ بھوکوں مرنے لگے تو انہوں نے حسب قاعدہ بیت اللہ کی طرف توجہ کی اور وہاں جا کر دعا مانگنے کے لیے ستر آدمی منتخب کیے۔ جب یہ مکہ معظّمہ میں داخل ہوئے تو رئیس قافلہ قیل ابن عتر نے دعا کی: **اللھم اسق عادا ما کنت تسقیھم** ''الٰہی عاد پر بارش کردے جن پر تو نے امساک کر رکھا ہے''۔

تو اللہ تعالیٰ نے تین ابر ظاہر فرمائے۔ ایک سپید ایک سرخ ایک سیاہ اور آسمان سے، ندا آئی: **یا قیل اختر لنفسک ولقومک** ''اے قیل اپنے اور اپنی قوم کے لیے ان تینوں میں سے ایک ابر منظور کر''۔ قیل نے کہا: میں کالا ابر اختیار کرتا ہوں کہ یہ زیادہ پانی والا ہوتا ہے۔ چنانچہ کالا ابر نکلا اور ان کی آبادی کی طرف چلا حتی کہ تمام آبادی پر گھر گیا۔ اور قوم خوش ہو کر کہنے لگی: ھٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ''یہ ابر ہے جو ہم پر برسے گا''۔

یک لخت اس سیاہ بادل میں سے باد تند نکلی اور اتنی شدید چلی کہ تمام بت پرستوں کو ہلاک کر دیا۔ اور حضرت ہود اور جو آپ پر ایمان لائے انہیں نجات مل گئی۔ یہ قصہ عاد اول ہے۔ اور عن ارم جو فرمایا ہے۔ اس سے وہ سرکش قوم مراد ہے جسے عاد ثانی کہا جاتا ہے۔ جس کا ذکر سورہ فجر میں ہے۔ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿۶﴾ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ﴿۷﴾ الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ ﴿۸﴾ (1)۔ اس کا مفصل ذکر تفسیر نیشاپوری میں اس طرح مذکور ہے کہ عاد بن ارم کے دو بیٹے تھے ایک شداد دوسرا شدید۔ یہ دونوں دنیا کے بادشاہ تھے۔ پھر شدید مر گیا اور شداد تمام سلطنت پر قابض ہو گیا۔ اس کی عمر اس وقت نو سو برس کی تھی۔ اسے زیادہ تر شوق کتب بینی کا تھا۔ ایک روز اس نے جنت کی تعریف کتاب میں پڑھی تو اس کے دل میں یہ شوق پیدا ہوا کہ جس قسم کی صفت جنت کی میں نے پڑھی ہے ایسی عمارت بنواؤں۔ غرض کہ

1۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے عاد یعنی قوم ارم کے ساتھ کیا معاملہ کیا جن کے قدوقامت ستونوں جیسے تھے جن کی طرح (زور وقوت والا) شہروں میں پیدا نہ ہوا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

اپنے لشکر سے ایک جماعت بایں غرض روانہ کی کہ وہ ایک ایسا صحرا تلاش کریں۔ جس میں لطیف ہوا ہو۔ اور وہاں پتھر نہ ہوں، پانی کافی ہو، درخت سرسبز و شاداب ہوں۔

یہ جماعت تلاش کرتے کرتے ایسے جنگل میں پہنچی۔ جہاں اس قسم کی تمام تعریفات پائی جاتی تھیں، اور یہ جنگل مقام عدن میں انہیں ملا، انہوں نے اطلاع دی۔

شداد نے اطلاع پاتے ہی اپنے وزراء دولت کو حکم دیا کہ ہر قسم کے جواہرات اور سونا چاندی جمع کیا جائے۔ چنانچہ انہوں نے جمع کیا اور اتنا جمع کیا کہ بے حساب جمع ہو گیا۔

شداد نے وہ سب سامان ارض عدن پر بھیج دیا اور ایک لاکھ معمار مقرر کر دیے وہ گئے اور انہوں نے بنیاد میں ایک اینٹ سونے کی ایک چاندی کی لگا کر چار دیواری مکمل کر دی۔ اور اس میں بڑے بڑے ستون زبرجد سبز کے اور یاقوت احمر کے قائم کیے اور ان کے اوپر بڑے بڑے محل تعمیر کرائے۔ اور ان محلوں میں کھڑکیاں، برجیاں، روشن دان کافی رکھے۔ اور بڑے بڑے صحن بالاخانوں میں بنوائے اور شہ نشین قلعہ ذہبی کے اندر بنوائے گئے۔ اس بادشاہ کے ایک ہزار وزراء تھے۔ اس نے ہر وزیر کے لیے قلعہ کے گرد ایک ایک قصر تعمیر کرایا۔ اور اس کے نیچے نہریں چاندی کی بنوائیں اس میں دودھ بھروایا، شراب پر کرائی، شہد سے مملو (پر) کیں۔ غرض کہ تین سو برس میں اس عمارت سے فارغ ہوا۔

تو شداد نے تمام وزراء و اتباع و انصار جمع کیے اور باشان و شکوہ مقام عدن کو روانہ ہوا۔ جب مقام ارم ایک دن ایک رات کے بعد پر رہ گیا تو اللہ تعالیٰ نے ایک چیخ اس پر ڈلوائی کہ سب وہیں ہلاک ہو گئے۔ **اللھم لا تھلکنا بعذابک ولا تسلط علینا من لا یخافک۔**(1)

دَامَتْ لَدَيْنَا فَفَاقَتْ كُلَّ مُعْجِزَةٍ ۹۳
مِنَ النَّبِيِّيْنَ اِذْ جَآءَ تْ وَلَمْ تَدُمِ

حل لغات: دامت، ماضی مونث، ہمیشہ رہیں وہ آیتیں۔ لدینا، ہمارے سامنے۔ ففاقت، فاقت فوقت، تو فوقیت حاصل ہو گئی۔ کل معجزۃ، ہر معجزہ پر۔ من النبیین،

1۔ اے اللہ ہمیں اپنے عذاب سے ہلاک نہ کر اور ہم پر اس کو مسلط نہ فرما جس کو تیرا خوف نہ ہو۔

MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

تمام انبیاء کرام کے۔اذ جاءت، جب کہ وہ معجزہ لائے۔ولم تدم، مگر ہمیشہ نہ رہے۔

ترجمہ: معجزہ قرآن ہمارے پاس ہمیشہ کے لیے ہے تو یہ معجزہ تمام انبیاء کے معجزوں سے فائق ہے اس لیے کہ وہ معجزے جو انبیاء لائے وہ ہمیشہ نہ رہے۔

شرح: آیات قرآنیہ ہمارے پاس ہمیشہ رہیں گی۔ اور یہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات میں سے ایک زندہ معجزہ ہے جو تمام انبیاء کے معجزوں پر فائق ہے۔ چونکہ ان کے معجزے جو آئے وہ ہمیشہ نہ رہے۔ اور یہ معجزۂ قرآن اثبات نبوت کے لیے اعظم معجزات سے ہے جو تا قیام قیامت باقی رہے گا۔ اور وقت نزول سے آج تک اور آج سے قیامت تک کوئی بلیغ و فصیح ایسا نہیں گزرا جس سے قرآن کریم نے اپنے مقابلہ کا مطالبہ نہ کیا ہو اور اس نے نیچا نہ دیکھا ہو۔

بڑے بڑے فصحاء بلغاء اس کی چھوٹی سی سورت کے جواب میں گونگے ہو گئے۔ اور جواب نہ دے سکے اور عجائبات قدرت الٰہیہ سے ایک یہ امر بھی قابل غور ہے کہ جس نے قرآنی آیات کا مقابلہ کرنا چاہا وہ باوجود فصیح و بلیغ ہونے کے ایسا بدحواس و ازخود رفتہ ہوا کہ اس کے مقابلہ کا مضمون بے عقل بچوں کی عبارتوں سے بھی گیا گزرا نکلا۔

مسیلمہ کذاب کے چند پریشان مضمون ملتے ہیں جو اس نے دعویٰ نبوت کر کے قرآن کریم کے مقابلہ میں بیان کیے۔ چنانچہ اَلَمۡ تَرَ كَيۡفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصۡحٰبِ الۡفِيۡلِ کے مقابلہ میں اس نے کہا: الفيل ماالفيل عنقه قصير وذنبه طويل۔ اور اس نے وحی کا دعویٰ کیا اور بتایا کہ مجھ پر یہ وحی آئی ہے: يا ضفدع بنت ضفدع اعلاک فی الماء واسفلک فی الطين لا الشارب تمنعين ولا الماء تكدرين۔ ''یعنی اے مینڈک مینڈک کے بیٹے تیرا اوپر کا حصہ پانی میں ہے اور نیچے کا حصہ کیچڑ میں۔ پینے والا تجھے منع نہیں کرتا اور پانی کو تو میلا نہیں کر سکتا''۔

اور یہ وحی بھی مسیلمہ کذاب کی ہے: الم ترالی ربک کیف فعل ربک بالحبلى اخرج منها نسمة تسعى بين صفاق وحشی۔ ''یعنی کیا نہیں دیکھا تو نے اپنے رب کو کہ کیا کیا اس نے حاملہ کے ساتھ کہ نکالا اس سے دوڑتا ہوا بیچ جھلیوں سے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور آنتوں میں سے''۔ اور شہوتناک فحش وحی بھی اس پر نازل ہوئی: ان اللہ خلق للنساء افراجا وجعل الرجال لهن ازواجا فنولج فیهن ایلاجاثم نخرجها اذا نشاء اخراجا فنتجن لنا اسخالا انتاجا۔ لا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم۔

اور اس پر سخت تعجب اس کیمرج پاس عربی دان علامہ پر ہے جو جماعت خاکسار کا قائد اعظم بنا اور اپنے تذکرہ میں صاف لکھ مارا کہ مسیلمہ کذاب کا قرآن جس کی چند پریشان آیتیں ملتی ہیں۔ اس قرآن سے (معاذ اللہ) کسی اسلوب سے کم نہیں۔ خیر اللہ ہدایت دے اور اس قوم کو آنکھیں دے جو اس کے دام تزویر میں پھنس گئے ہیں۔

تعریف معجزہ

والمعجزة امر خارق للعادة يظهر على يد من يدعى النبوة عند تحدى المنكرين على وجه يعجزعن اتيان مثله۔

''معجزہ ایک ایسے خارق عادت امر کو کہتے ہیں جو منکرین کے انکار کے وقت مدعی نبوت سے ظاہر ہوتا ہے اور اس کا مقابلہ کرنے سے مخالفین عاجز آجاتے ہیں''۔

اب جو امور خارق عادت ہیں ان کی آٹھ قسمیں لکھی ہیں۔ اور وہ مومن سے بھی ظہور میں آتی ہیں اور کافر سے بھی۔

اول: جو نبی سے ظاہر ہوتا ہے۔ اس کی دو صورتیں ہیں یا قبل بعثت یا بعد بعثت۔

قبل بعثت جو امور ظاہر ہوتے ہیں اسے ارہاصات کہتے ہیں جیسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کے وقت ظہور میں آئے۔ اور بعد بعثت جو ظہور میں آئے اسے معجزہ کہتے ہیں۔

دوسرے اگر ولی سے خارق عادات امور ظہور ہوں تو انہیں کرامات کہتے ہیں۔

چوتھے: کسی صالح سے ظاہر ہو تو اسے معونت کہتے ہیں۔

پانچویں: کسی فاسق سے ظاہر ہوں تو اسے استدراج کہتے ہیں۔

پھر اگر یہ امور خارق عادت تعلیم و تعلم سے ظاہر ہوں تو وہ سحر کہلاتا ہے۔ اور اگر بلا تعلیم و تعلم ظاہر ہو تو وہ ابتلاء کہلاتا ہے جیسے فرعون اور دجال سے ظہور میں آئے اور آئیں گے اور

اگر کسی ایسے امر کا ظہور ہو کہ چاہتا کچھ تھا اور ہوا اس کے خلاف اسے اہانت کہتے ہیں۔ جیسے مسیلمہ کے واقعہ میں ہے۔ کہ اس نے دعا کی ایک اعور (بھینگے) کی آنکھ صحیح ہو جانے کی تو اس کی دوسری آنکھ بھی بھینگی ہو گئی۔

مولای صَلِّ وسلّم دائماً ابداً علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

ترے آگے یوں ہیں دبے لچے فصحاء عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے منہ میں زبان نہیں نہیں بلکہ جسم میں جان نہیں

مُحَكَّمَاتٌ فَمَا يُبْقِيْنَ مِنْ شُبَهٍ
۹۴ لِّذِیْ شِقَاقٍ وَّلَا يَبْغِيْنَ مِنْ حَكَمٍ

حل لغات: محکمات۔ صیغہ مؤنث مفعول۔ از تحکیم۔ حاکم بنانا۔ آیات قرآنیہ۔ فیصلہ دینے والی اور حکم سنانے والی ہیں۔ فما، پس نہیں۔ یبقین، صیغہ جمع مؤنث غائب، از مضارع۔ از ابقاء۔ باقی رکھنا۔ باقی رہا۔ من شبه، کسی قسم کے شبہ سے۔ لذی شقاق۔ اختلاف۔ واسطے اس کے جو اختلاف کرے۔ ولا یبغین، صیغہ جمع مؤنث غائب۔ یعنی طلب۔ اور نہیں طلب کرتیں۔ من حکم، فیصلہ کرنے والے کو۔

ترجمہ: آیات الٰہیہ خود حاکم اور ایسا فیصلہ کرنے والی ہیں کہ اختلاف کرنے والے کے لیے کوئی شبہ باقی نہیں چھوڑتیں۔ نہ ان کے فیصلہ میں کسی منصف کی حاجت رہتی ہے۔

شرح: محکمات جمع محکم کی ہے یہ لغت میں بمعنی ایسے یقین قوی کے آتا ہے کہ اس یقین کو کوئی قوت منہدم نہ کر سکے۔ اور اصطلاح اصول میں محکم اسے کہتے ہیں کہ جو حکم ظاہر آیت سے ملے وہ محتمل نسخ و تغیر نہ ہو۔

اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ناظم فاہم نے فقط آیات محکمات کی یہ شان بتائی یا ان کے نزدیک تمام آیات محکمات ہیں۔ اگر صرف آیات محکمات کی یہ شان ہے تو بقیہ آیات کی کیا شان ہے۔ انہیں بتانا ضروری ہے اور اگر تمام قرآن کی آیات محکم ہیں تو پھر اصولیوں نے۔ محکم، مفسر، نص، ظاہر، خفی، مشکل، مجمل، متشابہ یہ اقسام کیوں لکھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

علامہ خرپوتی اس کے جواب میں فرماتے ہیں: **الحمل باعتبار معناه اللغوی لا الاصطلاحی** یعنی محکمات جو ناظم رحمہ اللہ نے فرمایا ہے وہ بمعنی لغوی فرمایا ہے نہ کہ اصطلاح اصول کے ماتحت۔

ورنہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے قول کی بھی مخالفت لازم آئے گی وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

انزل القرآن علی عشرة اقسام۔ بشیراً و نذیراً وناسخا ومنسوخا ومحکما ومتشابها وموعظة ومثلا وحلالا وحراما۔ فمن استبشر بتبشیره وانذر بنذیره وعمل بناسخه وامن بمنسوخه و اقتصر علیٰ محکمه ورد متشابهه الی عالمه واتعظ بعظته واعتبر بمثله واحل حلاله وحرم حرامه فاولئک من المؤمنین حقا لهم الدرجات العلیٰ مع النبیین والشهداء والصالحین وحسن اولئک رفیقا وهو وارثی ووارث الانبیاء قبلی ولا یزال فی کنفه تعالیٰ وحیثما تلا القرانٰ غشیته الرحمة ونزلت علیه السکینة ویحشرفی زمرتی وتحت لوائی(1)

تو خلاصہ مفہوم بیت یہ ہوا کہ قرآن کریم کسی حکم زائد کا وضوح قوانین کے لیے محتاج نہیں بلکہ تمام احکام وقوانین اور قواعد اس سے ماخوذ ہیں اور کوئی شے ایسی نہیں جو قرآن کریم

1۔ قرآن (مضامین کے اعتبار سے) دس قسموں پر نازل ہوا ہے (۱) خوشخبری دینے والا (۲) ڈرانے والا (۳) ناسخ (۴) منسوخ (۵) محکم (۶) متشابہ (۷) نصیحت (۸) مثالیں (۹) حلال (۱۰) حرام۔ جو شخص اس کی بشارت پر خوش ہوا، اس کے ڈرانے سے ڈر گیا، اس کے ناسخ حکم پر عمل پیرا ہوا، اس کی منسوخ آیات پر ایمان لے آیا اس کی محکم آیات کے سمجھنے پر اکتفا کیا، متشابہ آیات کو اس کے جاننے والے پر لوٹا دیا، اس کی نصیحتوں سے نصیحت حاصل کی، اس کی مثالوں سے عبرت پکڑی، اس کے حلال کو حلال جانا اور اس کے حرام کو حرام سمجھا وہ پکے مومنوں میں سے ہے۔ ایسے لوگوں کے لیے نبیوں، شہیدوں اور نیک لوگوں کے ساتھ جنت میں بلند مرتبے ہیں اور وہ بہت اچھے رفیق ہیں۔ وہ مومن میرا اور مجھ سے پہلے تمام انبیاء کا وارث ہے اور وہ ہمیشہ اللہ کے سایہ میں ہے جب وہ تلاوت کرتا ہے اسے اللہ کی رحمت ڈھانپ لیتی ہے اور اسے اطمینان قلب حاصل ہو جاتا ہے، اور آخرت میں اس کا حشر ونشر میرے گروہ میں اور میرے جھنڈے کے نیچے ہوگا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

پر غالب آ سکے اور اس بیت مبارک میں تلمیحاً اس آیۂ کریمہ کی طرف بھی اشارہ ہے: هُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَ اُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ (1)

مَا حُوْرِبَتْ قَطُّ اِلَّا عَادَ مِنْ حَرَبٍ
٩٥ اَعْدَی الْاَعَادِیْ اِلَیْهَا مُلْقِیَ السَّلَمِ

حل لغات: حوربت، ماضی مؤنث مجہول از محاربہ۔لڑائی کرنا۔ ما، نافیہ،نہیں لڑائی کی گئی۔ قط، اسم ظرف زماں۔کبھی۔ الا، حروف استثنا۔مگر۔ عاد، ازعود، بمعنی الرجع۔لوٹا۔من حرب، بفتحتین الغضب و الغیظ،غضب ناک ہوکر۔اعدی، اسم تفضیل من العداوۃ۔بہت عداوت کرنے والا۔الاعادی ۔جمع اعداء وھی جمع عدو، دشمنوں میں سے۔ الیھا۔اس قرآن کے ساتھ۔ ملقی، اسم فاعل من القی بمعنی متلقیا و مقیلا الیھا ملنے والا۔السلم،سلامتی سے۔

ترجمہ: قرآن کی آیتوں سے کبھی سخت سے سخت دشمن نے محاربہ نہ کیا مگر یا غضب ناک ہوکر لوٹا یا سلامتی سے اسے قبول کیا۔

شرح: یعنی آیات قرآنیہ سے کبھی کسی نے مقابلہ نہیں کیا۔مگر یا تو ہٹ دھرمی سے چیختا بگڑتا لاجواب ہوتا چلا گیا یا صلح اور انقیاد کر کے اپنی عاجزی کا اعتراف کرلیا۔ابن مقفع نے جو اپنے وقت کا افصح اللسان (سب سے بڑا فصیح) تھا چند فقرے لکھے اور چاہتا تھا کہ مقابلہ میں پیش کرے کہ کسی قاری کو اس نے یہ آیت پڑھتے سنا: یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَ یٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَ غِیْضَ الْمَآءُ وَ قُضِیَ الْاَمْرُ وَ اسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِیِّ وَ قِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ (2)۔ بس فوراً نادم ہو گیا اور کہنے لگا: خدا کی قسم کوئی شخص قرآن کی فصاحت کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔

1۔ وہی ہے جس نے تم پر یہ کتاب اتاری اس کی کچھ آیتیں صاف معنی رکھتی ہیں وہ کتاب کی اصل ہیں اور دوسری وہ ہیں جن کے معنی میں اشتباہ ہے۔

2۔ اور حکم فرمایا گیا کہ اے زمین اپنا پانی نگل لے اور اے آسمان تھم جا۔ اور پانی خشک کردیا گیا اور کام تمام ہوا اور کشتی کوہ جودی پر ٹھہری اور فرمایا گیا کہ بے انصاف لوگ رحمت سے دور ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ولید بن مغیرہ قریش میں میدان فصاحت کا بڑا شہسوار مانا ہوا تھا۔ ایک روز حضور ﷺ کی خدمت میں بقصد معارضہ آیا اور خیال کیا کہ حضور ﷺ سے بلاغت میں مقابلہ کروں۔ تو حضور ﷺ سے عرض کرنے لگا: اقرء علی۔ ''کچھ پڑھیے''۔ حضور ﷺ نے اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَ اِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَ يَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ (1) تلاوت فرمائی۔ ولید نے دوبارہ پڑھنے کی درخواست کی حضور ﷺ نے دوبارہ پڑھا تو ولید یہ کہتا ہوا چل دیا:

واللہ ان لہ لحلاوۃ وان علیہ لطلاوۃ وان اعلاہ لمثمر وان اسفلہ لمغدق مایقول ھذا البشر۔

''خدا کی قسم اس کی شیرینی اور تازگی مخصوص ہے اس کا ظاہر مثمر (پھل دار) اور اس کا باطن معذق (خوشگوار) ہے۔ یہ انسان کا کلام نہیں''۔

یہ کہا اور خاموشی سے چل دیا۔ یحیٰ بن حکیم نے قرآن کریم کے مقابلہ کا خیال کیا اور سورۂ اخلاص پر کچھ لکھنا چاہا کہ فصاحت کلام اور بلاغت مضمون نے اتنا مرعوب کیا کہ تائب ہو گیا۔ غرض کہ جو مقابلہ میں آیا وہ مبہوت ہو کر ہی واپس لوٹا۔ تعالی اللہ عما یقول الظالمون علوا کبیرا۔

عقل ہوتی تو خدا سے نہ لڑائی لیتے یہ گھٹائیں اسے منظور بڑھانا تیرا
مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائیں گے اعداء تیرے نہ مٹا ہے نہ مٹے گا کبھی چرچا تیرا

رَدَّتْ بَلَاغَتُهَا دَعْوٰى مُعَارِضِهَا
٩٦ رَدَّ الْغَيُوْرِ يَدَ الْجَانِيْ عَنِ الْحُرَمِ

حل لغات: ردت، ای منعت و دفعت، رد کر دیتی ہے۔ بلاغتھا۔ قرآن پاک کی بلاغت۔ دعوی، دعوٰی۔ معارضھا، معارضہ سے۔ رد الغیور، رد کرنا ازروئے غیرت۔ ید الجانی، مثل ہاتھ غیر محرم کے۔ عن الحرام۔ پردہ نشین سے۔

1۔ بے شک اللہ تعالیٰ عدل وانصاف، احسان اور اہل قرابت کو دینے کا حکم فرماتا ہے اور منع کرتا ہے بے حیائی بری بات اور سرکشی سے۔ اللہ تعالیٰ تمہیں اس لیے نصیحت فرماتا ہے کہ تم نصیحت قبول کرو۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ترجمہ: قرآن کی بلاغتیں دعویٰ کرنے والے کو روک دیتی ہیں ایسے جیسے غیرت مند عورت غیر محرم سے پردہ کرتی ہے۔

شرح: مفہوم بیت واضح ہے یعنی آیات قرآنی نے اپنے مقابلہ کرنے والے کو ایسا رد اور بیکار کر دیا ہے۔ جیسے ایک غیرت مند فاسق گناہگار کے ہاتھ کو اپنے اہل محارم سے دفع کرتا ہے۔ غرض اس تشبیہ سے مبالغہ دفع میں ہے۔ خلاصہ یہ کہ کوئی معارض مقابلہ تو کیا کرتا۔ اس ارداہ کے قریب بھی نہ آسکا۔ چنانچہ آگے فرماتے ہیں:

لَهَا مَعَانٍ كَمَوْجِ الْبَحْرِ فِىْ مَدَدٍ

٩٧ وَفَوْقَ جَوْهَرِهٖ فِى الْحُسْنِ وَالْقِيَمِ

حل لغات: لها، ضمیر آیت قرآنیہ کی طرف راجع ہے، ان آیتوں میں۔ معان، یعنی مقاصد و حقائق، معانی و مقاصد ایسے ہیں۔ کموج البحر۔ یقال ماج البحر، یعنی اضطرب ویقال لکل فرقة ماء ارتفع منه وههنا عدم النهاية۔ مثل موج دریا کے۔ فی مدد۔ المدد بفتحتین۔ بمعنی النصرة والعون۔ جو پے در پے اٹھتی ہیں۔ وفوق۔ اور اوپر ہے۔ جوهره۔ جوهر البحرما يستخرج منه من اللؤلوء والمرجان۔ جواہرات اور موتیوں کے اس کے۔ فی الحسن، حسن میں۔ والقیم، جمع قیمت۔ اور قیمت میں۔

ترجمہ: قرآن کی آیتیں اپنے اندر مثل موج دریا کے معانی رکھتی ہیں اور سمندر کے موتیوں سے قیمت میں اور حسن میں زائد ہیں۔

شرح: بالفاظ دیگر یوں سمجھا جائے کہ آیات قرآنی کے اس قدر معانی ہیں کہ کثرت وغایت میں انہیں مثل امواج بحر کہنا چاہیے۔ لیکن قیمت اور حسن وخوبی کے اعتبار سے دریا کے جواہرات اس کا مقابلہ نہ قیمت میں کر سکتے ہیں نہ حسن میں۔ اور یہ امر ظاہر ہے کہ جواہرات اگرچہ کتنے ہی قیمتی کیوں نہ ہوں مگر ان کی ایک قیمت ہوتی ہے۔ بخلاف آیات الٰہیہ کے کہ اس کے معانی ومحاسن کی کوئی قیمت کر ہی نہیں سکتا۔ اسی وجہ میں بعض اہل حال نے فرمایا:

لو ظهرت حقيقة معانيها لم تطق سطوات نورها السموات والارض

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-ISLAMIA ACADEMY

''اگر قرآن کریم کی حقیقت معانی ظاہر ہو جائے تو اس کی سطوت نوری کی تاب آسمان وزمین نہیں لا سکتے''۔

خود قرآن کریم میں ارشاد ہے لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ (1)

لکن اللہ تعالیٰ ستر انوار تلک الحقیقة بکسوۃ صورۃ الحروف لتطیقها القلوب والالسن فکما ان شرف الابدان انما یکون بشرف الارواح فکذالک شرف الحروف انما ھو بشرف معانیھا۔

''اللہ تعالیٰ نے اس حقیقت پر لباس حروف کا پردہ ڈال دیا۔ تاکہ قلوب ولسان اس کا تحمل کر سکیں۔ گویا جس طرح بدن کی شرافت شرافت روح کے ساتھ ہے اسی طرح حروف قرآن کی عظمت شرافت معانی کے ماتحت ہے''۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ان القرآن لا یشبع منه العلماء قیل لکمال لذته ونهاية حلاوته ولما فيه من الاسرار العجيبة والبدائع الغريبة والاساليب المستحسنة والعجائب المستكملة۔

''یعنی قرآن کریم سے علماء کا جی نہیں بھرتا۔ اس کی علت میں کہا گیا کہ علماء کو سیری نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس کلام کی کمال لذت اور نہایت حلاوت کو وہ جانتے ہیں۔ اور جو کچھ اس میں اسرار عجیبہ اور بدائع غریبہ اور اسالیب مستحسنہ اور عجائبات مستکملہ ہیں اسے بھی وہی جانتے ہیں۔ چنانچہ آگے فرماتے ہیں:

مولای صَلِّ وسلّم دائماً ابداً علٰی حبیبک خیر الخلق کلهم

1۔ اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر اتارتے تو ضرور تو اسے دیکھتا جھکا ہوا پاش پاش ہوتا اللہ کے خوف سے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

فَمَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى عَجَآئِبُهَا
(۹۱) وَلَا تُسَامُ عَلَى الْاِكْثَارِ بِالسَّامِ

حل لغات: فما تعد۔ از عد، واحداواحداً۔ پس نہیں گنتی کی جاسکتی۔ ولا تحصیٰ، از احصاء، جملةً جملة، اور نہیں احاطہ کیا جا سکتا۔ عجائبھا۔ آیات قرآنیہ کے عجائبات کا۔ ولا تسام، ای لا تترک، از سامت السائمه۔ جانور کو بے مہار چرنے کے لیے چھوڑنا۔ اور نہیں چھوڑی جا سکتیں وہ آیتیں۔ علی الاکثار۔ از کثرت، زیادہ ہونے کی وجہ میں۔ بالسام، ملول ہونا تنگ آنا، تھک کر یا تنگ آکر۔

ترجمہ: آیات قرآنیہ کے عجائبات بے گنتی بے شمار ہیں۔ مگر ان کی کثرت کا شمار چھوڑنے پر مجبور نہیں کرتا اور بے گنتی ہونے کی وجہ میں گننے والا تھکتا نہیں اور طبیعت ملول نہیں ہوتی۔

شرح: قرآن کریم کے لطائف جس قدر زیادہ کھلتے جاتے ہیں اسی قدر شوق بڑھتا جاتا ہے۔ یہ نہیں ہوتا کہ گھبرا کر انسان تھک جائے۔ بل کلما ازدادت ازداد فرح قاریها۔ بلکہ جتنا زیادہ معلومات کا دریا پھیلے، پڑھنے والے کی فرحت اتنی ہی زیادہ بڑھتی جاتی ہے۔ اس لیے قرآن کریم میں فرمایا: وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّ الْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ (1)۔ بعض حکماء نے فرمایا: لکل آية سبعون معنىً۔ "قرآن کی ہر آیت کے ستر معنی ہیں"۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ان هٰذا القراٰن ذوشجونٍ و فنون وظهورٍ وبطون لا تنقضی عجائبه۔

"یہ قرآن کریم ذو شجون و فنون ہے۔ اس میں ظہور و بطون ہیں اس کے عجائبات پر عبور نہیں ہو سکتا"۔

1۔ اگر زمین میں جتنے درخت ہیں سب قلمیں ہو جائیں اور سمندر اس کی سیاہی ہو اس کے علاوہ سات سمندر اور تو اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں گی بے شک اللہ عزت و حکمت والا ہے۔

قَرَّتْ بِهَا عَيْنُ قَارِيْهَا فَقُلْتُ لَهُ
٩٩ لَقَدْ ظَفِرْتَ بِحَبْلِ اللّٰهِ فَاعْتَصِمِ

حل لغات: قرت، ماضی مونث از قرۃ آنکھوں کی ٹھنڈک۔ ٹھنڈی ہوتی ہیں۔ بھا۔ اس قرآن سے۔ عین، آنکھ۔ قاریھا۔ پڑھنے والے کی۔ فقلت له، تو میں اس کو کہتا ہوں۔ لقد، بے شک۔ ظفرت، تو کامیاب ہو گیا۔ بحبل اللّٰه، اللہ کی رسی کے ساتھ۔ فاعتصم۔ مضبوط پکڑے رہ۔

ترجمہ: پڑھنے والے کی آنکھیں اس کے پڑھنے سے ٹھنڈی ہوتی ہیں اور میں اسے کہتا ہوں کہ تو فتح یاب ہو گیا، اس اللہ کی رسی کو پکڑے رہ۔

شرح: مقصود ناظم فاہم یہ ہے کہ اس قرآن کریم میں کچھ ایسی حلاوت ہے کہ اس کا پڑھنے والا مسرور و محظوظ ہوتا ہے۔ تو چونکہ اس کی تلاوت موجب نجات ہے۔ اس لیے مبارک باد دے کر فرماتے ہیں کہ نفس امارہ پر تو خوب کامیاب ہوا۔ دوسرے اس بیت میں تلمیحاً اس حدیث کی طرف بھی اشارہ معلوم ہوتا ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

انی قد ترکت فیکم ما ان اعتصمتم به فلن تضلوا ابدا کتاب اللّٰه وسنة رسوله۔

"میں تم میں ایسی چیز چھوڑ کر جا رہا ہوں کہ جب تک تم نے اسے مضبوط پکڑا ہرگز گمراہ نہ ہو گے۔ کتاب اللہ اور فرمان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم"۔

الی قوله وهو حبل اللّٰه المتین وهو الذکر الحکیم هو الصراط المستقیم۔

"وہ قرآن وحدیث اللہ کی مضبوط رسی ہے وہ حکمت والا ذکر ہے۔ وہ مضبوط مستقیم راہ ہے"۔

علامہ شاطبی فرماتے ہیں:

وقارئه المرضی قر مثاله کالاترج حاسبه مریحا وموکلا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وبعد فحبل الله فینا کتابه فجاهد به بل العدی متحبلا

اِنۡ تَتۡلُهَا خِيفَةً مِّنۡ حَرِّنَارِ لَظٰی
١٠٠ اَطۡفَأۡتَ حَرَّ لَظٰی مِنۡ وِّرۡدِهَا الشَّبِمِ

حل لغات: ان، شرط، اگر۔ تتلها۔ اصله تتلوها۔ فسقط الواؤ للجزم۔ پڑھے تو ان آیتوں کو۔ خیفة، خوف وخشیت۔ خوف وخشیت میں۔ من حر، گرمی۔ لظیٰ۔ علم من اعلام جهنم۔ نار جہنم سے۔ اطفات، ٹھنڈا کردے تو۔ حر، گرمی کو۔ لظیٰ، جہنم کے۔ من وردها، اشراف علی الماء ای المورود فالمراد ههنا منه الماء، آب رحمت۔ الشبم۔ بفتح المعجمه و کسر الموحد، ای البارد۔ سرد۔

ترجمہ: اگر تو ان آیات قرآنیہ کو نار جہنم کے خوف سے تلاوت کرے تو بے شک اس کے سرد چشمے دوزخ کی گرمی بجھادیں۔

شرح: لظیٰ جہنم کے ناموں سے ایک نام ہے اور تمام اسماء جہنم چھوڑ کر لظی نام اختیار فرمانے کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے۔ کہ حرارت لظی شدید ترین ہے بہ نسبت تمام درکات جہنم کے جیسا کہ شارح نے تحریر فرمایا ہے۔

اور من وردها بکسر الواو اگر پڑھیں تو پانی مراد ہوگا۔ اور اگر من وردها بفتح واوَ پڑھا جائے تو ورد قرآن مراد ہوں گی۔ یعنی قراءۃ قرآنی ہر دن علی سبیل الدوام اور شبم بمعنی بارد ہے۔ یعنی دافع حرارت۔ تو حاصل معنی یہ ہوئے کہ اگر تو آیات قرآنیہ کو خوف وخشیت نار لظی (دوزخ کی آگ کے ڈر) سے پڑھے تو اس آگ کو اس تلاوت کی ملازمت بجھا دیتی ہے۔ اس لیے کہ ورد القرآن الدافع حرارة النیران ورد قرآن کریم دافع حرارت نار ہے۔

اور فقہاء نے فرمایا: الافضل فی قراء ة القرآن ان یقرأ من المصحف لاعن ظهر القلب لان فی امساک المصحف عمل الید وکذا فی حمله و فی نظره عمل البصرو یعین علی تامل معانیه ولهذا کان اکثر الصحابة یقرؤن

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

من المصحف "قرأت قرآن میں افضل یہ ہے کہ مصحف میں پڑھے نہ کہ اسے بند کر کے، اس لیے کہ مصحف کو لینا عمل بالید ہے۔ ایسے ہی اس کا اٹھانا اور دیکھنا بھی عمل بصر ہے۔ اور معنی پر تامل وغور کرنے میں معین ہوتا ہے اسی بناء پر صحابہ کرام اکثر قرآن کریم دیکھ کر پڑھتے تھے"۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں:

ثلاث یزدن فی الحفظ ویذھبن البلغم المسواک والصوم قراءۃ القرانٰ۔

"تین باتیں بلغم کی دافع ہیں اور حافظہ کو قوی کرتی ہیں۔ مسواک، روزہ اور قرآن کریم کی تلاوت"۔

اور اہل علم نے فرمایا:

النظر الی العلماء والقرانٰ عبادۃ کالنظر الی الکعبۃ

"علماء کی طرف اور قرآن پاک کی طرف دیکھنا ایسی عبادت ہے جیسے کعبہ کی طرف دیکھنا"۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اتلوہ فان اللہ تعالیٰ یؤجر علی تلاوۃ کل حرف عشر حسنات۔

"قرآن پڑھا کرو کہ اللہ تعالیٰ ہر حرف کی تلاوت پر دس نیکیاں عطا فرماتا ہے"۔

بعض صلحاء سے ایک حکایت ہے کہ وہ رات سے صبح تک سورہ طٰہٰ پڑھا کرتے ایک روز پڑھتے پڑھتے صبح کے وقت جب سورت ختم کی تو نیند آ گئی۔ خواب میں دیکھتے ہیں کہ ایک بزرگ آسمان سے اترے اور ان کے ہاتھ میں صحیفے ہیں انہوں نے میرے سامنے وہ پھیلائے میں نے دیکھا کہ اس میں سورہ طٰہٰ ہے اور ہر سورۃ کے کلمہ کے نیچے دس نیکیاں لکھی ہوئی ہیں مگر ایک کلمہ کے نیچے میں نے دیکھا کہ کچھ نہیں ہے۔ میں نے کہا: خدا کی قسم میں نے یہ کلمہ پڑھا تھا۔ لیکن اس کا ثواب نہ ملنے میں کیا حکمت ہے؟ تو اس بزرگ نے فرمایا: تو سچ کہتا ہے۔ بے شک تو نے پڑھا تھا اور ہم نے لکھا تھا مگر ایک منادی نے ندا دے کر عرش

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے کہا: کہ اس کلمہ کا ثواب مٹا دو تو ہم نے مٹا دیا یہ سن کر میں خواب میں ہی رونے لگا۔ تو انہوں نے کہا: ایک شخص جا رہا تھا تو تم نے اسے سنانے کے لیے آواز بلند کر دی تھی۔ اس وجہ میں ریا کے باعث وہ ثواب محو ہو گیا۔

مقامات میں مذکور ہے کہ ایک شخص حضور کی خدمت میں آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم ماجزاء من علم ولده القرآن "حضور! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اپنی اولاد کو قرآن پڑھائے۔ اسے کیا ثواب ہے"۔ فقال علیه السلام القرانٰ کلام اللّٰه لا منتهی لٰه لا اعلم حتی یاتینی جبریل۔ "حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قرآن کلام اللہ ہے، اس کا منتہیٰ نہیں۔ میں جب بتاؤں گا جب کہ جبریل میرے پاس آئیں گے"۔ فلما اتاه سأله عنه قال لا اعلم حتی اسأل رب العزت۔ "جبرئیل حاضر ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے پوچھا انہوں نے عرض کی: میں نہیں جانتا رب جلت وعز اسمہ سے سوال کرتا ہوں"۔ فنزل جبریل فقال یا محمد ان اللّٰه یقرؤک السلام یقول جزاء من علم ولده القرانٰ یعطی بکل حرف مدینةً فی الجنة من الذهب فیها الف قصر فی کل قصر الف بیت۔ "جبریل حاضر ہوئے اور عرض کی اللہ تعالیٰ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام بھیجتا اور فرماتا ہے کہ جو اپنی اولاد کو قرآن پڑھائے اسے اللہ تعالیٰ ایک شہر جنت میں عطا فرمائے گا سونے کا۔ اس میں ایک ہزار قصر ہوں گے۔ ہر قصر میں ایک ہزار گھر ہیں"۔

حدیث صحیح میں ہے:

من قرء القرانٰ وعمل بما فیه البس والداه تاجاً یوم القیمة ضوءه احسن من ضو الشمس

"جو قرآن پڑھے اور اس پر عمل کرے تو اللہ اس کے والدین کو قیامت کے دن ایسا تاج عطا فرمائے گا کہ اس کی چمک سورج کو شرمائے"۔

علامہ شاطبی فرماتے ہیں:

هنیئا مریا والداک عَلَیهما ملابس انوار من التاج والحلیٰ
فما ظنکم بالبخل عنه جزاءُ ہ اولـئک اهل اللّٰه والصفوة العلیٰ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

۱۰۱ كَاَنَّهَا الْحَوْضُ تَبْيَضُّ الْوُجُوْهُ بِهٖ
مِنَ الْعُصَاةِ وَقَدْ جَآءُ وْهُ كَالْحُمَمِ

حل لغات: کانها، گویا کہ وہ آیات۔ الحوض، حوض کوثر ہیں۔ تبیض الوجوہ۔ سپید ہو جاتے ہیں چہرے۔ بہ، اس میں غسل کرنے سے۔ من العصاۃ، جمع عاصی، گنہگاروں کے۔ وقد جاء وہ، بے شک لاتے ہیں وہ۔ کالحمم۔ حمم جمع حم کوئلہ یاراکھ، اپنے چہرے مثل کوئلہ کے۔

ترجمہ: آیات الٰہیہ گویا حوض کوثر ہیں، جس میں غسل کرنے سے چہرے اجلے ہو جاتے ہیں گنہگاروں کے جو کوئلہ کی طرح جھلسے ہوئے ہیں۔

شرح: حوض پر الف لام عہد ذہنی کا ہے۔ اس لیے کہ یہاں حوض سے مراد حوض کوثر ہے اور اس سے تشبیہ مجازاً دی گئی۔ حوض کوثر وہ ہے جس کا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے وعدہ فرمایا اور وہ بالاجماع اہل سنت کے نزدیک ثابت ہے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

حوضی مسیرۃ شهر وزوایاه سواء وماء ہ اشد بیاضا من اللبن وریحه اطیب من المسک وکیزانه اکثر من نجوم السماء من شرب منه لا یظماء ابدا

"میرا حوض ایک ماہ کے بعد مسافت پر مربع ہے اور اس کا پانی دودھ سے زیادہ سپید اور مشک سے معطر ہے۔ اور اس پر اس قدر جام ہیں کہ آسمان کے ستارے اس کے مقابلہ میں کم ہیں۔ جو اس سے پی لے گا کبھی پیاسا نہ ہوگا"۔

اب یہ سوال کہ میدان حشر میں پہلے حوض آئے گا یا پل صراط، اس میں اختلاف ہے۔ قرطبی کہتے ہیں کہ حوض سے پہلے پل صراط آئے گا۔ لیکن صحیح قول یہ ہے کہ حوض پہلے آئے گا۔ امام غزالی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ جو اس طرف گئے ہیں کہ حوض پل صراط کے بعد آئے گا یہ غلط ہے۔ پھر قرطبی فرماتے ہیں:

المناسب لکون الناس یخرجون من قبورھم عطاشاً تقدیم الحوض

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

''مناسب یہی ہے کہ حوض پل صراط سے مقدم مانا جائے اس لیے کہ لوگ قبروں سے پیاسے اٹھیں گے۔ اور حوض کی طرف جائیں گے''۔

ایک قول ہے کہ حوض کوثر دو ہیں ایک عرصات محشر میں ایک جنت میں اور ایک قول ہے جو تمام اختلافات اٹھا دیتا ہے۔ وھو ھذا:

ھو فی ظھر ملک یسیر الی این سار النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم۔

''حوض کوثر ایک فرشتہ کی پشت پر ہے جہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تشریف لے جائیں وہ ساتھ ساتھ ہوگا''۔

اور **کالحمم** کا ترجمہ اگرچہ کوئلہ صحیح ہے لیکن اس میں دوسرے لغت **فحم** ہے۔ دونوں میں یہ فرق ہے کہ لکڑی جل کر جو رہتا ہے اسے **فحم** کہتے ہیں اور **فحم** کے بعد جو بنتا ہے اسے حممہ کہتے ہیں۔ جس کا اردو میں صحیح محاورہ راکھ ہوسکتا ہے۔ اور **حمہ بکسر الحا** اس گرم پانی کو کہتے ہیں جو چشمہ سے نکلتا ہے اور خارش وغیرہ کے مریض اس کے غسل سے صحت پاتے ہیں۔ حدیث میں ارشاد ہے:

العالم کالحمۃ یتجنب عنھا القرباء ویتقرب الیھا البعداء۔

''عالم مثل گرم چشمہ کے ہے قریب والے اس سے علیحدہ رہتے ہیں اور دور رہنے والے اس سے تقرب حاصل کرتے ہیں''۔

اور اس بیت میں اس حدیث کی طرف بھی اشارہ ہے۔ جو فرمایا:

ان بعض عصاۃ المومنین یدخلون النار ویحترقون فیھا قدر ذنوبھم فیخرجون منھا فیلقون فی نھر الحیاۃ وفی روایۃ فیصب علیھم ماء الحیاۃ فیذھب السواد عنھم ویظھر البیاض

''بعض گنہگاران امت جہنم میں داخل ہوں گے اور اپنے گناہ کی مقدار جلیں گے پھر وہ نکالیں جائیں گے اور نہر حیات میں ڈالے جائیں گے۔ ایک روایت میں ہے ان پر ماء الحیات ڈالا جائے تو جو سیاہی آگ سے آچکی تھی وہ جاتی رہے گی اور بیاض ظاہر ہو''۔ **ھذا من فضل ربنا الفیاض**

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

حاصل معنی یہ ہوئے کہ قرآن کریم کی آیات بینات عرصات محشر میں گنہگاران امت کی شفاعت کریں گی اور حوض کوثر سے ان گنہگاروں کو شفا حاصل ہوگی جو جہنم سے نکالے گئے ہوں گے۔ اور ان کے چہرے سفید ہو جائیں گے۔ جنت میں داخل ہونے سے پہلے۔

اور اس بیت میں اس حدیث کی طرف بھی اشارہ ہے جو حضور ﷺ نے فرمایا ہے:

القرآن شافع مشفع وماحل مصدق فان من جعله امامه اوصله الی الجنه ومن جعله خلف ظهر ساقه الی النار

"یعنی قرآن کریم مرتکب صغائر وکبائر کا بروز قیامت شافع و مشفع ہے اور جو اس کی تلاوت کرے اور اس پر عمل کرے اس کے درجات بڑھا کر جنت پہنچاتا ہے۔ اور جو قرآن پڑھے اور عمل نہ کرے اسے جہنم کی طرف دھکیلتا ہے"۔

مولای صلِّ وسلم دائماً ابداً علیٰ حبیبک خیر الخلق کلهم

وَكَالصِّرَاطِ وَكَالْمِيزَانِ مَعْدِلَةً
۱۰۲ فَالْقِسْطُ مِنْ غَيْرِهَا فِي النَّاسِ لَمْ يَقُمِ

حل لغات: وکالصراط، اور یہ قرآن مثل پل صراط کے ہے۔ وکالمیزان، اور مثل میزان عدل کے ہے۔ معدلة، عدل کرنے کے لیے۔ فالقسط، ازقسط یقسط بمعنی عدل، پس عدل۔ من غیرها، اس کے غیر سے۔ فی الناس، لوگوں میں۔ لم یقم، متحقق نہیں ہوسکتا۔

ترجمہ: قرآن کی آیتیں انصاف ظاہر کرنے کے لیے مثل میزان یا پل صراط کے ہیں اور اس کے بغیر لوگوں میں عدل وانصاف قائم نہیں رہ سکتا۔

شرح: صراط چونکہ موصل الی المطلوب (محبوب تک پہنچانے والی) اس اعتبار سے قرآن کریم کو صراط سے تشبیہ دی کہ یہ بھی موصل الی المطلوب ہے۔ اور پل صراط کی تحقیق میں علامہ خرپوتی فرماتے ہیں:

والصراط جسر ممدود علی متن جهنم یعبره الاولون والآخرون من

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

المؤمنین والکفار والنبی علیہ السلام قائم علیہ قائلا یا رب سلم سلم وھو ادق من الشعرۃ و احد من السیف والناس فی جوازہ متفاوتون۔

''پل صراط ایک پل ہے جو جہنم کے اوپر ہے اور اولین و آخرین مومنین و کفار اس پر سے عبور کریں گے۔ اور ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس پر جلوہ فرما ہوں گے اور آپ کی زبان مبارک پر یا رب **سلم سلم** کی صدا ہوگی۔ یہ پل بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہوگا۔ اور لوگ اس پر سے گزرنے میں متفاوت الحال ہوں گے''۔

بعض لوگوں سے مروی ہے کہ یہ پل بال سے زیادہ باریک ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ مثل ایسے جنگل کی ہے کہ گزرنے والا گزر جائے گا اور دوسرے کو اس کی خبر بھی نہ ہوگی۔

اور پل صراط سے تشبیہ کی ضرورت اس بیت مبارک میں رد معتزلہ کی غرض سے ہے۔ کہ وہ پل صراط کے قائل نہیں، وہ کہتے ہیں کہ ایسی صفت کے پل سے عبور ناممکن ہے اور ایسے پل صراط کی تخلیق عبث ہے۔ جس پر سے گزرنا ناممکن ہو اور اگر ممکن بھی ہو تو یہ تعذیب للمومنین والانبیاء ہے۔

اس کا رد اہل سنت کی طرف سے یوں ہے کہ گزر ممکن ہے اس لیے کہ قدرت الہیہ سے بعید نہیں۔ انبیاء و مؤمنین اس کی قدرت سے اس پر بلا تعب گزریں گے۔ اور میزان عبارت ہے اس چیز سے جس کے ذریعہ اعمال کا موازنہ ہو۔ اور اس کی حقیقت کے ادراک سے عقل قاصر ہے اور وزن اعمال کی شان یہ ہوگی کہ عمل حسن کو اجسام نوری عطا ہوں گے اور اعمال بد کو اجسام ظلمانیہ مل جائیں گے۔

اور فالقسط میں لفظ قسط **قسط یقسط** سے ماخوذ ہے جو **نصر ینصر** سے ہے اس کے معنی عدل کے ہیں۔ اور **قسط یقسط جلس یجلس** کے وزن پر اگر ہو۔ اس کے معنی جور و ظلم کے ہیں۔ تو یہاں قسط **نصر ینصر** سے ماخوذ ہے اور اس کے معنی عدل کے ہیں۔

یہ لغات اضداد میں سے ہے۔ روایت ہے کہ حجاج نے حضرت سعید بن جبیر کو بلا کر پوچھا: **کیف تعلمنی یا سعید** ''تم مجھے کیسا جانتے ہو''۔ آپ نے فرمایا: **انک قاسط**

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

عادل۔ ''تو قاسط عادل ہے''۔ اہل جلسہ تو خوش ہو گئے اور حجاج نے کہا نہیں انہوں نے، مجھے قاسط بمعنی جائر و ظالم کہا جیسا کہ قرآن کریم میں ہے۔ وَ اَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا(1) اور عادل کہہ کر انہوں نے عادل عن الحق اور منصرف بالصدق کہا ہے۔ غرض کہ اس قسم کے لغات ذو معنی ہوتے ہیں۔ موافق مخالف معنی ادنی تغیر پر بن جاتے ہیں۔

فی الناس میں ناس کا مخصوص استعمال یوں فرمایا کہ ناس نسیان سے ماخوذ ہے۔ اور چونکہ انسان بھولنے چوکنے کا خوگر ہوتا ہے۔ اس لیے یہی لفظ یہاں موزوں تھا۔ اسی طرح انسان انس سے ماخوذ ہے چنانچہ کسی شاعر کا قول ہے:

وما سمیٰ الانسان الا لانسه ولا القلب الا انه یتقلب

''انسان کا نام انسان اس کے انس کی وجہ میں رکھا گیا اور قلب کو قلب اسی لیے کہا کہ یہ منقلب ہوتا رہتا ہے تو حاصل معنی بیت یہ ہوئے کہ

آیات بینات تمیز حق میں ظلمات ضلالت سے مثل صراط مستقیم ہیں۔ اور جہت عدالت میں مثل میزان۔ اگر دنیا میں فیصلہ کی حاجت ہو تو لوگوں میں سوا اس قرآن کریم کے کسی اور فیصلہ پر حق و عدالت قائم ہی نہیں رہ سکتی۔ اس لیے کہ مسلمان بلکہ انسان کا قیام بلا عدالت و انصاف مشکل اور عدالت کا قیام بغیر شریعت محال اور شریعت کا قیام بلا عمل بالقرآن ناممکن۔ تو نتیجہ صاف ہے کہ قرآن بغیر عدالت ناممکن۔

مولای صلِّ وسلم دائماً ابداً علٰی حبیبک خیر الخلق کلهم

لَا تَعْجَبَنْ لِحَسُوْدٍ رَّاحَ يُنْكِرُهَا

١٠٣ تَجَاهُلاً وَّهُوَ عَيْنُ الْحَاذِقِ الْفَهِمِ

حل لغات: لا تعجبن، صیغہ نہی با نون خفیفہ، نہ ہو تجھے تعجب۔ لحسود، حاسد سے۔ راح، جو ہو گیا ہے۔ ینکرها، انکار کرنے والا۔ تجاهلا، دانستہ جہالت کرنا، جان بوجھ کر جہالت کرنے سے۔ وهو، اور وہ۔ عین، نفسانیت سے۔ الحاذق، ماہر۔ الفهم، اور کثیر

1۔ اور جو بے راہ ہیں دوزخ کا ایندھن ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الفہم ہے۔

ترجمہ: اگر حاسد دانا اور سمجھ دار ہو کر دیدہ و دانستہ منکر قرآن اور مخالف فضائل رسول ہو تو اس انکار کرنے پر تو تعجب نہ کر۔

شرح: باوجودیکہ قرآن کریم حاوی منافع دینی و دنیوی ہے۔ اور گوناگوں فضائل و اعجاز پر مشتمل ہے۔ مگر بایں ہمہ اگر کوئی حاسد تجاہل عارفانہ کر کے ان کا انکار کرے تو تو ہرگز تعجب نہ کر اس لیے کہ اس کی وجہ آئندہ شعر میں فرماتے ہیں:

قَدْ تُنْكِرُ الْعَيْنُ ضَوْءَ الشَّمْسِ مِنْ رَّمَدٍ

۱۰۴

وَّيُنْكِرُ الْفَمُ طَعْمَ الْمَآءِ مِنْ سَقَمِ

حل لغات: قد، حرف تحقیق ہے۔ مضارع پر آ کر ''کبھی'' کے معنی دیتا ہے۔ کبھی۔ تنکر، انکار کر دیتی ہے۔ العین، آنکھ۔ ضوء الشمس، سورج کی روشنی کا۔ من رمد، آشوب چشم سے۔ وینکر، اور کبھی انکار کر دیتا ہے۔ الفم، منہ۔ طعم الماء، پانی کے ذائقہ کا۔ من سقم، بیماری کی وجہ سے۔

ترجمہ: کبھی آنکھ آشوب کے باعث ضوء الشّمس (سورج کی روشنی) دیکھنے سے قاصر ہو جاتی ہے۔ اور کبھی منہ پانی کا ذائقہ بتانے سے بیماری کی وجہ سے قاصر ہو جاتا ہے۔

شرح: قد تنکر کے بعد ضوء الشمس کی بجائے نور الشمس نہ کہنے کا سبب ظاہر ہے کہ ضوء اپنی ضیاء میں نور سے زیادہ قوی ہوتی ہے بلکہ اتم نور کو ضوء کہا جاتا ہے۔ نور ایک کیفیت ظاہر بنفسہا اور مظہر لغیرھا ہے۔ اور ضیاء اس سے قوی درجہ کا نام ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں ارشاد ہے: هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا (1) یہاں شمس کے ساتھ ضیاء اس لیے فرمایا کہ وہ ظاهر بنفسه اور مظهر لغيره ہے کہ چاند اس سے مستنیر ہے۔ اور چاند چونکہ اس سے ادنیٰ ہے لہٰذا اس کے لیے نور استعمال کیا گیا۔

ہوسکتا ہے کہ یہ اعتراض کوئی پیش کرے کہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (2) میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کو نور فرمایا جو ثابت کر رہا ہے کہ نور اقوی علی الاطلاق ہونا چاہیے لیکن

1۔ وہی ہے جس نے آفتاب کو چمکتا ہوا بنایا اور چاند کو نورانی بنایا۔ 2۔ اللہ نور ہے آسمانوں کا اور زمین کا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

یہ وہ کہہ سکتا ہے جو تفاسیر کے مطالعہ سے محروم ہو یہاں نور السموات کے معنی ہی منور السموت و الارض ہیں۔ (آسمانوں اور زمین کو روشن کرنے والا)

تو اب خلاصہ بیت واضح ہے کہ جس طرح آنکھ بسبب آشوب روشنی کو پسند نہیں کرتی اور جس طرح منہ بسبب مرض آب شیریں کے ذائقہ کو برا جانتا ہے۔ اسی طرح کفار و مشرکین و منافقین بسبب فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا (1) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضائل عجیبہ و خصائل پسندیدہ کو برا دیکھتے اور اپنے مرض کو اس کی علت نہ جانتے ہوئے صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ (2) ہو رہے ہیں۔

سورج الٹے پاؤں پلٹے چاند اشارے سے ہو چاک
اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسول اللہ کی

تجھ سے اور جنت سے کیا نسبت وہابی دور ہو
ہم رسول اللہ کے جنت رسول اللہ کی

لا ورب العرش جس کو جو ملا ان سے ملا
بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی

قبر میں لہرائیں گے تا حشر چشمے نور کے
جلوہ فرما ہو گی جب طلعت رسول اللہ کی

۱۰۵
یَاخَیْرَ مَنْ یَّمَّمَ الْعَافُوْنَ سَاحَتَهٗ
سَعْیًا وَّفَوْقَ مُتُوْنِ الْاَیْنُقِ الرُّسُمِ

حل لغات: یاخیر، اے بہترین۔ من، ان لوگوں کے۔ یمم، کہ قصد کرتے ہیں۔ العافون، جمع رزق یا کسی چیز کا طلب کرنا، حاجت مند، ساحتہ، کشادگی صحن، ان کی کشادہ دلی سے۔ سعیاً، دوڑتے ہوئے۔ و فوق، اور اوپر۔ متون، پیٹھوں۔ الاینق، ناقوں۔ الرسم، طاقت وروں کے۔

1۔ ان کے دلوں میں بیماری ہے پس اللہ نے ان کی بیماری بڑھادی۔

2۔ بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں سو یہ اب رجوع نہ کریں گے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIE ISLAMIA ACADEMY

ترجمہ: اے بہترین ان کے جن کے گھروں پر حاجت مند لوگ دوڑتے ہوئے اور مصیبت زدہ لوگ سانڈنیوں پر سوار ہو کر حاضر ہونے کا عزم کرتے ہیں۔

شرح: پہلے اشعار میں طرز کلام غائبانہ تھا۔ اب جب کہ غایت اشتیاق نے بیتاب کر دیا تو یہ تصور کر کے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوں اور دست بستہ عرض کر رہا ہوں کہتے ہیں اے خیر المعطی! تمہارے در پر سائل اپنی امیدیں لے کر پیادہ پا اور سانڈنیوں پر سوار ہو کر تمہارے آستانہ پر نیل مراد کے لیے حاضر ہو رہے ہیں۔ نظائر پہلے اشعار میں آ چکے اور آئیں گے۔

لب وا ہیں آنکھیں بند ہیں پھیلی ہیں جھولیاں
کتنے مزے کی بھیک ترے پاک در کی ہے
آباد ایک در ہے ترا اور ترے سوا
جو بارگاہ دیکھئے غیرت کھنڈر کی ہے
گھیرا اندھیریوں نے دہائی ہے چاند کی
تنہا ہوں کالی رات ہے منزل خطر کی ہے
باب عطا تو یہ ہے جو بہکا ادھر ادھر
کیسی خرابی اوس نگھرے دربدر کی ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فصل عاشر--معراج کا بیان

وَمَنْ هُوَ الْاٰيَةُ الْكُبْرٰى لِمُعْتَبِرٍ
١٠٦
وَّمَنْ هُوَ النِّعْمَةُ الْعُظْمٰى لِمُغْتَنِمِ

حل لغات: ومن هو، بمعنی یامن (اے وہ ذات) اور کون وہ۔ الایة الکبریٰ، وہ جو سب سے بڑی نشانی ہے۔ لمعتبر، یعنی لمستدل علی الحق، از عبرت نصیحت پکڑنا۔ عبرت حاصل کرنے والا۔ نصیحت لینے والے کے لیے۔ ومن هو، اور اے وہ ذات مقدس۔ النعمة، جو نعمت۔ العظمیٰ، اعظم۔ باعظمت۔ عظمیٰ ہے۔ لمغتنم، صیغہ فاعل از اغتنام غنیمت سمجھنا بہتر جاننا غنیمت جاننے والے کو۔

ترجمہ: اے وہ ذات مقدس جس کا وجود باجود عبرت حاصل کرنے والے کے لیے بڑا نشان ہے اور جس کا مبعوث ہونا غنیمت جاننے والے کے لیے بڑی نعمت ہے۔

شرح: یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات مقدس منصف اور قبول ہدایت کرنے والے کے لیے آیت کبریٰ ہے۔ اور قدر و منزلت سمجھنے والے کے لیے نعمت عظمیٰ ہے۔ اور نعمت عظمیٰ بھی دنیا و آخرت دونوں کے لیے۔ اس واسطے کہ نعمت دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک نعمت المنافع جیسے صحت بدن من عافیت تلذذ بالمطاعم والمشارب (1) اور مناکح۔ دوسری نعمت دفع ضرر من الامراض والبلا و شدائد و فقر (2)۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں دونوں شانیں ہیں۔ صحت جسمانی طریق معاش اکل و شرب کے اصول حفظان صحت کے قواعد زن و شوہر کے تعلقات۔ سب کی تعلیم حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے ملی۔ اور دوسری قسم کی نعمت بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے حاصل ہے۔ دفع ضرر دفع بلا اور شدائد فقر وغیرہ میں تعلیم صبر۔

ارباب تصوف کے نزدیک نعمت چھ ہیں:

1۔ امن، عافیت اور کھانے پینے کی چیزوں کی لذت وغیرہ۔

2۔ بیماریوں اور بلاؤں کے نقصان کو دور کرنا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اول نعمت نفس ہے کہ اس کے مقابلہ میں طاعت واحسان کیا جائے اور نفس منقلب ہو۔

دوم نعمت قلب ہے کہ وہ یقین وایمان ہے اوراس میں قلب منقلب ہو۔

سوم نعمت روح ہے کہ وہ خوف ورجا ہے اوراس میں وہ منقلب ہو۔

چہارم نعمت عقل ہے کہ وہ حکمت وبیان ہے اوراس میں وہ منقلب ہو۔

پنجم نعمت معرفت ہے وہ ذکراورقرآن ہے اوراس میں وہ منقلب ہو۔

ششم نعمت محبت ہے وہ الفت ومواصلت ہے۔ اور امن من الهجران ہے اوراس میں منقلب ہو۔

اور یہاں نعمت سے مراد منعم یہ ہے اس لیے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نعمت عظمیٰ ہیں کہ تمام مخلوق کے لیے رحمت ہیں اوراس قدر نعمتیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے صادر ہوئیں کہ ان کے انواع کا احصاء (شمار) نہیں ہوسکتا۔ اوراسی طرح آیۃ کبریٰ ہونا بھی واضح ہے کہ آپ کی ذات اقدس اکمل الموجودات ہے۔ اوراس بیت میں اوراس سے پہلی بیت میں حکمت معراج کی طرف بھی اشارہ ہے۔ کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو کس لیے ہوئی۔ وہ یہ ہے کہ ملأ اعلیٰ میں مخاصمہ ومناظرہ چار مسائل پر ایک ہزار برس تک رہا، لیکن فیصلہ نہ ہوسکا۔ جب حضور سید یوم النشور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مبعوث ہوئے تو ملائکہ سمجھے کہ یہ مشکلات اسی ہستی پاک کے ذریعہ حل ہو سکیں گی۔ چنانچہ ملائکہ نے بہ تضرع درخواست کی تو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک کو مقام قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی (1) پر مدعو کیا اور فَاَوْحٰۤى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى (2) کے امتیاز خاص سے نوازا۔

لامکان سے ہے مکاں تک یہ صدا آج کی رات
آتے ہیں صاحب لولاک لما آج کی رات

اس مقام قرب کے بعض خاص رازوں میں سے ایک یہ ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

رایت ربی فی احسن صورۃ فقال یا محمد فیم یختصم الملأ الاعلیٰ

1۔ اس جلوے اوراس محبوب میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم۔

2۔ اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی۔

فقلت انت تعلم فوضع یده بین کتفی فوجدت بردها بین ثدیی۔ ثم قال یا محمد هل تدری فیم یختصم الملأ الاعلی فقلت نعم فی الکفارات والمنجیات والدرجات والمهلکات قال صدقت یا محمد ثم قال یا ملائکتی وجدتم حلال المشکلات فاسالوا اشکالکم فقال اسرافیل ما الکفارات فقال علیه السلام اسباغ الوضوء فی المکاره والمشی بالاقدام الی الجماعة و انتظار الصلوٰة بعد الصلوٰة ثم قال میکائیل وما الدرجات فقال اطعام الطعام وافشاء السلام والصلوٰة باللیل والناس نیام ثم قال جبرئیل وما المنجیات فقال خشیة الله فی السر و العلانیة والقصد فی الفقر و الغنی والعدل فی الغضب والرضیٰ ثم قال عزرائیل وما المهلکات فقال شح مطاع وهوی متبع واعجاب المرء بنفسهٖ فقال الله تعالیٰ فی کل ذالک صدق۔ کذا ذکره فی البریقة شرح الطریقة۔

''میں نے اپنے رب کو احسن صورت میں دیکھا مجھے فرمایا: اے محبوب! وہ کون امور ہیں جن میں ملأ اعلیٰ جھگڑ رہے ہیں۔ میں نے عرض کی: الٰہی! تو ہی جانتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ نے اپنے ید بے مثال میرے دونوں شانوں کے مابین رکھے۔ ان کی ٹھنڈک میں نے اپنے سینہ میں پائی۔ پھر فرمایا: اے محبوب! اب جانتے ہو کہ کن امور میں ملأ اعلیٰ مخاصمہ کرتے ہیں۔ میں نے عرض کی: ہاں کفارات ومنجیات ودرجات ومہلکات میں جھگڑ رہے ہیں۔ تو جناب باری نے فرمایا: سچ فرمایا تم نے اے محبوب! پھر فرمایا: اے میرے فرشتو! اب تم نے مشکل کشائے مشکلات کو پالیا۔ اب اپنی مشکلات ان سے حل کرلو۔

تو پہلے حضرت اسرافیل نے عرض کی: حضور! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کفارات کیا ہیں یعنی وہ کون سے کام ہیں جن سے اللہ تمام گناہ معاف فرمادے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مصیبت وتکلیف کے وقت وضو پورا کرنا اور جماعت سے نماز پڑھنے کے لیے پیروں سے چل کر جانا اور جماعت کے بعد دوسری جماعت کا منتظر رہنا۔ پھر حضرت میکائیل نے عرض کی: حضور! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم درجات میں بلندی ہونے کے کیا کام ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ واسطے کھانا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کھلانا اور سلام عام کرنا اور رات میں نماز پڑھنا جب کہ لوگ سو رہے ہوں۔

پھر جبرئیل نے عرض کی: حضور! منجیات یعنی عذاب سے نجات دلانے والے کون سے کام ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خوف الٰہی پوشیدہ اور علانیہ اور قصد فقر و غنی میں اور عدل غضب و رضا میں۔ پھر عزرائیل نے عرض کی: انسان کو ہلاک کرنے والے کون سے کام ہیں تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: متکبر مغرور مطاع اور لالچ کا پیروکار اور اپنے آپ پر اترانے اور گھمنڈ کرنے والا۔ پھر جناب باری کی طرف سے ارشاد ہوا: تمام جوابوں میں ہمارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سچ فرمایا۔ ایسا ہی بریقہ شرح طریقہ میں ہے"۔

سَرَيْتَ مِنْ حَرَمٍ لَّيْلاً اِلٰى حَرَمٍ

١٠٧ كَمَا سَرَى الْبَدْرُ فِي دَاجٍ مِّنَ الظُّلَمِ

حل لغات: سریت، ماضی مخاطب از سریٰ۔ شب کی سیر۔ رات میں سیر فرمائی آپ نے۔ من حرم، حوالی کعبہ، حرم سے۔ لیلاً، تھوڑی سی رات میں۔ الی حرم، مقدس مقام تک۔ کما سری، جس طرح سیر کرتا ہے رات میں۔ البدر، چاند۔ فی داج، اصل میں داجی تھا۔ دجو سے بمعنی سیاہ۔ سیاہی میں۔ من الظلم، از ظلمت تاریکی، شب کی تاریکی سے۔

ترجمہ: حضور! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ نے رات میں سیر فرمائی حرم سے حرم تک جیسے چاند سیاہی میں سیر کرتا ہے اندھیری رات سے۔

شرح: سیر حرم الی الحرم کی شان سوائے ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی نبی کو حاصل نہیں ہوئی بلکہ یہ رتبہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کے ساتھ مختص ہے۔ اور سریت صیغہ مخاطب کے ساتھ جو بیت میں ہے۔ یہ سریٰ سے ہے۔ اور اسراء لغت میں رات کی سیر کو کہتے ہیں۔ اور وہ سیر جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبل ہجرت فرمائی جسے معراج کہتے ہیں وہ بجسد و روح تھی۔ قرآن کریم میں سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا سے یہی ثابت ہے۔ اس لیے کہ عبد ایسا اسم ہے جو روح اور جسد دونوں پر استعمال ہوسکتا ہے۔ اگر جسم بلا روح ہو تو عبد نہیں کہہ سکتے اور روح بلا جسم ہو تو عبد کہنا جائز نہیں۔ شیخ اکبر رحمۃ اللہ فرماتے ہیں:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

ان معراجه عليه السلام اربع وثلاثون مرة واحد بالجسد والباقی بروحه رویاراها قبل النبوة۔

''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراجیں چونتیس بار ہوئیں ان میں سے ایک مع جسم کے ہوئی اور باقی روحانی ہوئیں جو خواب تھے کہ قبل اظہار نبوت ملاحظہ فرمائے''۔

اس روایت سے مخالفین کے تمام اعتراضات اٹھ جاتے ہیں اور حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کی وہ حدیث جس میں آپ نے فرمایا ہے: واللہ مافقد جسد النبی صلی اللہ علیه وسلم بل عرج بروحه اس کی بھی تطبیق ہو جاتی ہے۔ کہ جس معراج کی بابت حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا فرما رہی ہیں۔ وہ ان میں سے ہی کوئی معراج ہو گی جو تینتیس بار ہوئیں۔

اور من حرم سے مراد حرم کعبہ ہے شرفھا اللہ تعالیٰ صاحب درر فرماتے ہیں:

اعلم ان البیت لما کان معظما مشرفا جعل له حصن وهو مكة وحمیً وهو الحرم

''بیت اللہ شریف جب کہ معظم و مشرف ہوا تو اس کے لیے قلعہ کیا گیا مکہ معظمہ کو اور اس کا محافظ حرم کے لیے بھی حرم مقرر ہوا اور وہ مواقیت ہیں۔ یہاں تک کہ جو میقات حرم پر پہنچ جائے اسے بلا احرام داخل ہونا ناجائز ہے۔

تفسیر روح البیان میں ہے کہ حد حرم جہت مدینہ منورہ سے تین میل پر ہے۔ اور طریق عراق سے سات میل اور براستہ جعرانہ 9 میل اور طائف کی طرف سے سات میل جدہ سے دس میل ہے۔ اور یہ سیر معراج چونکہ بیت ام ہانی بنت ابی طالب سے ہوئی اور وہ حرم میں ہے۔ اس لیے سریت من حرم صحیح ہے۔ اور لیلاً میں جو تنوین ہے یہ بعضیت پر چونکہ خود دال ہے۔ اس لیے اس کی تشریح کرنا زائد تھا۔ اس واقعہ عجیبہ کو رجب المرجب کی ستائیسویں شب دوشنبہ کے روز علی التواتر بتاتے ہیں۔ اب ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسا زبردست واقعہ اگر دن میں ہوتا تو کسی قسم کا اشکال باقی نہ رہتا اور مخالفین کو طعن کا موقع بھی نہ ملتا لیکن اس سیر کو رات کے ساتھ مخصوص کرنے میں کیا حکمت تھی۔ اس کا جواب علامہ خرپوتی رحمہ اللہ چار طرح دیتے ہیں، فرماتے ہیں:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(۱) اجیب عنه بانه انما جعل لیلا تمکینا لتخصیص لمقام المحبة لانه تعالیٰ اتخذه علیه السلام حبیبا و خلیلا و اللیل اخص زمان الجمع بین المحبین فیه و الراحة فی الخلوة متحققة باللیل۔

"رات مقام محبت میں مخصوص ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا حبیب بنایا اور رات جمع محبین کے لیے زمانہ اخص ہے اور تخلیہ جورات کا ہے وہ دن میں نہیں۔ اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبوبیت کا اقتضاء یہی تھا کہ یہ سیر رات کو ہوتی"۔

(۲) قال بعض الفضلاء لعل تخصیصه باللیل لیزداد الذین امنوا ایمانا بالغیب ولیفتتن الذین کفروا زیادة علی فتنتهم اذ الیل اخفی حالا من النهار۔

"بعض فضلاء نے فرمایا شاید کہ اس سیر کے لیے رات کا مخصوص کرنا اس لیے ہو کہ ایمان والوں کے ایمان بالغیب میں زیادتی ہو اور کافروں کے اندر فتنہ بڑھے اس لیے کہ رات دن کے مقابلہ میں ہر معاملہ کو مخفی رکھتی ہے"۔

(۳) وقیل حکمته انه افتخر النهار علی اللیل بالشمس فقیل لا تفتخر ان کان شمس الدنیا تشرق فیک فسیعرج شمس الوجود فی اللیل الی السماء

"بعض نے کہا کہ معراج رات میں ہونے کی یہ حکمت ہے کہ دن نے رات پر فخر کیا تھا تو اسے کہا گیا کہ تو اتنا فخر نہ کر۔ اگر شمس دنیا تیرے اندر اشراق کر رہا ہے تو عنقریب شمس وجود رات میں آسمانوں کی طرف چڑھایا جائے گا"۔

(۴) قال بعض اهل المعارف حکمته انه لما محی الله ایة اللیل وجعل ایة النهار مبصرة کان اللیل محزونا و منکسرا فکان الاسراء بمحمد علیه الصلوٰة والسلام فی اللیل للعدالة۔

"بعض اہل عرفان فرماتے ہیں کہ رات کی معراج میں یہ حکمت ہے کہ رات کی نشانیاں جب اللہ تعالیٰ نے محو فرمائیں اور دن کی نشانیاں روشن کیں تو رات محزون ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے اکبر آیات یعنی معراج کے ساتھ رات کو روشن کر کے دونوں میں مظاہرہ عدل فرمایا"۔

اور الی حرم سے مراد مسجد اقصیٰ ہے۔ اس پر اطلاق حرم بوجہ احترام کیا گیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOOM-ISLAMIA ACADEMY

اب عقیدہ مسئلہ معراج کے متعلق یہ ہے کہ حضور ﷺ کی معراج مع الجسم والروح مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک قطعی اذعانی یقینی ہے اور جو اس سے منکر ہو وہ کافر ہے، بلا اختلاف ائمہ اربعہ۔ لیکن مسجد اقصیٰ سے سموات علی تک کی معراج کا جو منکر ہے اس کے کفر میں اختلاف ہے۔ اب خلاصہ مفہوم بیت یہ ہوا کہ ناظم فاہم رحمہ اللہ حضور ﷺ کو مخاطب کر کے دربار رسالت ﷺ میں عرض کر رہے ہیں کہ حضور! ﷺ آپ ایک رات میں حرم شریف سے حرم محترم مسجد اقصیٰ تک آناً فاناً میں تشریف لے گئے باآنکہ اس حرم سے اس حرم کے مابین بعد مسافت چالیس روز کے سفر کی ہے لیکن حضور! ﷺ آپ اس سرعت کے ساتھ سیر فرماتے ہوئے تشریف لے گئے جیسے چاند تاریکی کے پردوں میں نہایت تابانی کے ساتھ سیر کرتا چلا جاتا ہے۔ چنانچہ آگے فرماتے ہیں:

۱۰۱
وَبِتَّ تَرْقٰی اِلٰی اَنْ نِلْتَ مَنْزِلَةً
مِنْ قَابَ قَوْسَیْنِ لَمْ تُدْرَکْ وَلَمْ تُرَمِ

حل لغات: و، برائے عطف، اور۔ بت، ماضی مخاطب از بیتوتۃ بمعنی صرت فی اللیل ہوئے۔ تم رات میں۔ ترقی، بمعنی تصعد، کہ چڑھے۔ الی ان، یہاں تک کہ۔ نلت، ماضی مخاطب، از نیل، پہنچے تم۔ منزلةً، الی منزل منزلة، اس منزل تک۔ من قاب، کہ مقدار۔ قوسین، دو چلہ کمان کے۔ لم تدرک، تلک المنزلة احد من الانسان والملائکة، کہ نہیں پاسکتا کوئی اس منزل کو۔ ولم ترم، ای لم یطلب تلک المنزلة احد غیرک، اور نہ خواہش کر سکتا ہے۔

ترجمہ: اور رات میں چڑھے آپ یہاں تک کہ اس منزل پر پہنچے جس منزل تک انسان و ملک نہیں پہنچ سکتا۔ اور نہ اس منزل تک پہنچنے کی آرزو کر سکتا ہے۔

شرح:

تن تن کے کھڑے ہوتے ہیں کیوں سرو چمن آج
دکھلاتے ہیں کیوں گلبن و گل تازہ پھبن آج

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

کیوں بدلی ہیں پھولوں نے قبا رنگ برنگی
کیوں شوخی پہ ہیں گلبن و نسرین و سمن آج
مرغان چمن لحن عرب گا رہے ہیں کیوں
کیا ہے کوئی سلطان عرب سایہ فگن آج
بلبل ہے کہیں نغمہ مستانہ کی سرمست
طوطی ہے کہیں مست مئے حب یمن آج
گل مست مئے شوق ہیں کر چاک گریباں
سرمست ہیں کس شوق میں خوباں ختن آج
پھیلائے ہوئے چادر انجم کو ہے کیوں چرخ
ہاتھوں میں لیے کیوں ہے کھڑا عقد پرن آج
کیوں روح الامیں آج ہیں مست مئے مکہ
مکے سے چلی آئی ہے کیوں باد امن آج
کیوں امڈی چلی آتی ہیں رحمت کی گھٹائیں
کیوں لگ رہی عالم میں ہے رحمت کی برن آج
ہے کس کی شب وصل کہ گلشن ہی نہیں ایک
جو بن نیا دکھلاتے ہیں بن بن کے جوبن آج
قوسین عروج اور نزول اتنی ہوں نزدیک
سمجھے نہ کوئی ان کے سوا بہتر سخن آج!
ہو نسخۂ امکاں سے عیاں معنیٔ توحید
ہو جائے متن شرح بنے شرح متن آج

چونکہ معتزلہ کے نزدیک مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک معراج ہوئی اور اس کے آگے کو وہ تسلیم نہیں کرتے تو اس کا رد کرنے کے لیے اس بیت مبارک میں ناظم فاہم رحمہ اللہ نے وبت ترقی الی ان نلت منزلة فرمایا۔اور بعض نسخوں میں بت کی جگہ ظلت ترقی بھی

آیا ہے۔لیکن دونوں کے معنی صرف ہی ہیں۔اور قاب قوسین سے حقیقی مراد کمال قرب ہے۔اس لیے کہ عادت عرب یہی تھی کہ جب دو امیر یا دو خلیفہ باہمی مصالحت کرتے اور معاہد بنتے تو اپنی اپنی کمان نکال کر اس کی قوس باہمی ملا دیا کرتے تھے۔جس سے ایک دائرہ بن جاتا تھا اور اس دائرہ سے وہ منتہاء وداد و رابطہ تعبیر کرتے۔اور اس حدیث کی طرف بھی اس بیت مبارک میں اشارہ ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

عرج بی جبرائیل الی سدرۃ المنتھیٰ ودنیٰ الجبار رب العزۃ فتدلیٰ حتیٰ کان منه قاب قوسین او ادنیٰ فاوحی الیه ربه ما اوحی۔

”مجھے چڑھایا گیا مع جبریل کے سدرۃ المنتہیٰ تک۔پھر قرب جبار رب العزت حاصل ہوا حتیٰ کہ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی (1) کا درجہ ملا اور فَاَوْحٰۤی اِلٰی عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰی (2) کا تخلیہ حاصل ہوا۔

اور اگر آیہ کریمہ سُبْحٰنَ الَّذِیْۤ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا (3) کو بنظر غائر دیکھیے تو کچھ اور ہی جلوے نظر آرہے ہیں۔ربودن و رفتن میں جو فرق ہے وہ مہر نیمروز سے زیادہ واضح ہے۔یہ ایسا نازک مقام ہے کہ یہاں عقل کا کام نہیں عقل علوی بآواز کہہ رہی ہے او دل بے خبر! ہوش کی دوا کر۔آپے کو سنبھال تیری کیا مجال جو اس حیرت انگیز سفر کی حقیقت کا ادراک کر سکے۔خبردار! حد سے آگے قدم نہ ڈال۔ تیرا منہ ہے کہ تو بولے یہ سرکاروں کی باتیں ہیں۔

یہ رات وہ رات ہے کہ آفتاب عالمتاب بھی اس سے کسب ضیاء کر رہا ہے۔جب تو اس کے پرتو کے مقابل پڑے تو تجھے معلوم ہو کہ تیرا وجود کیا ہے۔بڑے بڑے مہر جمال اپنی نگاہیں نیچے کیے حیرت جلوہ گری بنے کھڑے ہیں۔اس کی ادنیٰ تابش ذروں کو چمکاتی عالم کو روشن بناتی ہے۔اللہ رے ہجوم تجلی کہ قمر نے رات بھر نکلنے کی جگہ نہ پائی۔وادی طور میں جس

1۔دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم۔

2۔اب وحی فرمائی اس کی طرف اس کے رب نے جو وحی فرمائی۔

3۔پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

جلوہ پر ہزاروں پردے تھے آج وہ بے نقاب ہے وہ محبوب جس کی ایک جھلک نے جناب کلیم کو بےخود کیا تھا اس رات بے حجاب ہے۔

اس کے جلوے کا تو کیا کہنا مگر دیکھنے والے کو دیکھا چاہیے

سکان بالا کا دماغ عالم بالا پر ہے۔ جگہ جگہ مشتاقوں کا ہجوم آمد آمد کی دھوم، ایک منتظر سر جھکائے، ایک ہجوم شوق میں نقد ہوش گمائے، کوئی مایۂ دل نثار کرنے کو حاضر، کوئی متاع جان کی نچھاور لیے منتظر، کوئی کہتا ہے اپنی آنکھیں ان قدموں پر ملوں گا، کوئی کہہ رہا ہے آج دامن پر مچل مچل کر ایک ایک مراد لوں گا، کوئی مشتاق بادل بے تاب سر نیاز جھکائے کھڑا ہے اور کوئی سائل بادیدہ پرآب دست طلب پھیلائے پکار رہا ہے ؎

نگاہ لطف کے امیدوار ہم بھی ہیں لیے ہوئے یہ دل بیقرار ہم بھی ہیں

ہمارے دست تمنا کی لاج بھی رکھنا! تیرے فقیروں میں اے شہر یار ہم بھی ہیں

اللہ اللہ سمک (مچھلی) سے سماء (آسمان) تک ایک غلغلۂ شادمانی وطنطنۂ کامرانی بلند ہے۔ ذرہ ذرہ قطرہ قطرہ اپنی قسمت پر شاداں وخورسند ہے۔ زمین آسمان کے آگے جھک کر کہہ رہی ہے کہ آج تو جلوہ گاہ دلربائی ہے آسمان زمین پر قربان ہوکر کہہ رہا ہے کہ یہ دولت تیرے گھر سے پائی ہے۔

امیدوں کے غنچے چٹک کر مرادوں کے شادیانے بجارہے ہیں، دلوں کے سوز چمک کر شوق کی مشعلیں جلارہے ہیں۔

گلزار قدس کے مالی محبت کے پھولوں کی کشتیاں نذر کے لیے لائے ہیں۔ گلستان طریقت میں خلق عظیم کا لہکتا تختہ اپنی مہکتی کلیوں سے ہار گوندرہا ہے۔ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ (1) کا جھلکتا سہرا يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ (2) کا چمکتا گجرا تیار کرکے يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ (3) کی نچھاور کے ساتھ شان تزک واحتشام دکھا رہا ہے۔

ہاں یہ وہ وقت ہے کہ خدا کو بجود نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود مداح کو جنت، جنت کو امت، امت

1۔ اور ہم نے تمہارے لیے تمہارا ذکر بلند کردیا۔ 2۔ ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔

3۔ درود بھیجتے ہیں نبی پر۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OQOMIL ISLAMIA ACADEMY

کو شفاعت، شفاعت کو وجاہت، فقیروں کو ثروت، ذلیلوں کو عزت، ضعیفوں کو قوت، حزینوں کو عشرت، آنکھوں کو نور، دل کو سرور، مجھ جیسے بے دست و پا کو لطف حضور حاصل ہو گا۔ وہ سہانی گھڑی خیر سے آرہی ہے کہ دارین کے دولہا کو شبستان والا سے مسجد اعلیٰ اور مسجد اعلیٰ سے بزم بالا اور بزم بالا سے مقصد والا تک لے جایا جائے گا۔ پائے سمک سے تاج سماء تک فرش خاک سے عرش پاک تک۔ سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ کا ڈنکا بجے گا دونوں جہان میں ان کے نام کی دوہائی پھرے گی۔ مہر و ماہ پر سکہ جمے گا۔ نقیب سرکار جبریل باوقار منبر سدرہ پر مدح سلطان کا خطبہ پڑھے گا۔ عرش و فلک تلووں کی جھلک، نعلین مبارک کی چمک دیکھ کر سر جھکائیں گے اور کہیں گے

خاک درت بر سر ما تاج باد — ہر شب عمرت شب معراج باد

مولای صل وسلم دائماً ابداً — علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

ماہ مبارک رجب المرجب کی ستائیسویں شب تھی کہ رسول ملائکہ مکین جبریل امین بحکم رب العالمین براق برق دم پری جمال گوہرین سم عنبرین ایال مرغزار جنت سے لے کر در دولت عرش منزلت پر آیا اور مجرا کیا۔

آیا براق برق رم — لے برق بھی جس کے قدم

ہستی سے تا ملک عدم — اس کی روش تھی ایک دم

تھا نرم رو چوں موج یم — گرمی میں بجلی اس سے کم

تھی شان رب ذو کرم — اس کی روش اس کا چلن

توسن میں یہ قدرت کہاں — صرصر میں یہ سرعت کہاں

آہو میں یہ جودت کہاں — شہباز میں رفعت کہاں

جن میں ہے یہ طاقت کہاں — یہ برق میں صولت کہاں

گھوڑوں کی یہ صورت کہاں — پریوں کا منہ ریشم ساتن

لے شہ کو مرکب یوں اڑا — دل لے کے جیسے دلربا

اور جوہری جوہر اٹھا — پا کر مہوس کیمیا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لے کر خضر آب بقا گوہر کو لے کر شب پڑا
لے کر اڑے جیسے صبا بوئے عنبر و یاسمن
صدر العلےٰ بالا چلا آقا چلا مولا چلا
عالی سوئے اعلےٰ چلا ماہ جہاں آرا چلا
وہ عرش کا تارا چلا اللہ کا پیارا چلا
پیاری ادا والا چلا حوریں تکیں جس کی پھبن
جب مرکب خیر الورے بیت المقدس میں گیا
روح الامیں نے یہ کہا کیجئے نماز اس دم ادا
حاضر ہیں املاک السماء صف بستہ ہیں کل انبیاء
ہو جے امام اے پیشوا ہیں آپ صدر انجمن
آئی مرصع نرد باں! اس پر چلے شاہ زماں
بے حد گروہ قدسیاں تھے دہنے اور بائیں رواں
پرنور تھے کون و مکاں انجم ہوئے گوہر فشاں
زہرہ عطارد کہکشاں نثرہ قمر کیواں پرن
کی خوب سیر ہر فلک دیکھے فلک اور سب ملک
جا پہنچے آخر عرش تک پردے گئے اٹھ یک بیک
کچھ اور ہی پائی چمک کچھ اور ہی دیکھی جھلک
اللہ کو بے شبہہ و شک اس آنکھ سے دیکھا علن
جنت میں فرمایا گزر ایک باغ دیکھا سبز و تر
پھرتی ہیں حور عین ادھر غلمان خوش منظر ادھر
رہنے کو نورانی وہ گھر ایک خشت سیم ایک خشت زر
نہریں رواں شفاف تر خمر و عسل ماء و لبن
دوزخ کو دیکھا پر خطر ہیبت کی جا وحشت کا گھر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نیچے شرر اوپر شرر جائے نکل مجرم کدھر
طوق اور زنجیریں ادھر سانپ اور بچھو ہیں ادھر
ہیں نیش کژدم نیشتر زہری غضب سانپوں کے پھن
وہاں کی سب اشیاء دیکھ کر جنت کا جلوہ دیکھ کر
عرش معلےٰ دیکھ کر دیدار مولیٰ دیکھ کر
وہ بیت اقصیٰ دیکھ کر و طور سینا دیکھ کر
آئے وہ کیا کیا دیکھ کر دم بھر میں بے رنج و محن
حضرت کی توصیف و ثناء والنجم میں ہے قدر آی
مازاغ پڑھ اور ماطغیٰ پھر قاب قوسین اور دنیٰ
پھر حق نے ما اَوحیٰ کہا اس وحی کو مجمل کیا
مجمل کرے جس کو خدا واں پہنچے کس کا وہم وظن

اللہ اللہ وہ جل جلالہ بلانے والا۔ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سا جانے والا۔ عقل کل کے حسن دانش پر نثار کیا وقت پا کر پیاری پیاری گزارش کی کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقام دنیٰ پر فائز ہوں۔ فَتَدَلّٰی ۙ﴿۸﴾ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰی (1) کی مسند پر جلوہ گری کریں اس رنجور کی یہ عرض فراموش نہ فرمائیں کہ جب امت مرحومہ روز قیامت صراط پر گزرے تو یہ خادم دیرینہ زیر قدم فرش پر کرے۔ سرکار بے کس نواز نے جبریل کی یہ عرض قبول فرمائی اور انہیں رخصت کیا۔ اب تو چہار جانب سے انوار غیب کی پیہم تجلیوں نے راستہ بھر دیا۔

اس کے بعد ایک پردۂ نوری کے قریب جلو کے فرشتے نے پردہ ہلایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام پاک سن کر راستہ پایا۔ غرضکہ اسی طرح ستر ہزار حجاب طے فرمائے کہ اب رفرف کی باری آئی جو ایک سبز بچھونا نورانی تھا۔ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سواری فرمائی اور سر عرش جلوہ گری ہوئی کہ رفرف غائب ہو گیا۔ یہاں تنہا مجسمہ جمال پیکر وصال صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور شان جلال کچھ گھبرائے ناگاہ گوش اقدس میں بندۂ جان نثار یار غمگسار سچے رفیق ابوبکر صدیق رضی

1۔ پھر خوب اتر آیا تو اس جلوے اور اس محبوب میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIE ISLAMIA ACADEMY

اللہ عنہ کی آواز آئی کہ عرض کر رہے ہیں:

قف یا محمد فان ربک یصلی۔ ''اے حضور! ﷺ کچھ وقفہ فرمائیے کہ آپ کا رب صلوٰۃ کرتا ہے''۔ حضور ﷺ کا دل انوار یار وفادار کی آواز سن کر ٹھہرا۔ لیکن حیرانیوں نے گھیرا کہ صدیق رضی اللہ عنہ یہاں کہاں۔ معبود مطلق کا صلوٰۃ کرنا کیا معنی اتنے میں عرش سے ایک قطرہ ٹپکا۔ حضور ﷺ نے نوش فرمایا۔ شہد سے زیادہ شیریں پایا اور حقیقت تو یہ ہے کہ یہ فقط سمجھانے کے لیے کہا کہ ہمارے استعمال میں کوئی چیز شہد سے زیادہ میٹھی نہیں تو اس کا نام لے کر تفہیم فرمائی۔ ورنہ کجا شہد کجا وہ قطرۂ راز محبت، اس کی ماہیت پلانے والا جانے یا پینے والا۔ باللہ العظیم وہ محبوب رب الکریم شیریں دہن اگر دریائے شور میں لعاب دہن اقدس ڈال دے۔ تمام بحر نمکین شہد ہو جائے پھر ایسے کے لیے ایسی جگہ سے ایسی شیریں نعمت ہی عطا ہوئی ہوگی جو ہزار درجہ شہد سے بالا ہو۔ اسے شہد سے کیا نسبت۔ الحاصل اس قطرہ کے نوش فرماتے ہی تمام علوم اولین و آخرین قلب انوار پر منکشف ہوئے۔ پھر عرش اعظم سے خطاب ہوا:

ادن یا احمد ادن یا محمد ادن یا خیر البریه

''پاس آ اے احمد۔ پاس آ اے محمد۔ پاس آ اے تمام جہان سے بہتر''۔ غرضکہ

بڑھے تو لیکن جھجکتے ڈرتے حیا سے جھکتے ادب سے رکتے
جو قرب انہیں کے روش پہ رکھتے تو لاکھوں منزل کے فاصلے تھے

اب ہم اس رنگین نوائی کو اعلیٰ حضرت کی منظوم نعت معراجیہ پر ختم کر کے آخر میں علامہ خرپوتی اور شیخ زادہ کی تحقیق نذر ناظرین کریں گے:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

قصیدہ معراجیہ از امام اہل سنت اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز

وہ سرور کشور رسالت جو عرش پر جلوہ گر ہوئے تھے
نئے نرالے طرب کے سامان عرب کے مہمان کے لیے تھے
بہار ہے شادیاں مبارک چمن کو آبادیاں مبارک
ملک فلک اپنی اپنی لے میں یہ گھر عنادل کا بولتے تھے
وہاں فلک پر یہاں زمین میں رچی تھی شادی مچی تھی دھومیں
ادھر سے انوار ہنستے آتے ادھر سے نفحات اٹھ رہے تھے
یہ چھوٹ پڑتی تھی ان کے رخ کی کہ عرش تک چاندنی تھی چھٹکی
وہ رات کیا جگمگا رہی تھی جگہ جگہ نصب آئینے تھے
نئی دلہن کی پھبن میں کعبہ نکھر کے سنورا سنور کے نکھرا
حجر کے صدقے کمر کے اک تل میں رنگ لاکھوں بناؤ کے تھے
نظر میں دولہا کے پیارے جلوے حیا سے محراب سر جھکائے
سیاہ پردے کے منہ پر آنچل تجلی ذات بحت کے تھے
خوشی کے بادل امنڈ کے آئے دلوں کے طاؤس رنگ لائے
وہ نغمۂ نعت کا سماں تھا حرم کو خود وجد آ رہے تھے
یہ جھوما میزاب زر کا جھومر کہ آ رہا ہے کان پر ڈھلک کر
پھوہار برسی تو موتی جھڑ کر حطیم کی گود میں بھرے تھے
دلہن کی خوشبو سے مست کپڑے نسیم گستاخ آنچلوں سے
غلاف مشکیں جو اڑ رہا تھا غزال نافے بسا رہے تھے
پہاڑیوں کا وہ حسن تزئین وہ اونچی چوٹی وہ ناز تمکین
صبا سے سبزہ میں لہریں آئیں دوپٹے دھانی چنے ہوئے تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

نہا کے نہروں نے وہ چمکتا لباس آب رواں کا پہنا
کہ موجیں چھڑیاں تھیں دھار لچکا حباب تاباں کے تھل ٹکے تھے
پرانا پر داغ ملگجا تھا اٹھا دیا فرش چاندنی کا
ہجوم تارنگہ سے کوسوں قدم قدم فرش بار دیئے تھے
غبار بن کر نثار جائیں کہاں اب اس راہ گزر کو پائیں
ہمارے دل حوریوں کی آنکھیں فرشتوں کے پر جہاں بچھے تھے
خدا ہی دے صبر جان پر غم دکھاؤں کیوں کر تجھے وہ عالم
جب ان کو جھرمٹ میں لے کر قدسی جناں کا دولہا بنا رہے تھے
اتار کر ان کے رخ کا صدقہ یہ نور کا بٹ رہا تھا باڑا
کہ چاند سورج مچل مچل کر جبیں کی خیرات مانگتے تھے
وہی تو اب تک جھلک رہا ہے وہی تو جوبن ٹپک رہا ہے
نہانے میں جو گرا تھا پانی کٹورے تاروں نے بھر لیے تھے
بچا جو تلووں کا ان کے دھوون بنا وہ جنت کا رنگ و روغن
جنھوں نے دولہا کی پائی اترن وہ پھول گلزار نور کے تھے
خبر یہ تحویل مہر کی تھی کہ رت سہانی گھڑی پھرے گی
وہاں کی پوشاک زیب تن کی یہاں کا جوڑا بڑھا چکے تھے
تجلی حق کا سہرا سر پر صلاۃ و تسلیم کی نچھاور
دو رویہ قدسی پرے جما کر کھڑے سلامی کے واسطے تھے
جو ہم بھی واں ہوتے خاک گلشن لپٹ کر قدموں سے لیتے اترن
مگر کیا کریں نصیب میں تو یہ نامرادی کے دن لکھے تھے
ابھی نہ آئے تھے پشت زیں تک کہ سر ہوئی مغفرت کی شلک
صدا شفاعت نے دی مبارک گناہ مستانہ جھومتے تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہجوم امید ہے گھٹاؤ مرا دیں دے کر انہیں ہٹاؤ
ادب کی باگیں لیے بڑھاؤ ملائکہ میں یہ غل غلے تھے
اٹھی جو گرد راہ منور وہ نور برسا کہ راستے بھر
گھرے تھے بادل بھرے تھے جل تھل امنڈ کے جنگل ابل رہے تھے
براق کے نقش سم کے صدقے وہ گل کھلائے کہ سارے رستے
مہکتے گلبن لہکتے گلشن ہرے بھرے لہلہا رہے تھے
نماز اقصیٰ میں تھا یہی سرعیاں ہو معنی اول آخر
کہ دست بستہ ہیں پیچھے حاضر جو سلطنت آگے کر گئے تھے
وہ ظل رحمت وہ رخ کے جلوے کے تارے چھپتے نہ کھلنے پاتے
سنہری زربفت اودی اطلس یہ تھان سب دھوپ چھاؤں کے تھے
جھلک سی ایک قدسیوں پر آئی ہوا بھی دامن کی پھر نہ پائی
سواری دولہا کی دور پہنچی برات میں ہوش ہی گئے تھے
جلو میں جو مرغ عقل اڑے تھے عجب برے حالوں گرتے پڑتے
وہ سدرہ ہی پر رہے تھے تھک کر چڑھا تھا دم تیور آ گئے تھے
قوی تھے مرغان وہم کے پر اڑے تو اڑنے کو اور دم بھر
اٹھائی سینے کی ایسی ٹھوکر کہ خون اندیشہ تھوکتے تھے
سنا یہ اتنے میں عرش حق نے کہ لے مبارک ہوں تاج والے
وہی قدم خیر سے پھر آئے جو پہلے تاج شرف ترے تھے
یہ سن کے بے خود پکار اٹھا نثار جاؤں کہاں ہیں آقا
پھر ان کے تلووں کا پاؤں بوسہ یہ میری آنکھوں کے دن پھرے تھے
یہی سماں تھا کہ پیک رحمت خبر یہ لایا کہ چلیے حضرت
تمہاری خاطر کشادہ ہیں جو کلیم پر بند راستے تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

بڑھ اے محمد قریں ہو احمد قریب آ سرور ممجد
نثار جاؤں یہ کیا ندا تھی یہ کیا سماں تھا یہ کیا مزے تھے
تبارک اللہ شان تیری تجھی کو زیبا ہے بے نیازی
کہیں تو وہ جوش لن ترانی کہیں تقاضے وصال کے تھے
خرد سے کہہ دو کہ سر جھکا لے گماں سے گزرے گزرنے والے
پڑے ہیں یاں خود جہت کو لالے کسے بتائے کدھر گئے تھے
سراغ این و متی کہاں تھا نشان کیف و الیٰ کہاں تھا
نہ کوئی راہی نہ کوئی ساتھی نہ سنگ منزل نہ مرحلے تھے
بڑھے تو لیکن جھجکتے ڈرتے حیا سے جھکتے ادب سے رکتے
جو قرب انہیں کی روش پہ رکھتے تو لاکھوں منزل کے فاصلے تھے
پران کا بڑھنا تو نام کو تھا حقیقتًہ فعل تھا ادھر کا
تنزلوں میں ترقی افزا دنیٰ تدلّٰی کے سلسلے تھے
ہوا نہ آخر کہ ایک بجرا تموج بحر ہو میں ابھرا
دنیٰ کی گودی میں ان کو لے کر فنا کے لنگر اٹھا دیے تھے
کسے ملے گھاٹ کا کنارا کدھر سے گزرا کہاں اتارا
بھرا جو مثل نظر طرارا وہ اپنی آنکھوں سے خود چھپے تھے
اٹھے جو قصر دنیٰ کے پردے کوئی خبر دے تو کیا خبر دے
وہاں تو جاہی نہیں دوئی کی نہ کہہ کہ وہ بھی نہ تھے ارے تھے
وہ باغ کچھ ایسا رنگ لایا کہ غنچہ و گل کا فرق اٹھایا
گرہ میں کلیوں کی باغ پھولے گلوں کے تکمے لگے ہوئے تھے
محیط و مرکز میں فرق مشکل رہے نہ فاصل خطوط واصل
کمانیں حیرت میں سر جھکائے عجیب چکر میں دائرے تھے

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

حجاب اٹھنے میں لاکھوں پردے ہر ایک پردے میں لاکھوں جلوے
عجب گھڑی تھی کہ وصل و فرقت جنم کے بچھڑے گلے ملے تھے

زبانیں سوکھی دکھا کے موجیں تڑپ رہی تھیں کہ پانی پائیں
بھنور کو یہ ضعف تشنگی تھا کہ حلقے آنکھوں میں پڑ گئے تھے

وہی ہے اول وہی ہے آخر وہی ہے باطن وہی ہے ظاہر
اسی کے جلوے اسی سے ملنے اسی سے اس کی طرف گئے تھے

کمان امکان کے جھوٹے نقطو! تم اول آخر کے پھیر میں ہو
محیط کی چال سے تو پوچھو کدھر سے آئے کدھر گئے تھے

ادھر سے تھیں نذر شہ نمازیں ادھر سے انعام خسروی میں
سلام و رحمت کے ہار گندھ کر گلوے پر نور میں پڑے تھے

خدا کی قدرت کہ چاند حق نے کروڑوں منزل میں جلوہ کر کے
ابھی نہ تاروں کی چھاؤں بدلی کہ نور کے تڑکے آ لیے تھے

نبی رحمت شفیع امت رضا یہ للہ ہو عنایت
اسے بھی ان خلعتوں سے حصہ جو خاص رحمت کے واں بٹے تھے

علامہ مرزوقی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب قرب خاص میں پہنچے اور قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی کے مسند نشیں ہوئے تو بارگاہ خاص میں حضور ﷺ نے عرض کی:

اللھم انت ماتفعل بامتی۔

''الٰہی میرے لیے تو یہ درجات و مراتب لیکن میری امت کے لیے تیری سرکار سے کیا عطا ہوگی''۔

قال اللّٰہ تعالیٰ انزل علیه الرحمة وابدل سیئاتھم حسنات ومن دعانی منھم لبیته ومن سألنی اعطیته ومن توکل علی کفیته وفی الدنیا استر علی العصاة وفی الاخرة اشفعک فیھم ولولا ان الحبیب یحب معاتبة حبیبه

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لما حاسبت امتک۔

''ارشاد باری ہوا کہ محبوب! ان پر میں نے رحمت نازل فرمائی کہ ان کے گناہ نیکیوں سے بدلے اور جو آپ کا امتی مجھے پکارے میں اسے **لبیک یا عبدی** کہہ کر تسکین دیتا ہوں اور جو مجھ سے وہ مانگتے ہیں عطا فرماتا ہوں اور جو میرے ساتھ توکل کرے میں اسے کافی ہوتا ہوں میں دنیا میں گنہگاروں کی پردہ پوشی کرتا ہوں اور آخرت میں تمہاری شفاعت اس کے لیے ہے۔ اور اگر حبیب معاتبہ حبیب کو محبوب نہ رکھتا تو میں تیری امت سے محاسبہ ہی نہ کرتا''۔

اس کے بعد قصہ معراج کی جو مفصل حدیث شیخ زادہ نقل فرماتے ہیں۔ اس کا ترجمہ منقول ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہم مسجد حرام میں حجر کے پاس بیت اللہ کے قریب کچھ سوتے جاگتے ہوئے تھے کہ جبریل آئے اور براق لائے ایک حدیث میں ہے ہمیں سیر کرائی حضرت ام ہانی بنت ابی طالب کے گھر سے اور جو حدیث باتفاق صحیحین مالک ابن صعصعہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اس کا ترجمہ یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہم حطیم میں اور کبھی فرمایا ہم حجر میں آرام گزیں تھے کہ ایک آنے والا آیا اور کچھ کہا اور ہم اس کی باتیں سن رہے تھے۔ پھر اس نے ہمارا سینہ چاک کیا اور قلب منور نکالا۔ پھر ایک سونے کا طشت لایا گیا جس میں ایمان وحکمت مملو (بھرا) تھا اس میں ہمیں بٹھایا پھر ایک چار پایہ لایا گیا جو خچر سے چھوٹا گدھے سے اونچا تھا۔ سپید رنگ اتنا تیز رفتار کہ اس کا ایک قدم منتہائے نظر پر پڑتا تھا۔

اس پر ہم سوار ہوئے اور پھر جبریل ہمارے ساتھ چلے حتیٰ کہ آسمان اول پر پہنچے دروازہ کھلوایا۔ دریافت کیا گیا یہ کون ہیں۔ جبریل نے اپنا نام بتا کر ہمارا نام ظاہر کیا اور کہا کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لینے کو بھیجا گیا تھا۔ تو فرشتوں نے مرحبا کہا اور دروازہ کھولا جب ہم اندر گئے تو آدم صفی علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ جبریل نے تعارف کرایا۔ ہم نے انہیں **سلام علیک** کہا آدم نے جواب سلام دے کر **مرحبا بابن الصالح والنبی الصالح**(1)

1۔ مرحبا! اے صالح بیٹے اور صالح نبی

فرمایا۔ پھر آسمان دوم پر گئے دروازہ کھلوانے پر وہی سوال جواب ہوئے اور دروازہ کھلا ہم اندر گئے تو یحییٰ و عیسیٰ علیہما السلام جو دونوں خالہ زاد بھائی ہیں ملے۔ جبرئیل نے تعارف کرایا ہم نے سلام فرمایا انہوں نے جواب سلام دے کر کہا مرحبا بالاخ الصالح والنبی الصالح (1)۔ پھر ہم تیسرے آسمان کی طرف چلے۔ دروازہ بعد جواب وسوال کھولا گیا۔ جب ہم اندر گئے تو یوسف صبیح علیہ السلام سے ملاقات ہوئی سلام و جواب سلام کے بعد انہوں نے کہا: مرحبا بالاخ الصالح والنبی الصالح پھر ہم چلے۔ چوتھا آسمان آیا دروازہ حسب سابق جواب وسوال کے بعد کھلا، اندر گئے تو حضرت ادریس علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ بعد سلام و جواب انہوں نے بھی وہی مرحبا بالاخ الصالح والنبی الصالح فرمایا۔ پھر چلے حتی کہ آسمان خامس کھولا گیا۔ جب ہم اندر گئے تو حضرت ہارون علیہ السلام سے تعارف کرایا گیا۔ سلام وکلام کے بعد انہوں نے مرحبا بالاخ الصالح والنبی الصالح کہا پھر آسمان سادس پر پہنچے تو وہاں موسیٰ علیہ السلام سے سلام و جواب ہوا اور انہوں نے مرحبا بالاخ الصالح والنبی الصالح فرمایا۔ جب ہم آگے چلنے لگے تو موسیٰ علیہ السلام رونے لگے۔ وجہ گریہ معلوم کی گئی تو فرمایا اس فرزند سعید کی شان سے رونا آتا ہے کہ میرے بعد مبعوث ہوا اور اس کی امت کے لوگ میری امت سے زیادہ جنت میں جائیں گے۔ پھر ساتویں آسمان پر چلے تو وہاں ابراہیم علیہ السلام سے تعارف ہوا اور سلام ورد سلام کے بعد انہوں نے فرمایا: مرحبا بالابن الصالح والنبی الصالح۔ پھر ہم سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچے تو یہ درخت بڑا وسیع تھا۔ اور اس کے پتے ہاتھی کے کان سے مشابہ تھے۔ ہمیں بتایا گیا کہ یہ سدرۃ المنتہیٰ ہے اور وہاں چار نہریں تھیں۔ دو ظاہر اور دو خفیہ۔ ہم نے جبریل سے پوچھا یہ دونوں خفیہ کہاں جارہی ہیں۔ جبریل نے عرض کی یہ جنت کی نہریں ہیں اور دو ظاہر جو ہیں وہ نیل اور فرات ہیں۔ پھر ہم اٹھائے گئے بیت معمور کی طرف وہاں چند برتن تھے ایک شراب سے مملو دوسرا دودھ سے بھرا ہوا۔ تیسرا شہد سے۔ ہم نے دودھ قبول فرمایا تو جبریل نے عرض کی۔ حضور! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ وہ فطرت ہے جس پر آپ اور آپ

1 مرحبا! اے صالح بھائی اور صالح نبی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت ہے۔

پھر ہم پر پچاس نمازیں ہر دن میں فرض کی گئیں۔ جب ہم واپس ہوئے تو موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے دریافت کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کس عمل کے ساتھ مامور کیا گیا۔ ہم نے پچاس نمازیں بتائیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں اس کی استطاعت نہیں۔ اور میں اس کا تجربہ کر چکا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واپس جائیں اور تخفیف چاہیں ہم واپس گئے تو دس کم ہوئیں۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا یہ بھی بہت ہیں۔ پھر واپس حاضر دربار ہو کر تخفیف چاہی تو دس اور کم ہوئیں۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے مثل سابق عرض کیا۔ پھر تخفیف کرائی تو دس کم ہوئیں۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے کمی کی درخواست کو عرض کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر درخواست تخفیف کی تو پانچ رہیں۔

موسیٰ علیہ السلام نے پھر عرض کیا:

ان امتک لا تستطیع خمس صلوات کل یوم فانی قدجربت الناس قبلک۔

"آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت پانچ کی بھی طاقت نہیں رکھتی میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قبل ان کا تجربہ کرلیا ہے لہٰذا اور تخفیف کرائیے"۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں اپنے رب سے مانگتے مانگتے اب شرم کرتا ہوں۔ اب میں یہ پانچ فرائض پر راضی ہوں اور انہیں تسلیم کرتا ہوں۔

جب یہاں سے گزرا تو ایک ندا آئی:

امضیت فریضتی و خففت عن عبادی۔

"تم نے ہمارے فریضے کا امضا کیا اور ہم نے اپنے بندوں سے بار اعمال میں تخفیف فرمائی"۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما راوی ہیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سفر معراج سے واپس تشریف لائے اور واقعات ام ہانی کو سنائے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمام انبیاء کرام کے ساتھ میں نے نماز پڑھی اور کھڑے ہوئے کہ مسجد کی طرف تشریف لے جائیں تو ام ہانی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کپڑا اڑھا دیا اور فرمایا کیا کہہ رہے ہو۔ مجھے خطرہ ہے کہ قوم سنے گی۔ تو تکذیب کرے گی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر چہ قوم جھٹلائے مجھے اس کی پروا نہیں اور باہر تشریف لائے تو ابو جہل حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بیٹھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے تمام واقعات اسریٰ فرمائے۔ تو ابو جہل کہنے لگا: اے جماعت بنی کعب تم نے سنا بھی۔ اور تعجب سے سر پر ہاتھ رکھے اور استہزا کرتا ہوا کہنے لگا۔ چنانچہ اس واقعہ کو سن کر بعض ضعیف الایمان مرتد بھی ہو گئے اور ایک جماعت حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پہنچی اور یہ واقعہ سنایا تو ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان کان قال ذالک لقد صدق ''اگر یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے تو بے شک سچ فرمایا''۔ قوم کہنے لگی: اتصدقه علی ذالک۔ ''کیا آپ اس کی تصدیق کرتے ہیں''۔ صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انی لاصدقه علی ماهو ابعد من ذالک اصدقه بخبر السماء فی غدوة وبارحة ''میں اس سے بھی زیادہ جو بعید امور ہیں اس کی تصدیق کرتا ہوں، ان خبروں کی جو آسمانوں سے صبح و شام آتی ہیں''۔ راوی فرماتے ہیں: فلذالک سمی صدیقا۔ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ اسی وجہ میں صدیق رضی اللہ عنہ مشہور ہوئے۔

رفع توہمات

بعض وہم پرست افراد معراج جسمانی کو محال سمجھتے ہیں اور وجہ یہ بتاتے ہیں کہ اول تو جسم ثقیل کا صعود کرنا عقلاً محال ہے۔ دوسرے خرق و التیام آسمانوں کا ممتنع۔ تیسرے کرۂ ناری جو حائل ہے اس سے عبور کیونکر ہوا۔

اس کے جواب میں اول تو ہم چند دلائل نقلیہ عرض کرتے ہیں منجملہ ان کے اول یہ کہ حضرت آدم صفی علیہ السلام اسی جسم کے ساتھ بہشت میں تھے اور اہل سنت و جماعت اسی پر متفق ہیں کہ وہ بہشت وہی بہشت تھا جو آسمانوں پر ہے۔ نہ کہ وہ جو معتزلہ کے نزدیک فلسطین میں تھا۔ پھر یہ امر مسلم ہے کہ بحکم الٰہی آپ زمین پر تشریف لائے اور حکم اهْبِطُوْا مِنْهَا (1) کی

1۔ اتر جاؤ اس سے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

تعمیل میں آپ اترے تو اب سوال یہ ہے کہ اس وقت آسمان کا خرق والتیام کیسے ہوا ہوگا۔ اور کرۂ ناری سے کیسے نجات پائی ہوگی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس جسم عنصری کے ساتھ آسمانوں کا خرق فرماتے ہوئے کس طرح آسمان دوم تک پہنچے اور یہ خرق والتیام اور ثقالت جسمانی اور کرۂ ناری انہیں جانے سے کیوں نہ مانع ہوا۔ حضرت الیاس علیہ السلام بایں جسم آسمانوں پر کیسے پہنچے اور یہ خرق والتیام اور کرۂ نار ثقل جسم جانے سے مانع نہ ہوا۔

حضرت اخنوخ علیہ السلام بھی بایں جسم آسمانوں پر تشریف لے گئے ان پر یہ عقلی گھوڑے غالب نہ آسکے ارواح جسم سے جب قبض کی جاتی ہیں تو آسمانوں سے گزر کر عالم برزخ کو پہنچتی ہیں اور یہ استحالہ خرق والتیام اور کرۂ نار کا اڑنگا اس کے جانے میں مانع نہیں ہوتا۔

ہماری نظریں آنکھ اٹھاتے ہی فلک الافلاک سے ٹکراتی ہیں کوئی شے ان کو مانع نہیں ہوتی۔ ہندی والے نے تو مسئلہ معراج کو ایک دہڑے میں حل کر کے سمجھ لیا اور سمجھا دیا۔ مگر جن کی نگاہوں پر چشمہائے تفلسف لگے ہوئے ہیں۔ وہ ابھی اپنے خیالی گھوڑے دوڑا کر محال و ممکن کے چکر میں پھنسے پڑے ہیں۔ ہندی والا کہتا ہے:

رب کے بار نہ دوار ہے نبی گئے کونر بار ‏ جیسے چھچھ اچھچھ سے نکس جات ہے پار

بار (دروازہ) دوار (چوکھٹ) کونر بار (کون سے دروازہ سے) چھچھ (نگاہ) اچھچھ (چشمہ) جات (جاتی ہے)

اللہ اللہ صدیق جیسے پاک نفوس تو سنتے ہی تصدیق کر دیں اور مشرکین چناں چنیں میں پھنس کر منکر رہیں۔ مرزا غلام احمد حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تو آسمان پر بجسد عنصری تسلیم کرے لیکن حضور عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان پر رفع اسے بھی کھٹکجائے اور انکار پر دعاوی لاطائل کے انبار چن ڈالے اور پھر بھی منہ کی کھائے۔ غضب خدا کا، مطلوب خدا باعانت جبریل علیہ السلام آسمانوں پر تشریف لے جائیں تو بندگان عقل کی عقلی دوربین خرق والتیام اور کرۂ ناری اور ثقالت جسمی کو حائل دیکھ کر اس سیر کو محال قرار دے دے۔ باآنکہ احادیث سے یہ بھی ثابت ہے کہ آسمانوں میں ملائکہ کے آنے جانے کے لیے دروازے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حدیث معراج میں جبرائیل امین کا خازن سے دروازہ کھلوانا بھی ثابت ہے۔ لیکن فلسفی تاریکیوں کے ماتے ابھی تک خرق والتیام کے جال میں پھنسے پڑے ہیں۔

پھر بزرگان دین کے خارق عادات امور ایسے ایسے ہیں کہ وہاں عقل حیران رہ جاتی ہے۔

شاہ جہان پور میں ایک حجرہ کے اندر ایک مجذوب رہتے تھے ان کا معمول تھا کہ تمام شب جنگل میں سیر فرماتے اور صبح شہر میں تشریف لے آتے ایک روز لوگوں نے مذاق سے ان کے حجرے کا دروازہ مقفل کر دیا۔ اور اپنے خیال میں یہ سمجھتے رہے کہ وہ مجذوب آج حجرے میں بند ہیں۔ صبح دیکھتے ہیں کہ حضرت بڑ مارتے جنگل کی طرف سے چلے آرہے ہیں یہ واقعہ شاہ جہان پور کے عوام میں مشہور ہے۔ ذرا غور کیا جائے تو حقیقت کا انکشاف ہو جائے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلاموں کے جو ادنیٰ غلام ہیں ان کی لطافت جسمانی اس درجہ پر ہوتی ہے کہ در و دیوار ان کو حائل نہیں ہوتی مثل ہوا کے نکل جاتے ہیں اور وہ ہستی پاک جو ہماری جانوں سے کہیں زیادہ لطیف و الطف ہے ان کی نسبت یہ خیال کہ خرق و التیام آسمانوں پر جانے سے مانع ہوا ہوگا، کس قدر باطنی اور تیرہ بختی ہے۔

حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام کی ناصیہ نوری میں نور محبوب پاک سید لولاک نے یہ اثرات پیدا کر دیے کہ آپ نار نمرودی میں جو خوب دہکی ہوئی تھی، رونق افروز رہے اور بحکم الٰہی اس آگ کا اثر آپ پر کچھ نہ ہوا۔ اور کرۂ ناری کی مزاحمت سے آپ محفوظ رہے تو اس نور مجسم معدن کرم محبوب رب اکرم سے کرۂ ناری کیسے مزاحمت کر سکتا تھا۔

بعض واقعہ معراج کو غلط ثابت کرنے کے لیے بحث حرکت لاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اتنی سرعت محال ہے کہ آسمانوں پر جا کر عجائب و غرائب ارضی و سماوی کی سیر کر کے اتنی جلدی واپس تشریف لے آئیں کہ بستر گرم اور زنجیر حلقہ بدستور متحرک رہے۔ اس کا جواب تو فلاسفہ کے اصول سے ہی واضح ہے۔ وہ یہ کہ حرکت کے بطی اور سریع ہونے کی کوئی انتہا نہیں۔ نظر اٹھاتے ہی جب انسان آسمان کی طرف دیکھتا ہے تو نگاہ آسمان پر پہنچ کر واپس آجاتی ہے۔ ریڈیو کے ذریعہ جو نشر صوت ہو رہا ہے اس کی حقیقت یہ ہے کہ مصر میں بولنے والے کے منہ سے جو آواز نکلی وہ لاہور میں اسی سیکنڈ کے اندر آجاتی ہے۔ انگلینڈ میں بولنے والا جس سیکنڈ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

میں بولتا ہے اسی سیکنڈ کے اندر وہ آواز آپ ریڈیو سیٹ کے ذریعہ سن لیتے ہیں۔ امام اہل سنت اعلیٰ حضرت بریلوی قدس سرہ العزیز الدولۃ المکیہ میں جامی کی نفحات الانس سے نقل فرماتے ہیں کہ شیخ عماد الدین احمد بن شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حج میں اپنے والد ماجد کے ساتھ تھا کہ ایک روز طواف کرتے ہوئے میں نے ایک مغربی بزرگ کو دیکھا کہ طواف فرما رہے ہیں اور لوگ ان سے تبریک کر رہے ہیں کہ لوگوں نے میرے متعلق ان سے کہا کہ یہ شیخ شہاب الدین سہروردی کے صاحبزادے ہیں۔ تو انہوں نے میرے ساتھ اظہار محبت فرمایا اور میرا سر چوما اور میرے لیے دعائے خیر فرمائی جس کی برکات میں اپنے اندر پا رہا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ ان برکات سے آخرت میں بھی متمتع رہوں۔ میں نے بھی لوگوں سے ان کے متعلق پوچھا کہ یہ کون بزرگ ہیں تو مجھے بتایا گیا کہ یہ شیخ موسیٰ سدوانی اکابر اصحاب سید ابی مدین مغربی ہیں۔

جب میں طواف سے فارغ ہوا تو میں نے اپنے والد قبلہ سے یہ ذکر کیا اور تمام واقعات دعا وغیرہ سنائے تو والد قبلہ بہت خوش ہوئے۔ پھر لوگوں نے شیخ موسیٰ سدوانی کے مناقب بیان کرنے شروع کیے اور ان میں سے یہ بھی بتایا کہ یہ ایسے صاحب کمال ہیں کہ رات دن میں ستر ہزار قرآن ختم فرماتے ہیں۔ اس کرامت کو سن کر والد قبلہ خاموش ہو گئے۔ پھر اس کی تصدیق میرے والد قبلہ کے ایک ہم صحبت نے کی اور قسم کھا کر فرمایا کہ یہ لوگ سچ کہتے ہیں۔ میں نے یہ تعریف ان کے بیان سے پہلے بھی سنی تھی۔ یہ سن کر میرے دل میں کچھ خیال آیا اور میں نے ایک روز رات میں شیخ موسیٰ کو طواف میں پا لیا۔ اور میں ان کے پیچھے پیچھے ہو گیا تو میں نے دیکھا کہ تقبیل رکن اسود فرما کر اول فاتحہ سے شروع کیا اور چلتے رہے اور تلاوت نہایت ترتیل سے فرماتے رہے کہ میں ان کی تلاوت کا حرف حرف سن رہا تھا۔ جب آپ حجر سے کعبۃ اللہ کے قریب پہنچے جو چار قدم کے فاصلے پر ہے تو قرآن کریم ختم تھا اور میں برابر سن رہا تھا۔ یہ حیرتناک کیفیت میں نے اپنے والد شیخ شہاب الدین سہروردی رحمہ اللہ سے عرض کی تو آپ نے اس کی تصدیق فرمائی اور تمام حاضرین جلسہ اکابر نے بھی تصدیق کی اور اس واقعہ کو علامہ علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی مختصراً مرقات میں نقل

فرمایا۔ اور سورۂ اسریٰ کی تفسیر میں صاحب روح البیان نے بھی اسے نقل کیا اور سبع سنابل شریف میں بھی یہ واقعہ منقول ہے۔

اور نفحات الانس میں مولانا نور الدین عبدالرحمٰن جامی قدس سرہ السامی نے بعض مشائخ کے حالات میں فرمایا کہ وہ تمام قرآن کریم استلام حجر سے محاذ باب کعبہ پہنچنے تک ختم فرمالیتے تھے۔

اور میزان الشریعت الکبریٰ میں امام عارف سید عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ سید علی مرصفی رحمہ اللہ ایک رات دن میں تین لاکھ ساٹھ ہزار ختم فرماتے تھے۔ اس اشکال کو حل فرمانے کے لیے آگے فرماتے ہیں:

ثم قال قدس سرہ ولا یستبعد ھذا علی اولیاء اللّٰہ تعالیٰ الذین غلبت روحانیتھم علی جسمانیتھم والروح من امر اللّٰہ وامر اللّٰہ کلمحٍ بالبصر کما اخبر تعالیٰ و عرض کلمات القراٰن کلھا مع معانیھا فی لسان الولی کلمحٍ بالبصر ماھو ببعید واللّٰہ علی کل شیء قدیر (1)۔

اور حضرت جامی علیہ الرحمۃ مذکورہ روایت کے تتمہ میں فرماتے ہیں:

قال الشیخ عماد الدین احمد قدس سرہ۔ فسألت والدی عن ھٰذا لمعنی فقال ھٰذا من بسط الزمان الذی یقع ببعض اولیاء اللہ تعالیٰ۔

”حضرت عماد الدین احمد فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد ماجد شیخ شہاب الدین سہروردی رحمہ اللہ سے اس راز کو دریافت کیا تو آپ نے فرمایا یہ بسط زمان سے ایک مخصوص شان ہے جو بعض اولیاء اللہ پر ظاہر ہوتی ہے“۔

پھر حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمہ اللہ نے اس واقعہ کی تصدیق میں ایک قصہ

1۔ پھر فرمایا یہ بات ان اولیاء اللہ پر بعید نہیں جن کی جسمانیت پر ان کی روحانیت غالب آ چکی ہے۔ کیونکہ روح اللہ تعالیٰ کا امر ہے اور اللہ کا امر آنکھ جھپکنے کی طرح ہے جیسا کہ خدا تعالیٰ نے خبر دی ہے اور یہ بات اللہ تعالیٰ پر کچھ مشکل نہیں کہ قرآن پاک کے تمام کلمات معنی سمیت ایک لمحہ میں ولی اللہ کی زبان پر جاری فرما دے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

سنایا اور فرمایا کہ شیخ الشیوخ حضرت ابن سکینہ کے ایک ڈھلیا مرید تھے۔ ان کے ذمہ یہ خدمت تھی کہ جمعہ کے روز مصلے مشائخ کرام کے لیے لے جا کر بچھا دیں اور بعد نماز جمعہ لپیٹ کر واپس خانقاہ میں لائیں۔ ایک جمعہ کو انہوں نے مصلے لپیٹے تا کہ جامع مسجد میں لے جائیں اور چاہا کہ اول دریا دجلہ پر جا کر غسل کریں۔ چنانچہ ساحل دجلہ پر پہنچ کر کپڑے اتارے۔ تہبند باندھ کر دجلہ میں اترے اور غوطہ لگایا اب جو سر نکالا تو دیکھا کہ نہ وہ ساحل ہے نہ وہاں کپڑے ہیں لوگوں سے دریافت کیا کہ یہ کیا مقام ہے لوگوں نے بتایا یہ مصر ہے۔ انہیں سخت تعجب ہوا اور پانی سے نکل کر وہی تہبند باندھے ہوئے شہر میں گئے ایک دوکان ڈھلیے کی ملی اس پر کھڑے ہو گئے دوکاندار نے فراست سے جانا کہ یہ اہل فن ہے۔ انہیں اکرام سے بٹھایا اور گھر لے گیا مختصر یہ کہ اپنی لڑکی سے ان کی شادی کر دی سات برس تک یہ یہاں رہے تین بچے بھی ہو گئے۔ ایک روز پھر یہ دریا پر گئے اور غوطہ لگایا جب سر نکالا تو اپنے کو اسی جگہ پایا جہاں سات سال قبل غوطہ لگا چکے تھے۔ اور دیکھا کہ کپڑے بھی اسی جگہ پڑے ہیں جہاں اتارے تھے۔ انہوں نے کپڑے پہنے اور خانقاہ میں آئے تو مصلے جیسے لپیٹ گئے تھے ویسے ہی ملے۔ اور بعض لوگ کہنے لگے تم دجلہ سے بہت جلدی آ گئے۔ غرضکہ یہ مصلے مسجد کو لے گئے اور نماز جمعہ پڑھی۔ پھر انہیں خانقاہ میں لائے۔ اب گھر کو جو گئے حیرت استعجاب میں جلدی جلدی گھر پہنچے بیوی نے کہا وہ کہاں جن کے لیے آپ مچھلی تلنے کو کہہ گئے تھے۔ میں نے مچھلی تل رکھی ہے۔ انہوں نے ان مہمانوں کو بلایا اور ان کے ساتھ مچھلی کھائی پھر اپنے شیخ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام حال سنایا تو شیخ ابن سکینہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مصر جاؤ اور اپنے بیوی بچے لے آ چنانچہ یہ گئے اور تینوں بچے اور بیوی لے آئے جب شیخ ابن سکینہ نے دیکھا اور تصدیق فرمائی اور فرمایا: اس روز تیرے دل میں کیا خیال تھا۔ انہوں نے عرض کی: حضور میرے دل میں اس آیت کریمہ سے ایک خلجان سا تھا کہ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ کہ ایک دن پچاس ہزار برس کا کیسے ہوگا۔ تو شیخ نے فرمایا: هذه رحمة من الله تعالیٰ بک اذ رفع اشکالک وصحح ایمانک ”یہ تجھ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے کہ اس نے تیرے اشکال کو دفع فرما دیا اور تیرے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL-ISLAMIA ACADEMY

ایمان کو صحیح کر دیا"۔

ان اللہ لیبسط زمانا لمن یشاء من عبادہ مع قصرہ لقوم اخرین "بے شک اللہ بسط زمانی فرما سکتا ہے جس پر چاہے اپنے بندوں سے اور جس پر چاہے اس زمانہ کا قصر کر سکتا ہے"۔

تو معلوم ہوا کہ جب عام خادمان اولیاء کے ساتھ ایک ساعت سات برس کی شکل میں بدل سکتی ہے تو اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے برسہا برس کے سفر کو طرفۃ العین میں اگر اللہ پورا کر دے تو کیا تعجب ہے۔

دوسرے نفحات الانس میں یہ واقعہ فتوحات سے نقل فرمایا کہ ایک جوہری نے اپنے گھر سے آٹا گوندھا ہوا لیا اور تنور پر جا کر رکھا۔ چونکہ یہ جنبی تھا، یعنی اس پر غسل فرض تھا یہ دریائے نیل کے کنارہ گیا اور غوطہ لگایا تو اس نے خواب کی طرح دیکھا کہ یہ بغداد میں ہے اور وہاں اس نے شادی کی اور اپنی دلہن کے پاس چھ سال رہا اور بچے بھی ہو گئے کہ اتنے میں آنکھ کھلی تو اس نے غسل پورا کیا اور کپڑے پہن کر تنور پر آیا اور روٹیاں لے کر گھر پہنچا۔ اپنی بیوی سے یہ سب قصہ کہا۔ چند مہینے گزرے کہ بغداد والی بیوی مع بچوں کے اس جوہری کا گھر پوچھتی ہوئی آئی جب یہ جوہری ملا تو اس نے بیوی اور بچوں کو پہچان لیا۔ اس کی بیوی نے بغداد والی سے پوچھا: **متی زوجک** "تم سے یہ شادی کب ہوئی تھی"۔ تو اس نے کہا: **منذ ست سنین** "چھ سال گزر گئے"۔ یہ وہ نظائر ہیں جو طی زماں کو واضح کر رہے ہیں۔ اب وہ بھی سنیں جو محض تخیل کے ساتھ بذریعہ فن سیمیا مشاہدے میں آئے۔

سلطان ہمایوں کے زمانہ میں ایک شخص شمس آباد میں فن سیمیا کا ماہر رہتا تھا۔ لوگوں کو بڑے بڑے عجائب دکھاتا تھا۔ ایک روز شیخ احمد فرملی اور شیخ احمد استاد جو اپنے وقت کے مشہور اکابر علماء سے تھے۔ دونوں نے آپس میں مشورہ کیا اور اس کے پاس تشریف لے گئے اور کہا کہ ہمیں بھی کچھ دکھا۔ اس نے ایک تنکا اپنے اس گھر میں ایک طرف گول لگایا۔ اور شیخ احمد فرملی سے عرض کی کہ آپ اس تنکے کے نیچے سے گزریں آپ نے جونہی قدم مبارک رکھا سب محو ہو گیا اور یہ ذہن میں آیا کہ میں اپنے گھر سے گجرات جانے کو نکلا ہوں۔ غرض کہ قطع

منازل طے مراحل کرتے کرتے ایک مدت بعد گجرات پہنچے۔ وہاں ایک باغ دیکھا آپ نے وہاں سے کچھ پھل توڑے کہ اتنے میں باغبان پکارا کہ یہ پھل تم نے کیسے توڑے یہ تو سرکاری فواکہات ہیں۔ حتی کہ آپ کو گرفتار کرلیا اور سلطان کے سامنے پیش کیا۔ سلطان نے دیکھا تو فراست سے جانا کہ یہ کوئی شریف آدمی ہیں مالی کو زجرو توبیخ کی اور شیخ سے پوچھا آپ کون ہیں کہاں سے آئے ہیں۔ آپ نے فرمایا: بادشاہ میرا نام فرملی ہے اور میرا وطن قنوج ہے میں تیرے شہر میں ملازمت کے لیے آیا تھا۔ بادشاہ نے کہا: آپ شوق سے رہیں، ہم نے آپ کو ملازم رکھا، دو گھوڑے دے دیے۔ سامان رہائش مکان وغیرہ مل گیا۔ شیخ یہاں چند سال رہے اور شادی کی اولادیں ہوئیں اور بادشاہ کی مصاحبت میں رہے۔ کبھی شکار کبھی پولو کے لیے بادشاہ کے ساتھ جاتے یہاں تک کہ پچاس برس گزر گئے، موئے سیاہ کی بجائے سفید بال آ گئے کہ ایک روز اچانک وہی تنکا نظر آیا۔ اس کی طرف چند قدم بڑھے تو شیخ احمد استاذ کو دیکھا۔ بڑے تپاک سے آگے آئے اور معانقہ کر کے فرمانے لگے: آپ کب گجرات سے آئے۔ استاذ فرمانے لگے:

این گجرات انما نحن فی شمس اباد فی بیت السیمیاوی وانت الساعة دخلت الخص ورجعت فالان تذکر۔

"کیسا گجرات ہم تو شمس آباد میں ہیں۔ اور یہ گھر اس سیمیاوی کا ہے اور تم ابھی اس تنکے کے نیچے گئے۔ اور ابھی واپس ہوئے، تو معاً شیخ احمد کو یاد آیا"۔

دیکھا یہ ہے خیال کا اثر کہ کہاں پچاس سال اور کہاں ایک ساعت۔

پھر واقعہ معراج سرور عالم ﷺ میں قرآن کریم فرماتا ہے: سُبْحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا تو جس سیر کو سبحان اپنی طرف منتسب کرے اور فرمائے کہ ہم نے سیر کرائی اس میں کسی قسم کے اشکال کو موقع دینا بے دینی نہیں تو بد مذاقی اور جہالت سے کسی طرح کم نہیں ہوسکتا۔

اور اس قسم کے بہت سے واقعات مذکور ہیں جو اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز نے الدولۃ المکیہ میں مفصل نقل فرمائے۔ ان مشاہدات پر بھی اگر اطمینان نہیں تو اس کے ثبوت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

میں دلیل حسی بھی موجود ہے جو بغور سمجھنے سے مسئلہ کو صاف کر دیتی ہے۔ نظام شمسی میں زمین کو آفتاب سے وہ نسبت ہے جو مٹر کو مٹکے سے ہوتی ہے۔ اور آفتاب آسمان چہارم سے ایک قرص کی صورت میں ہمیں نظر آتا ہے۔ اب غور طلب امر یہ ہے کہ آسمان چہارم بہ نسبت آفتاب کے کس قدر بڑا ہوگا۔ اور زمین اس کی مساحت سے کتنی چھوٹی ہے۔ پھر پانچواں آسمان بہ نسبت چوتھے کے اور چھٹا بہ نسبت پانچویں کے اور ساتواں بہ نسبت چھٹے کے اور آٹھواں بہ نسبت ساتویں کے اور نواں بہ نسبت آٹھویں کے کس قدر بڑا ہوگا۔ اور یہ فلک الافلاک جس کے بطن میں یہ سارا عالم ہے اس کی فراخی اور وسعت کے مقابلہ میں سمجھنا چاہیے کہ ان کو سوا ایک نقطۂ وہمی کے اور کیا کہا جا سکتا ہے۔

اب ہم ایک دائرہ فلک الافلاک یعنی آسمان نہم کا قائم کر کے اس کے مرکز سے فلک الافلاک کے محیط تک دو خط غیر متوازی اب، اج، کھینچتے ہیں۔

پھر مابین خطین ہر دائرہ کی قوسیں جو ایک دوسرے کے محاذی ہیں۔ حسب دوائر خورد و کلاں کے کم و بیش ہوں گی۔ اور باوجود کمی بیشی کے ہر قوس کے مرور کا زمانہ ایک ہوگا۔ مثلاً فلک الافلاک کی قوس جو مابین خطین سب سے بڑی ہے۔ اگر اس کا مرور ایک گھنٹا کا فرض کیجیے۔ تو اس کے محاذی پر دائرہ کی قوس کا مرور اسی ایک گھنٹا کا ہوگا۔ حتی کہ زمین کی قوس جو بہ نسبت فلک الافلاک کے غایت قلت میں بمنزلہ ایک نقطہ کے ہے اس کا مرور بھی اسی ایک

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

گھنٹا میں ہوگا گھڑی رکھ کر دیکھیں کہ محیط قوس اور مرکزی قوس کی رفتار مساوی ہوتی ہے۔

اور آٹھواں اور نواں آسمان جس کو اصطلاح شرع میں عرش و کرسی کہتے ہیں وہ ایسا وسیع دائرہ ہے کہ اس کی قوسوں کی سطح جو مابین خطین مذکورین ہے۔ اس کی وسعت اس قدر ہے کہ برسوں کا کام اس میں انجام پا سکتا ہے۔ بخلاف سطح ارض کے جو بمقابلہ اس کے بمنزلہ ایک نقطہ کے ہے۔ اس میں اتنی گنجائش نہیں کہ کوئی کام انجام کو پہنچے۔ حالانکہ دونوں کے مرور کا زمانہ وہی ایک گھنٹا مفروضہ ہے۔

اس اصول مستمر پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ جس وقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سطح قوس ارضی سے جو نہایت تنگ بلکہ بمنزلہ ایک نقطہ کے ہے عرش اور کرسی پر تشریف لے گئے۔ اور بعد حصول تقرب الٰہی و نعمائے غیر متناہی بوجہ وسعت سطح قوس عرش کے تمام عجائب و غرائب سماوی مثل دوزخ جنت وغیرہ وغیرہ کے دیکھتے بھالتے جس وقت تشریف لے گئے تھے۔ بتفاوت اقل قلیل مدۃ اسی وقت واپس تشریف لے آئے اور بستر گرم ملا زنجیر حلقہ بدستور ہلتی رہی اس میں کون سا تعجب پیدا ہوا اور کیا محال تھا جو لازم آیا۔

اب ذرا وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۙ﴿۱﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى کو بغور پڑھ لیں تاکہ کلام الٰہی جو شان معراج بتا رہا ہے وہ بھی اچھی طرح سمجھ لی جائے۔ اس سورۂ مبارکہ میں سیاق و سباق سے اشارۃً و کنایۃً حضرت روح الامین کا کہیں ذکر نہیں۔ لیکن بعض مفسرین نے آیت کریمہ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۙ﴿۵﴾ ذُوْ مِرَّةٍ میں جبریل مراد لیا ہے۔ حالانکہ اگر اس سے رب العزۃ جلت مجدہ عز اسمہ مراد لیا جائے تو مفہوم آیت میں اور وضاحت ہو جاتی ہے۔

اگر کہا جائے کہ سورۃ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ میں ذی قوت حضرت جبریل کی صفت آئی ہے۔ اس قرینہ سے یہاں بھی حضرت جبریل مراد لیے گئے تو ہم کہتے ہیں۔ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۙ﴿۵﴾ ذُوْ مِرَّةٍ صفت عام ہے ہر موصوف کو شَدِيْدُ الْقُوٰى ۙ﴿۵﴾ ذُوْ مِرَّةٍ کہہ سکتے ہیں۔ اس میں حضرت جبریل علیہ السلام کی تخصیص کیوں۔ پھر جبریل مراد لینے سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جبرئیل علیہ السلام کے شاگرد قرار پاتے ہیں۔ حالانکہ اکابر سلف روح الامین کو دربار رسالت کا ادنیٰ خادم مانتے ہیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

عرش است کمین پایہ ز ایوان محمد جبریل امین خادم دربان محمد

بہر حال میں اس تفسیر کی ترجیح کو پسند کرتا ہوں۔ جس میں عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى سے رب العزت مراد لیا ہے۔ علاوہ اس کے کفار کا کہنا سننا اور انکار کرنا اس ذکر پر نہ تھا کہ رسول علیہ السلام نے جبریل کو ان کی اصل صورت میں دو مرتبہ دیکھا۔ بلکہ ان کا انکار معراج کے متعلق تھا۔ جس کی تردید خود رب جلت مجدہ تبارک و تعالیٰ عزاسمہ نے اس صورت میں فرمائی وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى میں ھو کا مرجع اگر حضرت جبریل علیہ السلام کو قرار دیں تو آیۂ کریمہ کے معنی نہیں بنتے اس لیے کہ افق اعلیٰ فلک الافلاک کا دائرہ عظیم ہے۔ کیونکہ اس کے ماتحت جتنے آفاق ہیں وہ سب ادنیٰ و اسفل ہیں۔ اور شرع شریف میں فلک الافلاک کو عرش کہتے ہیں۔ اس صورت میں آیۂ شریفہ کے یہ معنی ہوں گے کہ تعلیم کنندہ یعنی جبریل امین عرش کے کنارہ پر تھے اور یہ ظاہر ہے کہ جبریل کو عرش تک رسائی نہیں ان کا منتہیٰ سدرۃ المنتہیٰ ہے اس سے معلوم ہوا کہ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝۵ ذُوْ مِرَّةٍ سے جبریل مراد نہیں۔ بلکہ اس سے مراد حضرت رب العزت جل مجدہ ہے جو بڑا قوت والا اور زور آور ہے۔ اور ھو کی ضمیر بھی اس ذات واجب کی طرف پھرتی ہے۔

اور اصلیت واقعہ پر نظر ڈالیے تو بھی صاف معلوم ہوتا ہے۔ کہ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝۵ ذُوْ مِرَّةٍ ذات واجب تعالیٰ ہے۔ اس لیے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج سے واپس تشریف لائے اور لوگوں سے معراج اور وہاں کے حالات بیان کیے تو مسلمانوں نے تصدیق کی۔ کفار نے کہا کہ یہ بہکی بہکی باتیں اپنی طرف سے معاذ اللہ کہہ رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ارشاد ہوا وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۝۱ ”قسم ہے اس پیارے چمکتے تارے محبوب کی جب کہ وہ اترے“ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۝۲ ”تمہارے صاحب نہ بہکے ہوئے ہیں نہ بے راہ“ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝۳ ”اور وہ کوئی بات اپنی طرف سے بنا کر نہیں فرماتے“۔ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝۴ ”وہ جو فرماتے ہیں وہ ہماری وحی ہوتی ہے“۔ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝۵ ذُوْ مِرَّةٍ۔ ”انہیں پڑھایا ان کے رب جلوہ محبوب حدوث و قدم کے خط استوا پر قائم ہوا“۔ یا یوں کہیے کہ وہ جلوہ ذات متوجہ ہوا جلوۂ محبوب کی طرف وَهُوَ بِالْاُفُقِ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OQAIS ISLAMIA ACADEMY

الْاَعْلٰی ﴿۷﴾ ''اور وہ جلوۂ ذات واجب اس وقت عرش کے افق یعنی کنارہ پر تھا'' ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی ﴿۸﴾ عالم قدس نے ندائے ذاتی ہوئی: ادن یا محمد ''اے محبوب قریب آؤ'' چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم قریب ہوئے۔ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰی ﴿۹﴾ ''ایسے قریب ہوئے کہ محبّ و محبوب میں دو کمانوں کا فرق رہا بلکہ اس سے بھی کم''۔ فَاَوْحٰۤی اِلٰی عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰی ﴿۱۰﴾ ''پھر اس خلوت سرائے خاص میں وہ اسرار حقائق اور معارف دل میں ڈالے گئے''۔ کہ سوا محبوب و محبّ کے کوئی نہیں جانتا۔

میان عاشق و معشوق رمزیست کراماً کاتبین را ہم خبر نیست

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی ﴿۱۱﴾۔ ''نہیں جھوٹ جانا دل نے جو آنکھوں نے دیکھا''۔ یعنی جو بچشم سر دیدار الٰہی ہوا اس نے اس کی تصدیق کی۔ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰی مَا یَرٰی ﴿۱۲﴾ ''کیا تم اس سے جھگڑا کرتے ہو جو اس نے آنکھوں سے دیکھ کر بیان فرمایا'' یعنی اے منکرو! ہمارے محبوب و مطلوب نے شب معراج میں جو عجائب و غرائب کا مشاہدہ کیا اور لوگوں سے بیان فرمایا کیا اس میں تم اس سے جھگڑتے ہو اور تعجب کرتے ہو۔ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰی ﴿۱۳﴾ حالانکہ وہ معراج روحانی جو عالم رویا میں تینتیس بار ہو چکی ہے۔ اس میں پہلے بھی اس نے دیکھا یہ کوئی نئی بات نہیں۔ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی ﴿۱۴﴾ معراج روحانی میں سدرۃ المنتہٰی کے قریب وہ جلوہ گر دیکھ چکے ہیں۔ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰی ﴿۱۵﴾ وہ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی وہ ہے جس کے نزدیک جنت الماویٰ ہے''۔ اِذْ یَغْشَی السِّدْرَةَ مَا یَغْشٰی اور وہ دیکھنا اس وقت جس وقت ڈھانپ رکھا تھا سدرہ کو جو کچھ ڈھانپ رہا تھا۔

معراج روحانی میں سدرۃ المنتہٰی کے قریب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جو رویت الٰہی ہوئی شاید اسی کی نسبت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ فرمایا کہ میں نے اپنے رب کو امرد کی صورت میں دیکھا۔ دوسری روایت میں ہے کہ میں نے خدا کو اچھی صورت میں دیکھا۔ تفسیر حقانی جلد 5 صفحہ 308 میں ہے۔ مسلم و ترمذی وغیرہ نے روایت کی ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اللہ تعالیٰ کو دو بار دیکھا۔ احمد وغیرہ محدثین نے بسند صحیح ثابت کیا مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی ﴿۱۷﴾ ''نہیں کجی کی نظر نے اور نہ حد سے گزری''۔ یعنی شب معراج جسمانی میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نظر نے کما حقہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

مشاہدہ ذات کیا اور حد سے تجاوز نہیں کیا لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿۱۸﴾ ''بے شک دیکھا اس نے نشانیوں رب جلیل کو بہت بڑی نشانی یعنی دیدار الٰہی''۔

اگر چہ بحث کے لیے تو بہت سی گنجائشیں ہیں، لیکن ضرورت کے مطابق جو کچھ عرض کیا گیا کافی ہے۔ وللہ الحمد۔

وَقَدَّمَتْكَ جَمِيعُ الْاَنْبِيَآءِ بِهَا ۞ وَالرُّسُلِ تَقْدِيمَ مَخْدُومٍ عَلٰى خَدَمِ

حل لغات: وقدمتک، قدمت ماضی غائب از تقدیم آگے کرنا۔ اور آگے کیا آپ کو۔ جميع الانبياء، تمام انبیاء نے۔ بها، اس جماعت کے لیے۔ والرسل، اور رسولوں کا یہ۔ تقدیم، مفعول مطلق تمثیلاً بیان کیا، بڑھانا ایسا تھا جیسے۔ مخدوم، مخدوم کا۔ على خدم، جمع خادم، خادموں پر بڑھانا ہے۔

ترجمہ: اس مقام پر پہنچ کر تمام انبیاء و مرسلین نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز میں امام بنایا۔ جیسے مخدوم خادموں کے آگے ہوتا ہے۔

شرح: اس شعر میں اس واقعہ کی طرف اشارہ ہے جو لیلۃ المعراج میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو امام الانبیاء بنایا گیا اور مسجد اقصیٰ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نبیوں کی امامت فرمائی۔

نماز اقصےٰ میں تھا یہی سر عیاں ہوں معنی اول آخر
کہ دست بستہ ہیں پیچھے حاضر جو سلطنت آگے کر گئے تھے

روایت ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیت المقدس تشریف لائے اور براق سے اترے تو براق کو اس جگہ باندھا گیا جہاں انبیاء کے براق بندھے ہوئے تھے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد اقصیٰ میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ مسجد انبیاء کرام سے بھری ہوئی ہے۔ اقامت نماز ہوئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہم صفوف انبیاء میں اس امر کے انتظار میں کھڑے ہو گئے کہ دیکھیں کون امامت کرتا ہے کہ جبریل امین نے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے آگے کیا اور میں نے امامت کی۔ پھر ہم مسجد سے نکلے تو جبریل نے دو ظرف پیش کیے۔ ایک شراب سے مملو

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

(بھرا ہوا) تھا۔ دوسرا دودھ سے میں نے دودھ لے لیا تو جبریل نے کہا اخترت الفطر "حضور ﷺ آپ نے فطرت اسلامی کو قبول کیا"۔ الحدیث مختصر یہ کہ یہ امامت قبل عروج ہوئی اور قاضی عیاض رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ممکن ہے یہ امامت قبل عروج و بعد نزول دونوں بار ہوئی ہو۔ اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ نماز فرض ادا کی گئی یا نفل تو ایک روایت کی بناء پر تو یہ ظاہر ہے کہ قبل عروج جو امامت ہوئی وہ صلوٰۃ نفل کی تھی اور دوسری روایت میں ہے کہ حضور ﷺ نے بعد نزول جو امامت فرمائی وہ نماز فجر تھی اور بعد فرضیت ادا ہوئی۔ کذا فی المواہب۔

مولای صل وسلم دائماً ابداً علی حبیبک خیر الخلق کلهم

وَاَنْتَ تَخْتَرِقُ السَّبْعَ الطِّبَاقَ بِهِمْ
۱۱۰ فِیْ مَوْکَبٍ کُنْتَ فِیْهِ صَاحِبَ الْعَلَمِ

حل لغات: وانت، اور آپ نے۔ تخترق، از اختراق پھاڑنا، چاک کیے۔ السبع الطباق، طباق جمع طبق تہ درجہ، سات طبقہ آسمان کے۔ بھم، بہ ہمراہی لشکر ملائکہ۔ فی موکب، دستہ سواراں، اور کوتل سواروں کے اندر۔ کنت، آپ تھے۔ فیہ، ان میں۔ صاحب العلم، سردار لشکر۔

ترجمہ: اے سیاح لامکاں! آپ نے چاک کیے ہفت طبقات سماوی مع لشکر ملائکہ اور ان سواروں کے جو جلوس میں ہمراہ تھا اور آپ اس میں سردار لشکر تھے۔

شرح: فلاسفر کہتے ہیں:

ان الافلاک اجرام صلبة غیر قابلة للخرق والالتیام۔ لانها لو کانت قابلة لهما لکانت اجزاؤها قابلة التفرق فلیلزم ان تکون الجهات محدودة قبلها اذ التفرق لا یکون الا بالحرکة المستقیم۔

"یعنی افلاک ایسے اجرام صلبہ سے ہیں جو نا قابل خرق والتیام ہیں۔ اس لیے کہ اگر وہ قابل خرق والتیام ہوتے تو ان کے اجزاء علیحدہ ہونے کے بھی قابل ہوتے اور ان کی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

جہات کا محدود ہونا بھی ضروری تھا۔ اس واسطے کہ تفرق بغیر حرکت مستقیمہ ناممکن ہے"۔

اس کا جواب یہ دیا ہے کہ

ان الاجسام محدودة الحقائق تقبل الخرق والالتيام فعلى تقدير تسليمه انمايتم في المحدود دون ماعداه تو ناظم رحمۃ اللہ نے ردفلاسفہ کرنے کے فرمایا:

وانت تخترق السبع الطباق بهم

اور اس بیت میں اس حدیث کی طرف بھی اشارہ فرمایا جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جبرائیل آئے اور ہمیں لے گئے جب ہم سماء دنیا کی طرف پہنچے تو جبریل نے خازن سماء کو کہا: افتح الباب "دروازہ کھولو" تو خازن نے کہا: من هذا "تم کون ہو" تو جبریل نے کہا: میں جبریل ہوں اور میرے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں میں ان کے لینے کو بحکم الٰہی گیا تھا۔ جب دروازہ کھلا تو ہم چڑھے ہم نے وہاں ایک صاحب بیٹھے دیکھے جن کے داہنی جانب سپید چہرے والے تھے اور بائیں طرف کالے منہ والے جب وہ داہنی طرف دیکھتے، خوش ہوتے اور جب بائیں جانب نظر ڈالتے، روتے۔ ہم نے انہیں سلام کیا تو انہوں نے فرمایا: مرحبا بالنبی الصالح والابن الصالح۔

میں نے جبریل سے پوچھا یہ کون ہیں تو انہوں نے کہا:

هذا ادم ابوک وهذه الوجوه بيض التى عن يمينه هم ارواح اصحاب اليمين اهل الجنة والتى سود الوجوه فى شماله هم ارواح اصحاب الشمال اهل النار من اولاده

"یہ آدم ابو البشر ہیں اور گورے چہرے والے اصحاب یمین جنتی ہیں اور کالے منہ والے اصحاب شمال جہنمی، ان کی اولاد سے ہیں"۔

پھر ہم آسمان دوم پر گئے اور خازن سے حسب سابق سوال وجواب کے بعد جبریل نے دروازہ کھلوایا اور ہم اس میں گئے تو وہاں حضرت یحییٰ وعیسیٰ علیہما السلام سے ملے۔ پھر ہم آسمان سوم پر گئے اور اسی طرح دروازہ کھلوا کے پہنچے تو وہاں یوسف علیہ السلام ملے۔ پھر آسمان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

چہارم پر گئے اور ویسے ہی خازن سے باتیں ہوئیں۔ اور دروازہ کھلا اور وہاں حضرت ادریس علیہ السلام سے ملے پھر آسمان پنجم پر حضرت ہارون علیہ السلام سے ملے۔ آسمان ششم پر موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ آسمان ہفتم پر حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ملے۔

حتی کہ وہاں سے آگے بڑھے تو عرش کے قرب میں پہنچے وہاں قلموں کی حرکت کی آوازیں مسموع ہوئیں۔ پھر میری امت پر پچاس نمازیں فرض ہوئیں۔ پھر بمشورۂ موسیٰ علیہ السلام ان میں تخفیف کرائی گئی حتی کہ پانچ نمازیں رہیں اور ثواب وہی پچاس کا عطا ہوا۔ یہ حدیث مفصل ہم بیت نمبر 108 میں نقل کر چکے ہیں من یشا فلینظر۔ سبع الطباق بھم میں بعض روایات کی بناء پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ بھم سے مراد وہی انبیاء کرام ہیں کیونکہ بعد فراغ صلوٰۃ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے جانے لگے تو جملہ انبیاء حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جلو میں تھے۔ اور صاحب العلم میں اس امر کی طرف کنایہ ہے کہ حضور رئیس الانبیاء اور صاحب اللواء ہیں۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

مولای صل وسلم دائماً ابداً علی حبیبک خیر الخلق کلھم

حَتّٰی اِذَا لَمْ تَدَعْ شَاوًا لِّمُسْتَبِقٍ

(۱۱۱) مِنَ الدُّنُوِّ وَلَا مَرْقًا لِّمُسْتَنِمِ

حل لغات: حتی، برائے غایت، یہاں تک کہ۔ اذا، جب۔ لم تدع، لم تترک، نہ چھوڑی آپ نے۔ شاوٌ، حد اور دوڑنے کی ہمت، حد اور بڑھنے کی ہمت۔ لمستبق، استباق، سبقت لے جانے والا۔ کسی کو بڑھنے میں سبقت لے جانے والے کو۔ من الدنو، دنو، قرب، قرب خاص سے۔ ولا مرقا، مرقیٰ از رقی چڑھنا بلند کرنا، اور نہ رہا چڑھنے بڑھنے کا ذریعہ۔ لمستنم، از استنام، کسی پشتہ پر چڑھنا، کسی سیڑھی اور پشتہ سے۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہاں تک چڑھے کہ کسی چڑھنے بڑھنے والے کو موقع بلند ہونے اور چڑھنے کا باقی ہی نہ رہا۔

شرح: اس بیت میں یہ بتایا ہے کہ سب سے زیادہ آسمانوں میں جانے آنے والے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA-ACADEMY

جبریل امین مکین ومطاع تھے۔ مگر جب حضور ﷺ کے ساتھ یہ چلے حتیٰ کہ جب سدرہ آیا جو ایک درخت ہے کہ اس کے پتے ہاتھی کے کان کے مشابہ ہیں اور اس میں سے جو نہریں چل رہی ہیں۔ جو نیل وفرات اور انہار جنت بتائی گئیں، تو جبریل رہ گئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جبریل! آگے چلو تو عرض کی: **لو دنوت انملة لاحترقت** ''حضور! ﷺ اگر ایک انگل بھر آگے بڑھوں تو تجلی جمال سے جل جاؤں''۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: **وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ** ﴿۱۶۴﴾ ہم میں سے کوئی فرشتہ نہیں مگر اس کا ایک مقرر مقام ہے۔

تو میں یہاں سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔ اس لیے کہ علم عالمین کا منتہیٰ یہاں سے متجاوز نہیں اور اس سے تجاوز کرنا یہ خاصہ حضور ﷺ کی ذات کا ہے۔ سوا حضور ﷺ کے کسی ملک ونبی کی رسائی اس سے آگے نہیں اور انوار التنزیل میں ہے کہ علم خلائق کا منتہیٰ اور ان کے اعمال کی حد سماء سابع پر ختم ہے۔ یہ مرتبہ حضور ﷺ کا ہے کہ علوم خلائق سے بالا منزل اعلیٰ تک حضور ﷺ کی رسائی ہے۔ وللہ الحمد۔

خَفَضْتَ كُلَّ مَقَامٍ بِالْاِضَافَةِ اِذْ
نُوْدِيْتَ بِالرَّفْعِ مِثْلَ الْمُفْرَدِ الْعَلَمِ ۱۱۲

حل لغات: خفضت، وضعت او جعلت فی الاسفل، نیچے کردیے ہیں آپ نے۔ کل مقام، مقام بفتح المیم اسم مکان یعنی محل القیام ای مقامات الانبیاء تمام مقامات انبیاء کے۔ بالاضافة، اعنی بنسبتک الی مقامک۔ اپنے مقام کی نسبت سے۔ اذ، جب کہ۔ نودیت، طلب الاقبال، پکارے گئے آپ ﷺ۔ بالرفع، بلندی، بلندی کے ساتھ۔ مثل، مثل۔ المفرد، المنفرد، یکتا۔ العلم، بمعنی عالی، بلند مرتبہ کے۔

ترجمہ: آپ ﷺ نے اپنے مقام کی نسبت سے تمام انبیاء کے مقام نیچے کردیے اور آپ علم مفرد کی طرح علو مرتبت کے ساتھ پکارے گئے۔

شرح: جب کہ شب معراج میں حضور ﷺ کی ترقیاں مقام نہایت کو پہنچ گئیں تو گویا حضور ﷺ نے اپنے مقام کی نسبت سے ہر صاحب مقام کو یا ہر مقام نبی کو بعنایت الٰہی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

پست فرما دیا۔ جب کہ حضور ﷺ کو **ادن یا محمد ادن یا احمد ادن یا خیر البریہ** کی ندائیں آئیں تو حضور ﷺ مثل یکتا اور ممتاز ہستی کے منادیٰ بنائے گئے۔

اس بیت میں ناظم فاہم رحمہ اللہ نے اصطلاحات نحویہ خفض، اضافت، ندا، رفع، مفرد، علم کو غایت حسن و خوبی سے جمع فرمایا ہے۔

اگرچہ یہاں مقصود نحوی نہیں ہے۔ جیسے نحو میں **خفض فی الاعراب** ہوتا ہے۔ یہاں خفض کے معنی حط رتبہ کے ہیں۔ اور مقام بفتح میم اور بضم میم دو طرح مستعمل ہے۔ بیت مبارک میں بفتح میم ہے جو بمعنی مکان یا محل قیام آتا ہے چنانچہ ابوسعود نحوی سے سوال کیا گیا:

یا وحید الدھر یا شیخ الانام افتنا فرق المقام و المقام

تو آپ نے فرمایا

ان کان المقام له یقال مقام بفتح المیم

اگر وہ مقام مخصوص صاحب مقام کو ہے تو بفتح میم کہیں اور اگر مقام غیر پر قبضہ ہو تو بضم میم پڑھیں گے۔

اسی طرح اضافت میں بھی معنی لغوی یعنی نسبت مراد ہیں نہ کہ اصطلاح نحوی اور حرف اذ چار طرح سے مستعمل ہوتا ہے۔ اول یہ کہ وہ اسم زمان ماضی کا ہو تو یہ کبھی ظرف ہوگا۔ جیسے فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا کبھی بدل مفعول کا ہوگا۔ جیسے وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ اور کبھی مفعول بہ ہوگا۔ جیسے وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ اور کبھی مضاف الیہ اسم زماں کا ہوگا۔ جیسے يَوْمَئِذٍ دوسری صورت یہ ہے کہ اسم زمان مستقبل ہو جیسے يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا تیسری شکل یہ ہے کہ مفاجات کے لیے ہو جیسے **خرجت اذ زید قائم** لیکن یہ بہت کم مستعمل ہے۔ اور چوتھے یہ کہ برائے تعلیل ہو جیسے لَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اور اس جگہ بیت مبارک میں اذ اول ہی صورت کے ماتحت استعمال کیا ہے۔

اور نودیت بمعنی طلب الاقبال ہے۔ اور اس میں ندا دینے والا اللہ تعالیٰ ہے جیسا کہ مروی ہے کہ اس رات میں جناب باری کی طرف سے حضور ﷺ کو ندا ہوئی: **ادن یا محمد ادن یا احمد ادن یا خیر البریة**۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اور بالرفع میں بھی معنی لغوی مراد ہیں۔ یعنی ارتفاع درجہ، نہ کہ معنی نحوی اور اسی طرح مفرد کے معنی متفرد الواحد فی القوم کے ہیں اور علم سے مراد عالی ہے یعنی ممتاز عن سائر جنس وللّٰہ الحمد۔

کَیمَا تَفُوْزَ بِوَصْلٍ اَیِّ مُسْتَتِرٍ
۱۱۳ عَنِ الْعُیُوْنِ وَسِرٍّ اَیِّ مُکْتَتِمِ

حل لغات: کی، حرف تعلیل بمعنی تا کہ، تا کہ۔ ما، زائد ہے۔ تفوز، مضارع مخاطب از فوز کامیاب۔ کامیاب ہوں آپ۔ بوصل، وصل الٰہی سے۔ ای، حرف استفہام وشرط اور یہاں تعجب کے طور پر نعت میں مستعمل ہے، کس قدر۔ مستتر، مخفی طور سے۔ عن العیون، جمع عین بمعنی باصرہ عن عیون الناس والملائکہ والانبیاء تمام آنکھوں سے۔ وسر، اور مخفی راز۔ ای، کس قدر۔ مکتتم، پوشیدہ ومخفی، مخفی وپوشیدہ۔

ترجمہ: یعنی یہ ندا اس لیے تھی کہ آپ کو وہ وصل حاصل ہو جو اعین الخلائق سے پوشیدہ رہے اور آپ اس راز مخفی سے واقف ہوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا کوئی اسے نہ جان سکے۔

وہ قرب جو محبوب کو ہر وقت ہے حاصل ہو شرح اس اجمال کی بے کلک و دہن آج
ہو نسخہ امکاں سے عیاں معنی توحید ہو جائے متن شرح بنے شرح متن آج

نہ ہر سینہ را راز دانی دہند نہ ہر دیدہ را دیدہ بانی دہند
نہ ہر گوہرے درۃ التاج شد نہ ہر مرسلے اہل معراج شد
برائے سر انجام کار ثواب یکے از ہزاراں شود انتخاب

اس بیت مبارک میں وصل سے مراد درحقیقت رؤیت الٰہی ہے اس امر میں اختلاف ہے کہ لیلۃ الاسراء میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رؤیت الٰہی بچشم قلب فرمائی یا بچشم سر۔

بعض تو اس طرف گئے کہ اللہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بصر فواد روشن کی اور چشم قلبی سے دیدار الٰہی کا مشاہدہ فرمایا اور اس پر استدلال میں مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى کو دلیل لاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چشم دل سے دیدار الٰہی کیا اس پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ

ہمارے حبیب کے دل نے جھوٹ نہ کہا جو دیکھا۔

اور بعض اس طرف گئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جمال الٰہی بچشم سر دیکھا جیسا کہ فرمان ان اللہ اعطیٰ موسیٰ الکلام واعطانی الرؤیۃ ''اللہ نے موسیٰ علیہ السلام کو کلام کا فخر بخشا اور مجھے رؤیت الٰہی کا''۔ اور فرمایا رایت ربی فی احسن صورۃ ''میں نے اپنے رب کو بہترین صفت میں دیکھا''۔ اور علامہ کورشی فرماتے ہیں کہ اس میں حجت کرنا ہی زائد ہے اس لیے کہ اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو رؤیت بالقلب ہوئی تو اس لیے کہ آنکھوں سے دیکھنے کے مقابلہ میں دل سے دیکھنے میں یقین و معرفت کی ترقی ہے۔

علامہ حقی اندلسی رحمہ اللہ روح البیان میں فرماتے ہیں:

یقول الفقیر ایراد الرؤیۃ فی مقابلۃ الکلام یدل علی رؤیۃ العین لان موسیٰ سألها فمنع منها فاقتضیٰ ان یفضل نبینا علیہ السلام بما منع منه وهو الرؤیۃ البصریۃ ولا شک ان الرؤیۃ القلبیۃ یشترک فیها جمیع الانبیاء حتی الاولیاء۔

''یہ فقیر کہتا ہے کہ کلام موسیٰ کے مقابلے میں رؤیت وارد ہے جو اس امر پر دال ہے کہ یہ رؤیت بالعین ہے۔ اس لیے کہ موسیٰ علیہ السلام نے اَرِنِیٓ اَنْظُرْ اِلَیْكَ جب فرمایا تو لَنْ تَرٰىنِیْ جواب ملا تھا اب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی فضیلت اور امتیاز کو بلند کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی رؤیت سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو نوازا اور یہ رؤیت بچشم سر ہی ہونی چاہیے اور اگر رؤیت بالقلب مانی جائے تو پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ خصوصیت ہی کیا رہے گی۔ اس لیے کہ رؤیت بالقلب تو تمام انبیاء کو حاصل ہے، حتیٰ کہ خاصان بارگاہ اولیاء کرام بھی اس سے متمتع ہیں''۔

اور بعض فضلاء نے خوب فرمایا کہتے ہیں کہ آیت میں رؤیت فؤادی کا ذکر فرمایا اور رؤیت عینی کو اس لیے مخفی رکھا کہ یہ وہ سر ہے جو اللہ اور اس کے حبیب کے مابین مکتوم ہے۔ اور اسی طرف ناظم رحمہ اللہ وسر ای مکتتم میں اشارہ فرما رہے ہیں۔ علامہ خرپوتی رحمہ اللہ سب کچھ لکھ کر آخر میں خوب واضح اور صاف محاکمہ فرماتے ہیں:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

والحاصل انا نذهب الی صحة رؤيته بعينه وبقلبه الحديث رواه مسلم فی صحيحه رايت ربی بعينی وبقلبی ولكنا عاجزون عن درک كيفيتها۔

"خلاصہ یہ ہے کہ ہم صحت رؤیت بالعین و بالقلب کے قائل ہیں اس لیے کہ مسلم شریف کی حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے: میں نے اپنے رب کو دل کی آنکھ اور سر کی آنکھ دونوں سے دیکھا لیکن ہم اس کی ادراک کیفیت سے عاجز ہیں"۔

کسی عربی شاعر نے خوب کہا ہے:

لايكتم السر الا كل ذی خطرٍ والسر عند كرام الناس مكتوم
والسر عند فی بيت له غلق قد ضاع مفتاحه والباب مختوم

"سر پوشیدہ نہیں رہتا مگر ذی خطر ارباب ہمت کے پاس اور راز عزت والی ہستیاں مخفی رکھا کرتی ہیں یہ اس گھر میں رہنے والا خزانہ ہے کہ جو مقفل و مغلق ہے اور اس کی کنجی ضائع ہو چکی ہے اور دروازہ پر مہر لگی ہوئی ہے"۔ کسی نے کہا ہے

بين لا بين سر ليس يفشيه قول ولا قلم للخالق يحكيه
سر يمازجه انس مقابلة نور يحير فی بحر من التيه

بعض مفسرین نے تصریح کی کہ اس رات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو متعدد شان کی وحی ہوئیں ایک وہ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عوام تک پہنچائی۔ دوسری قسم وحی کی وہ ہے جو خواص تک پہنچائی گئی جو معارف الٰہیہ تھے۔ تیسری قسم وحی وہ تھی جو اخص خواص تک پہنچی وہ حقائق اور نتائج علوم ذوقیہ تھے۔ اور چوتھی قسم وحی کی وہ تھی جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور رب جلت ومجد عز اسمہ کے مابین مخفی رہی۔

مولای صل وسلم دائماً ابداً علی حبيبک خير الخلق كلهم

فَحُزْتَ كُلَّ فِخَارٍ غَيْرَ مُشْتَرَكٍ
وَجُزْتَ كُلَّ مَقَامٍ غَيْرَ مُزْدَحَمٍ

حل لغات: فحزت، فا برائے تفصیل تفریع حزت من حاذ بمعنی جمع

والخطاب علیہ السلام ای جمعت، پس جمع کرلیا آپ نے۔ **کل**، تمام۔ **فخار، الفواضل والشمائل والفضائل**، فضیلتوں کو۔ **غیر مشترک**، غیر مشترک حال میں۔ **وجزت، عبرت و ذهبت**، اورعبور فرمایا آپ نے۔ **کل مقام**، تمام مقامات کو۔ **غیر مزدحم**، بغیر دوسرے کے اجتماع کے۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم آپ نے تمام فضیلتیں جمع فرمالیں بلا اشتراک غیرے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تمام مقامات سے عبور فرما کر اس جگہ پہنچے جہاں کسی کا اجتماع و اژدحام ناممکن ہے۔

شرح: بمقامے کہ رسیدی نہ رسد ہیچ نبی۔ بعض فضلا فرماتے ہیں: **فحزت کل فخر غیر مشترک** سے مراد درجات وسیلہ اور مقامات رفیعہ اور کوثر وشفاعت عظمیٰ اور مقام محمود اور لواء ممدود ہے۔ **غیر مزدحم** سے مراد مقام محبت اور ختم نبوت و رسالت عامہ وغیرہ ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے کہ پھر ہم آگے بڑھے اور جبریل ہمارے ساتھ تھے۔ یہاں تک کہ جب ہم پردہ ذہبی پر پہنچے اور پردہ کو حرکت دی تو کہا گیا یہ کون ہے۔ جبریل نے کہا میں جبریل ہوں اور میرے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں ملک حجاب ذہب نے اللہ اکبر کہا اور پردہ سے ہاتھ نکال کر مجھے اٹھالیا اور طرفۃ العین میں پانچ سو برس کی بعد مسافت پر مجھے پہنچادیا اور کہا **تقدم یا محمد**۔ ''اے آقا! آگے چلیے''۔ تو ہم آگے بڑھے کہ ایک پردہ موتیوں کا آیا۔ اس فرشتہ نے اس پردہ کو ہلایا دریافت کیا گیا کون ہے۔ تو اس نے کہا: **انا صاحب الحجاب الذهب وهذا محمد** ''یعنی میں حجاب ذہب کا فرشتہ ہوں اور آقائے کائنات میرے ساتھ ہیں''۔ اس نے اللہ اکبر کہا اور ہاتھ نکال کر مجھے اٹھایا حتیٰ کہ اسی طرح حجاب در حجاب طے کرتے ہوئے ستر پردوں سے عبور کیا کہ ہر پردہ پانچ برس کی بعد مسافت کا تھا۔ پھر رفرف سبز رنگ کا بستر لایا گیا جس کی چمک سورج سے تیز تھی۔ اس پر ہم چلے یہاں تک کہ عرش پر پہنچے وہاں سے ایک قطرہ ہمارے منہ میں ٹپکا جس کی صفت یہ تھی کہ **فما ذاق الذائقون شیئاً قط احلیٰ منها**۔ ''دنیا میں اور آخرت میں چکھنے والے اس سے زیادہ شیریں چیز نہ چکھیں گے''۔ اور پھر اللہ نے اولین و آخرین کی تمام اخبار و علم مجھ پر

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

روشن فرمادیے۔الحدیث۔

مولای صل وسلم دائماً ابداً علی حبیبک خیر الخلق کلھم

قوسین عروج اور نزول اتنی ہو نزدیک سمجھے نہ کوئی ان کے سوا سرِ سخن آج

(از قبلہ قدس سرہ)

وَجَلَّ مِقْدَارُ مَا وُلِّيتَ مِنْ رُّتَبٍ

۱۱۵ وَّعَزَّ اِدْرَاکُ مَا اُوْلِيتَ مِنْ نِّعَمٍ

حل لغات: وجل، صیغہ ماضی از جلالت بمعنی عظمت۔ بڑی عظمت والی ہے۔ مقدار، وہ مقدار۔ ماولیت، ما۔ موصول۔ ولیت ماضی مخاطب مجہول از تولیت والی بنانا۔ جس کے آپ مالک بنائے گئے۔ من رتب، جمع رتبہ، رتبوں سے۔ وعز، ازعزازت۔ دشوار، اور مشکل ہے۔ ادراک، ازدرک، پانا، سمجھنا۔ ما اولیت، ماموصول اولیت ماضی مخاطب مجہول از ایلاء، دینا۔ جس کے آپ ﷺ مالک بنائے گئے۔ من نعم، من تبعیضیة۔ نعم جمع نعمت۔ نعمتوں سے۔

ترجمہ: بہت بڑی عظمت والی ہے وہ شان جن کے آپ ﷺ مالک بنائے گئے مراتب سے اور مشکل ہے سمجھنا اس نعمت کا جو آپ کو دی گئی نعمتوں سے۔

شرح: اس بیت مبارک میں اس عظمت شان کی طرف اشارہ ہے جو حضور سید یوم النشور ﷺ کو عطا ہوئی کہ حضور ﷺ کو مالک محشر بنایا۔ والی قیامت کیا اور شفاعت عظمیٰ کے منصب سے نوازا۔ اور لیلۃ المعراج میں حضور ﷺ پر وحی کی کہ

ان الجنة محرمة علی الانبیاء حتی تدخلھا وعلی الامم حتیٰ تدخلھا امتک۔

”جنت انبیاء پر حرام ہے جب تک آپ ﷺ کو جنت میں داخل نہ کر دیا جائے اور تمام امتوں پر جنت حرام ہے جب تک آپ ﷺ کی امت جنت میں داخل نہ ہو جائے“۔

اور فرمایا:

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

لولاک لما خلقت الا فلاک

"اے محبوب! اگر تم نہ ہوتے افلاک و مافیہا ہم پیدا نہ کرتے"۔

اور پھر قوت جبروتیہ کی یہ شان عطا فرمائی کہ اعداء سرکار ہلاک ہو رہے ہیں اور ہلاک ہوتے رہیں گے۔

مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائیں گے اعدا تیرے
نہ مٹا ہے نہ مٹے گا کبھی چرچا تیرا

اور **ما اولیت من نعم** میں اس طرف اشارہ ہے کہ اللہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علم اولین و آخرین سے نوازا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو خیر الامم بنایا اور امت کے لیے نصیحتیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ جناب باری کی طرف سے نازل ہوئیں جیسا کہ حدیث میں ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

شکا ای اللہ تعالیٰ من امتی لیلۃ المعراج شکایات

"اللہ تعالیٰ نے میری امت کی چند شکایات فرمائیں"۔

الاولی انہ قال انی لم اطلب منھم الیوم عمل الغد وھم یطلبون منی رزق الغد۔

"پہلی شکایت یہ تھی کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت سے پیشگی عمل نہیں طلب کرتا اور وہ مجھ سے کل کا رزق کل سے پہلے چاہتی ہے"۔

والثانیۃ انہ قال لا ادفع ارزاقھم الیٰ غیرھم وھم یدفعون عملھم الیٰ غیری

"دوسری یہ کہ میں ان کا رزق غیر کی طرف دفع نہیں کرتا بلکہ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا کا وعدہ ہے۔ مگر وہ اپنے عمل میرے غیر کی طرف دفع کرتے ہیں یعنی ریا کاری کرتے ہیں"۔

والثالثہ انھم یاکلون رزقی ویشکرون غیری ویخونون معی ویصالحون خلقی

"تیسرا شکوہ یہ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امتی میرا رزق کھا کر میرے غیر کے شکر گزار بنتے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہیں میرے ساتھ خیانت کرتے اور میری مخلوق کے ساتھ مصالحت رکھتے ہیں"۔

والرابعة ان العزة لی و انا المعز وهم يطلبون العزة من سوائی

"چوتھی یہ کہ عزت میرے لیے ہے اور میں ہی عزت دینے والا ہوں۔ یہ لوگ عزت میرے سوا غیر سے طلب کرتے پھرتے ہیں"۔

کہیں اہل دنیا کی خوشامد درآمد کرتے ہیں۔ کہیں ٹی پارٹیاں دے کر خان بہادری اور خان صاحبی یا سری حاصل کرتے ہیں۔ حالانکہ امت مخلصہ کی یہ شان ہونی چاہیے کہ

بجز سرکار سرکار ایجاد سروکارے بسرکارے نداریم
نہ کس میدہاند نہ کس میدہد خدا میدہاند خدا میدہد

والخامسة انی خلقت النار لکل کافر وهم یجتهدون ان یواقعوا انفسهم فیها۔

"پانچویں شکایت یہ تھی کہ میں نے آگ کافروں کے لیے پیدا فرمائی لیکن یہ کوشاں ہیں کہ اپنی جانوں کو اس میں ڈالیں"۔

پھر فرمایا:

قل لامتک ان اجبتم احدا لاحسانه الیهم فانا اولیٰ به لکثرة نعمتی علیهم وان خفتم احدا من اهل السماء والارض فانا اولیٰ بذالک لکمال قدرتی وان انتم رجوتم احدا فانا اولیٰ به وان انتم استحییتم من احد لجفائکم ایاه فانا اولیٰ به لان منکم الجفا ومنی الوفاء وان انتم اٰثرتم احدا باموالکم وانفسکم فانا اولیٰ بذالک لانی معبودکم وان صدقتم احدا فی وعده فانا اولیٰ بذالک لانی انا الصادق۔

"اے محبوب! اپنی امت کو فرما دو کہ اگر تم کسی سے احسان کی وجہ میں محبت رکھتے ہو تو میں کثرت نعمت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہوں اور اگر تم زمین و آسمان کی کسی مخلوق سے خائف ہو تو میں کمال قدرت کی وجہ سے اس امر کا زیادہ حق دار ہوں کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مجھ سے خائف رہو۔ اور اگر کسی سے کچھ امید وابستہ رکھتے ہو تو میں اس امید وابستہ رکھنے میں زیادہ حق دار ہوں اور اگر تم کسی سے شرم اپنی وفاداری کی وجہ سے کرتے ہو تو میں اس وفاداری کا زیادہ مستحق ہوں اس لیے کہ تمہاری طرف سے جفا ہوتی ہے تب بھی ہماری طرف سے وفا ہی ہوتی ہے۔ اور اگر تم اپنے مال و جان کے لیے کسی سے تعلق رکھتے ہو تو بھی میں زیادہ حق دار ہوں۔ اس لیے کہ میں تمہارا معبود ہوں اور اگر تم صدق وغیرہ میں کسی کے ساتھ زیادہ پابندی کرنا چاہتے ہو تو میں اس میں احق ہوں اس لیے کہ میں صادق ہوں"۔

اے کریمے کہ از خزانۂ غیب　گبر و ترسا وظیفہ خور داری
دوستاں را کجا کنی محروم　تو کہ با دشمناں نظر داری

اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یا محمد لم اکثر مال امتک لئلا یطول حسابھم یوم القیامة ولم اطل اعمارھم لئلا تقسوا قلوبھم ولم افجاء ھم بالموت لئلا یکون خروجھم من الدنیا بدون التوبة واخرتھم فی الدنیا عن الآخرین لئلا یطول فی القبور حبسھم کذا فی روح البیان تفسیر القرآن لاسماعیل حقی اندلسی صاحب الکشف والعرفان۔

"اے محبوب! تمہاری امت کو زیادہ مال ہم نے یوں ہی عطا نہ کیا تا کہ قیامت کے دن اس پر حساب لمبا نہ پڑے ان کی عمریں لمبی اس لیے نہیں کیں تا کہ وہ قسی القلب (سخت دل) نہ ہو جائے اور مرگ مفاجات (اچانک موت) سے بھی محفوظ رکھا تا کہ بدون توبہ ان کا دنیا سے نکلنا نہ ہو اور دنیا میں انہیں سب کے بعد اس لیے بھیجا تا کہ قبروں میں زیادہ ٹھہرنا نہ ہو۔ ایسا ہی روح البیان تفسیر القرآن علامہ اسماعیل حقی اندلسی میں ہے"۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۱۶
بُشْریٰ لَنَا مَعْشَرَ الْاِسْلَامِ اِنَّ لَنَا
مِنَ الْعِنَایَةِ رُکْنًا غَیْرَ مُنْهَدِمِ

حل لغات: بشری لنا، ای هذه القصة بشریٰ لنا، بشارت خوشخبری ہے ہمارے لیے۔ معشر الاسلام، معشر گروہ، اے جماعت مسلمین۔ ان لنا، بے شک ہمارے لیے۔ من العنایة، شفقت ومہربانی ہے۔ رکنا، کسی چیز کا مضبوط کنارہ مراد از ستون۔ اور ایسا ستون ہے۔ غیر منهدم، جو نہ گرنے والا ہے۔

ترجمہ: ہم اہل اسلام کو خوشخبری ہے کہ ہمارے پاس خدا کی رحمت کا ایسا پختہ ستون ہے جو گر نہیں سکتا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی کا۔

شرح: فضائل ذات ورفعت شان وتقرب الی اللہ فی المعراج بیان کرنے کے بعد یہ سوال پیدا ہوتا تھا کہ بایں ہمہ فضل وکمال امت مرحومہ کے لیے کیا عظمت شان وامتیاز خاص عطا ہوئی۔ تو اس کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ہمارے لیے بھی اے معاشر مسلمین بڑے زبردست مژدے اور بشارتیں ہیں۔ اور ذات اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہمارے لیے ایک رکن غیر منہدم ہے جس کے بھروسا پر ہمارا قیام ہے اور چند خصائص اس امت مرحومہ کے ایسے ہیں کہ تمام امم ماضیہ میں وہ امتیاز نہیں مل سکتے۔ منجملہ ان کے یہ ہیں:

(۱) ہمارے لیے غنائم حلال کیے گئے امم ماضیہ کو حلال نہ تھے۔

(۲) ہمارے لیے روئے زمین مسجد وطہور کی گئی۔

(۳) ہمارے لیے مٹی کو وضو کا بدل تیمّم کے ذریعہ بنایا گیا۔

(۴) ہمارے لیے وضو کی تعلیم دی گئی امم ماضیہ میں سوا انبیاء کے یہ وضو کسی کے لیے نہ تھا۔

(۵) ہمارے لیے پانچ وقت کی نماز فرض ہوئی۔ امم ماضیہ کو یہ شرف نہیں ملا۔

(۶) ہمیں اذان واقامت عطا ہوئی۔ امم ماضیہ کے لیے یہ نہ تھی۔

(۷) ہمیں بسم اللہ عطا کی گئی۔ امم ماضیہ کو یہ عطا نہیں کی گئی۔

(۸) ہمیں بعد الحمد کے تعلیم آمین خلف الامام بالسر عطا ہوئی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

(۹) ہماری عبارت میں رکوع رکھا گیا۔

(۱۰) ہمیں نمازوں میں صفیں بنانا تعلیم دی گئی مثل صفوف ملائکہ۔

(۱۱) ہمیں جمعہ میں ایک ساعت اجابت ملی۔

(۱۲) ہمیں جمعہ عطا ہوا۔

(۱۳) ہمیں رمضان المبارک کی پہلی شب میں اللہ تعالیٰ نظر رحمت سے دیکھتا ہے۔ اور جسے اللہ تعالیٰ بنظر رحمت دیکھ لے وہ معذب نہیں کیا جاتا۔

(۱۴) ہمارے لیے تزئین جنت کی بشارت ہے۔

(۱۵) ہمارے حق میں ملائکہ استغفار کرتے ہیں ہر رات میں۔

(۱۶) ہمارے گناہ رمضان المبارک کی لیل اخیرہ تک مغفور ہیں۔

(۱۷) ہمیں رمضان المبارک میں روزے کے لیے سحری عطا ہوئی۔

(۱۸) ہمیں رمضان المبارک میں تعجیل فی الفطر کا حکم ہے۔

(۱۹) ہمیں رمضان المبارک میں لیلۃ القدر عطا ہوئی جو ایک ہزار مہینوں کی عبادت سے افضل ہے۔

(۲۰) ہمیں مصیبت کے وقت اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ پڑھنے کی تعلیم ہے۔

(۲۱) ہم پر سے اللہ تعالیٰ نے سختی اور اغلال کا رفع فرمایا۔

(۲۲) ہمارے دین میں حرج اور تنگی نہیں رکھی۔

(۲۳) ہم سے اللہ تعالیٰ نے خطا و نسیان کا مواخذہ اٹھا دیا۔

(۲۴) ہمارے اسلام میں وہ وصف خاص رکھے گئے کہ اس میں غیر امت مرحومہ کوئی شریک نہیں سوا انبیاء علیہم السلام کے۔

(۲۵) ہماری شریعت اکمل شرائع ہے۔

(۲۶) امت مرحومہ کا اجتماع ضلالت پر نہیں۔

(۲۷) امت مرحومہ کا اجماع حجت ہے۔

(۲۸) امت مرحومہ کا اختلاف رحمت ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

(۲۹) ہمارے اندر اگرچہ عمل کی قلت ہوگی مگر اجر سب سے زیادہ ملے۔

(۳۰) ہمارے اندر خدانخواستہ اگر طاعون آئے تو اس میں مرنے والا شہید ہو۔ اور وہ خدا کی رحمت ہے اور علاوہ ہمارے سب پر طاعون عذاب کی صورت میں آیا۔

(۳۱) اس امت کا یہ خاصہ ہے کہ جو دو شخص کسی میت کی شہادت بخیر دیں۔ اس کے لیے جنت لازم ہوگی۔

(۳۲) اس امت کی خاص خصوصیت یہ ہے کہ ان میں سندیں معتبر ہوں گی۔

(۳۳) اس امت میں تصنیف و تالیف کتب کا سلسلہ جاری رہے گا۔

(۳۴) اس امت مرحومہ میں قطب، اوتاد، نجباء و ابدال اور غوث ہوں گے۔

(۳۵) اس امت کا گنہگار قبر میں عاصی و سیاہ کار داخل ہو، مگر جب نکلے گا تو استغفار مومنین سے مغفور نکلے گا۔

(۳۶) ہماری یہ خصوصیت بھی ہے کہ بروز محشر سب سے اول امت مرحومہ قبروں سے باہر آئے۔

(۳۷) ہم میدان حشر میں وضو کی برکت سے روشن پیشانی اور دست و پا نورانی لے کر اٹھیں گے۔

(۳۸) ہم میدان حشر میں بطفیل سرکار بلند مقام پر ہوں گے۔

(۳۹) ہمارے نامہ اعمال داہنے ہاتھوں میں ہوں گے۔

(۴۰) ہم میں سے جنت میں ستر ہزار بلا حساب و کتاب داخل جنت ہوں۔ الٰہی مجھے اور اس مؤلف کے مطالعہ کرنے والے کو ان ستر ہزار سیہ کاروں میں محشور فرما۔ آمین بجاہ نبی المرسلین علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التسلیم۔

(۴۱) ہم تمام امتوں سے پہلے جنت میں داخل کیے جائیں گے۔

(۴۲) ہمارے حضور کی شریعت باقی رہے گی۔ **الی یوم التنادبه عنایت رب هاد۔**

کیا خبر کتنے تارے کھلے چھپ گئے پر نہ ڈوبے نہ ڈوبا ہمارا نبی
ملک کونین میں انبیاء تاجدار تاجداروں کا آقا ہمارا نبی

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

مولای صل وسلم دائماً ابداً علیٰ حبیبک خیر الخلق کلهم

لَمَّا دَعَی اللّٰهُ دَاعِینَا لِطَاعَتِهٖ

١١٠ بِاَکْرَمِ الرُّسُلِ کُنَّا اَکْرَمَ الْاُمَمِ

حل لغات: لما، جب کہ۔ دعی اللّٰہ، صیغہ از دعاء بلانا، بلایا۔ داعینا، داعی صیغہ فاعل۔ پکارنے والا۔ بلانے والے نے ہمیں۔ لطاعته، اللہ کی اطاعت کی طرف۔ باکرم الرسل، بوجہ اکرم رسل ہونے کے۔ کنا، ہوگئے ہم۔ اکرم الامم، اکرم الامم۔

ترجمہ: جب کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ہماری اصلاح اور دعوت اسلام کے لیے بھیجا تو وہ تمام انبیاء میں اکرم الانبیاء ہیں تو ان کے پیروکار اکرم الامم ہوگئے۔

شرح: مفہوم واضح ہے کہ ہمارا خیر الامم اشرف الامم اکرم الامم ہونا بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات ستودہ صفات کی تصدق میں ہے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہمیں طاعت الٰہی کی دعوت دینے تشریف لائے اور ہم نے ان کی دعوت کو لبیک کہا۔ تو چونکہ حضور اکرم الرسل اشرف الرسل اعظم الرسل افضل الرسل ہیں۔ اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے غلام اور امتی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شرافت کے صدقہ میں اکرم الامم اشرف الامم خیر الامم ہوگئے اور اس پر ابونعیم نے حلیہ میں انس رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث بھی نقل فرمائی

انه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اوحی الله تعالیٰ الیٰ موسیٰ علیه السلام انه من لقینی وهو جاحد باحمد ادخلته النار قال یا رب ومن احمد قال تعالیٰ ما خلقت خلقاً اکرم علی منه کتبت اسمه مع اسمی فی العرش قبل ان اخلق السموت والارض وان الجنة محرمة علی جمیع خلقی حتی یدخلها هو وامته قال ومن امته قال الحمادون یحمدون صعودا وهبوطا وعلیٰ کل حال یشدون ازارهم اوساطهم ویظهرون اطرافهم صائمون بالنهار ورهبان باللیل اقبل منهم الیسیر وادخلهم الجنة بشهادة ان لا اله الا الله قال موسیٰ یا رب فاجعلنی نبی تلک الامة قال

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

نبیها منها قال اجعلنی من امة ذالک النبی قال استقدمت واستاخرت، ولکن سأجمع بینک وبینه فی دارا لجلال۔

"رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ جو شخص مجھے اس حال میں ملے کہ وہ احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منکر ہو تو میں اسے، آگ میں داخل کروں گا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا یا رب احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کون ہیں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے نہیں پیدا کیا کسی کو جو میرے نزدیک اس سے بزرگ تر ہو۔ میں نے اس کا نام اپنے نام کے ساتھ عرش پر لکھا ہے آسمان و زمین پیدا کرنے سے پہلے، بے شک میری مخلوق پر جنت حرام ہے یہاں تک کہ میرا محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام اور اس کی امت اس میں داخل ہو جائے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا اے رب اس کی امت کون ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا وہ حمادون ہیں جو اٹھتے بیٹھتے ہر حال میں حمد کرتے ہیں۔ وہ دن کو روزہ رکھنے والے اور رات کو عبادت کرنے والے ہیں۔ میں ان سے آسان بات کو قبول کروں گا اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی شہادت پر انہیں جنت میں داخل کروں گا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا اے رب مجھے اس امت کا نبی بنا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اے موسیٰ! ان کا نبی انہی میں سے ہوگا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: اے رب! مجھے اس نبی کی امت سے کردے اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں تجھے پہلے نبی بنا چکا ہوں اور اسے میں نے مؤخر کر دیا ہے۔ البتہ میں دار الجلال میں تیرے اور اس کے درمیان ملاپ کرا دوں گا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فصل احدیٰ عشر--غزوات کا بیان

رَاعَتْ قُلُوْبَ الْعِدٰی اَنْبَآءُ بِعْثَتِهٖ

١١٨ كَنَبْاَةٍ اَجْفَلَتْ غُفْلاً مِّنَ الْغَنَمِ

حل لغات: راعت، از روعٌ و تخویف، صیغہ ماضی ڈرانا، اور ڈر گئے۔ قلوب العدی، جمع قلب، عدی جمع عدو، دل اعداء دین کے۔ انباء، جمع نبا، بمعنی خبر، خبروں۔ بعثته، بعثت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے۔ كنبأة، النبأة صوت الاسد، مثل آواز شیر کے۔ اجفلت، ای اهربت و افزعت، کہ گھبرا کے بھاگتی ہیں۔ غفلا، جمع غافل، بے خبری میں۔من الغنم، بکریاں۔

ترجمہ: دشمنان دین کے دل آپ کی تشریف آوری کی خبروں سے ایسے ڈرے جیسے شیر کی آواز بکریوں کو بے خبری میں سراسیمہ و پریشان کر کے بھگا دیتی ہے۔

شرح: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نصرت بالرعب مسیرة شهر و فی روایة مسیرة شهرین ''یعنی میری مدد کی گئی رعب کے ساتھ ایک مہینا یا دو مہینا کی بعد مسافت تک''۔ اس حدیث کو تلمیحاً ناظم فاہم رحمہ اللہ نے اس بیت مبارک میں بتایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آوازۂ حق کا رعب دشمن اسلام پر اتنا زبردست پڑتا کہ وہ بکریوں کے طرح گلے سے آوازۂ شیر پر بھاگ پڑتے تھے۔

مَازَالَ يَلْقَاهُمْ فِيْ كُلِّ مُعْتَرَكٍ

١١٩ حَتّٰی حَكَوْا بِالْقَنَا لَحْمًا عَلٰی وَضَمٍ

حل لغات: مازال، ماضی منفی فعل ناقص بحالت نفی ہیشگی کے معنی میں آتا ہے۔ ہمیشہ رہے۔ یلقاهم، یلقی ملنا مقابلہ کرنا، مقابلہ کرتے کفار سے۔ فی کل معترک، اسم ظرف، رزم گاہ، تمام رزم گاہ میں۔ حتی، غایت کے لیے آتا ہے۔ یہاں تک کہ۔ حکوا، صیغہ ماضی از حکیٰ، بمعنی مشابہ، مشابہ ہو گئے۔ بالقنا، جمع قناۃ، نیزہ، نیزوں سے۔ لحماً،

اس گوشت کی مانند۔ علی وضم، وضم بفتحتین خشب او حدید یقطع القصاب، جوقصاب کے تختہ پر ہو۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کفار سے ہر میدان میں مقابلہ آراء رہے۔ یہاں تک کہ نیزۂ مجاہدین کے ذریعہ ان کے گوشت ایسے کر دیئے جیسے تختۂ قصاب کا گوشت۔

شرح: علامہ خرپوتی فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کفار کے مقابلہ میں رزم گاہ کے اندر شرکت فرماتے اور جتنی بار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے گئے دشمنان اسلام پر فتح ہی حاصل فرمائی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انیس غزوات میں تشریف لے گئے۔ ان میں نو غزوہ ایسے ہیں جن کے اندر بنفس نفیس خود مقابلہ فرمایا۔ وہ نو غزوات یہ ہیں: (۱) غزوۂ بدر (۲) غزوۂ احد (۳) غزوۂ مریسیع (۴) غزوۂ خندق (۵) غزوۂ بنی قریظہ (۶) غزوۂ خیبر (۷) غزوۂ حنین (۸) غزوۂ طائف (۹) فتح مکہ۔ ان غزوات میں جو شان شجاعت نظر آئی وہ انشاء اللہ اپنے اپنے مقام پر بیان ہوگی۔ لفظ حکوا کے معنی حکایت یا قصہ کہنے کے بھی آتے ہیں۔ لیکن بمعنی مشابہت بھی اس کا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے کسی کا شعر ہے:

ظلمناک فی تشبیہ صدغیک بالمسک
وقاعدة التشبیہ نقصان ما یحکی

وَدُّوا الْفِرَارَ فَكَادُوْا يَغْبِطُوْنَ بِهٖ
۱۲۰ اَشْلَاءَ شَالَتْ مَعَ الْعِقْبَانِ وَالرَّخَمِ

حل لغات: ودوا، پسند کرتے تھے۔ الفرار، بھاگ جانے کو۔ فکادوا، از افعال متقاربہ ای قربوا، اور قریب تھا کہ۔ یغبطون، از غبط یغبط از غبطہ بکسر الغین تمنی حصول مثل نعمت حاصلة المغیر، ہر ایک پسند کرتا اور غبطہ کرتا۔ بہ، اس بھاگنے والے کے ساتھ بھاگنے کا۔ اشلاء، جمع شلو۔ ٹکڑا جسم کا مع گوشت، وہ ٹکڑے جسم کے۔ شالت، از شول بلند ہونا، جواڑ چکے ہیں۔ مع العقبان، جمع عقاب کرگس، کرگسوں کے ساتھ۔ والرخم، چیل مردار خوار، اور مردار خوار چیل کے ساتھ۔

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

ترجمہ: کفار ضرب تیغ مجاہدین اسلام سے بھاگنا پسند کرتے اور جو جسم کے ٹکڑے کرگس اور چیل لے اڑے ہیں۔ ان پر غبطہ کرتے کہ جیسے یہ ٹکڑے اس ضربوں سے بچ کر کرگسوں کی غذا بن گئے ہم کیوں نہ بنے۔

شرح: غبطہ کہتے ہیں اس خواہش کو جو نعمت کسی کو حاصل ہو، اس کے زوال بغیر اس کے حصول کے آرزو کرنا بر خلاف رشک وحسد کے کہ اس میں زوال نعمت غیر کے ساتھ اس نعمت کے حصول کی آرزو ہوتی ہے۔

کفار بقیۃ السیف کو گو بسبب تیغہائے مجاہدین راہ فرار نہ ملتی تھی۔ مگر باوجود اس کے وہ اس کو پسند کرتے تھے کہ جس طرح موقع ملے بھاگ نکلیں آخر ان کی مجبوری انہیں اپنے مقتولین کے ان قطعہائے گوشت پر غبطہ کرنے کے سے مجبور کرتی جو چیل کوؤں کی منقاروں میں آکر وہاں سے اڑ چکے ہوتے تھے۔ تا کہ مجاہدین کی ضربات سے بچ جاتے۔

تَمْضِی اللَّيَالِیْ وَلَا يَدْرُوْنَ عِدَّتَهَا

۱۲۱ مَالَمْ تَكُنْ مِّنْ لَّيَالِی الْاَشْهُرِ الْحُرُمِ

حل لغات: تمضی، از مضی مؤنث غائب مضارع گزرنا، گزرتی رہتیں۔ اللیالی، جمع لیل، راتیں۔ ولا یدرون، اور نہ جانتے۔ عدتها، بمعنی عدد، گنتی دنوں کی۔ مالم تکن، جب تک کہ نہ ہوتیں۔ من لیالی، وہ راتیں۔ الاشهر الحرم، ماہ حرام کی۔

ترجمہ: راتیں گزر رہی ہیں اور کفار غایت خوف و ہراس میں ان کی گنتیاں نہیں جانتے۔ جب تک اشہر حرام کی راتیں نہ آجائیں۔

شرح: ابتداء اسلام میں اشہر حرام میں جنگ حرام تھی اور اب بھی اگر چہ حرمت منسوخ ہو گئی ہے۔ مگر افضل یہ ہے کہ ان ایام میں بدایت (ابتداء) جنگ نہ کی جائے۔ ناظم فاہم کا مقصد اس سے صرف یہ ہے کہ میدان جنگ میں آنے کے بعد منکرین اس قدر حواس باختہ ہوتے تھے کہ لیالی و ایام کی ورق گردانی کا ہوش بھی انہیں خوف میں نہ رہتا۔ حتی کہ اشہر حرام یعنی محرم الحرام، رجب، شعبان، رمضان جب آتے تو اس اطمینان پر کہ اب جنگ بند ہو

گی۔ رات دن کا ہوش کرتے بعض نے اشہر حرام یہ بتائے۔ رجب اور ذیقعد ذی الحجہ محرم۔ ان کا احترام تو قرآن کریم سے بھی ثابت ہے۔

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ یَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَاۤ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۔ چنانچہ شارح خرپوتی نے ان بارہ مہینوں کی وجہ تسمیہ بھی تحریر فرمائی ہیں وھو ھذا۔

محرم کی وجہ تسمیہ بوجہ حرمت قتال ہے۔ اور بعض نے کہا کہ اس مہینا میں شیطان پر جنت حرام کی گئی۔ اس لیے محرم کہا گیا۔

صفر اس لیے کہتے ہیں کہ اس مہینا میں اونٹ دبلے ہو جاتے تھے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اس مہینا میں بخار و باو غیرہ کثرت سے ہوتی تھی اور چہرے زرد ہو جاتے تھے۔

ربیع الاول۔ اسے زمانہ جہالت میں خوان کہتے تھے۔

ربیع الثانی اسے زمانہ جہالت میں بصان کہتے تھے۔ اور ان دونوں مہینوں میں چونکہ ارتباع خصب کیا کرتے ہیں۔ یوں اول اور ثانی کہتے ہیں۔

جمادی الاولیٰ اسے زمانہ جہالت میں حنین کہتے تھے۔

جمادی الاخریٰ اسے زمانہ جہالت میں رنیٰ کہتے تھے اور دونوں مہینوں میں چونکہ جمود ماء ہو جاتا تھا اس سے اولیٰ اور ثانیہ کیا گیا۔

رجب اس مہینا کو اصم کہتے تھے اس لیے کہ اس ماہ میں ہتھیار اور تلوار کی جھنکار مسموع نہ ہوتی تھی۔ پھر رجب تعظیماً اس کا نام رکھا گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ رجب میں امت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر عذاب نہیں ہوتا۔

شعبان اس کا نام عہد جہالت میں عجلان تھا۔ بعدہ اس کا نام شعبان اس لیے رکھا گیا کہ اس ماہ میں انشعاب قبائل برائے غارات ہوتا تھا۔ پھر شریعت میں اس نام کو یوں رکھا کہ اس مہینا سے نیکیوں کے شعبے نکلتے ہیں کہ اس ماہ کی پندرہویں شب شب براءت ہے۔ اس کے بعد رمضان مجسم خیر آتا ہے۔

رمضان اس کا نام اس لیے رمضان ہے کہ اس کی حرارت سے گناہ جل جاتے ہیں اور

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

اسی ماہ میں فصلیں پکتی ہیں رمض الحر شدت کی حرارت وگرمی کو کہتے ہیں۔

شوال۔ اس کا نام عاذل تھا پھر اسے شوال کہا گیا۔ اس لیے کہ شول ناقہ اس ماہ میں کہا جاتا ہے اور حمل کا اونٹنی کے اس ماہ میں اندازہ کرتے تھے۔

ذوالقعدہ۔ اس کا نام عہد جہالت میں رنہہ تھا۔ پھر ذوالقعدہ رکھا گیا اس لیے کہ اس ماہ میں حرب اور عدد سے راحلہ کھول کر اپنے گھروں میں رہتے تھے۔

ذوالحجہ اس لیے کہتے ہیں کہ یہ مہینا حج کا ہے۔

اسی طرح ہفتہ کے ایام بھی ایام جہالت میں اور تھے اور بعد میں اور ہوئے۔

اردو میں	فارسی میں	عربی زبان میں	ایام جہالت میں
ہفتہ	شنبہ	یوم السبت	شیار
اتوار	یکشنبہ	یوم الاحد	اول
پیر	دوشنبہ	یوم الاثنین	اہون
منگل	سہ شنبہ	یوم الثلثاء	جبار
بدھ	چہار شنبہ	یوم الاربعاء	دیار
جمعرات	پنج شنبہ	یوم الخمیس	مؤنس
جمعہ	جمعہ	یوم الجمعہ	عروبہ

۱۲۲ كَاَنَّمَا الدِّيْنُ ضَيْفٌ حَلَّ سَاحَتَهُمُ
بِكُلِّ قَرْمٍ اِلٰى لَحْمِ الْعِدٰى قَرِمِ

حل لغات: کانما، کان تشبیہ کے لیے۔ ما کافہ، گویا کہ۔ الدین، دین بمعنی عادہ اور دین بمعنی عادۃ، دین اسلام۔ ضیف، ایک مہمان ہے۔ حل، جو اترا ہے۔ ساحتھم، ساحت صحن خانہ، گھر کے آنگن میں۔ بکل، ساتھ تمام۔ قرم، سید، والمراد ھھنا صحابة الرسول صلی اللّٰہ علیه وسلم، سرداروں صحابہ کرام کے۔ الی لحم العدیٰ، جمع عدو، دشمن، دشمن کے گوشت کی طرف۔ قرم، شدید الاشتهاء، مشتاق اور شدید الاشتہاء ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

ترجمہ: مذہب اسلام گویا ایک مہمان تھا جوان کے گھر آیا اور ایسے سرداروں کے ساتھ آیا جو دشمنوں کے گوشت کے مشتاق تھے۔

شرح: مفہوم واضح ہے کہ دین اسلام گویا ایک ایسے مہمان کی صورت میں بہ ہمراہی سرداران قریش صحابہ کرام دشمن کے عین صحن خانہ میں نازل ہوا اور چونکہ انہیں ان کے گوشت کا اشتیاق تھا۔ تو بلحاظ اکرام ضیف بے تکلف اپنے جسم کے گوشت کو ان کے لیے مباح کر دیا۔ خلاصہ مفہوم یہ ہوا کہ مجاہدین اسلام کو ان کے قتل میں زیادہ جدوجہد کی حاجت نہ پڑی بلکہ رعب ومہابت الٰہی اور نصرت اسلامی کے اثر نے کفار کو اتنا مرعوب کر دیا کہ انہوں نے طوعاً وکرہاً اپنے کو قتل کے لیے پیش کر دیا۔

اگر ضمیر ساحتھم کو مجاہدین کی طرف راجع کیا جائے تو معنی یوں ہوں گے کہ گویا دین مجاہدین کے گھر مع سرداران گرامی قدر جو خون اعداء کے پیاسے تھے مہمان ہوا۔ اور فرزندان اسلام نے بپاس خاطر مہمان عزیز اعداء کو ذبح کر کے اس کی میزبانی کی اور وہ منکرین ایسے سراسیمہ ہوئے کہ شمار لیالی وایام بھی کرنے سے بے خبر ہو گئے۔ جیسے کہ ایک حواس باختہ کا حال ہو جاتا ہے۔

يَجُرُّ بَحرَ خَمِيسٍ فَوقَ سَابِحَةٍ
۱۲۳ تَرمِي بِمَوجٍ مِّنَ الاَبطَالِ مُلتَطِمِ

حل لغات: **یجر**، مضارع از جرا کھینچنا رواں کرنا، کھینچتا ہے چلاتا ہے وہ نور مجسم۔ **بحر**، دریا۔ **خمیس**، العسکر الشجعان، لشکروں کا۔ **فوق**، اوپر۔ **سابحۃ**، الفرس الذی یجر تحت الراکب بلا تعب۔ تیز رفتار گھوڑوں کے۔ **ترمی**، مارتا ہے۔ **بموج**، السھام والرماح، ساتھ تیروں اور نیزوں کے۔ **من الابطال**، جمع، بطل، بہادر، بہادروں سے۔ **ملتطم** از **التطام**، دریا کی لہروں کا باہم ٹکرانا۔ پے درپے۔

ترجمہ: وہ ضیف معظم لشکروں کا دریا لے کر گھوڑوں پر سوار نیزے اور تیروں کی موجوں سے بہادروں کے ساتھ دشمن سے ٹکراتا ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

شرح: لشکر اسلام کے غازی چونکہ دشمن کے مقابلہ کے لیے ایسے بے چین ہوتے۔ تھے جیسے دریا کی موجیں کہ ایک پر ایک بے چینی سے چڑھتی ہوئی آتی اور یہ دکھانا چاہتی ہے کہ میں اگلی موج سے آگے بڑھنا چاہتی ہوں۔ یہی شان لشکر اسلام کے ابطال یعنی بہادروں کی تھی کہ ہر ایک صف اگلی صف سے آگے ہونا چاہتی تھی تاکہ دشمن بدحواس ہو کر راہ فرار اختیار کرنے کے سوا کچھ کر ہی نہ سکے۔ گویا بہادران تازہ دم روح ایمان سے اپنے سردار و آقا کے ساتھ ایسے بلند حوصلہ تھے کہ میدان کارزار میں موجوں کی طرح ایک ایک پر دشمن کے کچلنے کو بڑھا ہوا ہوتا تھا۔ اور تیروں اور نیزوں کے التطام سے دشمن حواس باختہ ہو کر بھاگنا چاہتا تھا۔ جس کی تفصیل اپنے موقع پر بیان ہوگی۔

مِنْ كُلِّ مُنْتَدِبٍ لِّلّٰهِ مُحْتَسِبٍ
١٢٢ يَسْطُوْ بِمُسْتَاْصِلٍ لِّلْكُفْرِ مُصْطَلِمِ

حل لغات: من کل منتدبٍ، اسم فاعل از انتداب، اطاعت حکم کرنا، ہر ایک مطیع امر تھا۔ لِلّٰهِ، اللہ سے۔ محتسب، امید اجر کرنے والا۔ برائی سے روکنے والا، امید اجر رکھتا تھا۔ یسطو، مضارع از سطو حملہ کرنا، یہ حملہ کرنا۔ بمستاصل، صیغہ فاعل از استیصال، منکرین کی جڑا کھاڑنے کو تھا۔ للکفر، اور کفر کی۔ مصطلم، از اصطلام، جڑیں کھودنے کو۔

ترجمہ: فرزندان اسلام سے ہر ایک مطیع حکم تھا۔ اللہ سے امید اجر رکھتا تھا۔ اور دشمن پر حملہ ان کی جڑا کھاڑنے کو اور کفر کی جڑیں کھود پھینکنے کو ہوتا تھا۔

شرح: اس بیت مبارک میں فرزندان اسلام کی شجاعت اور بے پناہ بہادری کی وجہ ظاہر فرمائی ہے کہ اس دلیری کی وجہ یہ تھی کہ امتثال امر الٰہی کے لیے وہ بڑھتے اور اللہ اور خالص اللہ کے واسطے اعلاء کلمۃ الحق کے لیے وہ لڑتے تھے۔ اور اپنے فن تلوار اور نیزہ بازی میں بھی ماہر تھے۔

اسی بناء پر حدیث میں آیا ہے:

من خرج وقصد الی الجهاد فی سبیل اللّٰه طلبا لمرضاة اللّٰه

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-ULOOMIL ISLAMIA ACADEMY

تعالیٰ کان اللّٰہ ضامنا و کفیلا لمغفرۃ ذالک العبد او سارع اللّٰہ الی ایفاء مقابلۃ جھادہ بالمثوبات اواوجب اللّٰہ ان ینجز لہ ما وعدہ من الجنۃ والحور والغلمان۔

"یعنی جو اللہ کے لیے جہاد کو نکلے اور اس جہاد سے مراد نہ حصول ملک ہو نہ اعزاز دنیا بلکہ محض رضاء الٰہی اور اعلاء کلمۃ الحق ہو تو اللہ تعالیٰ اس کا اس امر میں ضامن ہوتا ہے کہ اسے بخش دے یا دشمن کے مقابلہ میں ثابت قدم رکھ کر ثواب کا حق دار بنادے یا اسے جنت اور حور وغلمان لازمی کردے"۔

حَتّٰی غَدَتْ مِلَّۃُ الْاِسْلَامِ وَھِیَ بِھِمْ
۱۲۵ مِّنْ بَعْدِ غُرْبَتِھَا مَوْصُوْلَۃَ الرَّحِمِ

حل لغات: حتی، برائے غایت، یہاں تک کہ۔ غدت، ماضی از فعل ناقص ہوگئی۔ ملۃ الاسلام، ملت اسلامیہ۔ وھی، درآں حالیکہ۔ بھم، ای منصورۃ بھم، وہ انہیں میں تھے۔ من بعد غربتھا، بے وطنی، بعد غریب الوطن ہونے کے۔ موصولۃ الرحم، رحم، بچہ دانی اور وصل رحم۔ محافت حقوق عزیزان رشتہ والے ہوگئے۔

ترجمہ: یہاں تک کہ ملت اسلامیہ کی ان کی بدولت یہ حالت ہوگئی کہ پہلے وہ سب سے جدا اور غریب الوطن تھی۔ اور اب گویا بڑی برادری اور عزیز وا قارب والی ہوگئی۔

شرح: دین، شریعت، ملت، ناموس یہ متحد بالذات اور متغائر بالاعتبار ہیں اس لیے کہ وہ طریقہ مخصوصہ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم سے ثابت ہے اسے دین کہتے ہیں۔

اور جو بروایات رواۃ شرعی اور اجماع امت ثابت ہو کر اس پر قبولیت عامہ ہوئی اسے ملت کہتے ہیں اور کسی چیز پر مجتمع ہو کر اس کا پاس رکھنا اسے ناموس کہتے ہیں۔ غرضیکہ ابتدائی شان اسلام چونکہ غربت کی تھی۔ اس اعتبار سے ناظم فاہم رحمہ اللہ نے تلمیحاً اس حدیث کی طرف بھی اس بیت میں اشارہ فرمایا جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ان الدین بدا غریبا وسیعود غریبا فطوبی للغرباء۔ رواہ مسلم فی صحیحہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOM ISLAMIA ACADEMY

''دین اسلام کی ابتداء غربت سے ہے اور آخر میں بحالت غربت ہی ہو جائے گا تو مبارک ہو غرباء کو''۔

مَكْفُوْلَةً اَبَدًا مِّنْهُمْ بِخَيْرِ اَبٍ
۱۲۶ وَخَيْرِ بَعْلٍ فَلَمْ تَيْتَمْ وَلَمْ تَئِمِ

حل لغات: مکفولۃً، از کفل یکفل بمعنی ضمن والکفیل بمعنی الضامن والحافظ، محفوظ ہو گئی ملت اسلامیہ۔ ابدا، ہمیشہ کے لیے۔ منهم، دشمن سے۔ بخیراب، بوجہ بہترین باپ کے۔ وخیر بعل، اور بوجہ بہترین شوہر کے۔ فلم تیتم، مضارع نفی جحد بلم از یتم یتیم ہونا، پس ہرگز یتیم نہ ہو گی۔ ولم تئم، مضارع از ایمہ بیوہ ہونا، اور ہرگز بیوہ نہ ہو گی۔

ترجمہ: ملت اسلام ہمیشہ کے لیے محفوظ و مصئون ہے ہر دشمن سے بہ سبب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ابویت اور بعلیت کے کہ باپ کی طرف سے یتیم اور شوہر کی طرف سے بیوہ نہیں ہو سکتی۔

شرح: مکفول کے معنی محفوظ و مصئون کے آتے ہیں اور ابد کے معنی دہر اور زمانہ طویل کے ہیں۔ گویا ابد کے معنی دائم کے ہوئے اور صاحب عنا قید الفوائد نے تصریح کی ہے کہ ابد وقت مستقبل غیر متناہی پر مستعمل ہوتا ہے۔ اور ازل وقت ماضی غیر متناہی کے لیے آتا ہے۔ اور گزشتہ و آئندہ دونوں پر مستعمل ہے۔

اور بخیراب سے یہاں مراد ذات اقدس سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام اور علماء اعلام ہیں اور خیر بعل میں بھی وہی مراد ہیں۔ اس لیے کہ بعل سید اور مالک کو کہتے ہیں اور زوج کو بھی اسی وجہ میں بعل کہہ دیتے ہیں اور خیر بعل سے یہاں بھی مراد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اصحاب کرام اور علماء عظام ہیں۔

هُمُ الْجِبَالُ فَسَلْ عَنْهُمْ مُّصَادِمَهُمْ
۱۲۷ مَاذَا رَاٰى مِنْهُمْ فِيْ كُلِّ مُصْطَدَمِ

حل لغات: هم، وہ بہادر۔ الجبال، مثل پہاڑوں کے تھے۔ فسل، پس پوچھ، عنهم،

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ان میدانوں سے۔ **مصادمهم**، مصادم مصدر، از صادم یصادم مصادمة التقاء عسکرین للقتال۔ ان کے مقابلہ کی شان کہ۔ **ماذا رای**، کیا دیکھا ان کافروں نے۔ **منهم**، ان جوانان اسلام سے۔ **فی کل مصطدم**، اسم مکان محل الحرب، ہر رزم گاہ میں۔

ترجمہ: فرزندان توحید مثل پہاڑوں کے مضبوط اور قائم تھے۔ ان کی نسبت ان میدانوں سے دریافت کر کہ انہوں نے ہر رزم گاہ میں جو مظاہرہ شجاعت کیا وہ کیسا تھا۔

شرح: یعنی جان نثاران اسلام دشمن سے ایسے ڈٹ کر سینہ سپر ہوتے تھے کہ ان کی شجاعت کی قسم وہ میدان قسم کھا کر ان کی بہادریوں کا خطبہ پڑھ رہے ہیں اور ہر رزمگاہ ان کی دلیری پر تحسین وآفرین کر رہی ہے اب تفصیلی حالات آئندہ بیت سے شروع فرماتے ہیں۔

فَسَلْ حُنَيْنًا وَّسَلْ بَدْرًا وَسَلْ اُحُدًا

۱۲۱ فُصُوْلَ حَتْفٍ لَّهُمْ اَدْهٰى مِنَ الْوَخَمِ

حل لغات: **وسل**، اور پوچھ۔ **حنيناً**، غزوۂ حنین سے۔ **وسل**، اور پوچھ۔ **بدراً**، غزوۂ بدر سے۔ **وسل**، اور پوچھ، **احدا**، غزوۂ احد سے۔ **فصول**، جمع فصل، موسم، یہ موسم تھے۔ **حتف**، بمعنی موت، آفت اور موت کے۔ **لهم**، کافروں کے لیے۔ **ادهى**، اور نزول بلا تھی۔ **من الوخم**، وخم مرض یقال له الوباء، وباء عام سے۔

ترجمہ: حنین وبدر واحد کے غزوات سے پوچھ کہ یہ کافروں کے لیے آفت وبلا کے ایام اور بلاء عام کے موسم تھے۔

شرح: اب تک اجمالی صورت میں شجاعان اسلام اور لشکر سید الانام کی بہادری ودلیری کا مذاکرہ تھا۔ اب تفصیلی صورت میں بعض غزوات کی کیفیت ظاہر فرماتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ حنین سے پوچھ بدر اور احد سے معلوم کر کہ کفار پر موت کس صورت میں آئی اور وباء عام کی طرح کیسے ان پر مسلط ہوئی۔ اور یہ ایام کفار کے حق میں کتنے مضرت رساں اور وبال جان تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

اب ہم ناظم فاہم رحمہ اللہ کے بیت کے ترتیب کے مطابق اول غزوۂ حنین کو ذرا تفصیل سے نقل کریں گے۔ علامہ خرپوتی شارح قصیدہ نے بھی اگرچہ غزوات ثلاثہ کا ذکر فرمایا ہے لیکن نہایت مختصر طریقہ پر بیان کیا ہے۔ لہٰذا ہم ان واقعات کو سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور دیگر تاریخی کتابوں کی روشنی میں نذر ناظرین کرتے ہیں۔ اول غزوۂ حنین ملاحظہ ہو۔ وَّ یَوۡمَ حُنَیۡنٍ ۙ اِذۡ اَعۡجَبَتۡکُمۡ کَثۡرَتُکُمۡ (1)

حنین مکہ معظّمہ اور طائف کے مابین ایک وادی ہے۔ ذوالمجاز عرب کا مشہور بازار اور عرفہ سے تین میل ہے یہ اس کے دامن میں ہے اس مقام کو اوطاس بھی کہتے ہیں۔ ہوازن ایک قبیلہ کا نام ہے جس کی بہت سی شاخیں ہیں۔

اسلام کی فتوحات کا دائرہ اگرچہ وسیع ہو رہا تھا۔ لیکن اہل عرب یہ دیکھ رہے تھے کہ ان کا قبلہ اعظم یعنی مکہ اب تک محفوظ رہے۔ ان کا خیال تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اگر قریش پر غالب آ گئے اور مکہ فتح ہو گیا تو ہم مان لیں گے کہ وہ بے شبہہ سچے نبی ہیں۔

چنانچہ جب مکہ فتح ہوا تو تمام قبائل نے خود پیش قدمی کی اور اسلام قبول کر کے مسلمانوں میں شریک ہونا شروع کر دیا۔ لیکن ہوازن وثقیف پر اس کا الٹا اثر پڑا۔ یہ قبیلے ہمیشہ سے جنگجو اور فن حرب کے ماہر جانے جاتے تھے۔

اسلام کو جس قدر غلبہ ہوتا جاتا تھا ان کا اضطراب بھی بڑھتا جاتا تھا اور یہ اضطراب ایک حد تک ٹھیک بھی تھا۔ اس لیے کہ غلبۂ اسلامی کی وجہ سے اس کی ریاست اور حکومت وامتیاز کا خاتمہ ہوا جا رہا تھا۔ اس بناء پر فتح مکہ سے قبل ہوازن کے روساء نے عرب کا دورہ کیا۔ اور ہر جگہ مخالفت اسلام کا جوش پھیلایا۔ سال بھر کامل ان کی یہ سعی جاری رہی جیسا کہ زرقانی نے لکھا ہے۔ غرضیکہ تمام قبائل عرب میں یہ قرارداد پاس ہو گئی کہ مسلمانان اسلام پر ایک عام حملہ کیا جائے۔

جب مکہ معظّمہ فتح ہو گیا تو انہیں یقین ہو گیا کہ اگر اب جلد از جلد تدارک نہ کیا گیا تو آئندہ بڑی سے بڑی طاقت اسلام کو زیر نہ کر سکے گی۔

1۔ اور حنین کا دن یاد کرو جب تم اپنی کثرت پر نازاں تھے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روانگی کے وقت ان کو یہ غلط خبر پہنچی کہ حملہ کا رخ انہی کی طرف ہے۔ اس خبر نے انہیں کسی قسم کی انتظار کی اجازت نہ دی۔ علی الفور زور وشور کے ساتھ خود حملہ کا اقدام کیا اور اس جوش سے کیا کہ ہر قبیلہ اپنے اہل وعیال کو لے کر چلا کہ بچے عورتیں جب ساتھ ہوں گے تو ان کی محافظت میں جانیں دے دینے کے سوا بھاگنے کی گنجائش نہ ہوگی، اس معرکہ میں اگرچہ ثقیف اور ہوازن کی تمام شاخیں شریک تھیں۔ لیکن پھر بھی کعب اور کلاب علیحدہ رہے۔ فوج کی سرداری کے لیے دو شخص منتخب ہوئے مالک بن عوف اور درید بن الصمہ۔ ہوازن کا رئیس اعظم مالک بن عوف تھا اور درید بن الصمہ عرب کا مشہور شاعر اور قبیلہ جثم کا سردار تھا۔ اس کی شاعری اور بہادری کے معرکہ اب تک عرب کی تاریخ میں یادگار ہیں اس کی عمر اگرچہ سو برس سے زیادہ ہو چکی تھی اور صرف ہڈیوں کا ڈھانچہ رہ گیا تھا۔ لیکن تاہم عرب اس کو مانتا تھا اور اس کی رائے پر ملک کو اعتماد تھا۔ خود مالک بن عوف نے اس کی شرکت کی درخواست کی۔ یہ پیروں پر چلنے کے قابل نہ تھا نہ گھوڑے کی سواری کر سکتا تھا۔ اسے رزم گاہ میں پلنگ پر ڈال کر لائے اس نے دریافت کیا یہ کون سا مقام ہے۔ بتایا گیا اوطاس بولا کہ ہاں یہ مقام جنگ کے لیے موزوں ہے۔

اس کی زمین نہ بہت سخت ہے نہ اس قدر نرم کہ پاؤں دھنس جائیں۔ چونکہ قبائل اپنے بچے اور بیویاں ساتھ لائے تھے۔ بچوں کے رونے کی آوازیں سن کر اس نے پوچھا یہ بچوں کے رونے کی کیسی آوازیں ہیں۔ بتایا گیا کہ بچے اور عورتیں ساتھ لائی گئی ہیں تاکہ کوئی شخص ان کی محبت اور غیرت سے اپنا پاؤں پیچھے نہ ڈالے۔ اس پر اس نے کہا یہ خیال فضول ہے۔ جب پاؤں اکھڑ جاتے ہیں تو کوئی چیز روک نہیں سکتی۔ میدان میں صرف تلوار کام دیتی ہے۔ یہ تم نے غلطی کی اگر بدقسمتی سے شکست ہوئی تو عورتوں کی وجہ سے اور بھی ذلت ہوگی۔

پھر پوچھا کعب اور کلاب بھی ہمارے ساتھ ہیں یا نہیں۔ اس کا جواب نفی میں دیا گیا۔ درید بن الصمہ نے ایک آہ سرد کھینچی اور کہا اگر آج کا دن عزت کا دن ہوتا تو کعب اور کلاب غیر حاضر نہ ہوتے۔ پھر درید بن الصمہ نے مشورہ دیا کہ میدان سے ہٹ کر کسی محفوظ جگہ کیمپ لگایا جائے۔ مگر مالک بن عوف نے جوش شباب میں اس رائے کو ٹھکرا دیا یہ سی سالہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

نوجوان تھا اس نے صاف کہہ دیا کہ تمہاری عقل بے کار ہو چکی ہے۔ یہ تفصیل طبری میں موجود ہے۔

سرکار دو جہاں رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب اس اجتماع کی اطلاع پہنچی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تصدیق کے لیے عبداللہ ابی جداد کو بھیجا وہ جاسوس بن کر حنین میں آئے اور کئی دن فوج میں رہے۔ تمام حالات تحقیق کر کے دربار رسالت میں پہنچے اور مفصل ڈائری پیش کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حالات کی نزاکت ملاحظہ فرما کر مقابلہ کی تیاری کا حکم دیا۔ رسد اور سامان حرب کے لیے قرضہ کی ضرورت لاحق ہوئی عبداللہ بن ربیعہ ابو جہل کے سوتیلے بھائی نہایت دولت مند تھے۔ انہوں نے تیس ہزار درہم قرض دیے (از مسند احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ) صفوان بن امیہ مکہ کے رئیس اعظم اور مشہور مہمان نواز تھے اور اب تک مشرف باسلام نہیں ہوئے تھے انہوں نے سو زرہیں اور اس کے لوازمات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیش کیے۔

اب 7 شوال 8 ھ مطابق جنوری فروری 630ء کو اسلامی فوجیں بارہ ہزار کی تعداد میں اس تزک و احتشام سے حنین کی طرف بڑھیں کہ صحابہ کرام کی زبانوں سے بے اختیار یہ لفظ نکل گئے کہ آج ہم پر کون غالب آسکتا ہے۔ یہ نازش بارگاہ رب العالمین میں ناپسند ہوئی۔ چنانچہ قرآن کریم میں ارشاد ہے: وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ "اور حنین کا دن یاد کرو جب تم اپنی کثرت پر نازاں تھے لیکن وہ کثرت کچھ کام نہ آئی اور زمین باوجود وسعت کے تنگی کرنے لگی پھر تم پیٹھ پھیر کر بھاگ نکلے"۔

مقابلہ شروع ہوا پہلے ہی وہلہ میں مطلع صاف تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ملاحظہ فرمایا تو دیکھا کہ رفقائے خاص میں سے بھی کوئی حاضر نہیں صرف چند اصحاب کا ثابت قدم رہنا بعض روایتوں سے ثابت ہے۔

حضرت ابوقتادہ فرماتے ہیں کہ اس میدان سراسیمگی میں میں نے ایک کافر کو دیکھا کہ ایک مسلمان کے سینہ پر سوار ہے۔ میں نے عقب سے اس کے شانہ پر تلوار ماری جو زرہ کاٹ کر اندر اتر گئی اس نے مڑ کر مجھے اس زور سے دبوچا کہ میری جان پر بن گئی مگر خدا کے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM
ISLAMIA ACADEMY

فضل سے وہ ٹھنڈا ہوکر گر پڑا۔ اسی اثناء میں میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا میں نے کہا: حضرت! یہ مسلمانوں کا کیا حال ہے۔ فرمانے لگے: قضاء الٰہی یہی تھی۔ **کمافی البخاری غزوۃ حنین**۔ سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

شکست کے ظاہری اسباب: شکست کے بظاہر مختلف اسباب تھے:

اول مقدمۃ الجیش میں جو حضرت خالد کے زیر کمان تھا زیادہ تر فتح مکہ کے جدید الاسلام نوجوان تھے جو غرور جوانی میں اسلحات جنگ سے بھی آراستہ ہوکر نہیں آئے۔

(۲) فوج میں دو ہزار کے قریب طلقا تھے۔ یعنی وہ لوگ جو اب تک اسلام نہیں لائے تھے۔

(۳) ہوازن تیراندازی میں تمام عرب پر ممتاز تھا ان کا ایک تیر بھی خالی نہیں جاتا تھا۔

(۴) کفار نے رزم گاہ میں پہلے پہنچ کر مناسب مقامات پر قبضہ کرلیا تھا۔ اور تیراندازوں کے دستے پہاڑ کی گھاٹیوں اور کھوؤں اور دروں میں جما دیے تھے۔

(۵) لشکر اسلام کے جوشیلے نوجوانوں نے پورا دن نکلنے سے پہلے ہی حملہ کردیا تھا۔

(۶) میدان جنگ ایسے نشیب میں تھا کہ پاؤں جم نہ سکتے تھے۔

(۷) حملہ آوروں کا بڑھنا تھا کہ سامنے سے ہزاروں کی تعداد میں فوجیں ٹوٹ پڑیں۔

(۸) ادھر کمین گاہوں سے تیراندازوں کے دستے نکل آئے اور تیروں کا مینہ برسا دیا۔

(۹) جب مقدمۃ الجیش بے قابو ہوکر پیچھے ہٹا تو تمام فوج کے پاؤں اکھڑ گئے۔

صحیح بخاری میں ہے:

فادبروا حتی بقی وحدہ

''یعنی تمام لشکر پسپا ہوگیا یہاں تک کہ تن تنہا تاجدار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رہ گئے''۔

تیروں، تلواروں کا مینہ برس رہا تھا۔ آواز بزن کے سوا کان پڑی آواز کا پتا نہ تھا۔ بارہ ہزار کی جمعیت منتشر ہوچکی تھی۔ لیکن پیکر مقدس بانی دین اقدس کا یہ شجاعانہ مظاہرہ تھا کہ پابرجا تھا اور کیوں نہ ہوتا۔ یہ ہستی پاک تن تنہا ایک فوج ایک ملک ایک اقلیم ایک عالم نہیں بلکہ مجموعہ کائنات تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہایت اطمینان کے ساتھ داہنی جانب ملاحظہ کیا اور آواز دی: **یا معشر الانصار** آواز کے ساتھ ہی صدا آئی حضور! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم حاضر ہیں۔ پھر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOLOOM ISLAMIA ACADEMY

بائیں جانب پکارے وہی آواز آئی۔ حضور ﷺ سواری سے اترے اور جلال نبوت کے لہجہ میں فرمایا: میں خدا کا بندہ اس کا پیغمبر ہوں۔

بخاری شریف کی ایک روایت میں ہے کہ حضور ﷺ نے یہ رجز پڑھا: انا النبی لاکذب۔ انا بن عبدالمطلب۔ "میں پیغمبر ہوں یہ جھوٹ نہیں ہے، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں"۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نہایت بلند آواز تھے۔ حضور ﷺ نے حکم دیا کہ مہاجرین وانصار کو آواز دو۔ آپ نے نعرہ مارا: یا معشر الانصار یا اصحاب الشجرۃ "اے گروہ انصار! اے بیعت شجرہ والو! اس پر اثر آواز کا کانوں میں پڑنا تھا کہ تمام فوج دفعتہً پلٹ پڑی جس کا تذکرہ قرآن پاک میں فرمایا گیا:

ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَذٰلِكَ جَزَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾

"پھر اللہ نے اپنے رسول اور مسلمانوں پر تسلی نازل فرمائی اور ایسی فوجیں بھیجیں جو تم نے نہیں دیکھیں اور کافروں کو عذاب دیا اور کافروں کی یہی سزا ہے"۔

جن لوگوں کے گھوڑے کش مکش اور گھمسان کی وجہ سے مڑ نہ سکے انہوں نے زرہیں پھینک دیں۔ گھوڑوں سے کود پڑے لڑائی کا رنگ دم زدن میں بدل گیا۔ کفار بھاگ نکلے جو رہ گئے وہ پابجولاں ہو گئے بنو مالک جو ثقیف کی ایک شاخ تھی ذرا جم کر لڑی مگر جب ان کے ستر آدمی مارے گئے اور عثمان بن عبداللہ ان کا علمبردار قتل ہو گیا تو وہ بھی نہ ٹھہر سکے۔ شکست خوردہ فوج ٹوٹ پھوٹ کر کچھ اوطاس میں جمع ہوئی اور کچھ طائف میں جا کر پناہ گزین ہوئی انہیں میں ان کا سپہ سالار مالک بن عوف بھی روپوش تھا۔ اس کے بعد وہ بڈھا گرگ باراں دیدہ درید بن الصمہ کئی ہزار کی جمعیت لے کر اوطاس میں آیا۔ حضور ﷺ نے ابوعامر اشعری کی سرکردگی میں تھوڑی سی فوج اس کے استیصال کو بھیج دی ابوعامر اشعری درید کے بیٹے کے ہاتھ سے شہید ہو گئے۔ اس نے علم اسلام ان کے ہاتھ سے لے کر اپنی فتح کا نقارہ بجانا چاہا تھا کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر ایسا کامیاب حملہ کیا کہ اسے واصل بجہنم کر کے علم چھین لیا۔ درید بن الصمہ ایک اونٹ پر ہودج میں سوار

www.waseemziyai.com MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

تھا ربیعہ بن رفیع نے اس پر تلوار کا وار کیا۔ لیکن اتفاق سے اچٹ کر رہ گئی درید بن الصمہ نے طعنہ دیتے ہوئے کہا کہ تیری ماں نے تجھ کو اچھے ہتھیار نہیں دیے لے میری محمل میں تلوار ہے اسے نکال لے اور اپنی ماں کے پاس واپس جا کر کہنا کہ میں نے درید کو قتل کر دیا ربیعہ نے جا کر ماں کو اس کے قتل کی خبر دی تو اس نے کہا: خدا کی قسم درید نے تیری تین ماؤں کو آزاد کرایا تھا۔ مختصر یہ کہ اسیران جنگ کی تعداد ہزاروں سے زائد تھی ان میں حضرت شیما بھی تھیں جو حضور ﷺ کی رضاعی بہن تھیں لوگوں نے جب انہیں گرفتار کیا تو انہوں نے کہا میں تمہارے نبی ﷺ کی بہن ہوں۔ لوگ تصدیق کے لیے حضور ﷺ کی خدمت میں لائے حضرت شیما نے اپنی پیٹھ کھول کر دکھائی کہ بچپن میں آپ ﷺ نے دانت سے کاٹا تھا یہ اس کا نشان ہے۔ سرکار والا تبار رحمت دو عالم ﷺ کی چشم مبارک میں فرط محبت سے آنسو بھر آئے ان کے لیے حضور ﷺ نے رداء مبارک بچھا دی۔ محبت کی باتیں فرمائیں چند اونٹ اور بکریاں عطا فرما کر ارشاد فرمایا جی چاہے میرے گھر چل کر رہو اور اگر گھر جانا چاہو تو وہاں پہنچا دیا جائے۔ حضرت شیما نے خاندان کی محبت کی وجہ میں وطن جانا پسند فرمایا چنانچہ احترام کے ساتھ پہنچا دی گئیں۔

اب حنین کی بقیہ شکست خوردہ فوج جو طائف میں پناہ گزین ہو کر جنگ کی تیاری کر رہی تھی۔ طائف ایک نہایت محفوظ مقام تھا۔ اسے طائف کہتے ہی اس وجہ میں تھے کہ اس کے گرد شہر پناہ کے طور پر چار دیواری تھی۔ اور یہاں قبیلہ ثقیف کی جو شاخ آباد تھی وہ نہایت شجاع مشہور تھی تمام عرب میں ممتاز اور قریش کے گویا ہمسر تھی۔ عروۃ بن مسعود یہاں کا رئیس ابوسفیان کا داماد تھا۔ کفار مکہ کہتے تھے کہ قرآن اگر اترتا تو مکہ یا طائف کے رؤسا پر اترتا۔ لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾ (1) یہ لوگ فن حرب سے بھی واقف تھے اور اعزاز میں سردار قوم اور مالدار بھی تھے۔ طبری اور اسحٰق میں لکھا ہے کہ عروۃ بن مسعود ثقفی اور غیلان سلمہ نے جرش میں جا کر جو یمن کا ایک ضلع ہے قلعہ شکن آلات مثل دبابہ ضبور اور منجنیق کے بنانے اور استعمال کرنے کا فن سیکھا تھا۔ طائف میں ایک قلعہ تھا جو

1۔ دونوں بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی پر یہ قرآن مجید نازل کیوں نہیں کیا گیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

نہایت محفوظ تھا لیکن کچھ شکستہ سا تھا۔ اہل شہر اور شکست خوردہ فراری فوج حنین نے اس کی مرمت کی اور سال بھر کے لیے رسد کا سامان جمع کیا چاروں طرف منجنیق اور جا بجا قدر انداز معین کیے۔ تاریخ خمیس جلد دوم اور ابن سعد۔

حضور سید عالم ﷺ نے حنین کا مال غنیمت اور اسیران جنگ کے متعلق حکم دیا کہ مقام جعرانہ میں محفوظ رکھے جائیں اور خود طائف کا عزم فرمایا۔ حضرت خالد مقدمۃ الجیش کے طور پر پہلے روانہ کیے گئے۔ مختصر یہ کہ محاصرہ ہوا اور اسلام میں یہ پہلا موقع تھا کہ قلعہ شکن آلات یعنی دبابہ اور منجنیق استعمال کیے گئے دبابہ سے اہل قلعہ نے لوہے کی گرم سلاخیں برسائیں اور اس شدت کی تیر اندازی کی کہ نیستان نبوۃ کے شیروں کو پیچھے ہٹنا پڑا اور بہت سے زخمی ہوئے بیس دن تک یہ محاصرہ رہا لیکن شہر فتح نہ ہو سکا۔

آخرش حضور ﷺ نے نوفل بن معاویہ کو بلا کر پوچھا کہ تمہاری کیا رائے ہے انہوں نے عرض کیا حضور! ﷺ لومڑی بھٹ میں گھس گئی ہے اگر جدو جہد جاری رہی تو پکڑ لی جائے گی اور اگر چھوڑ دی جائے تب بھی کوئی اندیشہ نہیں چونکہ صرف دشمن کی مدافعت مقصود تھی۔ حضور ﷺ نے محاصرہ اٹھا لینے کا حکم نافذ فرما دیا۔ صحابہ نے عرض کی: حضور! ﷺ ان کو بددعا دیں۔ حضور ﷺ نے یہ بددعا دی:

اللھم اھد ثقیفا وائت بھم

''الٰہی ثقیف کو ہدایت دے اور میرے پاس انہیں آنے کی توفیق عطا فرما''۔

محاصرہ چھوڑ کر حضور ﷺ جعرانہ تشریف لائے غنیمت کا بے شمار ذخیرہ تھا چھ ہزار اسیران جنگ چوبیس ہزار اونٹ چالیس ہزار بکریاں چار ہزار اوقیہ چاندی تھی۔ (از طبقات ابن سعد) اسیران جنگ کے متعلق آپ ﷺ نے انتظار فرمایا کہ ان کے عزیز واقارب آئیں تو ان سے گفتگو کی جائے لیکن کئی دن گزر جانے کے باوجود کوئی نہ آیا۔

مال غنیمت کے پانچ حصے کیے گئے۔ چار حصے حسب قاعدہ اہل فوج کو تقسیم کیے گئے۔ خمس بیت المال اور غربا و مساکین کے لیے رکھا گیا۔ مکہ کے اکثر رؤسا جنہوں نے حال میں اسلام قبول کیا تھا اور ابھی مذبذب العقائد تھے۔ انہیں کو قرآن کریم میں مؤلفۃ القلوب

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

فرمایا ہے۔ اور جہاں قرآن کریم میں مصارف زکوٰۃ کا ذکر ہے وہاں ان لوگوں کا نام بھی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان لوگوں کو نہایت فیاضانہ انعامات بخشے۔ ان کی تفصیل یہ ہے:

ابوسفیان کو مع اولاد کے 300 اونٹ 120 اوقیہ چاندی عطا فرمائی۔

حکیم بن حزام کو 200 اونٹ

حویطب بن عبدالعزیٰ کو 100 اونٹ

نضیر بن حارث بن کلاہ ثقفی کو 100 اونٹ

صفوان بن امیہ کو 100 اونٹ۔ اقرع ابن حابس کو 100 اونٹ۔

قیس بن عدی کو 100 اونٹ۔ عیینہ بن حصن کو 100 اونٹ۔

سہیل بن عمرو کو 100 اونٹ۔ مالک بن عوف کو 100 اونٹ۔

اس کے سوا بہت سے لوگوں کو پچاس پچاس اونٹ عطا فرمائے فوج کے حصہ میں تقسیم عام کے اعتبار سے فی کس چار اونٹ چالیس بکریاں نکلیں۔ سواروں کو چونکہ پیادہ فوج کے مقابلہ میں تین گنا حصہ دیا جاتا تھا۔ اس لیے ہر سوار کے حصہ میں بارہ اونٹ ایک سو بیس بکریاں آئیں۔ علاوہ اس کے جنہیں باران عطا سے نوازا گیا ان میں اکثر اہل مکہ اور جدید الاسلام تھے۔ اس پر بعض انصار کو رنج ہوا اور کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریش کو انعام دے کر ہمیں محروم رکھا۔ حالانکہ ہماری تلواروں سے اب تک قریش کے خون کے قطرات ٹپک رہے ہیں۔ بعض نے کہا کہ مشکلات کے موقع پر ہماری یاد ہوتی ہے اور غنیمت اوروں کو ملتی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گوش اقدس تک جب یہ آواز پہنچی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار کو جمع فرمایا اور دریافت کیا کیا یہ شکوہ تمہاری طرف سے ہوا ہے۔ انصار چونکہ سچ بولنے کے عادی تھے انہوں نے صاف عرض کر دیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے سر برآوردہ لوگوں کی طرف سے یہ بات نہیں نکلی بلکہ ہمارے نوخیز لوگوں نے یہ ضرور کہا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصار کے صغیر و کبیر جمع فرمائے اور ایسا بلیغ خطبہ دیا جس کی نظیر فن بلاغت میں معدوم ہے اور انصار کو خطاب کر کے فرمایا۔ کیا یہ سچ نہیں کہ تم پہلے گمراہ تھے خدا نے میرے ذریعہ سے تم کو ہدایت دی۔ تم منتشر تھے خدا نے میرے ذریعہ تم میں اتفاق پیدا کیا۔ تم مفلس تھے خدا نے میرے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

ذریعہ تمہیں متمول کیا۔ اس پر انصار ہر فقرہ کے بعد کہتے جاتے تھے کہ اللہ و رسول کے احسانات ہم پر سب سے زیادہ ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا نہیں تم یہ جواب دو کہ اے محمد! صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جب لوگوں نے جھٹلایا ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تصدیق کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جب لوگوں نے چھوڑ دیا تو ہم نے پناہ دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب عائل تھے تو ہم نے ہر طرح کی مدد کی اور فرمایا تم یہ جواب دیتے جاؤ اور میں کہتا جاؤں گا تم سچ کہتے ہو۔ لیکن اے انصار کیا تم کو یہ پسند نہیں کہ لوگ اونٹ بکریاں لے کر جائیں اور تم محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو لے کر اپنے گھر آؤ۔ یہ سن کر انصار بے اختیار چیخ پڑے اور کہنے لگے ہم کو صرف ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم درکار ہیں۔ اکثر کا یہ حال ہوا کہ روتے روتے از خود رفتہ ہو گئے اور داڑھیاں آنسوؤں سے تر ہو گئیں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا مکہ کے لوگ جدید الاسلام ہیں میں نے ان کو جو کچھ دیا حق کی بناء پر نہیں بلکہ تالیف قلوب کے لیے دیا ہے۔

اسیران حنین کے ساتھ حضور کی مراعات: اسیران جنگ حنین ابھی تک جعرانہ میں محفوظ تھے ایک معزز سفارت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور درخواست کی کہ حنین کے اسیر رہا کر دیے جائیں یہ سفارت اس قبیلہ سے آئی تھی جس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رضاعی دایہ حضرت حلیمہ تھیں رئیس قبیلہ زہیر بن صرد نے کھڑے ہو کر تقریر کی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف مخاطب ہو کر عرض کیا جو عورتیں چھپروں میں محبوس ہیں انہیں میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رضاعی پھوپھیاں اور خالائیں ہیں۔ خدا کی قسم اگر سلاطین عرب میں سے کہیں ہمارے خاندان کا دودھ پیا ہوتا تو ان سے بہت کچھ امیدیں ہوتیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے تو ہمیں ان سے بھی زیادہ توقع ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا خاندان عبدالمطلب کا جس قدر حصہ ہے وہ تمہارا ہے۔ لیکن عام رہائی کی تدبیر یہ ہے کہ جب نماز کے بعد مجمع ہو تو سب کے سامنے یہ درخواست پیش کرو نماز ظہر کے بعد ان لوگوں نے یہ درخواست مجمع کے سامنے پیش کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: مجھ کو صرف اپنے خاندان پر اختیار ہے لیکن میں تمام مسلمانوں سے ان کے لیے سفارش کرتا ہوں۔ مہاجرین اور انصار بول اٹھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہمارا حصہ بھی حاضر ہے اس میں چھ ہزار بیک وقت آزاد کر دیے گئے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

علامہ خرپوتی رحمہ اللہ نے اس واقعہ میں ایک معجزہ کا ذکر فرمایا کہ حضور ﷺ نے کفار کی طرف نظر کی اور ایک مٹھی خاک کی اٹھا کر فرمایا انھزموا ورب الکعبة شاهت الوجوه۔

''بھاگ جاؤ رب کعبہ کے رعب سے اور خاک آلودہ چہرے لے کر''۔

اور کفار کی طرف وہ مٹی پھینکی تو تمام کافروں کے اندر مثل ابر غلیظ وہ مٹی پھیل گئی اور ان کی آنکھوں میں غبار بھر گیا اور بھاگ نکلے۔

غزوۂ بدر: اب بیت مبارک میں سل بدرا غزوۂ بدر کے واقعات کی طرف اشارہ ہے۔ یہ واقعہ بھی ہم دیگر کتب تواریخ سے تفصیلی رنگ میں پیش ناظرین کرتے ہیں اور شارح خرپوتی رحمہ اللہ نے جو مختصر نقل کیا ہے وہ بھی اول تبرکاً نقل کیے دیتے ہیں۔

بدر ایک موضع ہے جو مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ کے مابین واقع ہے۔ اس جگہ محاربہ ہوا اور اللہ تعالیٰ نے باوجود قلت عدد مسلمین اور کثرت عدد مشرکین مسلمانوں کو فتح عطا فرما کر حضور ﷺ کی شان دکھائی اور مسلمین کی جانیں بچائیں اور شیطان کو مع اس کی جماعت کے ذلیل ورسوا کیا۔ اس کا تذکرہ قرآن کریم میں یوں ہے: وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ۔ ''بے شک اللہ نے مدد فرمائی تمہاری بدر میں باوجودیکہ تم دشمن کی نظر میں ذلیل تھے''۔ اور یہ غزوہ اعظم غزوات اسلام سے ہے۔ یہ جنگ رمضان المبارک میں ہوئی اس میں مسلمانوں کی تعداد تین سو تیرہ تھی اور مشرکین ایک ہزار کے قریب تھے۔ اور یہاں ایسا زبردست قتل وقتال ہوا کہ اس کی نظیر دوسرے غزوات میں نہیں ملتی پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر سکینہ نازل فرمایا اور جنود ملائکہ کے ساتھ امداد کی۔ اس محاربہ میں ستر مشرکین مارے گئے اور ستر قید ہوئے مقتولین میں اکثر صنادید قریش تھے اور اس غزوہ میں بہت سے معجزات وعجائبات کا بھی ظہور ہوا۔ انتهى من شرح الخرپوتی۔ اب اس واقعہ عظیم کو تفصیلی صورت میں ملاحظہ فرمائیں منتخب از سیرۃ النبی وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ بدر ایک گاؤں کا نام ہے جہاں ہر سال میلہ لگتا ہے۔ یہ مقام اس نقطہ کے قریب ہے جہاں شام سے مدینہ جانے کا راستہ دشوار گزار گھاٹیوں میں سے ہو کر گزرتا ہے۔ مدینہ منورہ سے تقریباً 80 میل کے فاصلہ پر ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس جنگ کے مبادیات یہ ہیں کہ جب 2ھ کو حضور ﷺ نے عبداللہ بن جحش کو بارہ سپاہیوں کے ساتھ بطن نخلہ کی طرف اس غرض سے بھیجا تھا کہ قریش کے حالات کا پتا لگائیں۔ تو انہوں نے بجائے اس کے یہ کیا کہ راستہ میں قریش کے چند آدمی جو شام سے مال تجارت لے کر آرہے تھے ان پر حملہ کر دیا۔ اس قافلہ میں عمرو بن حضرمی بھی تھا وہ مارا گیا اور دو گرفتار ہوئے۔ مال غنیمت ہاتھ آیا۔ عبداللہ مع مال غنیمت اور قیدیوں کے مدینہ آئے اور سرکار میں سب چیزیں پیش کیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا میں نے تمہیں یہ کب کہا تھا اور اس عتاب میں غنیمت بھی قبول نہ فرمائی۔ اور صحابہ کرام بھی عبداللہ پر نہایت برہم ہوئے اور انہوں نے کہا: صنعتم مالم تومروابه وقاتلتم فی الشهر الحرام ولم تومروا بقتال۔ طبری صفحہ 1275۔

''تم نے وہ کام کیا جس کا تمہیں حکم نہیں دیا گیا اور ماہ حرام رجب المرجب میں مقاتلہ کیا۔ حالانکہ اس مہینا میں لڑنے کا حکم نہ تھا''۔

جو لوگ گرفتار اور قتل ہوئے وہ بڑے معزز خاندان کے لوگ تھے۔ عمرو حضرمی جو قتل ہوا وہ عبداللہ بن حضرمی کا بیٹا تھا جو حرب بن امیہ یعنی امیر معاویہ کے دادا کا حلیف تھا۔ اور حرب بن امیہ قریش کا رئیس اعظم اور ایسا رئیس اعظم تھا کہ حضرت عبدالمطلب کے بعد اس کو ریاست عامہ حاصل ہوئی تھی۔ اور جو لوگ گرفتار ہوئے تھے وہ عثمان اور نوفل مغیرہ کے پوتے تھے۔ مغیرہ ولید کا باپ حضرت خالد کا دادا اور حرب بن امیہ کے بعد دوسرے درجہ کا رئیس مکہ تھا۔ اس بناء پر قتل حضرمی نے تمام قریش میں اشتعال پیدا کر دیا۔ اور یہ انتقام خون کی بنیاد قائم ہوگئی۔

حضرت عروۃ بن زبیر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے تصریح فرماتے ہیں کہ نہ صرف غزوۂ بدر بلکہ تمام لڑائیوں کی وجہ جو قریش سے ہوئیں صرف اور صرف قتل حضرمی ہے۔ علامہ طبری لکھتے ہیں۔ اور جس چیز نے بدر کی جنگ کو ابھارا اور تمام غزوات کے سلسلہ جنبانی ہوگئی، سب کا سبب یہ تھا کہ واقد سہمی نے حضرمی کو قتل کر دیا تھا۔

ہجرت کے بعد سے ہی حملہ کی تیاریاں شروع تھیں اور گزشتہ حالات انتقامی جذبہ کے

ساتھ اس میں کارفرما تھے۔ عبداللہ بن ابی کو قریش مکہ نے خط میں صاف لکھ دیا تھا کہ محمد ﷺ کو قتل کر کے ہمیں اطلاع دو۔ ورنہ ہم آکر ان کے ساتھ تمہارا بھی فیصلہ کر دیں گے۔ یہ پہلا الٹی میٹم تھا جو مدینہ کی طرف قریش نے دیا۔ اس کے بعد سے چھوٹی چھوٹی ٹکڑیاں مدینہ کی طرف گشت لگاتی رہیں۔ کرز بن جابر فہری مدینہ کی چراگاہوں تک آکر غارت گری کرتا رہا۔ مکمل حملہ کے لیے سب سے پہلے مصارف جنگ کا بندوست تھا اس لیے اب کے موسم میں جو کاروان تجارت قریش نے شام روانہ کیا وہ اس سروسامان سے روانہ ہوا کہ مکہ کی تمام آبادی نے جس کے پاس جو رقم تھی سب کی سب دے دی تھی۔

اور نہ صرف مرد ہی اس میں شریک تھے۔ بلکہ عورتیں بھی اس تجارت میں شریک تھیں۔ ابھی قافلہ شام کو روانہ نہ ہوا تھا کہ حضرمی کے قتل کا واقعہ پیش آگیا۔ اس سے قریش کی آتش غضب اور بھی مشتعل ہوگئی حتی کہ قریش کے غضب کے بادل تمام عرب پر چھا گئے۔ حضور ﷺ کو جب اس کی اطلاع ملی تو آپ ﷺ نے صحابہ کو جمع کر کے واقعہ کا اظہار فرمایا۔ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور دیگر جان نثاروں نے نہایت پر جوش تقریریں کیں لیکن حضور ﷺ انصار کا نظریہ معلوم فرمانا چاہ رہے تھے۔ کیونکہ ان سے بوقت بیعت یہ اقرار لیا گیا تھا کہ جب کوئی مدینہ پر چڑھائی کرے گا تو ان کی تلوار اٹھے گی۔

آخر سعد بن عبادہ سردار قبیلہ خزرج اٹھے اور عرض کرنے لگے کہ حضور ﷺ کی نظریں ہماری طرف اٹھ رہی ہیں اور ہمارے پرانے عہد نامہ کے ماتحت حضور ﷺ ہمیں کوئی حکم نہیں فرمارہے ہیں۔ خدا کی قسم اگر حضور ﷺ حکم دیں تو ہم سمندر میں کودنے کو تیار ہیں۔

صحیح مسلم کی روایت ہے اور بخاری میں ہے کہ حضرت مقداد رضی اللہ عنہ نے عرض کی حضور! ﷺ ہم قوم موسیٰ علیہ السلام کی طرح نہیں کہ یوں کہہ دے: فَاذْهَبْ أَنْتَ وَ رَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ (۲۴) ''آپ اور آپ کا خدا جا کر لڑے ہم یہاں بیٹھے ہوئے ہیں''۔ بلکہ حضور ﷺ حکم فرمائیں ہم حضور ﷺ کے داہنے سے بائیں سے سامنے سے پیچھے سے ہر طرح سے جان نثاری کریں گے۔ اس تقریر سے فرط مسرت میں حضور ﷺ کا چہرہ زیبا چمک اٹھا۔ غرضیکہ 12 رمضان المبارک 2ھ کو حضور ﷺ نے تین سو جان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

نثاروں کے ساتھ شہر سے نکلنے کا حکم دیا اور ایک میل چل کر فوج کا جائزہ لیا۔ ان میں ۔سے جو کم عمر تھے واپس کیے گئے۔ اور فرمایا گیا کہ ایسے پر خطر موقع پر بچوں کا کام نہیں۔

عمیر ابن ابی وقاص ایک کمسن بچے تھے جب واپس ہونے کو کہا تو یہ رو پڑے۔ اس سے قلب مبارک متاثر ہوا اور انہیں اجازت مل گئی عمیر کے بھائی سعد بن ابی وقاص نے اس کمسن سپاہی کو سجایا گلے میں تلوار حمایل کی۔ اب فوج اسلام کی تعداد 313 ہو گئی تھی ان میں ساٹھ مہاجرین تھے اور باقی انصار چونکہ منافقین اور یہود کی طرف سے اطمینان نہ تھا اس لیے حضرت ابولبابہ ابن عبدالمنذر کو مدینہ کا حاکم مقرر فرمایا گیا۔ انہیں حکم دیا گیا کہ مدینہ واپس جائیں اور عالیہ یعنی مدینہ منورہ کی بالائی آبادی پر عاصم بن عدی کو مقرر فرما دیا۔ اس انتظام کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدر کی طرف بڑھے۔

جس طرح اہل مکہ کے آنے کی خبر تھی ادھر دو خبر رساں بسبسہ اور عدی پہلے روانہ کر دیے کہ قریش کی نقل و حرکت کی خبر لائیں۔ غرض کہ روحا، منصرف، ذات اجذال، معلات، اثیل سے گزرتے ہوئے 17 رمضان المبارک کو بدر کے قریب پہنچے۔ خبر رسانوں نے اطلاع دی کہ قریش وادی کے دوسرے سرے تک آ گئے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہیں قیام فرمایا لشکر اسلام اتر پڑا۔ قریش کے ساتھ ہزار بہادر سپاہیوں کی جمعیت اور سو سواروں کا رسالہ تھا۔ رؤساء قریش سوا ابولہب کے سب شریک تھے۔ اور ابولہب بھی مجبوری کی وجہ میں نہ آ سکا تھا مگر اس نے اپنا قائم مقام بھیج دیا تھا۔ رسد کا یہ نظام تھا کہ امراء قریش یعنی عباس عتبہ بن ربیعہ، خرث بن عامر، خزبن الحارث، ابوجہل، امیہ وغیرہ وغیرہ باری باری سے ہر روز دس اونٹ ذبح کرتے اور لشکر کو کھلاتے۔

قریش کی فوج کا سپہ سالار قریش کا رئیس اعظم عتبہ بن ربیعہ تھا مقام بدر میں قریش کو اطلاع ملی کہ ابوسفیان کا قافلہ خطرہ کی زد سے نکل گیا ہے تو قبیلہ زہرہ اور عدی کے سرداروں نے کہا اب لڑنا ضروری نہیں مگر ابوجہل نہ مانا۔ اور زہرہ اور عدی کے لوگ واپس چلے گئے۔ باقی فوج آگے بڑھی۔ قریش چونکہ پہلے آ چکے تھے انہوں نے مناسب موقعوں پر قبضہ کر لیا تھا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

لشکر اسلام بعد میں پہنچا تھا۔ اس وجہ میں ان کے حصہ میں چشمہ یا کنواں کوئی چیز بھی نہ تھی۔ زمین ملی تو ایسی ریتلی کہ اونٹوں کے پاؤں ریتے میں دھنس دھنس جاتے تھے۔
حباب بن منذر نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی کہ جو مقام انتخاب کیا گیا ہے وحی کی رو۔ سے ہے یا فوجی تدبیر کے ماتحت، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وحی نہیں ہے۔ تو حباب نے عرض کی ایسی صورت میں میری رائے یہ ہے کہ ہم آگے بڑھیں چشمہ پر قبضہ کریں اور ارد گرد کے کنوئیں بیکار کر دیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ رائے پسند فرمائی اور اس پر عمل کیا گیا۔
حسن اتفاق سے مینہ برس گیا اور ریتا جم گیا جا بجا پانی روک کر چھوٹے چھوٹے ایسے حوض بنا لیے گئے۔ جو غسل و وضو کے کام آئیں اسی کرم نوازی کو قرآن کریم فرماتا ہے:
يُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ ''اور جب کہ ہم نے آسمان سے پانی برسایا کہ تم کو اس سے طہارت حاصل ہو''۔ پانی پر اگرچہ قبضہ تھا لیکن وسعت خلق ساقی کوثر نے یہ گوارا نہ کیا کہ دشمن بے آب رہے بلکہ باوجود سخت حسد و کینہ کے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے انہیں پانی کی اجازت تھی۔
اب رات کا وقت ہے۔ تمام لشکر کمر کھول کھول کر شب آرام لینے کے لیے سو رہا ہے لیکن صرف ایک ہی ہستی مقدس ہے جو صبح تک بیدار مصروف دعا ہے۔ یا یوں کہیے کہ یہ برات تھی جو ہر قسم کے خوف سے بری ہو کر محو خواب تھی۔ اور اس کے دولہا آقا مولا سرکار دو جہان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پاسبان اور سرگرم دعا شب بھر بیدار رہے صبح ہوئی نماز کے لیے آواز دی گئی بعد نماز جہاد کے موضوع پر ایک بلیغ خطبہ دیا۔ ادھر یہ نظام ہے ادھر قریش جنگ کے لیے بے تاب ہیں۔ ان میں جہاں ہر ایک برسرپیکار ہے وہاں کچھ نیک دل بھی ہیں جو خون ریزی کو پسند نہیں کرتے۔ ان میں حکیم بن حزام بھی ہیں جو بعد میں مشرف باسلام ہو گئے۔ انہوں نے سردار فوج عتبہ سے کہا کہ اگر آپ چاہیں تو آج کا دن آپ کی نیک نامی کی ابدی یادگار ہو جائے۔ عتبہ نے کہا وہ کس طرح۔ حکیم بن حزام نے کہا اس وقت قریش کا جو کچھ مطالبہ ہے وہ صرف حضرمی کا خون ہے۔ اس لیے کہ وہ آپ کا حلیف تھا۔ آپ اس کا خون بہا ادا کر دیں۔ یہ مشورہ عتبہ کو پسند آیا اور اس نے خوشی سے منظور کر لیا لیکن چونکہ ابوجہل کا مشورہ اس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

سے لازمی تھا حکیم بن حزام سے کہا کہ جاؤ میرا یہ پیام ابو جہل کو پہنچاؤ۔ ابو جہل نے یہ سنتے ہی کہا کہ ہاں عتبہ ہمت ہار گیا ہے۔ اس لیے کہ اسلامی لشکر کے اندر حذیفہ عتبہ کا بیٹا آیا ہے جو مسلمان ہو گیا ہے یہ سب کچھ عتبہ اس لیے چاہتا ہے کہ اس نے بیٹے پر کوئی آنچ نہ آئے۔

ابو جہل نے حضرمی کے بھائی عامر کو بلا کر کہا کہ دیکھا تم نے۔ تمہارے بھائی کا خون بہا تمہاری آنکھوں دیکھتے مل رہا ہے۔ عامر نے یہ سن کر عرب کے قاعدہ کے مطابق کپڑے پھاڑ ڈالے اور خاک اڑا کر واعمراہ واعمراہ کا نعرہ مارنا شروع کیا۔ اس مظاہرہ نے تمام فوج میں پھر آگ لگا دی۔ جب عتبہ کو ابو جہل کا یہ طعنہ پہنچا تو سخت برہم ہوا اور کہا میدان جنگ میں پتا چل جائے گا کہ نامردی کا داغ کس کو لگتا ہے۔ یہ کہہ کر مغفر مانگا اور اوڑھا تو اس کا سر اتنا بڑا تھا کہ کوئی مغفر اس کے سر پر ٹھیک نہ اترا۔ مجبوراً سر سے کپڑا لپیٹا اور لڑائی کے ہتھیار سجائے۔

چونکہ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے دست اقدس کو خون کفار سے آلودہ فرمانا پسند نہیں فرماتے تھے اس لیے جان نثاران اسلام نے ایک خیمہ چھپر نما بنایا اس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف رکھیں اور پہرہ کے لیے سعد بن معاذ تیغ بکف مقرر ہوئے۔

اگرچہ فتح و نصرت کا وعدہ من جانب اللہ قطعی تھا عناصر عالم آمادۂ مدد تھے۔ ملائکہ کی فوجیں ہمرکاب اشارہ کی منتظر تھیں۔ تاہم عالم اسباب کے لحاظ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصول جنگ کے مطابق فوجیں مرتب فرمائیں۔ مہاجرین کا علم مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو عنایت ہوا۔ خزرج کے علمبردار حباب بن منذر رضی اللہ عنہ ہوئے اور اوس کے سعد بن منذر رضی اللہ عنہ مقرر ہوئے۔

صبح ہوتے ہوتے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صف آرائی شروع کی۔ دست مبارک میں ایک تیر تھا اس کے اشارے سے صفیں قائم کی گئیں ابھی یہ انتظام ہو ہی رہا تھا کہ حضرت حذیفہ بن الیمان اور حسیل دو صحابی کہیں سے آرہے تھے۔ راستہ میں دشمنوں نے روکا اور کہا کہ تم لشکر اسلام کی مدد کو جا رہے ہو انہوں نے واقعہ کے مطابق انکار کیا۔ اس پر بھی انہوں نے وعدہ لیا کہ وہ مدد نہیں کریں گے۔ اس وعدہ کے بعد انہیں راہ ملی جب یہ دونوں دربار رسالت میں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

حاضر آئے واقعہ عرض کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہر حال میں وعدہ وفا کریں گے ہمیں صرف اپنے رب کی مدد درکار ہے۔

اب دو صفیں مقابل ہیں ایک طرف حق ہے دوسری طرف باطل، ایک طرف نور ہے دوسری طرف ظلمت، ایک طرف کفر ہے دوسری طرف اسلام، اس کا نقشہ قرآن کریم اس طرح کھینچتا ہے: قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۭ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْيَ الْعَيْنِ ۔ "جو لوگ باہم لڑے ان میں تمہارے لیے عبرت کی نشانیاں ہیں۔ ایک خدا کی راہ میں لڑ رہا تھا دوسرا منکر خدا تھا"۔ یہ منظر عجیب منظر تھا اتنی بڑی وسیع دنیا میں توحید کی قسمت صرف چند آدمیوں پر منحصر تھی۔ صحیحین میں ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس وقت خاص خضوع کی حالت طاری تھی وہ نوری دست مقدس آسمان کی طرف پھیلے ہوئے تھے اور زبان مبارک پر یہ لفظ جاری تھے: الٰہی تو نے مجھ سے جو وعدہ فرمایا ہے آج پورا کر۔ محویت اور بے خودی کے عالم میں رداء مبارک دوش اقدس سے گر جاتی ہے۔ کبھی سجدہ میں ہیں اور عرض کر رہے ہیں الٰہی! اگر یہ چند جانیں آج فنا ہو گئیں تو تیرا نام لینے والا قیامت تک نہ رہے گا۔

اس بے قراری پر جان نثاروں کو رقت آ گئی حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: حضور! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ وعدہ پورا فرمائے گا۔ آخر روحانی تسکین کے ساتھ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾ پڑھتے ہوئے لب مبارک فتح کی پیش گوئی سے آشنا ہوئے۔ اب دشمن کی فوجیں قریب آ گئیں۔ تاہم جان نثاران اسلام کو حکم ہے کہ پیش قدمی نہ کریں جب دشمن بالکل قریب ہو جائے تو اسے تیروں سے روکا جائے۔ یہ معرکہ ایثار و جان بازی کا سب سے بڑا حیرت ناک منظر تھا۔ دونوں فوجیں سامنے آئیں تو لوگوں کو نظر آیا کہ خود ان کے جگر پارے تلوار کے سامنے ہیں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے جب دیکھا کہ ان کا اپنا فرزند کافروں کی طرف سے میدان میں آ رہا ہے۔ خود تلوار لے کر میدان میں آئے۔ عتبہ میدان میں آیا تو اس کے فرزند حضرت حذیفہ مقابلہ کو نکلے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے ماموں کے خون سے تلوار رنگ کر واپس ہوئے۔ لڑائی کا آغاز یوں ہوا کہ سب سے پہلے عامر حضرمی جس

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

کو بھائی کے خون کا دعویٰ تھا آگے بڑھا مجع حضرت عمر کا غلام اس کے مقابلہ کو نکلا اور مارا گیا۔ عتبہ جو سردار لشکر تھا ابو جہل کے طعنہ سے سخت برہم تھا۔ سب سے پہلے وہی بھائی اور بیٹے کو لے کر میدان میں آیا۔ عرب کا دستور تھا کہ نامور لوگ کوئی امتیازی نشان لگا کر میدان میں جاتے تھے۔ عتبہ کے سینہ پر شتر مرغ کے پر تھے۔ حضرت عوف حضرت معاذ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم مقابلہ کو نکلے عتبہ نے نام ونسب پوچھا جب اسے معلوم ہوا کہ انصار ہیں تو عتبہ نے کہا کہ ہم کو تم سے غرض نہیں پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف خطاب کر کے پکارا کہ یہ لوگ ہمارے جوڑ کے نہیں بعض کتب احادیث کے مضامین سے پتا چلتا ہے کہ یہ جواب بغرض اہانت انصار نہ تھا بلکہ عتبہ کا منشا یہ تھا کہ انتقام خون کا مطالبہ قریش سے ہے انصار سے نہیں مگر بایں ہمہ یہ حقیقت نا قابل انکار ہے کہ مکہ والے انصار کو اپنا ہمسر نہیں سمجھتے تھے غرضیکہ حضرت حمزہ حضرت عبیدہ حضرت علی میدان میں آئے ان حضرات کے چہروں پر نقاب تھے عتبہ نے پوچھا تم کون ہو سب نے نام ونسب بتائے عتبہ نے کہا ہاں اب ہمارا جوڑ ہے۔

عتبہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ سے ولید حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مقابل ہوا ایک ہی وار میں دونوں مارے گئے مگر عتبہ کے بھائی شیبہ نے حضرت عبیدہ کو زخمی کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بڑھ کر شیبہ کو قتل کر دیا اور حضرت عبیدہ کو کندھے پر اٹھا کر دربار شاہی میں پہنچایا۔ حضرت عبیدہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کیا میں دولت شہادت سے محروم رہا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں تم شہید ہو۔ حضرت عبیدہ عرض کرنے لگے آج ابو طالب زندہ ہوتے تو تسلیم کرتے کہ ان کے اس شعر کا مستحق میں ہوں۔

وَنُسلمه حتى نصَرَّع حوله ونذهل عن ابنائِنا والحلائل

"ہم اپنے پیارے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دشمن کے حوالے اس وقت کریں گے جب ان کے گرد وہ لڑ کر مر جائیں اور ہم اپنے بیٹوں اور بیویوں سے بھلا نہ دیے جائیں"۔

سعد بن العاص کا بیٹا عبیدہ سر سے پاؤں تک لوہے میں ڈوبا ہوا صف سے نکلا اور پکارا کہ میں ابو کرش ہوں حضرت زبیر اس کے مقابلہ کو نکلے اور چونکہ اس کی صرف آنکھیں نظر آتی تھیں آپ نے تاک کر آنکھ میں برچھی ماری وہ زمین پر گرا اور مر گیا۔ برچھی اس طرح پیوست

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

ہوگئی تھی کہ حضرت زبیر نے اس کی لاش پر پاؤں رکھ کر کھینچی تو بڑی مشکل سے نکلی اور دونوں دھاریں مڑ گئیں اس برچھی کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت زبیر سے لے کر یادگار میں رکھا۔ خلفاء اربعہ کے عہد تک یہ یادگار میں رہی، بعد میں حضرت عبداللہ بن زبیر کے پاس آ گئی۔

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اس معرکہ میں کئی کاری زخم اٹھائے شانہ پر جو زخم آیا تھا اتنا گہرا تھا کہ اچھے ہو جانے پر اس میں انگلی چلی جاتی تھی۔ عروہ آپ کے صاحبزادے بچپن میں ان زخموں سے کھیلا کرتے تھے۔ جس تلوار سے آپ لڑے تھے وہ لڑتے لڑتے گر گئی تھی۔ چنانچہ جب عبداللہ ابن زبیر شہید ہوئے تو عبدالملک نے عروہ سے کہا تو زبیر کی تلوار پہچان لے گا اس نے کہا ہاں۔ عبدالملک نے پوچھا کیونکر۔ بولا بدر کے معرکہ میں اس میں دندانے پڑ گئے تھے۔ عبدالملک نے تصدیق کی اور یہ مصرع پڑھا ع

بهن فلول من قراع الكتاب

عبدالملک نے وہ تلوار عروہ کو دے دی اس نے اس کی قیمت کرائی تو تین ہزار ہوئی قبضہ پر چاندی کا کام تھا۔ اب عام حملہ شروع ہو گیا۔ مشرکین اپنے بل بوتے پر لڑ رہے تھے اور جان نثاران اسلام صرف خدا کی قوت کا سہارا ڈھونڈ رہے تھے۔ ابوجہل کی شرارت اور دشمن اسلام کا عام چرچا تھا۔ اس بناء پر انصار میں سے معوذ و معاذ دو بھائیوں نے عہد کیا تھا کہ یہ شقی جہاں نظر آ جائے گا یا اس کو مٹا کر چین لیں گے یا مٹ جائیں گے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف فرماتے ہیں کہ میری صف میں میرے داہنے بائیں دو نوخیز لڑکے نظر آئے اور انہوں نے کان میں مجھ سے پوچھا کہ ابوجہل کہاں ہے میں نے کہا برادر زادہ ابوجہل کو پوچھ کر کیا کرو گے۔ بولے ہم نے خدا سے عہد کیا ہے کہ جہاں اسے دیکھ لیں گے قتل کر دیں گے یا خود لڑ کر جان دیں گے میں نے اشارے سے بتایا کہ ابوجہل وہ ہے۔ پس میرا اشارہ کرنا تھا کہ باز اشہب کی طرح دونوں جھپٹے اور میری نظر پڑی تو میں نے دیکھا ابوجہل خاک پر ہے۔ یہ دونوں شجاع بچے عفرا کے نونہال تھے۔ عکرمہ نے جب اپنے بہادر باپ کی یہ گت دیکھی، عقب سے آیا اور حضرت معوذ کے بائیں شانے پر ایسی تلوار ماری کہ بازو کٹ گیا صرف تسمہ رہ گیا۔ معاذ نے عکرمہ کا تعاقب کیا مگر وہ بچ کر نکل گیا۔ حضرت معوذ

اسی حالت میں لڑ رہے تھے۔ لیکن ہاتھ لٹکنے سے زحمت ہوتی تھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار میں آئے ہاتھ دکھایا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اس کی جگہ لگا دیا ہاتھ بالکل تندرست ہو گیا۔ مختصر یہ کہ عتبہ سالار لشکر اور ابوجہل کے مارے جانے سے قریش کا پائے ثبات اکھڑ گیا۔ اور فوج میں بے دلی سی پھیل کر بزدلی چھا گئی۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پرانا دشمن امیہ بن خلف بھی جنگ بدر میں شریک تھا۔ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اس سے کسی زمانہ میں معاہدہ کیا تھا کہ وہ مدینہ آئے گا تو یہ اس کی جان کے محافظ ہوں گے بدر میں اس خبیث سے انتقام لینے کا خوب موقع تھا لیکن چونکہ عہد کی پابندی اسلام کا شعار خاص ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے چاہا کہ یہ بچ کر نکل جائے۔ بلکہ اسے لے کر ایک پہاڑ پر چلے گئے۔ اتفاق سے حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے دیکھ لیا انصار کو خبر کر دی فوراً لوگ ٹوٹ پڑے حضرت عبدالرحمٰن نے امیہ کے بیٹے کو آگے کر دیا مسلمانوں نے اس کو قتل کر ڈالا مگر امیہ کی طرف سے پھر بھی بے پروانہ ہوئے آخرش حضرت عبدالرحمٰن نے اسے لٹا دیا یہ لیٹ گیا تو مسلمان اس پر چھا گئے۔ حضرت عبدالرحمٰن اس کے سپر بن گئے۔ اس کے اوپر لیٹ گئے۔ لیکن لوگوں نے حضرت عبدالرحمٰن کے پیروں میں سے ہاتھ ڈال کر اس کو واصل جہنم کر ڈالا اس کشا کش میں حضرت عبدالرحمٰن کی ایک ٹانگ بھی زخمی ہوگئی اور مدتوں تک اس زخم کا نشان قائم رہا۔

اب جنگ بدر میں قریش کے جو دم خم تھے وہ آخری سانس توڑ رہے تھے۔ ابوجہل، عتبہ وغیرہ کے قتل کے بعد قریش نے ہتھیار ڈال دیے اور مسلمانوں نے ان کی گرفتاریاں شروع کر دیں۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ، عقیل رضی اللہ عنہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بھائی تھے نوفل، اسود بن عامر، عبداللہ بن زمعہ اور بہت سے بڑے بڑے معززین قریش گرفتار ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان گرفتاریوں کے بعد حکم دیا کہ کوئی خبر لائے کہ ابوجہل کا کیا انجام ہوا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود نے جا کر لاشوں کو دیکھا تو زخمیوں میں پڑا ہوا نظر آیا کہ دم توڑ رہا ہے آپ نے پوچھا تو ابوجہل ہے۔ اس نے کہا ایک شخص کو اس کی قوم نے قتل کر دیا تو یہ فخر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

کی کیا بات ہے۔ ابو جہل نے ایک دفعہ آپ کو طمانچہ مارا تھا اس کے انتقام میں آپ نے اس کی گردن پر پاؤں رکھا ابو جہل بکنے لگا، او بکریاں چرانے والے! دیکھ تو کہاں پاؤں رکھتا ہے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کا سر کاٹ لیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدموں میں لا کر ڈال دیا۔ بعد فتح معلوم ہوا کہ مسلمانوں میں سے صرف چودہ نفوس شہید ہوئے جن میں چھ مہاجر اور آٹھ انصار ہیں۔ اور دوسری طرف شجاعان نامور مارے گئے اور شیبہ، عتبہ، ابو جہل، ابوالبختری، زمعہ بن الاسود، عاص بن ہشام، امیہ بن خلف، منبہ بن الحجاج جیسے مایہ ناز مشرکین واصل جہنم ہوئے۔ تقریباً ستر آدمی قتل اور اسی قدر قید ہوئے۔ اسیران جنگ میں سے بھی دو عقبہ اور نضر بن حارث کو قتل کیا گیا باقی قیدی مدینہ میں لائے گئے۔

اس جنگ میں دیکھنا یہ ہے کہ مسلمان تین سو تیرہ ہیں اور ان کے پاس سامان حرب بھی نہ ہونے کے برابر ہے۔ مسلمان فوج میں صرف دو گھوڑے اور معمولی ہتھیار تھے۔

قریش کے اندر تمام کے تمام مسلح ایک ہزار پیادہ پا سو سواروں کا رسالہ تھا۔ ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہی فتح اسلام ہونی منظور تھی۔ اسی لیے تو ناظم فاہم رحمہ اللہ نے فرمایا: وسل بدراً "بدر کی سرزمین سے پوچھ"۔ کہ یہ مقابلہ اس تاجدار نبوت نے کس بانکپن سے کیا کہ اسباب ظاہری کے اعتبار سے نہ سامان حرب نہ جمعیت ہی اتنی کہ مقابلہ کے قابل ہو اسی وجہ میں ناظم فاہم رحمہ اللہ نے فرمایا وسل بدرا۔ اس حبیب ہاشمی کی شان توکل و استغنا اور شجاعت و دلیری کی اور میدان بدر سے بوجہ آگے فرماتے ہیں وسل احداً "اور جنگ احد کے معرکہ سے پوچھ"۔ اگرچہ طوالت مضمون مانع ہے کہ اب ہم تفصیلی بحث بدستور کریں۔ لیکن دل نہیں مانتا بناء برایں جس طرح ہم نے بدر کے واقعہ کو اول علامہ خرپوتی کے رنگ اختصار میں پیش کر کے پھر تفصیل سے عرض کیا اس طرح واقعہ احد کو بھی اول علامہ خرپوتی کے اختصاری رنگ میں عرض کر کے پھر تفصیل وار تاریخی روشنی میں عرض کریں گے۔

قصہ غزوہ احد: وسل احداً احد بضمتین۔ یہ مدینہ کے قریب ایک موضع ہے جو محل محاربہ ہے۔

اس کا قصہ یہ ہے کہ جب بدر میں قریش پر نزول بلا ہو چکا اور ان کے بڑے بڑے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

نامور صنادید قتل کر دیے گئے تو ایک بار پھر اجتماع ہوا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقاتلہ کی رائے پاس ہوئی اور بہت سے قبائل ایک آواز پر مطیع فرمان ہو گئے۔ حتیٰ کہ تین ہزار کی جمعیت بن گئی اور انہوں نے اپنے آنے کی خبر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچائی۔ چنانچہ جمعہ کے روز حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جان نثاران اسلام کو تیاری کا خطبہ دیا اور فرمایا:

ایھا الناس انی رایت فی منامی بقرا ینحر ورایت کانی فی درع حصینة ورأیت کأن سیفی انفصم ورأیت کأنی مردف کبشا فاولت البقر ینفر من اصحابی یقتلون واما الدرع الحصینة فالمدینة واولت انفصام سیفی بشیء یصیبنی فی نفسی واما الکبش فکبش کتیبة القوم اقتله انشاء اللّٰہ تعالیٰ۔

”لوگو! میں نے خواب میں گائے ذبح ہوتی دیکھی اور دیکھا کہ گویا میں ایک مستحکم زرہ میں ہوں اور میں نے دیکھا کہ میری تلوار میں دندانے پڑ گئے ہیں۔ اور دیکھا کہ میں مردف کبش ہوں تو گائے کی قربانی سے میں نے تعبیر لی کہ میرے صحابہ میں سے کچھ بھاگ جائیں گے اور کچھ شہید ہوں گے اور زرہ مستحکم سے میں نے مدینہ مراد لیا۔ اور تلوار میں دندانے پڑ جانے سے میں نے تعبیر لی کہ کچھ تکلیف مجھے بھی پہنچے گی اور مردف کبش ہونے سے یہ تعبیر لی کہ لشکر کفار کو انشاء اللہ ہم قتل کریں گے۔

پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام سے مشورہ کیا اور مدینہ کے قیام پر کثرت رائے رہی مگر جان نثاران اسلام نے عرض کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے چلیں اور دشمن سے ہم مقابلہ کریں۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن ہی مدینہ سے روانہ ہوئے اور جب التقاء جماعت ہوا تو مشرکین بھاگ پڑے اور لوگ مال غنیمت کی طرف ملتفت ہو گئے۔ اس غفلت میں کفار پھر جمع ہوئے اور مسلمانوں پر حملہ بول دیا اس وقت کچھ صحابہ شہید ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی ضرب آئیں اور اس میں علم اللہ کے اندر بہت سے حکمتیں تھیں۔ آگے فصول حتف ہے فصول جمع فصل کی ہے۔ یعنی موسم اور حتف بمعنی ہلاک ہے۔ یعنی وہ زمانہ کفار کے لیے ہلاکت کا زمانہ تھا۔ ادھیٰ اسم تفضیل ہے داھة جو بمعنی آفت عظیمہ آتا ہے اور وضم بفتحتین اس مرض کو کہتے ہیں جسے وباء عام کہا جا سکتا ہے اس پر قرآن کریم نے فرمایا اِذْهَمَّتْ

طَّآىِٕفَتٰنِ مِنۡکُمۡ اَنۡ تَفۡشَلَا ۙ وَاللّٰہُ وَلِیُّہُمَا انتھٰی مختصرا از خرپوتی۔

غزوہ احد تفصیلی رنگ میں: عرب میں ایک شخص کا قتل لڑائی کا ایک ایسا سلسلہ چھیڑ دیتا تھا جو سیکڑوں برس تک ختم نہیں ہوسکتا تھا۔ طرفین میں سے جس کو شکست ہوتی وہ انتقام کو ایسا فرض مؤبد جانتا جس کے ادا کیے بغیر اس کی ہستی قائم نہیں رہ سکتی۔

بدر میں قریش کے ستر آدمی وہ مارے گئے جو قریش کے مایہ ناز وجود تھے اس بناء پر تمام مکہ جوش انتقام سے لبریز تھا۔ قریش کا کاروان تجارت جو جنگ بدر کے زمانے میں نفع کثیر کے ساتھ شام سے واپس آیا تھا۔ اس کا رأس المال تو حصہ داروں میں تقسیم کر دیا گیا تھا لیکن زر منافع امانت کے طور پر محفوظ تھا۔

قریش مقتولین بدر سے فارغ ہوئے تو انہیں جذبہ انتقام نے پھر متحرک کیا۔ ابوجہل کا بیٹا عکرمہ اور وہ جن کے اعزہ واقربا بدر میں قتل ہو چکے تھے وہ سب جمع ہوئے اور ابوسفیان کے یہاں جا کر کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہماری قوم کا خاتمہ کر دیا اب انتقام لیے بغیر ہماری زندگی فضول ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ کاروان شامی کی تجارت کا منافع جو جمع ہے وہ تمام کا تمام اس کام میں صرف کر دیا جائے اور مسلمانوں کو کم از کم بتا دیا جائے کہ جوش انتقام اس کو کہتے ہیں۔

اس درخواست کو شرف منظوری حاصل ہو گیا۔ مگر رائے پاس کر لینے کے ساتھ یہ بھی سمجھ چکے تھے کہ مسلمانوں میں کس جذبہ کا وجود ہے۔ وہ جانتے تھے کہ بدر میں جس سامان سے وہ گئے تھے وہ مسلمانوں کے مقابلہ کو کافی نہ تھا۔ ہر ملک میں کسی تحریک کا احساس پیدا کرنے کے لیے خاص طریقہ ہوتا ہے۔ عرب میں جوش پھیلانے کے لیے اور دلوں کو گرمانے کے واسطے سب سے بڑا آلہ اشعار کا تھا۔

عمرو جمحی اس فن کے بڑے ماہروں میں مانا جاتا تھا دوسرا مسافع شاعر نامور تھا۔ عمرو جمحی غزوۂ بدر میں گرفتار ہو گیا تھا مگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے باقتضاء رحم اسے رہا کر دیا تھا۔ یہ اور دوسرا مسافع دونوں مکہ سے نکلے اور قبائل قریش میں اپنی آتش بیانی سے خوب آگ لگا آئے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOM ISLAMIA ACADEMY

لڑائی کے میدان میں ثابت قدمی اور جوش جنگ کا بڑا ذریعہ خواتین حرم یا دیویوں کا میدان میں نکلنا تھا۔ جب دیویاں یا خواتین جوانوں کے آگے رجز پڑھتی ہوئی رزمگاہ سے گزرتیں تو عرب جانوں پر کھیل جاتے اس موقع پر ایسی دیویاں یا خواتین بہت سی تھیں جو جنگ بدر میں اپنی اولادیں قتل کروا چکی تھیں انہوں نے اس تحریک میں خاص حصہ لیا اور منت مانی کہ اولاد کے قاتلوں کے خون پی کر دم لیں گی۔ جب فوجیں تیار ہو گئیں تو معزز گھرانوں کی دیویاں بھی فوج میں شامل ہوئیں۔ قابل ذکر دیویاں یہ تھیں جو جوانان میدان کے جوش بڑھانے کو میدان میں ساتھ آئیں۔

ہند، عتبہ کی بیٹی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی ماں۔ ام حکیم، عکرمہ بن ابی جہل کی بیوی۔ فاطمہ، ہمشیرہ حضرت خالد۔ برزہ، مسعود ثقفی رئیس طائف کی بیٹی۔ ریطہ، عمرو بن عاص کی بیوی۔ خناس، حضرت مصعب بن عمیر کی والدہ۔

حضرت حمزہ سید الشہدا رضی اللہ عنہ نے ہند کے باپ عتبہ کو قتل کیا تھا اور جبیر بن مطعم کا چچا بھی آپ ہی کے ہاتھوں مارا گیا تھا۔ اس بناء پر ہند نے وحشی کو جو جبیر کے غلام اور حربہ اندازی کے ماہر تھے، حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے قتل پر آمادہ کیا۔ اور یہ اقرار ہوا کہ اس کے صلہ میں وہ آزاد کر دیے جائیں گے۔ حضرت عباس حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا گو اسلام لا چکے تھے لیکن ابھی تک مکہ میں مقیم تھے۔ انہوں نے ان تمام حالات کو مفصل لکھ کر ایک تیز رو قاصد کے ذریعہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچایا اور قاصد کو تاکید کی کہ تین رات میں مدینہ پہنچ جائے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ اطلاع پہنچی تو حضور نے 5 شوال 3ھ کو دو خبر رساں انس اور مونس بھیجے وہ خبر لائے کہ قریش کا لشکر مدینہ کے قریب آ گیا اور چراگاہ مدینہ جسے عریض کہتے ہیں، ان کے گھوڑوں نے صاف کر دی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حباب بن منذر کو بھیجا کہ فوج کی تعداد کا جائزہ لائیں۔ انہوں نے حاضر ہو کر صحیح تخمینہ سے اطلاع دی۔ چونکہ شہر پر حملہ کا خطرہ تھا اس لیے ناکہ بندی کر دی گئی۔ حضرت سعد بن عبادہ اور حضرت سعد بن معاذ ہتھیار لگا کر تمام شب مسجد نبوی کے دروازہ کا پہرہ دیتے رہے۔ صبح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ سے مشورہ کیا۔ مہاجرین و انصار نے رائے دی کہ عورتیں باہر قلعوں میں بھیج دی جائیں اور شہر

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں پناہ لے کر مقابلہ کیا جائے۔عبداللہ بن ابی بن سلول آج تک مشورہ میں کبھی شریک نہیں کیا گیا تھا لیکن آج اسے شرکت کا موقع دیا گیا اس نے بھی مہاجرین کی رائے سے اتفاق کیا۔ مگر نوخیز صحابہ نے جو جنگ بدر میں شریک نہ ہو سکے تھے جوش جہاد میں اس امر پر اصرار کیا کہ شہر سے نکل کر حملہ کیا جائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باب عالی میں تشریف لے گئے اور زرہ پہن کر تشریف لائے ان نوجوانوں کو اس امر کا احساس ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف مرضی ہم نے اپنی رائے پر زور دیا سب نے معذرت کی اور اپنی رائے واپس لینی چاہی، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے نبی کو یہ زیبا نہیں کہ ہتھیار پہن کر بلا محاربہ اتار دے۔

مختصر یہ کہ ادھر قریش بدھ کے روز مدینہ کے قریب پہنچے اور جبل احد پر پڑاؤ ڈالا۔ ادھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن نماز جمعہ پڑھ کر ایک ہزار صحابہ کے ساتھ شہر سے باہر تشریف لائے۔ عبداللہ بن ابی تین سو کی جمعیت لے کر آیا تھا۔ عین وقت پر اپنی جمعیت لے کر واپس ہو گیا اور یہ الزام رکھتا ہوا گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری رائے نہ مانی اس لیے جا رہا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان تین سو کے کم ہونے کی پرشپہ کے برابر بھی پروانہ کی اور بقیہ سات سو صحابہ جو رہ گئے تھے جن میں زرہ پوش صرف سو تھے ان کو لے کر مدینہ سے باہر تشریف لائے اور فوج کا جائزہ لیا۔ کمسن جو تھے وہ واپس کیے گئے۔ ان میں حضرت زید بن ثابت، براء بن عازب، ابو سعید خدری، عبداللہ بن عمر عرابہ اوسی بھی تھے۔ جان نثاری کا یہ جذبہ تھا کہ جب رافع بن خدیج سے کہا گیا کہ تم عمر میں چھوٹے ہو واپس جاؤ تو وہ انگوٹھ کے بل تن کر کھڑے ہو گئے کہ قد اونچا نظر آئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے جذبہ کی قدر فرمائی اور انہیں لے لیا۔ سمرہ ایک نوجوان تھے اور رافع بن خدیج کے ہمسن، انہوں نے عرض کی حضور! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں رافع کو پچھاڑ سکتا ہوں۔ اس لیے اگر انہیں اجازت ملی ہے تو مجھے بھی اجازت ملنی چاہیے۔ مختصر یہ کہ انہیں بھی اجازت مل گئی۔ اب میدان میں پہنچ کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبل احد کو پشت پر رکھ کر صف آرائی فرمائی۔ حضرت مصعب بن عمیر کو علم عنایت ہوا۔ زبیر بن العوام رسالے کے افسر بنائے گئے۔ حضرت حمزہ سید الشہداء رضی اللہ عنہ کو غیر زرہ پوش فوج کا کمانیر کیا۔

پشت کی طرف سے دشمن کے آنے کا احتمال تھا وہاں پچاس تیر اندازوں کا ایک دستہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-E-ISLAMIA ACADEMY

متعین کیا گیا اور حکم دیا گیا کہ لڑائی فتح ہو جائے یا نہ ہو وہ ہر صورت میں اپنی جگہ سے نہ ہٹیں حضرت عبداللہ بن جبیر ان تیر اندازوں کے افسر مقرر ہوئے۔ قریش کو بدر میں تجربہ ہو چکا تھا اس لیے انہوں نے نہایت ترتیب سے صف آرائی کی۔

میمنہ پر خالد بن ولید کو لگایا میسرہ عکرمہ کو دیا جو ابوجہل کا بیٹا تھا، سواروں کا دستہ صفوان بن امیہ کی کمان میں تھا۔ تیر اندازوں کے دستے الگ تھے اس کا افسر عبداللہ ابن ابی ربیعہ تھا۔ علمبردار طلحہ کو بنایا دو سو گھوڑے کوتل رکاب میں تھے جو بروقت ضرورت کام میں لانے کو رکھے تھے۔ سب سے پہلے طبل جنگ بجانے کی بجائے خواتین قریش یا دیویوں کا ایک گروہ دف پر یہ اشعار گاتا ہوا چلا۔ اس میں کشتگان بدر کا ماتم اور انتقام خون کے رجز تھے۔ ہند زوجہ ابوسفیان آگے آگے تھی چودہ عورتیں اس کے ساتھ تھیں۔ اشعار یہ تھے:

نحن بنات طارق نمشي على النمارق

ان تقتلوا نعانق او تدبروا نفارق

''ہم آسمان کے تاروں کی بیٹیاں قالینوں پر چلنے والیاں ہیں اگر تم بڑھ کر لڑو گے ہم تم سے گلے ملیں گی۔ اور پیچھے قدم ہٹایا تو تم سے الگ ہو جائیں گی''۔

اس کے بعد لڑائی کا آغاز ہوا۔ ابو عامر جو مدینہ کا ایک مقبول عام آدمی تھا مدینہ کو چھوڑ کر مکہ میں آباد ہو گیا تھا ڈیڑھ سو آدمیوں کے ساتھ میدان میں آیا۔ اسلام سے قبل زہد اور پارسائی کی بناء پر تمام مدینہ اس کی عزت کرتا تھا۔ اسے خیال تھا کہ انصار جب مجھے دیکھیں گے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتھ چھوڑ دیں گے۔ میدان میں آکر پکارا مجھ کو پہچانتے ہو میں ابو عامر ہوں انصار نے کہا ہاں او بدکار! ہم تجھے جانتے ہیں۔ خدا تیری آرزو پوری نہ کرے۔

قریش کا علمبردار طلحہ صف سے نکل کر پکارا۔ مسلمانو! تم میں کوئی ہے کہ مجھے جہنم میں پہنچائے یا میرے ہاتھوں بہشت میں پہنچے۔ علی مرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ وجہہ صف سے نکلے اور فرمایا کہ میں ہوں۔ اور تلوار جو ماری تو طلحہ کی لاش زمین پر تھی۔ عثمان برادر طلحہ نے جب طلحہ کی یہ گت دیکھی اور اس کے پیچھے پیچھے عورتیں یہ گا رہی تھیں۔

ايها بني عبدالدار۔ ايها حماة الديار۔ ضرباً بالكل تبار۔ ''اے پسران

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

عبدالدار! اے حامیان ملک و دیار شمشیر براں کے خوب ہاتھ مارو"۔ عثمان کڑک کر تیغ بکف حضرت شیر خدا کی طرف جھپٹا اور یہ رجز پڑھتا ہوا حملہ آور ہوا:

ان علی اهل اللواء حقا ان تخضب الصعدة او تندقا

"علمبردار کا فرض ہے کہ نیزہ خون میں رنگ دے یا خود ٹکرا کر ٹوٹ جائے" کہ اس کے مقابل کو حضرت حمزہ نکلے اور شانہ پر ایسی تلوار ماری کہ کمر تک اتر آئی ساتھ ہی ان کی زبان سے نکلا کہ میں ساقی حجاج کا بیٹا ہوں۔ اس کے بعد عام جنگ شروع ہوگئی۔ حضرت حمزہ حضرت علی ابودجانہ فوجوں میں گھس گئے اور صفیں کی صفیں صاف کر دیں۔

حضرت ابودجانہ عرب کے مشہور پہلوان تھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دست مبارک میں تلوار لے کر فرمایا: اس تلوار کا حق کون ادا کرتا ہے اس سعادت کے لیے بہت سے ہاتھ بڑھے۔ مگر یہ فخر حضرت ابودجانہ کے نصیب میں تھا۔ اس غیر متوقع عزت نے انہیں فخر و مباہات کے مظاہرہ پر مائل کر دیا۔ سر پر سرخ رومال باندھا اور دشمن کے مقابل اکڑتے تنتے ہوئے فوج سے نکلے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ چال خدا کو ناپسند ہے، مگر اس وقت پسند ہے۔ ابودجانہ فوجوں کو چیرتے لاشوں پر لاشے گراتے بڑھے چلے جاتے تھے یہاں کہ ہندسا منے آ گئی اس کے سر پر تلوار رکھ کر اٹھا لی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عطا کی ہوئی تلوار اس قابل نہیں کہ عورت پر آزمائی جائے۔

حضرت حمزہ دودستی تلوار چلاتے جاتے تھے اور جس طرف بڑھتے صفیں کی صفیں صاف ہو جاتیں کہ یکایک سباع غبشانی سامنے آ گیا آپ نے للکارا: ختانۃ النساء کے بچے کہاں جاتا ہے۔ یہ کہہ کر تلوار ماری کہ وہ خاک پر ڈھیر تھا۔ وحشی جو ایک غلام ہیں جبیر بن مطعم ان کے آقا نے وعدہ کیا ہے کہ اگر وہ حضرت حمزہ کو شہید کر دیں تو آزاد کر دیے جائیں گے۔ حضرت حمزہ کی تاک میں نکلے۔ اتفاق سے حضرت حمزہ برابر سے گزرے تو اس نے ایک چھوٹا سا نیزہ جسے حربہ کہتے ہیں اور یہ حبشیوں کا خاص ہتھیار ہے، پھینک کر مارا جو آپ کی ناف مبارک پر لگا اور پار ہو گیا۔ آپ نے اس پر حملہ کرنا چاہا لیکن لڑکھڑا کر گرے اور اعلیٰ علیین کی طرف رجوع فرمائی۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

کافروں کے علمبردار لڑ لڑ کر قتل ہوتے جاتے تھے مگر علم گرنے نہیں دیتے تھے۔ ایک علمبردار گرتا کہ دوسرا جانباز بڑھ کر علم کو ہاتھ میں لے لیتا۔ ایک شخص نے جس کا نام صواب تھا جب علم ہاتھ میں لیا تو کسی نے بڑھ کر اس زور سے تلوار ماری کہ دونوں ہاتھ کٹ کر گر پڑے مگر اسے قومی علم کو اپنی آنکھوں دیکھتے خاک میں ملنا گوارا نہ تھا۔ علم کے گرنے کے ساتھ سینہ کے بل زمین پر گرا۔ اور علم سینہ سے دبا لیا اور اس حالت میں یہ کہتا ہوا مارا گیا کہ میں نے اپنا فرض ادا کر دیا۔

اب علم دیر تک خاک میں پڑا رہا اور مشرکین مکہ کے پیر اکھڑ چلے تھے کہ ایک دیوی عمرۃ بن علقمہ دلیرانہ بڑھی اور اس نے علم کو ہاتھ میں لے کر بلند کیا۔ یہ دیکھ کر ہر طرف سے قریش فرار شدہ پھر سمٹ آئے اکھڑے ہوئے پاؤں جم گئے۔

ابو عامر کفار کی طرف سے لڑ رہا تھا۔ اس کے بیٹے حضرت حنظلہ اسلام لا چکے تھے انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے باپ کے مقابلہ میں جانے کی اجازت چاہی، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ گوارا نہ فرمایا کہ بیٹا باپ پر تلوار اٹھائے۔ حضرت حنظلہ نے کفار کے سپہ سالار ابوسفیان پر حملہ کیا اور قریب تھا کہ ان کی تلوار ابوسفیان کا فیصلہ کر دے کہ دفعتہً پہلو سے شداد بن الاسود نے جھپٹ کر ان کے وار کو روکا اور حضرت حنظلہ کو شہید کر دیا۔ لڑائی کا پلہ ابھی تک مسلمانوں ہی کی طرف بھاری تھا۔ علمبرداروں کے قتل اور حضرت علی اور حضرت ابو دجانہ کے بے پناہ حملوں سے فوج کے پاؤں اکھڑ گئے تھے۔ بہادر نازنین جو رجز سے دلوں کو ابھار رہی تھیں بدحواسی سے پیچھے ہٹیں مطلع صاف ہونے لگا۔ مسلمانوں نے لوٹ شروع کر دی یہ دیکھ کر تیر انداز جو پشت پر مقرر کیے گئے تھے وہ بھی غنیمت کی طرف جھکے۔

حضرت عبداللہ بن جبیر نے بہت روکا لیکن وہ نہ رک سکے۔ تیر اندازوں کی جگہ خالی دیکھ کر خالد نے عقب سے حملہ کیا۔ عبداللہ بن جبیر چند جانبازوں کے ساتھ جم کر لڑے اور سب کے سب شہید ہو گئے۔ اب راستہ صاف تھا۔ خالد نے سواروں کے دستہ کے ساتھ نہایت بے جگری سے حملہ کیا لوگ لوٹنے میں مصروف تھے۔ مڑ کر دیکھا تو تلواریں برس رہی ہیں بدحواسی میں دونوں فوجیں اس طرح باہم مل گئیں کہ خود مسلمان کے ہاتھ سے مسلمان

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

مارے گئے۔

حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ جو حضرت ﷺ سے صورۃً مشابہ تھے، اور علم بردار لشکر بھی تھے ابن قمیہ نے انہیں شہید کر کے غل مچایا کہ حضور ﷺ نے شہادت پائی اس آواز سے مسلمانوں میں عام بدحواسی چھا گئی۔ بڑے بڑے دلیروں کے پاؤں اکھڑ گئے بدحواسی میں اگلی صفیں پچھلی صفوں پر ٹوٹ پڑیں اور دوست دشمن کی تمیز نہ رہی۔

حضرت حذیفہ کے والد یمان اس کش مکش میں آ گئے اور ان پر تلوار برس پڑیں۔ حضرت حذیفہ چلاتے رہے کہ یہ میرے والد ہیں لیکن کون سنتا آخرش وہ شہید ہو گئے۔ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہما نے ایثار کے لہجہ میں فرمایا مسلمانو! خدا تم کو بخش دے حضور ﷺ نے مڑ کر ملاحظہ کیا تو صرف گیارہ جان نثار پہلو میں حاضر ہیں۔ جن میں سے جناب علی مرتضی، حضرت ابوبکر صدیق، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت زبیر بن العوام، حضرت ابودجانہ، حضرت طلحہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نام بتخصیص معلوم ہیں۔ صحیح بخاری شریف کی روایت میں تو صرف حضرت طلحہ اور حضرت سعد کا ہی ذکر ہے۔

اس ہلچل اور اضطراب میں اکثر نے تو بالکل ہمت ہار دی۔ لیکن جانبازوں کا بھی زور رہ گیا تھا جو جہاں تھا وہیں گھر کر رہ گیا تھا۔ حضور ﷺ کو کسی کا پتا نہ تھا کہ کون کہاں اور کدھر ہے۔ صرف ایک شیر خدا رضی اللہ عنہ دشمنوں کی صفیں الٹتے تلوار چلاتے نظر آ رہے تھے اور حضور ﷺ کی تلاش میں تھے کہ کعبہ مقصود کہیں نظر آئے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے چچا ابن نضر لڑتے بھڑتے موقع سے آگے نکل گئے دیکھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مایوس ہو کر ہتھیار پھینک دیے ہیں۔ آپ نے کہا عمر یہ کیا کر رہے ہو۔ آپ نے بحالت یاس فرمایا کہ اب لڑ کر کیا کریں گے میرے حضور ﷺ نے شہادت پائی اب ہمارا جینا عبث ہے۔ ابن نضر نے کہا بے شک ہم ان کے بعد زندہ رہ کر کیا کریں گے۔ اور فوج میں گھس گئے لڑتے لڑتے آخر شہید ہو گئے۔ لڑائی کے بعد لاش مبارک دیکھی تو اسی سے زیادہ تیر، تلوار اور نیزہ کے زخم تھے۔ کوئی پہچان بھی نہ سکا کہ یہ کس کی لاش ہے۔ آپ کی بہن نے انگلی دیکھ کر پہچانا۔ جان نثاران خاص برابر لڑتے جاتے تھے۔ مگر نگاہیں سرور عالم ﷺ کو ڈھونڈ رہی تھیں۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

سب سے پہلے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی نظر پڑی چہرہ اقدس پر مغفر تھا صرف آنکھیں نظر آتی تھیں کعب نے پہچانا اور پکارا مسلمانو! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ جلوہ فرما ہیں۔ اس آواز نے مردہ دلوں میں تازہ جان ڈال دی۔ ہر طرف سے جان نثار پروانوں کی طرح اس شمع نبوت پر ٹوٹ پڑے۔ کفار نے اب ہر طرف سے ہٹ کر اس رخ پر زور دیا دل کا دل ہجوم کر کے بڑھتا تھا مگر ذوالفقار کی بجلی سے یہ بادل پھٹ پھٹ کر رہ جاتا تھا۔ ایک دفعہ ہجوم ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کون مجھ پر جان دیتا ہے۔ حضرت زیاد بن سکن پانچ انصاری لے کر اس خدمت کے ادا کو بڑھے اور ایک ایک نے جانبازی سے لڑ لڑ کر جانیں فدا کر دیں۔

حضرت زیاد کو یہ شرف حاصل ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ ان کا لاشہ قریب لاؤ۔ لوگ اٹھا کر لائے کچھ کچھ جان باقی تھی قدموں پر منہ رکھ دیا اور اسی حالت میں جان دے دی۔

بچہ ناز رفتہ باشد ز جہاں نیاز مندے
کہ بوقت جان سپردن بسرش رسیدہ باشی
بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

ایک بہادر مسلمان ایک طرف کھڑا ہوا کھجوریں کھا رہا تھا اس نے کچھ سوچا اور بڑھ کر پوچھا یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر میں مارا گیا تو کہاں ہوں گا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جنت میں اس بشارت سے بے خود ہو کر کفار پر ٹوٹ پڑا بہت سے واصل جہنم کیے اور پھر شہید ہو گیا۔

صحیح مسلم شریف کے باب غزوۂ احد میں ہے کہ سات انصار تھے۔ اور ساتوں نے باری باری اپنی جانیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فدا کیں۔ عبداللہ بن قمیہ جو قریش کا مشہور بہادر تھا صفوں کو چیرتا پھاڑتا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب آیا اور چہرۂ اقدس پر اس زور سے تلوار ماری کہ مغفر کی دو کڑیاں چہرہ مبارک پر چبھ کر رہ گئیں۔ چاروں طرف سے تیر و تلوار کی بارش تھی۔ یہ دیکھ کر جان نثاران نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دائرہ میں لے لیا۔ حضرت ابو دجانہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سپر بن گئے اب جو تیر آتے تھے آپ کی پشت پر آتے تھے۔ حضرت طلحہ نے ہاتھ سے تلواروں کو روکا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ایک ہاتھ کٹ کر گر گیا۔

اللہ اللہ کیا شان رحمت تھی۔ بے درد رحمت عالم پر تیر برسا رہے تھے اور حضور ﷺ کی زبان مبارک پر یہ الفاظ تھے: رب اغفر قومی فانهم لا يعلمون ''الٰہی میری قوم کو بخش دے وہ مجھے جانتے نہیں ہیں''۔ حضرت ابو طلحہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے علاتی باپ اور مشہور قدر انداز تھے۔ آپ نے اس قدر تیر برسائے کہ سات کمانیں ٹوٹ گئیں انہوں نے سپر سے حضور ﷺ کے چہرہ انور کی اوٹ کر رکھی تھی۔ حضور ﷺ کبھی گردن اٹھا کر دشمن کی فوج کی طرف نظر ڈالتے تو آپ عرض کرتے: حضور! ﷺ میرے ماں اور باپ قربان گردن نہ اٹھائیں۔ ایسا نہ کہ کوئی تیر لگ جائے۔ اس کام کے لیے یہ سینہ سامنے ہے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بھی مشہور تیر انداز تھے۔ اس وقت حضور ﷺ کی رکاب میں حاضر تھے۔ حضور ﷺ نے اپنا ترکش دیا۔ اور فرمایا: سعد! تیر مارتے جاؤ۔

القصہ حضور ﷺ ثابت قدم جان نثاروں کے جھرمٹ میں پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گئے۔ ابوسفیان نے دیکھا تو فوج لے کر پہاڑی پر چڑھا۔ مگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور چند صحابہ نے اتنے پتھر برسائے کہ وہ آگے بڑھ نہ سکا۔ یہاں تو یہ گھمسان ہو رہا تھا کہ مدینہ میں حضور ﷺ کی وفات کی خبر آواز شیاطین نے عام کر دی۔ اخلاص شعار جان نثار بے تابی کے ساتھ کلیجہ تھامے دوڑے حضرت سیدہ فاطمہ زہراء رضی اللہ عنہا بھی دوڑی آئیں۔ حاضر ہو کر دیکھا تو ابھی چہرہ زیبا سے خون جاری تھا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سپر میں پانی بھر کر لائے۔ جناب سیدہ دھوتی تھیں۔ لیکن خون مبارک تھمتا نہ تھا۔ بالآخر چٹائی کا ٹکڑا جلا کر زخم بھرا تو خون رکا۔ از صحیح بخاری غزوۂ احد۔

ابوسفیان نہایت جوش میں سامنے کی پہاڑی پر چڑھ کر پکارا یہاں محمد ﷺ ہیں۔ آپ نے حکم دیا کوئی جواب نہ دے۔ ابوسفیان نے حضرات ابوبکر اور عمر فاروق کا نام لے کر پکارا۔ جب کچھ آواز نہ آئی تو پکار کر بولا سب مارے گئے۔ اس لفظ پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ضبط نہ ہو سکا۔ فرمانے لگے او دشمن خدا کیا بکتا ہے ہم سب زندہ ہیں۔

ابوسفیان نے یہ جواب سن کر کہا: اعل هبل۔ ''اے ہبل بلند رہ''۔ حضور ﷺ نے

فرمایا: تم اس کا جواب دو: اللہ اعلی واجل "خدا ہی بلند و بالا ہے"۔

ابوسفیان نے کہا: لنا العزی ولا عزی لکم "ہمارے عزیٰ ہے تمہارے پاس نہیں"۔

صحابہ کو حکم ہوا۔ انہوں نے جواب دیا: اللہ مولینا ولا مولیٰ لکم "خدا ہمارا مالک ہے اور تمہارا کوئی والی نہیں"۔ ابوسفیان نے کہا آج کا دن بدر کے دن کا جواب ہے۔ ہمارے فوجیوں نے تمہاری مردہ لاشوں کے ناک کان کاٹ لیے ہیں۔ میں نے یہ حکم نہیں دیا تھا۔ لیکن مجھ کو معلوم ہوا تو کچھ رنج بھی نہیں ہوا۔ بخاری شریف غزوۂ احد۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواتین عفت پناہ اور بچوں کو یمان رضی اللہ عنہ اور ثابت رضی اللہ عنہ کی حفاظت میں مدینہ کے پاس کے قلعوں میں بھیج دیا تھا۔ ان لوگوں کو جب شکست کی خبر پہنچی تو سراسیمہ و پریشان سب کو چھوڑ کر احد کی طرف بڑھے۔

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ تو مشرکوں کے ہاتھ شہید ہو گئے اور حضرت یمان رضی اللہ عنہ کو مسلمان ہجوم میں پہچان نہ سکے۔ ان پر تلواریں برسیں اور آپ کے صاحبزادے حضرت حذیفہ ہر چند پکارتے رہے اور کہتے رہے ہاں ہاں یہ میرے باپ ہیں۔ لیکن ہنگامہ میں کوئی نہ سن سکا۔ آخر شہید ہو گئے حضرت یمان رضی اللہ عنہ کا خون بہا مسلمانوں کی طرف سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ادا کرنا چاہا لیکن حضرت حذیفہ نے معاف فرما دیا۔ تاریخ ابن ہشام میں یہ واقعہ مفصل موجود ہے۔ اور بخاری شریف میں بھی مختصر منقول ہے۔

مشرکین کی دیویوں یا خواتین قریش نے انتقام بدر کے جوش میں مسلمانوں کی لاشوں سے بھی بدلہ لیا۔ اور ان کے ناک کان کاٹے۔ ہند حضرت امیر معاویہ کی ماں نے ان کٹے ہوئے پھولوں کا ہار بنا کر اپنے گلے میں ڈالا۔ حضرت حمزہ سید الشہداء رضی اللہ عنہ کی لاش مبارک پر گئی۔ شکم مبارک چاک کیا کلیجہ نکالا۔ خوب چبایا مگر گلے سے اتر نہ سکا۔ اس لیے اگل دینا پڑا۔ تواریخ میں ہند کا لقب جوجگر خوار لکھا جاتا ہے۔ اسی بناء پر لکھا جاتا ہے ہند فتح مکہ میں ایمان لائی۔ مگر جس طرح ایمان لائی وہ عبرت خیز ہے۔

اس غزوہ میں بعض خواتین عفت مآب نے بھی شرکت فرمائی۔ لیکن اس لیے نہیں کہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

میدان میں اتر کر دف بجا بجا کر لوگوں کو معاذ اللہ اپنی طرف متوجہ کریں اور مرنے مارنے پر ازخود رفتہ بنا دیں بلکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور ام سلیم جو حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ماں تھیں زخمیوں کو پانی پلانے کے لیے آئیں۔ بخاری شریف میں حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے دیکھا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور ام سلیم پائنچے چڑھائے ہوئے مشک بھر بھر کر لاتی تھیں اور زخمیوں کو پانی پلاتی تھیں۔ یہ واقعہ غالباً پردہ کے قانون سے، پہلے کا ہے۔ عین اس وقت جب کہ کفار کا حملہ ہو چکا تھا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ صرف چند جان نثار رہ گئے تھے۔ حضرت ام عمارہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں پہنچیں اور اپنا سینہ سپر کر دیا۔ کفار جب آپ پر بڑھتے تھے۔ تو تیر اور تلوار سے روکتی تھیں۔ ابن قمیہ دوڑتا ہوا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس پہنچ گیا تو حضرت ام عمارہ نے بڑھ کر روکا۔ آپ کے کندھے پر زخم آیا اور گہرا غار پڑ گیا۔ آپ نے بھی تلوار ماری مگر وہ دوہری زرہ پہنے ہوئے تھا، کارگر نہ ہوئی۔

حضرت صفیہ ہمشیرہ حضرت حمزہ کی شکست کی خبر سن کر مدینہ سے نکلیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان کے صاحبزادے حضرت زبیر کو بلا کر فرمایا کہ حمزہ رضی اللہ عنہ کی لاش نہ دیکھنے پائیں۔ زبیر رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا پیام پہنچایا۔ بولیں میں اپنے بھائی کا ماجرا سن چکی ہوں۔ مگر مجھے خدا کی راہ میں اس کا صدمہ نہیں۔ میں اسے راہ خدا میں کوئی بڑی قربانی نہیں سمجھتی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اجازت دی لاش پر گئیں، خون کا جوش تھا۔ عزیز بھائی کے ٹکڑے بکھرے پڑے دیکھ کر آہ سرد دل پر درد سے کھینچی اور اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ کہہ کر چپ ہو رہیں۔ پھر دعاء مغفرت کر کے چلی آئیں۔ اف زبان سے نہ نکالی۔

انصار میں سے ایک عفیفہ کے باپ بھائی شوہر سب اس معرکہ میں مارے گئے تھے۔ باری باری تین سخت حادثوں کی صدا ان کے کان میں پہنچی۔ لیکن وہ ہر بار یہ پوچھتی تھیں۔ میرے حضور کیسے ہیں۔

مدینہ سے جب آتی ہے تو اتنا پوچھ لیتا ہوں صبا جلدی بتا کیسی طبیعت ہے محمد کی

لوگوں نے کہا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بخیر ہیں۔ یہ پاس آئیں چہرۂ انور دیکھ کر بے اختیار پکاریں۔ کل مصيبة بعدک جلل۔ ''اے آقا تیرے ہوئے سب مصیبیں ہیچ ہیں''۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

میں بھی اور باپ بھی شوہر بھی برادر بھی فدا
اے شہ دین تیرے ہوتے ہوئے کیا چیز ہیں ہم
رہیں وہ جن سے کہ دونوں جہان کی رونق ہے
ہمارا کیا ہے میاں ہم رہے رہے نہ رہے

لشکر اسلام سے ستر آدمی شہید ہو گئے۔ جن میں زیادہ تر انصار تھے۔ لیکن مسلمانوں کے افلاس کا یہ حال تھا کہ اتنا کپڑا بھی نہ تھا کہ شہداء کی پردہ پوشی ہو سکتی۔ مصعب بن عمیر ایک صحابی تھے ان کا پاؤں چھپایا جاتا تو سر کھل جاتا۔ اور سر ڈھانکا جاتا تو پاؤں کھل جاتا۔ آخر پاؤں اذخر کی گھاس سے چھپا دیے گئے۔ یہ وہ حیرت انگیز منظر تھا کہ بعد کو بھی یہ واقعہ یاد آ جاتا تو آنکھیں تر ہو جاتیں۔

شہداء بے غسل اسی طرح خون میں لتھڑے ہوئے دو دو ملا کر ایک ایک قبر میں دفن کیے گئے۔ جس کو قرآن زیادہ یاد ہوتا اس کو مقدم کیا جاتا۔ ان شہداء پر نماز جنازہ بھی اس وقت نہیں پڑھی گئی۔ آٹھ برس کے بعد وفات سے ایک دو برس پہلے جب آپ ادھر سے گزرے تو بے اختیار رقت طاری ہو گئی۔ اسی طرح آپ نے پر درد کلمات فرمائے۔ جیسے کوئی زندوں اور مردوں سے رخصت ہو رہا ہو۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک خطبہ دیا کہ مسلمانو! تم سے یہ خوف نہیں کہ تم پھر مشرک بن جاؤ گے۔ لیکن یہ ڈر ہے کہ تم دنیا میں نہ پھنس جاؤ۔

دونوں فوجیں جب میدان سے الگ ہوئیں تو مسلمان زخموں سے چور تھے۔ تاہم یہ خیال کر کے کہ ابوسفیان مسلمانوں کو مغلوب سمجھ کر دوبارہ حملہ آور نہ ہوا ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں کی طرف روئے خطاب کر کے فرمایا کہ کون ان کا تعاقب کرے گا۔ فوراً ستر آدمیوں کی ایک جماعت اس مہم کے لیے تیار ہو گئی۔ ان میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ از صحیح بخاری۔

ابوسفیان احد سے روانہ ہو کر جب مقام روحا پہنچا۔ تو اسے خیال آیا کہ کام ناتمام رہ گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہلے ہی یہ علم تھا۔ اسی وجہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلان کرا دیا تھا کہ کوئی واپس نہ جائے چنانچہ حمراء الاسد تک، جو مدینہ سے 8 میل ہے، تشریف لے گئے۔ قبیلہ خزاعہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اس وقت تک ایمان تو نہیں لایا تھا لیکن در پردہ اسلام کا طرف دار تھا۔ اس کا رئیس معبد خزاعی شکست کی خبر سن کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور واپس جا کر ابوسفیان سے ملا۔ ابوسفیان نے اپنا ارادہ ظاہر کیا۔ معبد نے کہا میں دیکھتا آتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس سرو سامان سے آ رہے ہیں کہ ان کا مقابلہ ناممکن ہے۔

غرض ابوسفیان واپس گیا۔ اس واقعہ کو مؤرخین نے ایک علیحدہ غزوہ بنا کر اس کا نام غزوۂ حمراء الاسد رکھ دیا ہے۔ ایک روایت سے ثابت ہوتا ہے۔ جسے صاحب عطر الوردہ نے نقل کیا کہ اسی جنگ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا دندان مبارک شہید ہوا۔ اور نیچے کا چوکا سنگ اندازیٔ اعداء سے ٹوٹا۔ پیشانی اقدس پر اور رخسار مبارک پر بھی زخم آیا۔ اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زبان پر یہ دعا تھی: اللھم اھد قومی فانھم لا یعلمون۔

واہ کیا حکم ہے اپنا تو جگر ٹکڑے ہو پھر بھی ایذاء ستمگر کے روا دار نہیں!

مولای صل وسلم دائماً ابداً علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

اَلْمُصْدِرِی الْبِیْضِ حُمْرًا بَعْدَ مَاوَرَدَتْ

۱۲۹ مِنَ الْعِدیٰ کُلَّ مُسْوَدٍّ مِّنَ اللِّمَمِ

حل لغات: المصدری، اصلہ مصدرین سقط نونہ بالاضافۃ۔ اور چونکہ اضافت لفظی ہے۔ اس لیے الف لام ساقط نہیں ہوا۔ اصدر سے ہے، جانور کو گھاٹ سے پانی پلا کر واپس لانا۔ البیض، سیوف مصقولہ، سفید تلواروں کو۔ حمرا، سرخ رنگ۔ بعدما، بعد اس کے کہ۔ وردت، یعنی دخلت واتصلت، پہنچی۔ من العدیٰ، جمع عدو، دشمن کے پاس۔ مسود، جو تمام سیاہ دل تھے یا سیاہ بال۔ من اللمم، جمع لمۃ، شعر مسترسل الی المنکب، کافی زلفوں والے۔

ترجمہ: صحابہ کرام سفید تلواروں کو سرخ خون پلا کر واپس لانے والے ہیں۔ جب کہ تلواریں دشمنوں کے سیاہ بالوں میں جاتی تھیں۔

شرح: مصدری اصل میں مصدرین تھا۔ نون اضافت کی وجہ سے ساقط ہوا اور چونکہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

اضافت لفظی ہے اس لیے مصدری کے پہلے الف لام ساقط نہیں ہوا۔ مصدرین جمع ہے۔ اور مرکب اضافی ترکیب نحوی میں ھم الجبال کا حال واقع ہوا ہے جو گزشتہ سے پیوستہ شعر میں صحابہ کرام کی توصیف میں مذکور ہے۔ مصدر صیغہ فاعل اصدار سے ہے۔ اس کے معنی ہیں جانور کو گھاٹ سے پانی پلا کر واپس لانا۔ بیض بالکسر جمع ابیض بمعنی سفیدی۔ تلوار کا وصف ہے جو صقل شدہ ہو۔ حمر بالضم جمع احمر کی ہے۔ مسود بہ تشدید دال اسود سے، سیاہ ہونے کے معنی میں ہے۔ جمع لمۃ بکسر لام و فتح میم جمع لمۃ موئے پیچیدہ یعنی وہ بال جو منکبین تک یعنی شانوں تک گرے ہوئے ہوں۔ تو حاصل معنی یہ ہوئے کہ دلاوران اسلام ایسے ہیں کہ اپنی سفید صقل شدہ تلواروں کو دشمنان اسلام کے نوجوانوں کے سروں میں ڈال کر ان کے سروں سے سرخ خون پلا کر لال رنگ میں رنگ کر نکالتے ہیں۔

وَالْكَاتِبِينَ بِسُمْرِ الْخَطِّ مَا تَرَكَتْ
(۱۳۰)
اَقْلَامُهُمْ حَرْفَ جِسْمٍ غَيْرَ مُنْعَجِمِ

حل لغات: و، واؤ عاطفہ، اور۔ الکاتبین، جمع کاتب۔ لکھنے والا۔ لکھنے والے۔ بسمر، جمع سمراء، گندم گوں۔ مراد از نیزہ۔ نیزوں سے۔ خط، اسم بلدة فی البحرین۔ یہاں کے نیزے مشہور ہیں جو شہر خط کے ہیں۔ ماترکت، نہیں چھوڑا۔ اقلامھم، جمع قلم والمراد ھٰھنا السھام۔ ان کے تیروں نے۔ حرف، حرف۔ جسم، جسم کا۔ غیر منعجم، غیر منعجم غیر منقوطہ، بغیر نقطہ لگائے۔

ترجمہ: یعنی صحابہ کرام لکھتے اور نقش کرتے تھے۔ جسم عدد کے صفحوں پر یہاں تک کہ ان کی قلموں یعنی نیزوں نے کوئی حرف جسم نہ چھوڑا مگر نقطہ لگا کر۔

شرح: اس بیت کی شرح واضح ہے کہ صحابہ کے تیروں سے دشمن کے جسم یہاں تک چھلنی ہوئے کہ ایک دشمن کافر بغیر زخم کھائے نہ بچا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

شَاکِی السِّلَاحِ لَهُمْ سِيمَا تُمَيِّزُهُمْ
وَالْوَرْدُ يَمْتَازُ بِالسِّيمَا مِنَ السَّلَمِ ۱۳۱

حل لغات: شاکی السلاح، ای تام السلاح۔ صحابہ کرام بارعب تھے ہتھیاروں سے، یا مزین تھے، شاکی مقلوب الشائک، بمعنی ذوشوکت، سجے ہوئے تھے ہتھیاروں سے۔ لھم، ان کے لیے، سیما، علامت، علامت تھی۔ تمیزھم، امتیاز سے، جو انہیں شناخت کراتی تھی۔ والورد، اور پھول گلاب۔ یمتاز، ممتاز ہوتا ہے۔ بالسیما، اپنی علامت میں۔ من السلم، شجرۃ یشبہ شجرۃ الورد، درخت سلم سے۔

ترجمہ: وہ صحابہ کرام ہتھیاروں سے سج کر بارعب ہوکر ایسے جاتے تھے کہ ان کے چہروں سے وہ ممتاز ہوتے تھے۔ جیسے گلاب کا پھول خاردار درختوں میں ممتاز ہوتا ہے۔

شرح: صحابہ کرام مسلح اور صاحب شوکت ہوتے تھے اگرچہ اعداء بھی مسلح ہونے میں ان کے مشابہ تھے مگر ان کے چہرے بموجب فرمان قرآن کریم سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ایسے روشن اور ممتاز ہوتے تھے۔ جیسے گلاب کا پھول اور ببول کا درخت آپس میں خاردار ہونے کے اعتبار سے مشابہ ہوکر بھی ممتاز ہوتا ہے۔ اس لیے کہ گلاب رنگ و بو اور شکل میں اپنی موزونی وشادابی ونضارت کے باعث بھی ببول کے خاردار درخت اور اس کے پھول سے نہیں مل سکتا۔

يُهْدِیْ اِلَيْکَ رِيَاحَ النَّصْرِ نَشْرُهُمْ
فَتَحْسَبُ الْوَرْدَ فِي الْاَكْمَامِ كُلَّ كَمِ ۱۳۲

حل لغات: یھدی، بضم یا مضارع از اہداء تحفہ لانا۔ از اھدی یھدی۔ بمعنی توصل وارسال ہدیہ۔ بھیجتی ہے۔ الیک، تیری طرف۔ ریاح النصر، ہوائیں نصرت کی۔ نشرھم، پھیلتی ہیں۔ فتحسب، از حسبان، اور تو گمان کرتا ہے۔ الزھر، کہ گلاب۔ فی الاکمام، جمع کمامہ غلاف شگوفہ، اپنے شگوفوں میں ہے۔ کل کمی، بہادر زرہ پوش تھے۔

ترجمہ: صحابہ کرام کی خوشبو تمہارے پاس فتح مکہ کی ہوائیں لاتی ہیں۔ اور تم ہر ایک زرہ پوش

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کو ایسا پاتے ہو جیسے گلاب شگوفوں میں۔

شرح: صحابہ کرام منصور تھے اور ہر جہاد میں کفار پر غالب حتیٰ کہ دشمن اپنی جانیں قربان اور ہدیہ کرنے کو ایسے سامنے آتا تھا۔ جیسے باد نصرت آتی اور تائید غیبی کی خبر لاتی ہے۔ تو ایسی صورت میں ہر جانباز اسلام زرہ کے اندر اس طرح نظر آتا جیسے گلاب کا پھول اپنے شگوفہ میں ہو۔

مولای صل وسلم دائماً ابداً　　علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

كَاَنَّهُمْ فِيْ ظُهُوْرِ الْخَيْلِ نَبْتُ رُبًا
۱۲۳ مِّنْ شِدَّةِ الْحَزْمِ لَامِنْ شِدَّةِ الْحُزُمِ

حل لغات: کانھم، گویا کہ وہ۔ فی ظھور الخیل، گھوڑے کی پشت پر۔ نبت ربی، چٹان پر پودے کا اگنا، ایک پودا اگا ہوا ہے۔ من شدۃ الحزم، شدۃ استواری کی سواری کرنے میں۔ لامن شدۃ الحزم، نہ کہ باندھے ہوئے لکڑی کی گٹھے کی طرح۔

ترجمہ: صحابہ کرام گھوڑوں کی پشت پر سوار ایسے معلوم ہوتے گویا کہ چٹان پر پودا اگا ہوا ہے۔ نہ یہ کہ گھاس یا لکڑی کا گٹھا بندھا ہوا۔

شرح: صحابہ کرام کی شہسواری کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جس طرح اچھا سوار گھوڑے کی پشت پر اتنا مضبوط آسن جماتا ہے کہ گھوڑے پر میخ کی طرح جما ہوا ہوتا ہے۔ تو ناظم فاہم رحمہ اللہ نے میخ سے تشبیہ نہ دی بلکہ اس پودے سے تشبیہ دی جو ٹیلوں یا چٹانوں پر اپنی جڑیں پھیلا کر ایسا جمتا ہے کہ ہوا کے جھونکے اسے اکھاڑ نہیں سکتے۔ اور اناڑی سوار پشت توسن پر ایسا نظر آتا ہے۔ گویا پشت پر گھوڑے کے گھاس کا گٹھ بندھا ہوا ہے کہ کبھی ادھر جھک گیا کبھی ادھر۔ یہ خوبصورت تشبیہ نبت ربا سے دے کر شدۃ الحزم بتا کر لامن شدۃ الحزم فرمادیا۔ حزم استواری کو کہتے ہیں۔ حُزُم لکڑی کے گٹھ کو۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

طَارَتْ قُلُوْبُ الْعِدیٰ مِنْ بَاسِهِمْ فَرَقًا
۱۳۴ فَمَا تُفَرِّقُ بَيْنَ الْبَهْمِ وَالْبُهَمِ

حل لغات: طارت، از طیران الحرکت من مکان الی مکان۔ اڑتے تھے۔ قلوب، جمع قلب، دل۔ العدی، جمع عدو، دشمنوں کے۔ من باسهم، سختی اور لڑائی، ان کی سختی اور جنگ سے۔ فرقا، خوف سے۔ فما تفرق، پس نہیں فرق کر سکتے تھے۔ بین البهم، جمع بهمة، بکری کا بچہ، چار پائے میں۔ و البهم، شجاع اور بہادر شجاع میں۔

ترجمہ: دشمن کے دل خوف سے اڑتے تھے کہ خوف زدہ ہو کر بکری کے بچہ اور بہادر سوار میں اسے تمیز دشوار تھی۔

شرح: صحابہ کرام کے خوف سے دلہائے دشمنان ایسے اڑتے اور مضطرب ہوتے تھے کہ حواس باختہ ہو کر بہمہ یعنی بکری کے بچے اور اپنے دلیر شجاع شہسوار میں تمیز نہیں کر سکتے تھے۔ بلکہ جنگل میں بکری کا بچہ کدکتا ہوا آتا تو کفار ڈر کر سمجھتے کہ کوئی جان نثار شہسوار گھوڑا کدکا تا ہوا آ رہا ہے۔

وَمَنْ تَكُنْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ نُصْرَتُهُ
۱۳۵ اِنْ تَلْقَهُ الْاُسْدُ فِیْ اٰجَامِهَا تَجِمِ

حل لغات: و من، شرطیہ، اور جس کسی کو۔ تکن، ہو۔ برسول اللّٰه، باسببی، او استعانت، بہ سبب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے۔ نصرته، اور ان کی مدد کی ہمت۔ ان، اگر۔ تلقه، ملے اس کو۔ الاسد۔ جمع اسد، شیر۔ فی اجامها، جمع اجمه بفارسی بیشہ رونده یا بڑ، اپنی روند میں یا بڑ (کچھار) میں۔ تجم، تو خاموش ہو جائے وہ شیر۔

ترجمہ: جسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مدد اور نصرت حاصل ہو۔ اگر اس کے سامنے بڑ (کچھار) کا شیر بھی آ جائے تو خاموش رہ جائے۔

شرح: جس کے اوپر کرم خاص ہو اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مدد و نصرت اس کی شریک ہو یقینی امر ہے کہ وہ شیر کی کیا پروا کرے۔ بلکہ شیر اس سے خائف ہو کر اس کے آگے جھک جائے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

گویا ناظم فاہم رحمہ اللہ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ صحابہ کرام کے آگے ظفر و نصرت جو جھکی رہتی تھی۔ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صدقہ تھا۔ اور اس ذات مقدس کی اعانت و اغاثت تھی کہ محاربہ اعداء میں فتح یاب ہوتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس کے واسطہ سے منصور و محفوظ رہتے تھے۔ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام آزاد شدہ تھے۔ آپ کو روم کے جہاد میں کافروں نے گرفتار کر لیا۔ وہ وہاں سے کسی طرح نکل آئے۔ راستہ میں کسی جنگل میں شیر سے مقابلہ ہو گیا۔ آپ نے شیر سے فرمایا: **یا ابا الحارث انا خادم محمد رسول اللہ** صلی اللہ علیہ وسلم "اے شیر میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خادم ہوں اسلامی لشکر میں جانا چاہتا ہوں"۔ شیر بجائے اس کے کہ حملہ کرے آگے آگے ہو لیا۔ جب آپ لشکر میں مل گئے واپس ہو گیا۔ منقول از عطر الوردہ یہی واقعہ دوسری صورت میں علامہ خرپوتی نے نقل فرمایا کہ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے پاس یمن بھیجا تھا۔ راستہ میں شیر سے دو چار ہو گئے تو آپ نے فرمایا: **انا مولیٰ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم**۔ "اے شیر! میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آزاد کردہ غلام ہوں"۔ **و معی کتابہ** "اور میرے پاس حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نامہ عالی ہے" تو شیر راستہ سے ہٹ کر نظروں سے غائب ہو گیا۔

تیسری روایت حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے اور ہے۔ فرماتے ہیں، ہم کشتی میں دریائی سفر کر رہے تھے کہ موجوں کی ٹکروں سے کشتی شکستہ ہو گئی۔ ہم تختہ پر بہتے بہتے ایک جزیرہ میں جا نکلے کہ مفاجتہً شیر سے دو چار ہو گئے۔ تو میں نے کہا: **انا مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم** "میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آزاد کردہ ہوں"۔ تو شیر نے گردن کے اشارے سے اپنے پیچھے لیا اور راستہ بتایا۔

حضرت عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں کہ ہم سفر میں تھے کہ ایک جگہ لوگوں کا مجمع دیکھا دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ ایک شیر نے راہ بند کر رکھی ہے۔ اور اس راستہ پر بہت سے آدمی ہلاک کر چکا ہے۔ آپ سواری سے اترے اور شیر کے پاس جا کر اس کا کان پکڑ کر مروڑا اور فرمایا: خبردار! لوگوں کو آئندہ نہ ستائیو اور جا اپنے بن میں رہا کر۔ وہ شیر سر جھکا کر اپنے بن میں چلا گیا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

کیا دبے جس پہ حمایت کا ہو پنجہ تیرا شیر کو خطرہ میں لاتا نہیں کتا تیرا

۱۳۶
وَلَنْ تَرىٰ مِنْ وَّلِيٍّ غَيْرَ مُنْتَصِرٍ
بِهٖ وَلاَ مِنْ عَدُوٍّ غَيْرَ مُنْقَصِمِ

حل لغات: ولن، واؤ عطف لن نافیہ، اور ہرگز نہیں۔ تریٰ، دیکھے گا تو۔ من ولی، کسی ولی کو۔ غیر منتصر، بے مدد۔ بہ، اس دربار رسالت سے۔ ولا، اور نہ کسی۔ من عدوٍ، دشمن سے۔ غیر منقصم، بمعنی انقطع، غیر منقطع۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار کا جو قریب ہوگا۔ وہ کبھی بغیر اس آستانہ کی مدد کے نہ ملے گا۔ اور دشمن کو بغیر خستہ حالی نہ دیکھا جائے گا۔

شرح: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دوست اور صحابہ کرام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقہ میں منصور ہیں اور ذات اقدس کے صدقہ میں دشمن پامال ہیں۔ علامہ خرپوتی فرماتے ہیں کہ تمام اولیاء امت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقہ میں مظفر و منصور ہیں۔ اور اسی بناء پر ولی شیخ احمد ملثم رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

لم تكن الاقطاب اَقطاباً وَلا الاوتاد اوتادا ولا العماد عمادا الا بَرسول اللّٰه وبتعظيمهم له واجلالهم شريعته وكل من عدوًا لشريعته كان عدوا له عليه السلام وكذا كل من كان عدوا لصاحب الشرع من العلماءِ وكل من يتكلم بمايتأذى بهٖ عليه السلام فهو عدوه ولذا قال الحقى فى روح البيان حكى عن بعض الكبارانه قال كنت فى مجلس بعض الغافلين فتكلم الى ان قال لا مخلص لاحد عن الهوى ولو كان فلانا اراد به النبى عليه السَّلام حيث قال حبب اِلى من دنياكم ثلاث الطيب والنساء وقرَّة عينى فى الصلوٰة فقلت له اما تستحيى من اللّٰه فانه عليه السَّلام ما قالَ احببت بل قال حبب فكيف يلام العبد علىٰ ما كان من اللّٰه كرامة ثم حصل لى غم وهم من استماعى مثل هٰذا الكلام فرايت النبى عليه السّلام فى المنام

فقال لی لا تغتم فقد کفینا امرہ ثم سمعت انہ خرج الیٰ ضیعة لہ فقتل فی الطریق نعوذ باللہ من التطاول علی الانبیاء وورثتھم من العلماء والاولیاء ۔

"یعنی کوئی قطب قطب نہیں ہوتا، نہ کوئی اوتاد اوتاد بن سکتا ہے، نہ عماد عماد ہوسکتا ہے مگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دربار کے صدقہ میں اور عظمت ذات واجلال شریعت کے ماتحت اور جو شخص دشمن قانون شریعت ہو وہ درحقیقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا دشمن ہے اور ایسے ہی جو اصحاب شریعت یعنی علماء حقہ کا دشمن ہو یا ایسی بات بناتا ہو جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی کو ایذا رساں ہو۔ وہ یقیناً دشمن رسول ہے۔ اسی بناء پر علامہ حقی رحمہ اللہ نے روح البیان میں فرمایا کہ بعض اکابر نے بیان کیا کہ ہم مجلس غافلین میں تھے کہ بات ہوتے ہوتے ایک شخص نے کہا کہ خواہش دنیا سے کوئی نجات نہیں پا سکتا اگرچہ وہ ذات گرامی ہی کیوں نہ ہو۔ اور اس سے وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی مراد لیتا تھا اور کہنے لگا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے بھی فرمایا کہ مجھے تمہاری دنیا سے تین چیزیں پسند ہیں۔ خوشبو، عورتیں اور آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔ تو میں نے کہا کیا تو خدا سے نہیں شرماتا کمبخت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے تو یہ فرمایا ہے کہ تمہاری دنیا سے تین چیزیں ہمارے لیے محبوب بنائی گئیں۔ نہ کہ یوں فرمایا کہ میں محبوب رکھتا ہوں۔ پھر کس طرح تو اس بندے کو ملامت کرسکتا ہے جو اللہ کے نزدیک معزز ہے۔ پھر مجھے اس امر کا غم ہوا کہ میں نے ایسی بات کیوں سنی۔ تو خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے جمال جہاں آرا سے مشرف ہوا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: تو غم نہ کر اس کا معاملہ ختم ہوگیا۔ پھر ہم نے سنا کہ وہ اپنا سامان لے کر کہیں جاتا تھا کہ قتل کیا گیا۔ اللہ محفوظ رکھے انبیاء و علماء کی شان میں زبان درازی سے اور ان کے ولیوں کی توہین سے"۔

اَحَلَّ اُمَّتَہٗ فِیْ حِرْزِ مِلَّتِہٖ
١٣٠ كَاللَّيْثِ حَلَّ مَعَ الْاَشْبَالِ فِیْ اَجَمٖ

حل لغات: احل، صیغہ ماضی از احلال اترنا، اتاری۔ امتہ، اپنی امت۔ فی حرز، جائے استوار، بمعنی الحصن، قلعہ میں یا صاف جگہ میں۔ ملتہ، اپنی ملت کے۔

کالليث، الليث اسم الاسد، مثل شیر کے۔ حل، صیغہ ماضی ازحلول اترنا، کہ اترا۔ مع الاشبال، جمع شبل ولد الاسد، مع اپنے بچوں کے۔ فی اجم، مکان یسکن فیہ الاسد، گھپا میں۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی امت کو دین کے قلعہ میں اتارا جیسے شیر مع اپنے بچوں کے گھپا میں بے فکر اترتا ہے۔

شرح: حدیث قدسی میں ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

لا الہ الا اللہ حصنی ومن دخل حصنی امن من عذابی

''کلمہ توحید میرا قلعہ ہے، جو میرے قلعہ میں آ گیا میرے عذاب سے مامون ہو گیا''۔

اس حدیث کی طرف اس بیت میں اشارہ ہے کہ امت مرحومہ چونکہ قلعہ توحید میں محفوظ ہے۔ لہٰذا ہر قسم کی بلا وعذاب سے مامون ہے۔

کَمْ جَدَّلَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ مِنْ جَدِلٍ
۱۴۸ فِيْهِ وَكَمْ خَصَّمَ الْبُرْهَانُ مِنْ خَصِمِ

حل لغات: کم، خبریہ، للتکثیر، کتنی بار۔ جدلت، ازتجدیل، وضع علی الارض، خاک میں ڈالا۔ کلمات اللّٰہ، والمراد منہ قرآن عظیم۔ (فاعل جدلت) قرآن کریم نے۔ من جدل، جھگڑا کرنے والے کو۔ فیہ، اس دین میں یا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات میں۔ وکم، اور کتنی بار۔ خصم، کثیرا ما غلب فی الخصومة۔ از تخصیم جھگڑے میں غالب آنا۔ غالب آیا۔ البرھان، والمراد منہ من المعجزات والکرامات، معجزہ وکرامت۔ من خصم، جھگڑالو گروہ پر۔

ترجمہ: بارہا خاک مذلت پر ڈال دیا قرآن کریم نے ان لوگوں کو جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شان میں ملت اسلامیہ میں جھگڑنے آئے اور بارہا غالب آئے منکرین پر معجزات اور کرامات منکر اور شدید الخصومۃ پر۔

شرح: مفہوم واضح ہے کہ بڑے بڑے فصحاء بلغاء قرآن کریم کے مقابلہ میں خوار

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-ISLAMIA ACADEMY

ہوئے۔ بڑے بڑے مطالبہ کرنے والے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے ذلیل ہوئے۔ ابوجہل سنگریزے لایا تو ان سنگریزوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق کی۔ حبیب رومی جس کا تذکرہ مفصل ہم بیت نمبر 76 میں کر چکے ہیں۔ طلب معجزہ کے بعد کیسا جھکا۔ سوکھے درخت بولے۔ تو گویا صاف بات ہے کہ مخالفت کرنے والوں نے کمی نہ کی۔ لیکن جوں جوں مخالفت بڑھی اسلام ترقی ہی کرتا رہا۔

چاند شق ہو پیڑ بولیں جانور سجدہ کریں بارک اللہ مرجع عالم یہی سرکار ہے

کَفَاکَ بِالْعِلْمِ فِي الْاُمِّيِّ مُعْجِزَةً

فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَالتَّادِيْبِ فِي الْيُتُمِ ۱۴۹

حل لغات: کفاک، یعنی حسبک، کافی ہے تجھ کو۔ بالعلم، علم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ فی الامی، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امی ہونے کی صورت میں۔ معجزۃً، معجزے کے شانوں سے۔ فی الجاهلية، زمانۂ جہالت میں۔ والتادیب، اور زمانۂ تبلیغ رسالت میں۔ فی الیتم، حالت یتیمی میں۔

ترجمہ: کافی ہے تجھ کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ علم جو بغیر پڑھے ابتداء زمانہ سے تبلیغ کے ایام تک کا ظاہر ہوا کہ وہ بذات خود معجزہ ہے۔

شرح: یعنی اے مخاطب! تجھ کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات کا علم ہی کافی ہے باوجودیکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امی تھے اور زمانۂ یتیمی میں بھی آپ تعلیم ادب دیتے۔ اور دلائل بے شمار سے قطع نظر کر کے بھی دیکھا جائے تو یہ کیا کافی نہیں کہ اس ہستی مقدس نے جاہلوں میں نشو ونما پائی ابتداء سے اخیر تک کبھی کسی سے کچھ نہ پڑھا۔ باوجود اس کے تمام علوم میں ماہر ثابت ہوئے۔ اور بڑے بڑے فصحاء بلغاء کی جماعتوں میں افضل اور اعلیٰ مانے گئے۔ اور تمام فضائل حمیدہ وشمائل پسندیدہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دنیا نے حاصل کیے اور یہ سب کچھ بہ تعلیم ربانی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ظہور میں آیا۔ چنانچہ خود حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

علمني ربي فاحسن تعليمي وادبني ربي فاحسن تاديبي

”مجھے میرے رب نے اچھے تعلیم دی اور اچھے ادب سے مزین فرمایا“۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فصل اثنا عشر

رحمۃ للعالمین سے رحم اور سفارش کی درخواست

اور یہ قصیدہ لکھنے کی غرض

خَدَمْتُهُ بِمَدِيْحٍ اَسْتَقِيْلُ بِهِ

۱۴۰ ذُنُوْبَ عُمْرٍ مَّضٰى فِى الشِّعْرِ وَالْخِدَمِ

حل لغات: خدمته، صیغہ ماضی متکلم، من الخدمت، ای مدحت علیه السلام، نعت کی ہے میں نے۔ بمدیح، مایمدح به، اس ممدوح ﷺ کی۔ استقیل، از استقالة۔یعنی طلب العفو، اور معافی طلب کی ہے میں نے۔به، ضمیر راجع الی المدیح، اس ہستی مقدس سے۔ذنوب، جمع ذنب عام للصغائر والکبائر، اپنے گناہوں کی۔ عمر، جو عمر۔ مضیٰ، گزشتہ میں ہوئے۔ فی الشعر، لغو شعر گوئی۔ والخدم، اور خوشامد میں۔

ترجمہ: میں نے حضور ﷺ کی مدحت کر کے اس ذریعہ سے اس عمر کے گناہوں کی معافی طلب کی ہے جو شعر گوئی اور اہل دنیا کی خدمتوں میں ضائع ہوئی۔

شرح: مروی ہے کہ ناظم رحمہ اللہ ابتداء عمر میں مقربین سلاطین سے تھے اور ان کی خدمات قصیدہ گوئی اور مذمت اعداء کے ساتھ انجام دیتے تھے اور اس سے مقصود جلب مال و منصب ہوتا تھا تو اس قصیدہ مبارکہ میں اپنی امیدیں ذات رحمت للعالمین ﷺ سے وابستہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں نے مدیح الٰہی کی مدحت کر کے اقالہ کیا ہے۔یعنی ان گناہوں کو عفو و رحمت سے بدلا ہے جسے ناظم گناہ سمجھ رہے ہیں۔ ورنہ سلاطین اسلامیہ کی سچی مدحت اور ان کے اعداء کی صحیح مذمت ممنوع نہیں۔لیکن یہ درجہ غایت تورع اور تقویٰ کا ہے رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

مولای صل وسلم دائماً ابداً علیٰ حبیبک خیر الخلق کلهم

اِذْ قَلَّدَانِیَ مَاتُخْشٰی عَوَاقِبُهٗ
١٤١ كَاَنَّنِیْ بِهِمَا هَدْیٌ مِّنَ النَّعَمِ

حل لغات: اذ، اس لیے کہ۔ قلدانی، از قلادہ بدھی۔ قلادہ ڈال دیا ہے مجھے۔ اس شعر گوئی نے ایسا۔ ما تخشی، کہ اس سے خوف ہے مجھے۔ عواقبه، میرے انجام کا۔ کاننی، گویا کہ میں۔ بهما، اس مدحت اور مذمت اعداء کے ساتھ۔ ھدیٌ، وہ ہدی: ہوں جو ذبح کو جارہی ہو۔ من النعم، چارپایہ سے۔

ترجمہ: ان دونوں باتوں یعنی شعر گوئی اور خدمت اہل دنیا نے میری گردن میں ایسی بدھی ڈالی ہے جس کے انجام سے خوف زدہ ہوں اور سمجھتا ہوں کہ ان گناہوں کا ہار ڈال کر میں اس صدقہ کے جانور کے مشابہ ہوں جو پٹہ ڈال کر ذبح کو لے جایا جاتا ہے۔

شرح: چونکہ اس اونٹ کے گلے میں بدھی ڈال دی جاتی ہے جو قربانی کے لیے نامزد ہو چکا ہو۔ جسے عربی میں ہدی کہتے ہیں۔ تو ناظم فاہم استعارۃً یہ بدھی نام رکھ رہے ہیں۔ ان افعال کا جسے معصیت تصور فرما رہے ہیں۔ یعنی سلاطین اسلامیہ کی مدحت اور ان کے اعداء کی مذمت اور اس کے ذریعہ امید حصول مال کرنا۔ پھر اپنے کو اس اونٹ سے تشبیہ دے رہے ہیں جس کے گلے میں قلادہ پڑ چکا ہو اور ذبح کے لیے ہدی بنا دیا گیا ہو۔ اور یہ سب کچھ اظہار انکسار ہے۔ حسنات الابرار سیئات المقربین (ابرار کی نیکیاں مقربین کی خطائیں ہیں) کی سی کیفیت ہے۔ غفر اللّٰہ لنا و له بحرمة نبی هذه الامة۔

اَطَعْتُ غَیَّ الصِّبَا فِی الْحَالَتَیْنِ وَمَا
١٤٢ حَصَّلْتُ اِلَّا عَلَی الْاٰثَامِ وَالنَّدَمِ

حل لغات: اطعت، صیغہ متکلم ماضی، از اطاعت فرمانبرداری، اطاعت کی میں نے۔ غی، بمعنی الغواية والضلالة، گمراہی۔ الصبا، بکسر الصاد، بچپن کی۔ فی الحالتین، شعر و خدمت میں۔ وما، نافیہ، اور نہیں۔ حصلت، حاصل کیا میں نے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ UL OLOOMI ISLAMIA ACADEMY

الا، استثنا، مگر۔ علی الاثام، جمع اثم بمعنی الذنب گناہ، گناہوں پر۔ والندم، من الندامۃ، ندامت۔

ترجمہ: میں نے شعر گوئی اور خدمت سلاطین دونوں حالتوں میں طفلانہ گمراہی کی اطاعت کی اور بجز گناہ یا ندامت کے کچھ حاصل نہ ہوا۔

شرح: گویا اپنا احساس واعتراف ظاہر فرماتے ہیں کہ میں جانتا ہوں کہ میں نے بچپن کی گمراہی کی مخالفت نہیں کی اور مدحت سرائی سلاطین اور مذمت اعداء میں اپنی عمر ضائع کرتا رہا اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج میرے پاس معصیت پر ندامت تحسر وتحزن کے سوا کچھ نہ رہا۔ یہ گویا ناظم فاہم رحمہ اللہ اپنی طرف منسوب کر کے توبہ کرنے کا طریقہ تعلیم دے رہے ہیں اور بتا رہے ہیں کہ اس طرح معافی مانگا کرتے ہیں۔

فَيَا خَسَارَةَ نَفْسِيُ فِيُ تِجَارَتِهَا

۱۶۳ لَمْ تَشْتَرِ الدِّيْنَ بِالدُّنْيَا وَلَمْ تَسُمِ

حل لغات: فیا، کلمہ ندائیہ، پس اے افسوس۔ خسارۃ، اصابتہ الضرر الغیر المقصود، ٹوٹا، نقصان۔ نفسی، میرے نفس کا۔ فی تجارتھا، اس کی تجارت میں۔ لم تشتر الدین، افسوس تو نے دین نہ خریدا۔ بالدنیا، دنیا چھوڑ کر۔ ولم تسم، از سام یسوم سوماً، از سوم، تخمینہ کرنا قیمت لگانا۔ اور خریدنے میں غور نہ کیا۔

ترجمہ: افسوس میری جان خسارہ میں گئی کہ اس نے دنیا چھوڑ کر دین نہ خریدا اور نہ خریدنے پر غور کیا۔

شرح: گویا علامہ فاہم تنبیہ فرما رہے ہیں کہ اے ٹوٹے میں رہنے والے نفس! آ ابھی وقت ہے۔ تیری تجارت میں اگرچہ اب تک تو نے دنیا پر دین کو پسند نہ کیا اور فانی کے بدلہ باقی نہ خریدا۔ اگر اب بھی تحصیل دین اور ترک دنیا نہ کرے گا۔ تو پھر کب وقت آئے گا۔ آ اور حسن نیت اور صدق قصد کے ساتھ دین کو لے۔ روح البیان میں علامہ حقی فرماتے ہیں:

ان اللّٰہ خلق الروح نورانیا علویا وخلق النفس ظلمانیۃ ثم اشرک

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

بینهما وجعل رأس مالهما الاستعداد الفطری القابل للکمال والترقی فی القربة والمعرفة والخسارة والنقصان فمن امن وجاهد بنفسه وماله فی سبیل اللّٰه وطلب فی کل حاله رضی اللّٰه فقد ربح روحه وخسرت نفسه ومن لم یومن باللّٰه ورسوله وکفر بهما وامن ولم یأت بعملٍ حسن اصلا فقد خسر روحهٗ ونفسهٗ جمعیاً فعلی العاقل ان یجتهد قبل مجیٔ الفوت ویربح فی تجارته ببذل النفس والمال فی طلب رضاء اللّٰه فان سلامة رأس المال الذی هو الا سلام مادام حاصلاً یمکن ان یتدارک الربح فی صفقة وان لم یحصل فی صفقة اخری فلا ینبغی ان تضیع العمر فیما لایعنی اذ الفرصة غنیمةٌ۔ تمام مضمون کا خلاصہ مفہوم کو یہ شعر کافی ہے۔

مکن عمر ضائع بافسوس وحیف — کہ فرصت عزیز است والوقت سیف

وَمَنْ یَّبِعْ اٰجِلاً مِّنْهُ بِعَاجِلِهٖ
۱۴۴
یَبِنْ لَّهُ الْغَبْنُ فِیْ بَیْعٍ وَّفِیْ سَلَمٖ

حل لغات: ومن، اور جو شخص۔ یبع، اصل میں یبیع تھا، شرط کے موقع پر اس کا اخیر مجزوم ہوتا ہے، اور حرف علت حذف۔ بیچے۔ اجلا، اجل اسم فاعل از اجل بمعنی مہلت کچھ دیر میں ملنے والی چیز، یعنی ثواب آخرت، آخرت کے ثواب کے بدلے اور۔ منه، اس سے۔ بعاجله، جلدی ملنے والی چیز دنیا، دنیا لے۔ یبن، اصل میں یبین تھا۔ شرط کے تحت میں اس کی بھی وہی تعلیل ہوئی۔ جو بیع پر ہوئی۔ بمعنی اظہر، ظاہر ہوگا۔ له، اس کے لیے۔ الغبن، نقصان۔ فی بیع، ہر بیع میں۔ وفی سلم، اور سلم یعنی بدھنی ہیں۔

ترجمہ: یعنی جو شخص آخرت کو دنیا کے عوض بیچے اس کو نقصان ظاہر ہوگا۔ خواہ وہ بیع وجود مبیع پر ہو یا بیع موعود یعنی سلم ہو جسے بدھنی کہتے ہیں۔

شرح: ایک بیع ایسی ہوتی ہے۔ جہاں بیع یعنی بکنے والی چیز اور اس کی قیمت موجود ہوتی ہے۔ یعنی نقد فروختگی اور ایک بیع وہ ہے جسے بیع سلم کہتے ہیں۔ اس کی ہندی بدھنی ہے کہ ثمن

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

یعنی قیمت پہلے دی جائے اور بیع جو خریدا ہے وہ موعود ہو یعنی کسی وعدہ پر ملے۔

اس بیت میں اس مقولہ کا رد کیا گیا ہے جو عربی میں مشہور ہے:

الدنیا نقد و الاخرۃ نسیئۃ و اعطاء النقد لها غیر معقول

''دنیا نقد ہے اور آخرت قرض تو نقد کو قرض پر دینا غیر معقول ہے''۔

تو بیع سلم جو دنیا میں ہوتی ہے اس میں نقد دے کر وعدہ پر مبیع لیا جاتا ہے۔ تو ناظم فاہم فرماتے ہیں کہ دنیا کو ترجیح آخرت پر دینا ایسی ہی حماقت ہے۔ جیسے کوئی بیع سلم کو پسند نہ کرے۔

علامہ خرپوتی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو مرکب من الدنیا و الاخرۃ پیدا فرمایا ہے۔ اس کی جز میں دونوں طرف کا میلان رکھا ہے۔ اس کا جز دنیوی نفس امارہ ہے۔ جو درکات نیرانیہ کی طرف لے جانا چاہتا ہے اور جزء اخروی روح ہے جو طرق جنان کے درجات بتاتی ہے۔ اور ان دونوں اجزاء سے قلب پیدا ہوا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بے کیف اصابع میں ہے۔ ایک اصبع رحمت اور ایک اصبع قہر جس پر ارادت اللہ مظاہرۂ قہر فرماتا ہے۔ اس کے قلب کو سخت کر دیتا ہے اور اس کا رجحان دنیا کی طرف ہو جاتا ہے۔ تو وہ بیع عاجل کی طرف مائل ہوتا ہے۔ اور اس کا نفس اسے درکات جہنم میں پھینک کر رہتا ہے۔ اور جس پر ارادت اللہ مظاہرۂ لطف فرماتا ہے اس کے قلب کو قائم بالاستقامۃ کر دیتا ہے تو اس کا رجحان عالم علوی کی طرف ہو جاتا ہے۔ تو وہ آخرت کو ترجیح دیتا ہے۔ **اللھم خلصنا بجودک عن توھم وجودنا**۔ کسی نے خوب کہا ہے:

سوف تری اذ انجلی الغباد ا فرس تحتک ام حمار

شہد دکھائے زہر پلائے یہ بس کی گانٹھ ہے حرافہ
صورت دیکھو ظالم کی تو کیسی بھولی بھالی ہے

اِنۡ اٰتِ ذَنۡبًا فَمَا عَھۡدِیۡ بِمُنۡتَقِضٍ
۱۴۵
مِّنَ النَّبِیِّ وَلَا حَبۡلِیۡ بِمُنۡصَرِمٖ

حل لغات: ان، حرف شرط، اگر۔ ات، از اتی یأتی، صیغہ متکلم، اصلہ اتی فسقط الیاء للجزم ومعناہ ان فعلت، کروں میں۔ ذنبا، کوئی گناہ، فما، نافیہ، پس نہیں۔ ہے۔ عھدی، میرا عہد۔ بمنتقض، ٹوٹنے والا۔ من النبی، میرے نبی سے۔ ولا حبلی، اور نہیں ہے میرے عقیدہ کی رسی۔ بمنصرم، ٹوٹنے والی۔

ترجمہ: اگرچہ میں گنہگار ہوں مگر میرا معاہدہ اطاعت اس سے ٹوٹنے والا نہیں جو میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا اور میری عقیدت ومحبت کی رسی کٹنے والی نہیں۔

شرح: یعنی اگر میں گناہ کروں اور کسب سیئات پر مائل رہوں اور امید ستر وعفو قائم رہے۔ تو گناہ گار ایسا ناقض عہد نہیں ہوتا جس سے ایمان جاتا رہے۔ تو اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ کا جو معاہدہ ہے۔ وہ عاصی کے ساتھ قائم رہے گا۔ اور میری سیہ کاریاں مجھے عقیدت ومحبت کی رسی توڑ کر علیحدہ نہیں کرسکتیں۔

گویا اس بیت میں ناظم فاہم رحمہ اللہ عقیدۂ اہل سنت کا خلاصہ فرمارہے ہیں۔ وہ یہ کہ عاصی پر معاصی کا سب سیئات کتنا ہی کیوں نہ ہو جائے۔ جب تک اس کا عقیدہ درست ہے۔ اور وہ اپنی معصیت پر شرمندہ اور خطیئت پر امید عفو رکھتا ہے۔ مومن ہے، مسلمان ہے اور جب تک مومن ومسلم ہے۔ حبل مودت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (محبت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسی) اس کے ہاتھ میں ہے۔ اور معاہدہ کا نقض لازم نہیں آتا۔

جب توبہ کرلے گا۔ یُبَدِّلُ اللّٰہُ سَیِّاٰتِھِمۡ حَسَنٰتٍ کی بشارت سے متمتع ہوگا۔

بد سہی چور سہی مجرم و ناکارہ سہی	اے وہ کیسا ہی سہی ہے تو کریما تیرا
موت نزدیک گناہوں کی تہیں میل کے خول	آبرس جا کہ نہا دھو لے یہ پیاسا تیرا
مجھ کو رسوا بھی اگر کوئی کہے گا تو یونہیں	کہ وہی نادہ رضا بندۂ رسوا تیرا

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۴۶
فَاِنَّ لِیْ ذِمَّۃً مِّنْهُ بِتَسْمِیَتِیْ
مُحَمَّدًا وَّهُوَ اَوْفَی الْخَلْقِ بِالذِّمَمِ

حل لغات: فان لی، پس میرے لیے۔ ذمة، امان، امان ہے۔ منه، ضمیر راجع الیه علیه السلام، اس کی ذات رحمت سے۔ بتسمیتی، ب سببی، بہ سبب میرے نام کے کہ۔ محمدا، وہ محمد ہے۔ وهو، وهو برائے ضرورت شعر ہا کو جزم دیا۔ اور وہ ذات مقدس۔ اوفی الخلق، اوفی صیغہ مبالغہ للتفضیل بمعنی تم، تمام مخلوق سے زیادہ وعدہ وفا ہے۔ بالذمم، جمع ذمہ، امانوں کے دینے میں۔

ترجمہ: کیونکہ میرا نام محمد ہے مجھے میرے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں امن لازمی ہے۔ اس لیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے وعدہ کے وفا کرنے میں اوفی الخلق ہیں۔

شرح: اس بیت مبارک میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا(1): ابن عباس رضی اللہ عنہما، راوی ہے:

من انهٗ اذا كان يوم القيامة نادىٰ منادٍ الا ليقم من اسمه محمد او احمد وليدخل الجنة كرامةً لمحمد صلى الله على وسلم

"قیامت کے دن منادی ندا دے گا کہ خبردار جس کا نام محمد یا احمد ہے۔ وہ کھڑا ہو اور جنت میں داخل ہو جائے یہ اعزاز ہے۔ آقاء نامدار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا"۔

تو ناظم فاہم کا نام نامی شیخ شرف الدین ابی عبداللہ محمد رکھا اور حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وعدہ فرمایا کہ جس کا نام محمد ہوگا وہ دوزخ میں نہ جائے گا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ وعدہ وفا کرنے والا دنیا میں کون ہو سکتا ہے۔ تو مجھے اس پر گھمنڈ اور ناز ہے کہ میرا نام محمد ہے۔ وللہ الحمد۔

اور حدیث میں وارد ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اتانی جبرائیل فقال یا ممحد ان الله یقرء علیک السلام ویقول لک

1۔ یہ حدیث عطر الوردہ میں بھی موجود ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وعزتی وجلالی لا اعذب من سمی باسمک بالنار

”ہمارے پاس جبریل آئے اور کہا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ سلام فرماتا ہے اور بشارت دیتا ہے کہ میری عزت وجلال کی قسم جس کا نام آپ کے نام پر ہوگا اسے میں جہنم کا عذاب نہ دوں گا“۔

دوسری حدیث میں ہے:

استحیی ان اعذب بالنار من اسمه اسم حبیبی

”اللہ شرم فرماتا ہے اس سے کہ جہنم کا اسے عذاب دے جس کا نام میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نام پر ہو“۔

اور علامہ قاضی عیاض شفا میں فرماتے ہیں:

ان اللہ تعالیٰ و ملائکته یستغفرون لمن اسمه محمد و احمد

”اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے بخشش ورحمت کرتے ہیں اس پر جس کا نام محمد یا احمد ہو“۔

اور نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایسا اسم کریم وشریف ہے کہ اشرف اسماء حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس نام کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اخص اسماء سے بنایا۔ چنانچہ آدم علیہ السلام کی کنیت ابو محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم رکھی گئی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بھی ہمیشہ فرامین واحکام میں **من محمد رسول اللہ** ہی تحریر فرماتے۔ اور ملک الموت جب روح اقدس لے کر چلا تو واحمداہ اس کی زبان پر تھا۔ اور علماء سلف کے اکثر و بیشتر اسماء میں یہ نام مبارک لازم رکھا گیا۔ اور اس حقیر فقیر درماندہ نفس شریر کا نام بھی بحمدہ تعالیٰ محمد احمد ہے۔ میں یقین کرتا ہوں کہ میرے لیے یہ طغرۂ امتیاز کافی ووافی شافی ہے۔

حافظ رند زندہ باش مرگ کجا و تو کجا　　تو شدہ فنا حمد حمد بود بقاء تو

۱۴۷

اِنْ لَّمْ یَکُنْ فِیْ مَعَادِیْ اٰخِذًا بِیَدِیْ
فَضْلاً وَّ اِلَّا فَقُلْ یَازَلَّةَ الْقَدَمِ

حل لغات: ان لم یکن، جملہ شرطیہ، اگر نہ ہوں وہ۔ فی معادی، صیغہ ظرف

ازعود والمراد حالة الموت، میرے مرنے کے وقت۔ اخذ، تھامنے والے۔ بیدی، میرا ہاتھ۔ فضلا، اپنے فضل سے۔ والا، تو تو۔ فقل، کہہ مجھے۔ یازلة القدم، اے پھسلے ہوئے قدم کے۔

ترجمہ: اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے مرنے کے بعد میرے دستگیر نہ ہوں تو کہنا کے اے قدم پھسلے ہوئے ذلیل۔

شرح: اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم براہ فضل وکرم اور نسبت اسمی کے لحاظ سے میری مرتے وقت دستگیری نہ فرمائیں تو میری قسمت پر افسوس کرتے ہوئے کہنے کا حق ہے۔ کہ اے زلة القدم اب پاؤں پھسلنے پر کیا ہوش اور یہ ہوش کس کام کا۔ دوسری صورت یہ کہ الا بمعنی ان لم یکن کذالک مانا جائے۔ غرض کہ اس بیت میں بہت سی توجیہات ہیں اچھی اور صاف توجیہ یہ ہے کہ مصرع اول شرط اور اس کی بیت اول نمبر 147 اس کی خبر لی جائے تو اب یہ معنی ہوں گے۔ کہ اگر کوئی عہد و پیمان میرے معاصی کے مقابلہ میں نہ کام دے تو افسوس ہے میرے لغزش قدم پر اور بعض کہتے ہیں لفظ الا زائد ہے۔ جیسا کہ صاحب قاموس نے لکھا کہ لفظ الا کلام عرب میں زائد بھی آتا ہے۔ تو اس اعتبار سے علامہ خرپوتی کی شرح صاف معلوم ہوتی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ حاصل معنی بیت کے یہ ہیں کہ میں محتاج شفاعت جناب کریم کا ہوں نجات مہالک سے اور عذاب الیم سے حتیٰ کہ اگر میرا معین ان کا فضل و احسان زائد علی الوعدہ نہ ہو تو پھر میرے نفس کو عتاب کے ساتھ یا زلة القدم یاسیئی الحال یا شدید المآل کہنا۔ لیکن چونکہ ایسا نہیں تو میں زلة القدم بھی نہیں۔

عام ہیں ان کے تو الطاف شہیدی لیکن
تجھ سے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا

حَاشَاهُ اَنْ يُّحرَمَ الرَّاجِيْ مَكَارِمَهٗ
١٤٩ اَوْ يَرجِعَ الْجَارُ مِنْهُ غَيرَ مُحْتَرَمِ

حل لغات: حاشاہ، استثنا، ہرگز وہ ہستی ایسی نہیں۔ ان یحرم، کہ محروم کر دے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

الراجی، امیدوار کو، مکارمہ، جمع کرم بخشش، ان کی بخششیں۔ او یرجع، یا یہ کہ لوٹے۔ الجار، یعنی قریب یا مستجیر، آرزومند یا قرب والا۔ منہ، ان کی بارگاہ سے۔ غیر محترم، مایوس بے نیل مرام۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان کرم اس سے منزہ ہے کہ ان کے در پر سائل جو امیدوار جائے وہ بخشش حاصل کیے بغیر بے نیل و مرام واپس لوٹ آئے۔

شرح:

نہ رفت لا بزبان مبارکش ہرگز　　مگر باشھد ان لا الہ الا اللہ

حضور چونکہ معدن کرم اور مخزن فضل ہیں۔ لہٰذا وہاں سے اس قسم کے توہمات کو جگہ دینا حاشا وکلا نازیبا ہیں۔ وہ تو وہ ہیں کہ

ما قال لا قط الا فی تشھدہ　　لولا التشھد کانت لائہ نعم

میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا　　دریا بہا دیے ہیں در، بے بہا دیے ہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OOMIL ISLAMIA ACADEMY

فصل ثالث عشر

حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے باب کرم سے امید کا بیان

وَمُنذُ اَلزَمتُ اَفکَارِیْ مَدَائِحَہُ
۱۴۹
وَجَدتُّہُ لِخَلَاصِیْ خَیرَ مُلتَزَمِ

حل لغات: ومنذ، ظرف زماں بمعنی اول المدة مفعول فیه، اور جب سے کہ۔ الزمت، لازم کی میں نے۔ افکاری، اپنے فکروں پر۔ مدائحه، جمع مدح، اس ہستی پاک کی نعتیں۔ وجدته، پائی میں نے۔ لخلاصی، اپنی نجات کے لیے۔ خیر ملتزم، ملتزم جائے پناہ، بہترین جائے پناہ۔

ترجمہ: جب سے میں نے اپنے افکار میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعت گوئی لازم کی۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں نے بہترین جائے پناہ لی۔

شرح: جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس کو رد سائل اور محروم کرنے سے منزہ ثابت کر چکے تو اپنی نعت گوئی کے نتیجہ کو بیان فرماتے ہیں کہ جب میں نے مدحت سرائی اس ہستی مقدس کو اپنے خیالات و افکار میں لازم کر لیا ہے یعنی اس وقت سے کہ میں اپنے اشعار کو سوائے منقبت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور کسی کام میں نہیں لاتا۔ جب ہی سے میں اطمینان کر چکا ہوں کہ یہی نعت گوئی میرے لیے زبردست نجات کا ذریعہ ہے۔ اور اسی وقت کو میں اپنے لیے بہترین جائے پناہ سمجھتا ہوں۔

کرے مدح اہل دول رضا پڑے اس بلا میں میری بلا
میں گدا ہوں اپنے کریم کا میرا دین پارۂ ناں نہیں

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

۱۵۰ وَلَنْ يَّفُوْتَ الْغِنٰى مِنْهُ يَدًا تَرِبَتْ
اِنَّ الْحَيَا يُنْبِتُ الْاَزْهَارَ فِي الْاَكَمِ

حل لغات: ولن، اور ہرگز نہیں۔ یفوت، ازفوت، ضائع کرے گا۔ غنی، والمراد منه شفاعته عليه السلام، امید شفاعت کو۔ منه، ضمير راجع اليه عليه السلام، اس ہستی پاک سے۔ یدا، کوئی ہاتھ، تربت، ای افترقت، ایدی المحتاجین، محتاج کا۔ ان الحیا، حیا، مطر، بے شک بارش۔ ینبت، اگاتی ہے۔ الازهار، کلیوں کونپلوں کو۔ فی الاکم، جمع اکمه، راس الجبل، پہاڑ کی چوٹیوں پر۔

ترجمہ: جو ہاتھ مفلس حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ کی طرف بڑھے وہ کبھی دولت لیے بغیر واپس نہ ہو۔ بارش ہوتی ہے تو پہاڑ کی چوٹیوں پر بھی پھول کھلا دیتی ہے۔

شرح:

باراں کہ از لطافت طبعش خلاف نیست
در باغ لالہ روید و درشورہ بوم خس

غنی کے لغوی معنی تونگری فراخدستی بے پرواہی کے ہوتے ہیں۔ اور علامہ خرپوتی رحمہ اللہ نے تحریر فرمایا: الغنی بالکسر مع القصر بمعنی ایسارو المراد منه شفاعته عليه السلام۔ اس سے مراد شفاعت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

تو مفہوم واضح ہے کہ وہ غنی جو دربار رسالت سے حاصل ہو ہرگز کسی ہاتھ کو گردآلودہ یعنی خالی ومحتاج نہیں کرتا۔ بلکہ سب کو مالا مال کر دیتا ہے۔ اس لیے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فیض رحمت عام ہے۔ اور مثل بارش کے ہے۔ حیا کے معنی یہاں اس بارش کے ہیں جو عام ہو جس سے زمین مزروعہ بھی سیراب ہو اور پہاڑ کی چوٹیاں ٹیلے جہاں پانی نہ ٹھہرتا ہو اسے بھی اتنا سیراب ضرور کر دیتا ہے کہ اس میں شگوفہ پھول جائیں۔

برستا نہیں دیکھ کر ابر رحمت بدوں پر بھی برسا دے برسانے والے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَلَمْ اُرِدْ زَهْرَةَ الدُّنْيَا الَّتِي اقْتَطَفَتْ
(۱۵۱)
يَدَا زُ هَيْرٍ بِمَا اَثْنٰى عَلٰى هَرِمٍ

حل لغات: ولم ارد، اورنہیں چاہتا میں۔ زهرة الدنيا التي، اس مدح سرائی کے بدلے میں دنیا کی وہ تازگی۔ اقتطفت، من قطف الثمر۔ پھل پھول چننا، جو چنی یا حاصل کی۔ یدا زهير، المراد به زهير بن ابى سلمى، شاعر مشہور عربی، زہیر بن ابی سلمٰی کے ہاتھوں نے۔ بما اثنى، ساتھ اس کے کہ مدح کی اس نے۔ على هرم، سنان بن ہرم، سنان بن ہرم کی۔

ترجمہ: میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدح نعت سے وہ تازگی اور بہجت حاصل کرنا نہیں چاہتا جو زہیر بن ابی سلمٰی مشہور شاعر کے ہاتھوں نے سنان بن ہرم کی تعریف کے صلہ میں حاصل کی۔

شرح: زہیر بن ابی سلمٰی بڑے نامور شعراء سے گزرا ہے۔ عہد عمر فاروق رضی اللہ عنہ میں اس سے بہتر اشعار کسی کے نہ مانے جاتے۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اسے اشعر الناس فرماتے تھے۔ اور اس کے صاحبزادے حضرت کعب نے قصیدہ بانت سعاد دربار رسالت میں سنایا تھا۔ اور وشاح ابن ورید میں ہے کہ زہیر کی کنیت ابو بجیرہ تھی اور اس کی موت قبل المبعث ہوئی۔ اور ثعلب ابن عباس اپنی سند کے ساتھ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہمیں اپنے بڑے شاعر کے اشعار سناؤ تو میں نے عرض کی وہ کون ہے تو فرمایا وہ زہیر ہے۔ اور ابن اعرابی کہتے ہیں کہ زہیر میں ایک خاص بات تھی جو اس کے سوا اور کسی میں نہیں ملتی کہ اس کا باپ بھی شاعر وہ بھی شاعر اور اس کے ماموں بھی شاعر اور اس کی بہن سلمٰی بھی شاعرہ اور اس کے بیٹے حضرت کعب اور بجیرہ دونوں شاعر اور اس کی دوسری بہن خنساء بھی شاعرہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ اہل جہالت کے نامور شاعروں میں زہیر بن ابی سلمی ہے۔ اور اسلام کے نامور شعراء میں اس کے بیٹے حضرت کعب۔ اور زہیر ملوک عرب میں سے ہرم بن سنان کے حق میں بہت قصیدے لکھا کرتا تھا۔ اس لیے کہ ہرم انعام بہت دیتا تھا۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL-ISLAMIA ACADEMY

تو امام محمد بوصیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ دولت دنیا حاصل کرنے کو زہیر کی طرح میں ہرم کے لیے مدحت نہیں کرتا۔ بلکہ دولت عقبیٰ کی امید پر میری مدح منقبت دربار رسالت میں پیش ہے۔

یَااَکْرَمَ الْخَلْقِ مَالِیْ مَنْ اَلُوْذُ بِہٖ
۱۵۲ سِوَاکَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمِمِ

حل لغات: یا اکرم الخلق، اے تمام مخلوق سے زیادہ کرم فرمانے والے، مالی، مانافیہ، نہیں ہیں میرے لیے، من، کوئی ایسا کہ جس کی۔ الوذ، ازلیاذ، پناہ لوں۔ بہ، اس۔سے۔ سواک۔ سوا آپ کے۔ عند، وقت۔ حلول، نازل ہونے۔ الحادث، حادثوں بلاؤں۔ العمم، عام کے۔

ترجمہ: اے بہترین کریم عالم آپ کے سوا میرے لیے کوئی جگہ نہیں جہاں پناہ لوں مصیبتوں کے عام نزول کے وقت۔

شرح: مفہوم واضح ہے اور حقیقت یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا ان کے غلام کے لیے کوئی دستگیر نہیں۔ حتی کہ قرآن کریم بھی اسی شفاعت نگر کا راستہ بتاتا ہے۔ اور فرماتا ہے کہ جب تم اپنی جانوں پر معصیت کی وجہ سے ظلم کر گزرو تو ہمارے حبیب کی طرف آؤ اور توبہ کرو اور ہمارے حبیب تمہاری سفارش کریں تو تم اللہ تعالیٰ کو تواب و رحیم پاؤ گے۔

وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا ﴿۶۴﴾

شر خیر شور سور شر دور نار نور — بشریٰ کہ بارگاہ یہ خیر البشر کی ہے
مجرم بلائے آئے ہیں جاؤک ہے گواہ — پھر رد ہو کب یہ شان کریموں کے در کی ہے
بد ہیں مگر انہیں کے ہیں باغی نہیں ہیں ہم — نجدی نہ آئے اس کو یہ منزل خطر کی ہے
بے ان کے واسطے کے خدا کچھ عطا کرے — حاشا غلط غلط یہ ہوس بے بصر کی ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

وَلَنْ يَّضِيقَ رَسُولَ اللّٰهِ جَاهُكَ بِيْ
۱۵۳
اِذَا الْكَرِيْمُ تَجَلّٰى بِاسْمِ مُنْتَقِمِ

حل لغات: ولن يضيق، اور ہرگز تنگ نہ ہوگا میدان عزت آپ کا۔ جاهك بي، يعني الوجاهة وهي رفعة المنزلة، آپ کی رفعت منزلت میری شفاعت پر۔ اذا الكريم، اس لیے کہ آپ کریم ہیں۔ تجلي، وفي نسخة تحلي، يعني اتصف، وتجلي بمعني انكشف، اور آپ کا نام روشن ہے۔ باسم منتقم، ساتھ نام منتقم حقیقی کے۔

ترجمہ: یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت وشان کی پناہ میرے واسطے تنگ نہ ہوگی۔ بروز قیامت منتقم حقیقی کے نام سے اپنی شان ظاہر فرمائیں گے۔

شرح: مفہوم واضح ہے۔ گویا ناظم فاہم اعلیٰ حضرت کے اس شعر کو عربی استعارہ میں سنا رہے ہیں۔

میں تو کیا میرے عصیاں کی حقیقت کتنی
مجھ سے سو لاکھ کو کافی ہے اشارہ تیرا

چہ کم گردد اے صدر فرخندہ پے ز قدر رفیعت بدرگاہ حیّ
کہ باشند مشتے گدایان خیل بمہمان دار السلام از طفیل

یعنی یوں عرض کر رہے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجاہت، شرافت، رفعت میدان حشر میں عالم آشکار ہوگی۔ مجھ جیسے بے کس اور تہی دست کے لیے ان کا عرصہ شفاعت تنگ نہیں ہوسکتا۔ اور منتقم حقیقی کی طرف سے جب کہ یا محمد ارفع راسک سل تعط واشفع تشفع کی آوازیں آئیں۔ تو پھر مجھے کیا فکر ہونی چاہیے۔

پل سے اتارو راہ گزر کو خبر نہ ہو
جبریل پر بچھائیں تو پر کو خبر نہ ہو
اے شوق دل یہ سجدہ اگر ان کو روا نہیں
اچھا وہ سجدہ کیجئے کہ سر کو خبر نہ ہو

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فَاِنَّ مِنْ جُوْدِکَ الدُّنْیَا وَضَرَّتَھَا
۱۵۴ وَمِنْ عُلُوْمِکَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

حل لغات: فان، پس بے شک۔ من جودک، الجود افاضة ماینبغی لا لعوض ولا لغرض ،آپ کے جودوکرم سے۔ الدنیا، دنیا ہے۔ وضرتھا، مال بسیار وضرہ ضد دنیا، یعنی جمع بین المراتین، حاصل معنی آخرۃ، اور آخرت۔ ومن علومک، جمع علم، اور آپ کے علموں سے۔ علم اللوح والقلم، علم لوح وقلم ہے۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے ہی خوان جودوکرم سے دنیا ہے اور اس کی ضد یعنی آخرت کا وجود اور لوح وقلم کے علم آپ کے دائرہ معلومات کا ایک جز ہیں۔

شرح: پہلی بیت کے مضمون میں جو خفا تھا اس کی تفسیر اس بیت میں فرمائی گئی کہ مجھ سے تہی دست کی شفاعت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس لیے مشکل نہیں کہ دنیا اور اس کی ضد یا سوتن جس کا دنیا کے ساتھ جمع ہونا محال ہے یعنی آخرت، یہ سب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خوان عطا کے ریزہ ہیں نہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوتے نہ دنیا وآخرت کا وجود ہوتا۔ جود عربی زبان میں ایسی بخشش کو کہتے ہیں جو بلاعوض وغرض کسی پر کی جائے۔ اور ضرۃ اس چیز کو کہتے ہیں جس کا اجتماع متعذر ہو۔ جیسے ایک خاوند کے عقد میں دو عورتیں جمع ہوں تو سوتن کہلاتی ہیں۔ اسی طرح دنیا اور آخرت، ان کا اجتماع محال ہے۔ جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

من احب اخرته اضر بدنیاه ومن احب دنیاه اضر باخته۔

"جو آخرت کو محبوب رکھے تو یہ محبت اضر یعنی ضد دنیا ہے۔ اور دنیا کو محبوب رکھے تو یہ محبت ضد آخرت ہے"۔

علامہ خرپوتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

قیل کون الکونین من جوده لانه واسطة فی فیضان الوجود علی الماھیات وسیلان الوجود علی الموجودات فکان الکونین من جوده۔

"یعنی وجود کونین حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جود وعطا کا ظہور ہے۔ اس لیے کہ کونین واسطہ ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

فیضان وجود میں ماہیت پر اور سیلان جود وجود سرکار ابد قرار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجودات پر ہے۔ تو کونین کا ہونا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جود و کرم سے ہوا۔ اور اس مصرع میں تلمیحاً اس حدیث کی طرف بھی اشارہ ہے جو جناب باری کی طرف سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظاہر فرمائی:

لولاک لما خلقت الدنیا۔

اور علم لوح قلم کو جو جزء علم مصطفیٰ فرمایا یہ بھی خاصہ ہے ذات گرامی کا۔

لوح ایک کتاب مبین ہے جس کی مقدار عقل سے وراء ہے۔ جو اس میں عظمت و لطافت اور حروف و کتابت سے ہے۔ بعض نے کہا: لوح چار ہیں:

(اول) لوح القضاء المصئون عن المحو والاثبات اور یہ لوح عقل اول ہے۔

(دوم) لوح القدر یہی لوح نفس ناطقہ کلیہ ہے۔ جس میں تفصیل کلیات لوح اول کی ہے۔ اور اس کا تعلق اثبات سے ہے۔ اور اسی کو لوح محفوظ کہتے ہیں۔

(سوم) لوح نفس الجزئیہ بسماء الدنیا ہے۔

(چہارم) لوح ہیولیٰ ہے جو قابل صور ہے عالم شہادۃ میں۔

اور قلم یہ وہ ہے جو سب سے پہلے مخلوق کی گئی اور اس میں اللہ تعالیٰ نے تین سو ساٹھ سن بنائے اور ہر سن میں علوم اجمالیہ کے تین سو ساٹھ صنف مقرر فرمائیں۔ پھر ان کی تفصیل لوح محفوظ میں ہوتی ہے۔

حضرت شیخ محی الدین ابن عربی فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے قلم روشن فرمایا۔ اس سے ایک دوسرا وجود مشتق کیا۔ اس کا نام لوح رکھا اور قلم کو حکم دیا کہ لوح کو سب کچھ بتا دے اور جمیع ما یکون الی یوم القیامۃ کا علم اسے دیا۔ امام عبدالوہاب شعرانی رحمہ اللہ الیواقیت والجواھر میں فرماتے ہیں کہ اگر کوئی پوچھے کہ ان علوم میں سے اولیاء کو اطلاع ملی یا کیا جو حوادثات وغیرہ کے متعلق قلم نے لکھے۔ اور لوح محفوظ میں قیامت تک کے حالات نقش کیے تو اس کا جواب شیخ اکبر باب 168 فتوحات مکیہ میں دیتے ہیں۔ کہ نعم انا ممن اطلعه الله علی ذالک۔ ''ہاں ہم ہیں ان میں سے جسے اللہ تعالیٰ نے ان علوم پر اطلاع دی''۔ اور فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے مطلع فرمایا عدد امہات پر علوم ام الکتاب

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

سے اور وہ ایک لاکھ انتیس ہزار چھ انواع پر ہیں۔

اور یہ سب کچھ لکھ کر شیخ زادہ فرماتے ہیں:

ھٰذا علیٰ قدر فھمک واما من اکتحلت عین بصیرتہ بالنور الالھی فیشاھد بالذوق ان علوم اللوح جزء من علومہ کما ھی جزء من علم اللہ تعالیٰ۔

تو حاصل معنی واضح ہو گئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہستی پاک واسطہ ہے افاضۃ منح الظاھریات والباطنیات کا مبدء اول سے کائنات میں علویات وسفلیات کے اور جب کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ شان ہے تو ان کی عنایت اور وجاہت وکفایت میرے لیے تنگ نہیں ہو سکتی وللہ الحمد۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فصل رابع عشر--نفس کو نا امیدی سے روکنے کا بیان

يَا نَفْسُ لاَ تَقْنَطِي مِنْ زَلَّةٍ عَظُمَتْ

۱۵۵ اِنَّ الْكَبَائِرَ فِي الْغُفْرَانِ كَاللَّمَمِ

حل لغات: یا نفس۔ اے نفس، لا تقنطی، از قنوط مایوس ہونا، نہ مایوس ہو۔ من زلۃ، لغزش، اس لغزش سے۔ عظمت، ای کبرت، جو کبیرہ گناہ ہو گئے ہیں۔ ان الکبائر، جمع کبیرہ، بے شک کبیرہ گناہ۔ فی الغفران، بخششوں میں۔ کاللمم، لمم، آمادگی گناہ، مثل صغیرہ کے ہیں۔

ترجمہ: اے نفس اپنے گناہوں کے سبب سے جو بہت بڑے ہو گئے ہیں ان کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ کیونکہ غفران ورحمت کے ہوتے بڑے گناہ بھی چھوٹے ہو جاتے ہیں۔

شرح:

زاہد! ان کا میں گنہگار وہ میرے شافع
اتنی نسبت مجھے کیا کم ہے تو سمجھا کیا ہے
بے بسی ہو جو مجھے پرسش اعمال کے وقت
دوستو! کیا کہوں اس وقت تمنا کیا ہے
کاش فریاد میرے سن کے یہ فرمائیں حضور
ہاں کوئی دیکھو یہ کیا شور ہے غوغا کیا ہے
کون آفت زدہ ہے کس پہ بلا ٹوٹی ہے
کس مصیبت میں گرفتار ہے صدمہ کیا ہے
کس سے کہتا ہے کہ للہ خبر لیجئے میری
کیوں ہے بے تاب یہ بے چینی کا رونا کیا ہے
یوں ملائک کریں معروض کہ اک مجرم ہے

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM ISLAMIA ACADEMY

اس سے پرسش ہے بتا تو نے کیا کیا ہے

سامنا قہر کا ہے دفتر اعمال ہیں پیش

ڈر رہا ہے کہ خدا حکم سناتا کیا ہے

سن کہ یہ عرض میری بحر کرم جوش میں آئے

یوں ملائک کو ہو ارشاد ٹھہرنا کیا ہے

کس کو تم مورد آفات کیا چاہتے ہو

ہم بھی تو آ کے ذرا دیکھیں تماشا کیا ہے

ان کی آواز پہ کر اٹھوں میں بے ساختہ شور

اور تڑپ کر یہ کہوں اب مجھے پروا کیا ہے

لو وہ آیا میرا حامی میرا غم خوار امم

آ گئی جاں تن بے جان میں یہ آنا کیا ہے

ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ کبائر 9 ہیں:

شرک باللہ، قتل نفس بغیر حق، قذف محصنہ، زنا، فرار من الزحف یعنی اسلامی لشکر سے بھاگنا، سحر، مال یتیم کھانا، مسلمان والدین کی نافرمانی کرنا اور الحاد کرنا۔ اور ایک قول ہے کہ ہر وہ معصیت جس پر اصرار کیا جائے وہی کبیرہ ہے۔ اور ہر وہ معصیت جس سے استغفار کر لیا جائے صغیرہ ہے۔

ان تغفر اللھم فاغفر جما فای عبد لک ما الما

لَعَلَّ رَحْمَةَ رَبِّی حِیْنَ یَقْسِمُهَا

١٥٦ تَاْتِیْ عَلٰی حَسَبِ الْعِصْیَانِ فِی الْقِسَمِ

حل لغات: لعل، حرف ترجی، شاید کہ۔ رحمة ربی، میرے رب کی رحمت۔ حین، جب کہ۔ یقسمها، تقسیم ہو، تاتی، آ جائے۔ علٰی حسب العصیان، میرے معاصی کی مقدار میں۔ فی القسم، میرے حصہ کے اندر۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

ترجمہ: شاید کہ رحمت الٰہی جب تقسیم ہو ممکن ہے میرے گناہوں کے برابر میرے حصہ میں آجائے۔

شرح:

میرے گناہ زیادہ ہیں یا تیری رحمت   میرے کریم بتا دے حساب کر کے مجھے

انتہا امید پر ناظم فرماتے ہیں کہ شاید بلکہ لعل بمعنی یقین لینا چاہیے یعنی یقیناً میرے رؤف ورحیم کی رحمت جب کہ بندگان سیہ کار پر تقسیم ہو تو میرے گناہوں کی ہم وزن میرے حصہ میں آئے گی تو میں اس وقت کہوں گا۔

پیش عفوش قلت تقصیر ما ست   عفو بے اندازہ میخواہد گناہ بے حساب

باقی رہے ہیں حشر میں کتنے گنہگار   آؤ پکارتی ہے شفاعت رسول کی

نصیب ماست بہشت اے خدا شناس برو   کہ مستحق کرامت گنہگار انند

حدیث قدسی میں بھی آیا ہے: **غلبت رحمتی علی غضبی۔**

من قاعدۂ رحمت او میدانم   من طور عطائے او نکو میدانم

لطف و کرمش عاشق حسن گنہ است   من عادت آں بہانہ جو میدانم

اس بیت مبارک میں اس حدیث کی طرف بھی اشارہ ہے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضور سید یوم النشور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ فرماتے تھے۔ اللہ نے رحمت کے سو جز فرما کر اپنے پاس ننانوے جز رکھے اور زمین پر ایک جز نازل فرمایا۔ اس ایک جز سے دنیا آباد ہے۔ اور مخلوق میں رحم دلی پائی جاتی ہے اور جانور اپنے بچے کو دودھ پلانے خود پہنچتا ہے۔

ایک حدیث میں وارد ہے کہ ایک شخص بروز قیامت لایا جائے گا اور حکم ہوگا اس کے صغیرہ گناہ پیش کرو اور کبیرہ مخفی رکھو۔ پھر اسے کہا جائے گا تو نے فلاں دن یہ کیا یہ کیا۔ وہ اقرار کرے گا اور انکار کی ہمت نہ ہوگی اور اپنے کبائر سے ڈر رہا ہوگا۔ کہ اتنے میں حکم ہوگا اس کے ہر گناہ کے بدلے ایک نیکی عطا کی جائے۔ تو وہ عرض کرے گا الٰہی میرے ابھی ایسے گناہ بھی ہیں جو تو نہیں جانتا راوی فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ اس جملہ

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

پر اتنا تبسم ہوا کہ نواجذ علیا ظاہر ہو گئے یہ روایتیں سعۃ رجا کی صریح دلیل ہیں۔ وللہ الحمد۔

يَا رَبِّ وَاجْعَلْ رَجَائِيْ غَيْرَ مُنْعَكِسٍ
۱۵۰ لَدَيْكَ وَاجْعَلْ حِسَابِيْ غَيْرَ مُنْخَرِمِ

حل لغات: یا رب، اے میرے رب۔ واجعل، کر دے پوری۔ رجائی، میری امید۔ غیر منعکس، غیر برگشتہ۔ لدیک، اپنے پاس سے، واجعل، اور کر دے۔ حسابی، میرا اعمال نامہ۔ غیر منخرم، باخائے معجمہ غیر منقطع، غیر منقطع۔

ترجمہ: الٰہی اپنی بارگاہ میں یوم حشر میری امید کے خلاف نہ کر اور میرا اعمال نامہ مغفرت حاصل کرنے والوں سے کاٹ کر منقطع نہ کر۔

شرح: انا عند ظن عبدی بی کی طرف اشارہ فرما کر ناظم فاہم فرما رہے ہیں کہ الٰہی میرا یقین ہے کہ تو ضرور بخشش فرمائے گا۔ لہٰذا مجھے بخش دے۔

تو اب مفہوم واضح ہے کہ الٰہی میں نے تجھ سے جو دعا و التجا کی ہے تو میری درخواست اپنے در سے رد نہ کر اور جو تو نے میرے لیے رحمت و مغفرت رکھی ہے وہ مجھ سے منقطع نہ کر۔

یہ دعائیہ بیت ہے۔

وَالْطُفْ بِعَبْدِكَ فِي الدَّارَيْنِ اِنَّ لَهٗ
۱۵۱ صَبْرًا مَتٰى تَدْعُهُ الْاَهْوَالُ يَنْهَزِمِ

حل لغات: والطف، اللطف هو الاحسان، اور لطف فرما۔ بعبدک، اپنے بندے پر۔ فی الدارین، دنیا و آخرت میں۔ ان له، اس لیے کہ اس کا۔ صبرا، صبر ایسا ہے کہ۔ متی، جب۔ تدعه الاهوال، ہول شدۃ و فزع۔ آتے ہیں گھبراہٹ۔ ینهزم، تو صبر بھاگ جاتا ہے۔

ترجمہ: الٰہی اپنے بندے پر دین و دنیا میں رحم فرما کیونکہ اس کا صبر اتنا کمزور ہے کہ جب ہول و فزع کا سامنا ہو تو یہ بھاگ جاتا ہے، یعنی جاتا رہتا ہے۔

شرح: مفہوم واضح ہے کہ الٰہی میں اپنے صبر و تحمل میں اتنا کمزور ہوں کہ مصائب و آلام

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOM-IL ISLAMIA ACADEMY

کے وقت مضطرب اور بے قرار ہو جاتا ہوں اور دعویٔ صبر و شکیب سب فنا ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا تیرا ہی فضل مجھے درکار ہے۔ خلاصہ مفہوم بیت اس دعا میں صاف ہے۔ **یا لطیف الطف واحسن بعبدک الضعیف المعترف بالمعاصی وسلمه فی الدنیا والاخرة من الشدائد و الافزاع لان لعبدک صبرا کائنا متی طلبته الاهوال اولاقته یفر صبره منه لکمال ضعفه۔**

"اے لطیف! گناہوں کا اعتراف کرنے والے اپنے کمزور بندے پر لطف و کرم فرما اور اسے دنیا و آخرت میں تمام سختیوں اور تکلیفوں سے سلامت رکھ، کیونکہ جب تیرے بندہ کے صبر کا مقابلہ خوف و خطر سے ہوتا ہے تو اس کا صبر انتہائی کمزوری کی وجہ سے میدان چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے"۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

فصل خامس عشر

سرکار ابد قرار علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آل واصحاب پر درود وسلام

وَائْذَنْ لِّسُحْبِ صَلٰوةٍ مِنکَ دَآئِمَةً
١٥٩ عَلَى النَّبِيِّ بِمُنْهَلٍّ وَّمُنْسَجِمِ

حل لغات: وائذن، اور حکم دے۔ لسحب، جمع سحاب، اپنی رحمت کے بادلوں کو۔ صلوة، کہ بارش صلوٰۃ وسلام۔ منک دائمة، تیری طرف سے ہمیشہ برسائیں۔ علی النبی، تیرے حبیب نبی عالم پر۔ بمنهل، انهلال زور دار بارش، موسلا دھار۔ ومنسجم، ازا انسجام روانی، اور بہتے ہوئے۔

ترجمہ: اور رحمت کے بادلوں کو حکم کر کہ وہ صلوٰۃ وسلام کی موسلا دھار بارشیں نبی رحمت پر ایسی کریں کہ ہمیشہ جاری رہے۔

شرح: یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قیام قیامت تک رحمت کے بادل درود وسلام کی بارشیں کرتے رہیں۔

وَالْاٰلِ وَالصَّحْبِ ثُمَّ التَّابِعِيْنَ لَهُمْ
١٦٠ اَهْلِ التُّقٰى وَالنَّقٰى وَالْحِلْمِ وَالْكَرَمِ

حل لغات: والال، اور ان کی آل پر۔ والصحب، جمع صحابی اور اصحاب کرام پر۔ ثم التابعین لهم، اور تابعین پر۔ اهل التقی، جو پرہیز گاری کے اہل ہیں۔ والنقی، اور برگزیدہ۔ والحلم، اور حلم میں۔ والکرم، اور شرافت مآب۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل واصحاب اور تابعین پر رحمت فرما جو پرہیز گار، برگزیدہ، اوصاف تحمل وشرافت والے ہیں۔

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com

مَا رَنَّحَتْ عَذَبَاتِ الْبَانِ رِيْحُ صَبَا
٦٠ وَاَطْرَبَ الْعِيْسَ حَادِى الْعِيْسِ بِالنِّغَمِ

حل لغات: مارنحت، مادامت بمعنی حرکت و امالت، جب تک ہلاتی رہے۔ عذبات، جمع عذبۃ یعنی، ڈالی، ڈالیاں، البان، شجرۃ البان۔ درخت بان کی، ریح صبا، بادصبا، واطرب العیس، اور جب تک خوش کرتا رہے ساربان اونٹوں کو۔ حادی العیس، اونٹ ہانکنے والا۔ بالنغم، جمع نغمہ، اپنے نعمات سے۔

ترجمہ: تیری رحمتیں نازل ہوتی رہیں جب تک بادصبا درخت بان کی شاخوں کو ہلاتی رہے اور جب تک اونٹوں کو شتربان اپنے نغمتوں سے مست کرتا رہے۔

شرح: حلیہ میں ہے کہ ریاح چار ہیں صبا اسے ہی قبول کہتے ہیں۔ ابن خلکان میں ہے کہ ریح صبا نے رب عزوجل تبارک وتعالیٰ عزاسمہ سے اجازت طلب کی کہ یعقوب علیہ السلام کو یوسف علیہ السلام کی خوشبو پہنچائے قبل اس کے کہ بشیر قمیص لے کر پہنچے تو اسے اجازت دی گئی۔ اسی بناء پر بادصبا ہر محزون و غمگین کو مسرور کرتی ہے۔ اور بدنوں کو تروتازہ کرتی ہے دوسری قسم کا نام جنوب ہے یہ ہوا ابروں کو جمع کرتی ہے۔ اور اسی ہوا سے گھوڑے پیدا ہوتے ہیں۔ حاکم نے تاریخ نیشاپوری میں ذکر کیا کہ حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ الکریم حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے راوی ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے ارادہ خلق خیل فرمایا تو ریح جنوب کو حکم دیا کہ میں تجھ سے ایک مخلوق پیدا کروں گا۔ لہٰذا جمع ہو تو وہ جمع ہوئی اور جبریل حاضر ہوئے اور اس سے ایک قبضہ لیا۔ پھر اللہ نے فرمایا: ھٰذہ قبضتی ثم خلق فرسا کمیتا " یہ قبضہ ہے پھر اس سے کمیت گھوڑے پیدا فرمائے پھر فرمایا میں نے تجھے گھوڑا بنایا اور عربی کیا۔ اور تجھے تمام چارپایوں پر فضیلت دی۔ اور تیسری قسم شمال ہے۔ اور چوتھی قسم دبور ہے یہ دونوں ہوائیں ایسی ہیں کہ ان سے بنیادیں اکھڑ جاتی اور درخت اڑ جاتے ہیں۔ اس کو ریح عقیم اور ریح عاصف اور صرصر بھی کہتے ہیں۔ جس کا تذکرہ قرآن کریم میں بھی آیا ہے۔ اور جہاں قرآن کریم میں لفظ ریح آیا ہے۔ اس سے مراد ریح دبور ہے۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عیس عربی میں تنومند اونٹ کو کہتے ہیں۔ اور حادی العیس اونٹ ہانکنے والے کو کہتے ہیں۔ اور ختم قصیدہ بالنغم پر فرمانے میں یہ لطافت بھی ہے کہ قاری قصیدہ کو قراءت قصیدہ نغمہ کے ساتھ لازم ہے۔ اس لیے کہ یہ اشعار ہیں اور اشعار کو لحن کے ساتھ پڑھنا چاہیے۔

شارح خرپوتی رحمہ اللہ نے اختتام پر فرمایا کہ بعون الملک العلام اس شرح سے رمضان المبارک 1242ھ میں فارغ ہوا۔ اور بحمدہ تعالیٰ فقیر حقیر اس خدمت عظمیٰ سے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیض باطنی کی مدد سے آج گیارہ رمضان المبارک 1359ھ بروز روح افزا دوشنبہ 14 اکتوبر 1940ء کو فارغ ہوا۔

والحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد و آلہ واصحابہ اجمعین وسلم تسلیما کثیرا۔

اس شرح عربی پر مندرجہ ذیل علماء کرام نے تقاریظ فرمائیں۔ افاضل عصر اماثل جہابذہ مصر استاذ العلام جہبذ الفہام ذو التالیف المفیدہ والتصانیف المجیدہ مولانا شیخ محمد ابراہیم باجوری قدس سرہ العزیز۔

امام الاکمل ہمام الامثل مولانا الشیخ ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ۔ عمدۃ الفاضل جمع بین الفضائل والفواضل مولانا الشیخ محمد الابراشی رحمۃ اللہ علیہ۔

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

www.waseemziyai.com

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

عرض فقیر

ہر کہ خواند دعا طمع دارم زانکہ من بندہ گنہگارم

یلوح الخط فی القرطاس دھراً وکاتبہ رمیم فی التراب

ہیچ میرز د ہیچ مدان راجی رحمۃ الرحمان

ابوالحسنات قاری خطیب مسجد وزیر خاں لاہور

ضروری یادداشت

www.waseemziyai.com
MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY

March 2019

اہلسنت وجماعت کا قرآن وسنت کا عظیم ادارہ

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی

جہاں اسلامی اور عصری علوم کا عظیم امتزاج

مختصر تعارف

طلبہ:

شعبہ حفظ: 145 شعبہ ناظرہ: 240

شعبہ درس نظامی: 105 شعبہ تجوید: 10

اور انہیں شعبہ جات میں 400 سے زائد طلبا اسکول کی تعلیم انٹر تک حاصل کر رہے ہیں نیز کم وبیش 100 طلباء مدرسے میں رہائش پذیر ہیں جن کے طعام وقیام اور میڈیکل کا مکمل خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

مدرسہ کا اسٹاف

شعبہ حفظ وناظرہ 14 اساتذہ شعبہ درس نظامی وتجوید 10 اساتذہ

شعبہ عصری علوم یعنی اسکول 11 اساتذہ باورچی 2 خادم 4 چوکیدار 2

کل طلبہ کم وبیش پانچ سو اور پورہ اسٹاف 43 افراد پر مشتمل ہے۔

مرکز العلوم الاسلامیہ اکیڈمی میٹھادر کراچی پاکستان

DONATION

HABIB BANK LTD. BARNESS STREET BRANCH
ACC TITLE: MARKAZ UL ALOOM ISLAMIA (TRUST)
ACC NO: 0050002565703 - BRANCH CODE :0050

www.facebook.com/markazulloloom

https://www.waseemziyai.com https://www.youtube.com/waseemziyai

جاذب نظر، عمدہ طباعت اور جدت کے سنگ
ضیاء القرآن پبلی کیشنز کے خوبصورت، دیدہ زیب، دلکش
کتابت اور معیاری کاغذ والے قرآن مجید اور سپارہ سیٹ

القرآن الکریم قارئین اور شعبہ تحفیظ کے طلباء وطالبات کی آسانی کے لیے 4 رنگوں پر مشتمل تجویدی قواعد مع متشابہات
''سولہ سطری'' انوکھی اور منفرد پیش کش

جمال القرآن (مترجم)
قرآن فہمی کے لیے بے حد مفید آسان اور بامحاورہ اردو ترجمہ
ترجمہ:۔ پیر محمد کرم شاہ الازہری

کنز الایمان ترجمہ وتفسیر جلی ومعری کتابت اور مختلف سائزوں میں دستیاب ہے
قرآن کے بیان کو عشق رسول ﷺ کی روشنی میں سمجھنے کے لیے مختصر مگر جامع ترجمہ وتفسیر
ترجمہ:۔ مولانا الشاہ احمد رضا خان قادری بریلوی
تفسیر:۔ مولانا محمد نعیم الدین مراد آبادی

سپارہ سیٹ مترجم جلی ومعری
امپورٹڈ پیپر، بکس بورڈ اور پختہ جلد کے اعلیٰ معیار کے ساتھ

پنج پارہ سیٹ جلی ومعری
اب حفاظ کرام کی آسانی کی خاطر تجویدی قواعد مع متشابہات کے ساتھ

قرآن مجید جلی ومعری
16 سطور، 15 سطور، 13 سطور، 12 سطور، 11 سطور، 9 سطور، 8 سطور
اعلیٰ امپورٹڈ آرٹ اور آفسٹ پیپر اور مضبوط جلد کے ساتھ دستیاب ہیں

حمائل قرآن پاک جلی ومعری
16 سطور، 12 سطور، اعلیٰ اور خوبصورت کور کے ساتھ پاکٹ سائز میں بھی دستیاب ہیں

القرآن الحکیم مع ترجمۃ البیان مترجم
امام اہلسنّت حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی شاہ

فینسی قرآن مجید اور کنز الایمان ترجمہ وتفسیر
شادی بیاہ کے خوشگوار مواقع پر اعلیٰ معیاری اور جاذب نظر قرآن مجید کا انمول تحفہ

ضیاء القرآن ترجمہ وتفسیر
قرآن کے بیان کو محبت و ادب رسول ﷺ کے سانچے میں سمجھنے کے لیے عظیم کاوش
مترجم: ضیاء الامت جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری

سورۂ یٰسین مترجم ومعری، جلی
اعلیٰ امپورٹڈ پیپر، آرٹ، آفسٹ پر مختلف سائزوں میں دستیاب ہے

مجموعہ وظائف مترجم ومعری
زندگیوں کو سہل اور پرسکون بنانے کے لیے بزرگان دین کے اوراد و وظائف پر مشتمل حمائل اور پاکٹ سائز میں دستیاب ہیں

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور، کراچی ـ پاکستان

گنج بخش روڈ ○ لاہور 042-37221953-37220479 فیکس: 042-37238010
9- الکریم مارکیٹ ○ اردو بازار ○ لاہور 042-37247350 فیکس: 042-37225085
14- انفال سنٹر ○ اردو بازار ○ کراچی 021-32212011-32630411
E.mail: info@zia-ul-quran.com www.zia-ul-quran.com
https://www.facebook.com/ziaulquranpublications

MARKAZ-UL-OLOOMIL ISLAMIA ACADEMY
www.waseemziyai.com